✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،وہ فرماتے ہیں: تمام شہر والوں پر قربانی واجب ہے سوائے حاجیوں کے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) أبي عبد الله محمد بن إبراهيم البغوى (عن) أبي عبد الله محمد بن شجاع الثلجي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے ،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے،اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ قربانی تین دن ہوسکتی ہے، پہلا دن نحر کا اور دو دن اس کے بعد ☼

1556/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَلْاُضْحِيَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ يَوْمَ النَّحْرِ وَيَوْمَانِ بَعْدَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،وہ فرماتے ہیں: قربانی تین دن ہوسکتی ہے، پہلا دن نحر کا اور اس کے بعد دو دن۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۵۵)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(۷۸۸)وعبد الرزاق ۴:۳۸۲(۸۱۴۳)في المناسك :باب الضحايا

(۱۵۵۶)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(۷۸۹)وابو يوسف في الآثار ۶۱ وابن حزم في المحلى بالآثار ۷:۳۷۵

☼ اونٹ وحشی ہو جائے تو جیسے بھی ممکن ہو اس کو مار ڈالو ☼

1557/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقِ الثَّوْرِيِّ وَالِدِ سُفْيَانَ (عَنْ) عِبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ (عَنْ) رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ اَنَّهُ شَرَّدَ بَعِيْرٌ مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ فَطَلَبُوْهُ فَلَمَّا اَعْيَاهُمْ اَنْ يَاْخُذُوْهُ رَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَاَصَابَهُ فَقَتَلَهُ فَسَاَلُوْا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِاَكْلِهٖ وَقَالَ اِنَّ لَهَا اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا اَحْسَسْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَاصْنَعُوْا مِثْلَ مَا صَنَعْتُمْ بِهٰذَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن مسروق ثوری رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ کے والد ہیں ان سے وہ حضرت عبایہ بن رفاعہ رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ سرکش ہو گیا، لوگوں نے اس کو پکڑنا چاہا، جب وہ اس کو پکڑنے سے عاجز ہو گئے تو ایک آدمی نے اس کو تیر مارا، وہ تیر ٹھیک نشانے پر لگا، اس کو قتل کر دیا۔ پھر انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے کھانے کی اجازت عطا فرمائی اور فرمایا: بعض اوقات اونٹ بھی وحشی درندوں کی طرح وحشی ہو جاتے ہیں جب تم ان میں اس طرح کی کوئی چیز محسوس کرو تو اسی طرح کیا کرو جس طرح تم نے اس اونٹ کے ساتھ کیا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) حماد بن ذی النون وإسماعيل بن بشر كلاهما (عن) مكی بن إبراهيم (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن الأشرس السلمی (عن) الجارود بن يزيد (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) عن أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) فاطمة بنت محمد بن حبيب قال هذا كتاب حمزة بن حبيب فقرأت فيه حدثنا أبو حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) أحمد بن حازم وعن يحيى بن صاعد (عن) محمد بن عثمان كلاهما (عن) عبيد الله بن موسى (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أبی الحسن صالح بن أحمد بن أبی مقاتل السمرقندی (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنيفة غير أنه قال فاصنعوا هكذا

(ورواه) (عن) أحمد بن أبی صالح (عن) يعقوب بن إسحاق (عن) عثمان بن أبی شيبة (عن) علی بن مسهر (عن) أبی حنيفة إلی قوله كأوابد الوحش

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن مسروق قال وجدت فی كتاب جدی محمد بن مسروق (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أبيه (عن) أحمد بن زهير (عن) عبيد الله بن موسى وعبد الله بن يزيد المقری كلاهما (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أبی عبد الله محمد بن عمران البلخی (عن) الليث بن مساور (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن)

(۱۵۵۷) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۴۰۵) وابن حبان (۵۸۸۶) والبخاری (۲۴۸۸) فی الشركة: باب قسمة الغنائم وابو داود الطيالسی (۹۶۳) وعبد الرزاق (۸۴۸۱) والصيدی (۴۱۱) واحمد ۳: ۴۶۳ والطبرانی فی الكبير (۴۳۸۰)

أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) محمد بن شوكة (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنیفة قال الحافظ

(ورواه) (عن) أبی حنیفة حمزة بن حبیب وعلی بن مسهر وأسد بن عمرو وعبید الله بن موسی ومحمد بن الحسن رحمة الله علیهم(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی علی الحسن بن محمد ابن شعبة الأنصاری (عن) محمد بن عمران الهمدانی (عن) القاسم بن الحكم (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) الحسین بن الحسین الأنطاكی (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) علی بن معبد (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی القاسم عمر بن أحمد بن هارون (عن) إسماعیل بن محمد بن كثیر (عن) مكی بن إبراهیم (عن) أبی حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهیم (عن) محمد ابن شجاع (عن) ابن زیاد (عن) أبی حنیفة

(ورواه) مطولاً (عن) محمد بن محمد ابن سلیمان (عن) محمد بن عبد الملك بن أبی الشوارب (عن) أبی عوانة (عن) سعید ابن مسروق (عن) عباية بن رفاعة أن رافع بن خدیج قال كنا مع رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بذی الحلیفة قال وأصاب الناس جوع وأصبنا غنماً وإبلاً قال وكان رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ آخر القوم قال فعجلوا وذبحوا ونصبوا القدور فرفعوا إلی رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فأمر فأكفئت القدور ثم قسم فعدل عشرة من الغنم ببعیر فند منها بعیر وفی القوم خیل فطلبوه فأعیاهم فرماه رجل بسهم فحبسه الله تعالی فقال رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إن لها أوابد كأوابد الوحش فإذا ند علیكم منها شیء فاصنعوا به هكذا فقال رجل إنا نلقی العدو ولیس معنا مدی فنذبح بالقصب فقال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ما أنهر الدم وذكر اسم الله علیه فكلوا إلا السن والظفر وسأحدثكم عن ذلك أما السن فعظم وأما الظفر فمدی الحبشة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) أبی علی الحسن بن شاذان (عن) أبی نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر القزوینی (عن) إسماعیل ابن توبة القزوینی (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بطرقه إلی أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الكلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد ابن خالد الوهبی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حماد بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن اشرس سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' نے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسن صالح بن احمد بن ابومقاتل سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں فاصنعوا هكذا (تو اسی طرح کیا کرو)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یعقوب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان الفاظ تک روایت کیا ہے كاوابد الوحش

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پایا ہے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ وعبداللہ بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن عمران بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''لیث بن مساور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شوکت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوحنیفہ حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبید اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عمران ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عمر بن احمد بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن شعبہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد الملک بن ابوشوارب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبایہ بن رفاعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' فرماتے ہیں، ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ذی الحلیفہ میں تھا، لوگوں کو بہت بھوک لگی، کچھ اونٹ اور بھیڑ بکریاں ہمارے ہاتھ لگیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قافلے کے بالکل پیچھے آرہے تھے، لوگوں نے جلد بازی کی، جانور ذبح کئے، ہانڈیاں چڑھادیں، پھر انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا، ان ہانڈیوں کو انڈیل دیا گیا، پھر مال غنیمت تقسیم کیا، ایک اونٹ کے برابر دس بکریاں قرار دی گئیں۔ ان میں سے ایک اونٹ بدک گیا، لوگوں کے پاس گھوڑے موجود تھے، یہ لوگ اس کے تعاقب میں نکلے، لیکن وہ ہاتھ نہ آیا، ایک شخص اس کو تیر مار دیا، اللہ تعالیٰ نے وہ تیر درست نشانے پر پہنچایا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وحشی درندوں کی طرح اونٹ بھی وحشی ہوجاتے ہیں۔ جب کوئی اونٹ اس طرح وحشی ہوجائے تو اس کے ساتھ اسی طرح کیا کرو۔ ایک شخص نے کہا: ہماری دشمن سے مڈبھیڑ ہوجاتی ہے، ہمارے پاس چھری نہیں ہوتی، ہم کسی بانس کی کھپچی کے ساتھ ذبح کرلیتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز خون بہادے اور ذبح کے وقت اللہ کا نام لو تو اس کو کھالیا کرو، البتہ دانت اور ناخن کے ساتھ ذبح مت کرو۔ جو دانت سے ذبح منع کیا گیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ ہڈی ہے۔ اور ناخن سے اس لئے منع کیا گیا ہے کیونکہ حبشی لوگ اس کو چھری کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے

بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی موقف حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اونٹ کنویں میں گر گیا، نہ نکال سکے، نہ ذبح کر سکے، پہلو میں چھری مار دو، مر گیا تو حلال ہے ☼

1558/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقِ الثَّوْرِيِّ (عَنْ) عَبَايَةَ بْنِ رَفَاعَةَ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ بَعِيْرًا تَرَدَّى فِي الْمَدِيْنَةِ فِيْ بِيْرٍ فَلَمْ يَقْدَرُوْا عَلٰى نَحْرِهٖ فَوَجَئَ بِسِكِّيْنٍ مِنْ قِبَلِ خَاصِرَتِهٖ حَتّٰى مَاتَ فَاَخَذَ مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عُشْرًا بِدَرْهَمَيْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سعید بن مسروق ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبایہ بن رفاعہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ایک اونٹ مدینہ منورہ میں ایک کنویں کے اندر گر گیا، لوگ اس کو (نہ نکال سکے اور نہ ہی) ذبح کر سکے، انہوں نے اس کے پہلو کی طرف ایک چھری ماردی وہ اس کو جا کر لگی اور وہ مر گیا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دو درہم دے کر اس کا دسواں حصہ ان سے لے لیا۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى القاسم بن أبى بكر المقرى (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش (عن) محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ اونٹ کنویں سے نہ نکالا جا سکے، جہاں بھی لگ سکے اس کو چھری مار دو، ذبح ہو جائے گا ☼

1559/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الْبَعِيْرِ يَتَرَدَّى قَالَ اِذَا لَمْ تَقْدَرْ عَلٰى مَنْحَرِهٖ فَحَيْثُ مَا

(۱۵۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۰۶) وابن ابى شيبة ٤:٢٦١ (١٩٨٣١) فى الصيد: من قال تكون الذكوة فى غير الحلق واللبة والبيهقى فى السنن الكبرى ٦:٢٤٦ فى الصيد والذبائح: باب ماجاء فى ذكاة ما لا يقدر على ذبحة اللبة من اوسلاح وفى المعرفة ٧:١٨٣ (٥٦٠٦) فى الصيد: باب محل الذكاة فى المقدور عليه وفى غير المقدور عليه

وَجَاتَ فَهُوَ مَنْحَرُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک اونٹ ایک کنویں میں گر گیا، انہوں نے فرمایا ''جب تم اس کو نحر کرنے کی جگہ پر چھری نہ چلا سکو تو جہاں بھی چھری لگ جائے، وہی اس کے نحر کرنے کے کی جگہ ہے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة(وأخرجه) الحسن بن زياد فی مسنده عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ قربانی کرنا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے ✡

1560/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) جَبْلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَرَتِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْاُضْحِيَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت جبلہ بن سحیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قربانی کے اندر سنت جاری ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد (عن) عمرو بن حميد قاضی الدينور (عن) سليمان النخعی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید قاضی دینور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ اپنی قربانی کا تمام گوشت دوسروں کو کھلا دیں اور خود کچھ نہ کھائیں، اس میں کوئی حرج نہیں ✡

1561/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِی الرَّجُلِ يُطْعِمُ اُضْحِيَتَهٗ وَلَا يَاْكُلُ مِنْهَا شَيْئاً قَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایک آدمی جو اپنی قربانی دوسروں کو کھلا دے اور خود اس میں سے کچھ نہ کھائے۔انہوں نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

(۱۵۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۱۷) فی الذبائح والصيد: باب الذبائح وابن ابی شيبة ۵:۲۸۶ فی الصيد: باب ماقالوا فی الانسية توحش من الابل والبقر

(۱۵۶۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۹۳) فی الاضحية: باب الاضحية واحصاء الفعل

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ ابو کباش کے مینڈھے بک نہیں رہے تھے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے آواز لگائی تو بک گئے ✡

1562/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) كِدَامِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ أَبِي كَبَّاشٍ اَنَّهُ جَلَبَ كُبَّاشاً اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَجَعَلَ النَّاسُ لَا يَشْتَرُوْنَهَا فَجَاءَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَجَسَّهَا فَقَالَ نِعْمَ الْاُضْحِيَةُ الْجَذَعُ السَّمِيْنُ فَاشْتَرَوُا النَّاسُ

✧✧ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''کدام بن عبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابو کباش رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ کچھ مینڈھے مدینہ لے گئے، لیکن لوگ اس کو خرید نہیں رہے تھے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آئے اور اس کو روک لیا اور انہوں نے ان الفاظ میں آواز لگانا شروع کردی ''یہ قربانی موٹی تازی ہے بہت اچھی ہے'' پھر لوگوں نے ان کو خرید لیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده عن ابن عقدة (عن) جعفر بن محمد (عن) الحسين الجعفي (عن) عبد الله ابن عمر (عن) أسد بن عمرو (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبي علي بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد ابن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد ابن الحسن (عن) أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة مختصرًا قال سمعت أبا هريرة يقول نعم الأضحية الجذع السمين من الضان ثم قال محمد وبه نأخذ. وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد ابن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد ابن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''کتنی اچھی موٹی تازی قربانی ہے، یہ موٹے مینڈھے ہیں'' اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۹۱) في الاضحية: باب الاضحية واهضاء الفحل

☼ ذی الحجہ کے ابتدائی دس دنوں میں خوب عبادت کیا کرو ☼

1563/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) مِخْوَلِ بْنِ رَاشِدٍ (عَنْ) مُسْلِمِ الْبَطِیْنِ (عَنْ) سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَیَّامٍ اَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ اَیَّامِ عَشْرِ الْاَضْحٰی فَاَکْثِرُوْا فِیْهِنَّ مِنْ ذِکْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مخول بن راشد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسلم بطین رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ذی الحجہ کے شروع والے دس دنوں سے افضل کوئی دن نہیں ہے، ان کے اندر اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کیا کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن حبیب النسوی (عن) غسان بن بحر النسوی (عن) عبد الکریم الجرجانی (عن) أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن حبیب نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''غسان بن بحر نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالکریم جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قربانی کا جانور خریدا تو تندرست تھا، بعد میں کوئی عیب لاحق ہوگیا تو کیا کرے ☼

1564/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الْاُضْحِیَةِ یَشْتَرِیْهَا الرَّجُلُ وَهِیَ صَحِیْحَةٌ ثُمَّ یَعْرِضُ بِهَا عَوَرٌ اَوْ عَجَفٌ اَوْ عَرَجٌ قَالَ تُجْزِیْهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ایک آدمی قربانی کا جانور خریدتا ہے، اس وقت وہ تندرست ہوتا ہے، پھر اس کو کوئی عارضہ لاحق ہوتا ہے تو وہ بھینگا، لنگڑا یا اپاہج ہوجاتا ہے (تو وہ کیا کرے؟) آپ نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو وہ اس کے لئے کفایت کرے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا لا تجزء إذا اعورت أو عجفت بحیث لا تنقی أو عرجت حتی لا تستطیع أن تمشی وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو نہیں اپناتے۔ اگر وہ اندھا ہوگیا، یا اتنا لاغر ہوگیا کہ اس کی ہڈیوں میں گودا تک نہ رہا یا ایسا لنگڑا ہوگیا کہ وہ چل بھی نہ سکتا ہو۔ ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۳) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۴۱۰) وابن حبان (۳۲۴) واحمد ۱:۳۲۴ والترمذی (۷۵۷) فی الصوم: باب فی العمل فی ایام العشر والبغوی فی شرح السنة (۱۱۲۵) وابن ماجة (۱۷۲۷) فی الصیام: باب صیام العشر والبیهقی فی السنن الکبری ۴:۲۸۴ والبخاری (۹۶۹) فی العیدین: باب فضل العمل فی ایام التشریق

(۱۵۶۴) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۹۴) فی الاضحیة: باب الاضحیة واضحاء الفحل

☼ قربانی کی کھال کسی سامان کے بدلے بیچنا، دراہم کے بدلے نہ بیچنا، اس کو صدقہ کرنا ☼

1565/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تَشْتَرِىَ بِجِلْدِ اُضْحِيَتِكَ مَتَاعاً وَلَا تَبِيْعُهُ بِدَرَاهِمَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَاَمَّا اَنَا فَاَتَصَدَّقُ بِجِلْدِ اُضْحِيَتِىْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنی قربانی کی کھال کے بدلے کوئی سامان خرید لو۔ البتہ اس کو دراہم کے بدلے مت بیچو۔ بہرحال میں تو اپنی قربانی کی کھال صدقہ کرتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ دودانت کے بکرے یا دنبے کی قربانی دینی چاہئے ☼

1566/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِى الْجَذَعِ مِنَ الضَّانِ يُضَحَّىْ بِهٖ قَالَ يُجْزِءُ وَالثَّنِىُّ اَفْضَلُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' بھیڑ کے ایک سالہ بچے کی قربانی دی جاسکتی ہے لیکن بہتر ہے کہ وہ دودانت کا ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ خصی جانور کی قربانی زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس میں مقصود تندرستی ہے اور وہ خصی میں زیادہ ہے ☼

1567/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ قَالَ سُئِلَ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ الْخَصِىِّ وَالْفَحْلِ اَنَّهُمَا اَكْمَلُ فِى الْاُضْحِيَةِ فَقَالَ الْخَصِىُّ لِاَنَّهُ اِنَّمَا طَلَبُ صَلَاحِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے خصی جانور اور فحل جانور (جو خصی نہ ہو) کے بارے میں پوچھا گیا کہ ان میں سے قربانی زیادہ افضل کس کی ہے؟ انہوں نے کہا: خصی کی۔ اس لئے کہ مطلوب اس کی تندرستی ہے۔

(۱۵۶۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۵) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(۱۵۶۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۶) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(۱۵۶۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۹۷) فى الاضحية: باب الاضحية واخصاء الفحل

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ جانور کو ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی کا نام لینا مکروہ ہے ☼

1568/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُّذْكَرَ اِسْمُ اِنْسَانٍ مَعَ اِسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلٰی ذَبِيْحَةٍ بِاَنْ يَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ تُقَبِّلْ مِنْ فُلَانٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ اس بات کو مکروہ سمجھا کرتے تھے کہ کسی ذبیحہ پر اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ کسی انسان کا نام ذکر کیا جائے یعنی اس طرح کہا جائے کہ بسم اللّٰہ اللّٰھم تقبل من فلان (اللہ کے نام سے شروع، اے اللہ اس کو فلاں کی طرف سے قبول فرما)

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ کتا چھوڑتے وقت بسم اللہ پڑھنا بھول گیا، کتے نے جانور پکڑ کر مار ڈالا، نہ کھائیں ☼

1569/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الَّذِیْ يُرْسِلُ كَلْبَهُ وَيَنْسٰی ذِكْرَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَاَخَذَ فَقَتَلَ قَالَ اَكْرَهُ اَكْلَهُ وَاِنْ كَانَ يَهُوْدِيًا اَوْ نَصْرَانِيًا فَمِثْلُ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' جو اپنے کتے کو چھوڑتا ہے اور اللہ کا نام لینا بھول جاتا ہے، وہ کتا جانور کو پکڑ کر قتل کر دیتا ہے (تو کیا کریں؟) آپ نے فرمایا: میں اس کا کھانا ناپسند کرتا ہوں، اگر وہ یہودی ہو یا نصرانی ہو تب بھی یہی حکم ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا لا بأس بأكله إذا ترك التسمية ناسياً وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو نہیں اپناتے، اگر بسم اللہ پڑھنا بھول گیا تھا اور کتے نے جانور کو مار ڈالا تو اس کو کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۶۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۹۹) فی الذبائح والصید: باب الذبائح

(۱۵۶۹) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۲۷) وابن ابی شیبة ۴:۲۴۱ (۱۹۵۹۷) فی الصید: باب اذا نسی ان یسمی ثم سمی قبل ان یقتل

☼ باز یا شکرا اگر چہ شکار میں سے خود بھی کھالیں تب بھی بچا ہوا تم کھا سکتے ہو ☼

1570/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ كُلْ مَا اَمْسَكَ عَلَيْكَ صَقْرُكَ اَوْ بَازِيْكَ وَاِنْ اَكَلَ مِنْهُ فَاِنَّ تَعْلِيْمَ الصَّقْرِ وَالْبَازِيِّ اِذَا دَعَوْتَهُ اَنْ يُّجِيْبَكَ فَاِنَّكَ لَا تَسْتَطِيْعُ اَنْ تَضْرِبَهُ لِيَدَعَ الْاَكْلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: تیرا شکرا یا تیرا باز جو کچھ تیرے لئے روک لے، اس کو کھا اگر چہ وہ خود بھی اس میں سے کھائے، اس لئے کہ شکرے اور باز کو یہی سکھایا جاسکتا ہے کہ جب وہ اس کو بلائے تو وہ تیری بات کو سن کر پہنچ جائے۔ تو اس کو مار کر اس سے کھانا نہیں چھڑوا سکتا۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد ابن إبراهيم البغوى (عن) أبى عبد الله محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فى مسنده (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شکاری کتے نے جو چیز تیرے لئے چھوڑ دی ہے، وہ کھانا جائز ہے اگر چہ اس نے مار ڈالا ہو ☼

1571/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ كُلْ مَا اَمْسَكَ عَلَيْكَ الْجَارِحُ اِنْ قَتَلَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابراہیم بن محمد بن منتشر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے راویت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ چیز کھا جو شکاری کتے نے تیرے لئے چھوڑ دی ہے اگر چہ اس نے اس کو مار ڈالا ہو۔

(۱۵۷۱) تقدم فی (۱۵۳۹)

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) علی بن محمد ابن عبید (عن) محمد بن کثیر بن سهل (عن) عمه أبی صالح بن سهل عن الصباح ابن محارب (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن کثیر بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''ابوصالح بن سہل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صباح بن محارب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☼ شکار دو حصوں میں کٹ گیا، اگر دونوں حصے برابر ہوں یا سر کی طرف والا چھوٹا ہے تو کھالو ☼

1572/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِیْ رَجُلٍ یَرْمِی الصَّیْدَ اَوْ یَضْرِبُهُ قَالَ اِذَا قَطَعَهُ بِنِصْفَیْنِ فَکُلْهُمَا جَمِیْعاً وَاِنْ کَانَ مِمَّا یَلِیَ الرَّاْسَ اَقَلَّ فَکُلْهُمَا جَمِیْعاً وَاِنْ کَانَ مِمَّا یَلِیَ الرَّاْسَ اَکْثَرَ فَکُلْ مِمَّا یَلِیَ الرَّاْسَ وَدَعِ الْبَاقِیَ مِمَّا یَلِیَ الْعَجْزَ فَاِنْ قَطَعَتْ مِنْهُ قِطْعَةٌ اَوْ عُضْوٌ فَبَانَ فَلَا تَاْکُلْ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ مُعَلَّقاً فَاِنْ کَانَ مُعَلَّقاً فَکُلْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، ایک آدمی شکار پر تیر پھینکتا ہے یا اس کو مارتا ہے، آپ نے فرمایا: جب اس کو دو حصوں میں کاٹ دے گا تو ان دونوں حصوں کو تو کھا سکتا ہے، اور اگر سر کی طرف والا حصہ کم ہو تب بھی تو دونوں حصوں کو کھا سکتا ہے اور اگر سر کی طرف والا حصہ زیادہ ہو تو پھر سر کی طرف والا حصہ کھالے اور جو دم کی جانب ہے اس کو چھوڑ دے اور اگر اس کا کوئی ٹکڑا کٹ گیا یا کوئی عضو کٹ گیا اور الگ ہو گیا تو اس کو نہ کھا سوائے اس صورت کے کہ وہ اس کے ساتھ لٹک رہا ہو۔ اگر وہ اس کے ساتھ لٹک رہا ہو تو پھر کھا سکتا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ سدھایا ہوا گھوڑا اور کتا جو تیرے لئے روک کر رکھے، اس کو کھا سکتے ہو ☼

1573/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) قَتَادَةَ (عَنْ) اَبِیْ قِلَابَةَ (عَنْ) اَبِیْ ثَعْلَبَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ قُلْنَا اِنَّا بِاَرْضِ صَیْدٍ فَقَالَ کُلْ مَا اَمْسَکَ عَلَیْکَ سَهْمُکَ وَفَرَسُکَ وَکَلْبُکَ اِذَا کَانَ مُعَلَّماً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوقلابہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ سے

(۱۵۷۲) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۸۳۱) فی الاطعمة :باب الصید برمیه الطبع الجدید. وعبد الرزاق (۸۴۵۳) فی المناسك :باب الصید یقطع بعضه

(۱۵۷۳) قد تقدم فی (۱۵۲۵)

راویت کرتے ہیں، ہم نے عرض کیا: ہم شکار والے علاقے میں ہوتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: تیرا تیر، گھوڑا اور کتا جبکہ سکھایا ہوا ہو، جو تیرے لئے روک کر کے رکھے اس کو تو کھا سکتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) علی بن محمد بن عبید عن محمد بن علی المدینی (عن) سعید بن سلیمان (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنیفة

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) أبی حنیفة رضی الله عنه والله تعالی أعلم

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْنَ فِی الْاَیْمَانِ

تینتسواں باب: قسموں کے بارے میں

✡ اللہ تعالیٰ تمہاری ان قسموں کے بارے مؤاخذہ نہیں کرے گا جو بے ارادہ زبان سے نکل جاتی ہیں ✡

1574/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْنَا فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی (لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْ اَیْمَانِكُمْ) هُوَ قَوْلُ الرَّجُلِ اَلَا وَاللّٰهِ بَلٰی وَاللّٰهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت اسود رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ام المومنین ''سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' فرماتی ہیں: ہم نے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں سنا ہے:

لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمٰنِكُمْ

''اللہ تمہیں نہیں پکڑتا ان قسموں میں جو بے ارادہ زبان سے نکل جائے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اس سے مراد آدمی کا یہ کہنا ہے ''الا واللہ یابلی واللہ۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد ابن محمد بن عقدة (عن) محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن مسروق (عن) جده محمد ابن مسروق (عن) الإمام أبی حنیفة

(أخرجه) الحافظ الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أحمد ابن علی بن محمد الخطیب (عن) محمد بن أحمد الخطیب (عن) علی بن ربیعة (عن) الحسن بن رشیق (عن) محمد بن محمد بن حفص (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبی حنیفة (عن) الإمام أبی حنیفة غیر أنه قال فی آخره بلی واللہ مما یصل به کلامه ولا یعقد به قلبه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابو عباس احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد الرحمٰن بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''محمد ابن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو عبد اللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد ابن علی بن محمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن محمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن

(۱۵۷٤) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۳۱۰) وابن حبان (٤٣٣٣) وابو داود (٣٢٥٤) فی الایمان والنذور: باب لغو الیمین ومن طریقة البیهقی فی السنن الکبر ۱۰:٤٩ وابن جریر فی التفسیر (٤٣٨٢) والشافعی فی المسند ۲:٧٤ والبخاری (٦٦٦٣) فی الایمان والنذور: باب (لا یواخذکم الله باللغو فی ایمانکم) وابن الجارود (٩٢٥)

محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن اس کے آخر میں یہ ہے بلی واللہ مما یصل به کلامه ولا یعقد به قلبه (بلی واللہ اور اسی طرح کی اور قسمیں کھانا جو دل کے ارادے کے بغیر ہی گفتگو میں شامل ہوتی ہیں)

☼ مہینہ کبھی ۲۹ دن کا اور کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے ☼

1575/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الْعَطُوْفِ الْجَرَّاحِ بْنِ الْمِنْهَالِ الشَّامِیِّ (عَنِ) الزُّهْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَلَفَ اَنْ لَا يَدْخُلَ عَلٰی اَزْوَاجِهٖ شَهْرًا فَلَمَّا كَانَ تِسْعَةً وَّعِشْرِيْنَ فَقَالَ اَلشَّهْرُ يَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَيَكُوْنُ ثَلَاثُوْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوعطوف جراح بن منہال شامی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ قسم کھائی تھی کہ اپنی بیویوں کے پاس پورا مہینہ نہیں جائیں گے، جب ۲۹ دن ہو گئے تو فرمایا: مہینہ کبھی اتنا بھی ہوتا ہے اور کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبی علی الحسن بن شاذان (عن) أبی نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ قسم میں استثناء کرنا جائز ہے ☼

1576/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

(۱۵۷۵) اخرجه البخاری (۲۴۶۸) فی المظالم: باب الغرفة والعلية المنفردة وفی الادب المفرد (۸۳۵) واحمد ۱:۳۴۰ ومسلم (۱۴۷۹) (۳۴) فی الطلاق: باب فی الایلاء والترمذی (۳۳۸۸) فی التفسیر: باب ومن سورة التحریم والبیهقی فی السنن الکبری ۷:۳۷۰ وابویعلی (۱۶۴)

(۱۵۷۶) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۳) والحصکفی فی مسند الامام (۳۱۲) والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۴۶ فی الایمان: باب الاستثناء فی الیمین والطبرانی فی الکبیر (۹۱۹۹) وعبد الرزاق (۱۶۱۱۵)

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَاسْتَثْنٰى فَلَهٗ ثُنْيَاهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کوئی قسم کھائی اور اس کے اندر کوئی استثناء کرلیا تو اس کا استثناء کرنا جائز ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن إبراهيم بن زياد الرازى (عن) عمرو بن حميد (عن) على بن الفرات (عن) أبى حنيفة قال أبو محمدالبخارى لم يسنده إلا على بن الفرات

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى العباس أحمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) الحسن بن محمد (عن) أبى يوسف وأسد بن عمرو (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن خيرون (عن) أبى على بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزوينى (عن) محمد بن الحسن (عن) أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة لكن مقصورًا على ابن مسعود فقال قال ابن مسعود رضى الله عنه من حلف وقال إن شاء الله فقد استثنى

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمرو بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' اس حدیث کو مسند حدیث کے طور پر صرف حضرت ''علی بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو نصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن یہ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' تک رکی ہوئی ہے۔ پھر حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' نے فرمایا: جس نے قسم کھائی اور ساتھ ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، تو استثناء ہوگیا۔

✡ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی منت ماننا جائز نہیں ہے ✡

1577/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلَا كَفَّارَةَ قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ

(۱۵۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۷۲۰) وابن ابى شيبة ۳:۶۹ (۱۲۱۴۹) فى الايمان والنذور: من قال: لا نذر فى معصية الله ولا فيما لا يملك وعبد الرزاق ۸:۴۷۲ (۱۵۸۴۲) والبيهقى فى السنن الكبرى ۱۰:۶۹

فَقُلْتُ لَهُ اَلَيْسَ قَدْ ذَكَرَ فِي الظِّهَارِ وَاَنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا وَجُعِلَ فِيْهِ الْكَفَّارَةُ فَقَالَ اَقِيَاسٌ اَنْتَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے ''اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام کی نذر ماننا جائز نہیں ہے اور اس کا کوئی کفارہ نہیں''۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: کیا ظہار کے اندر اس کا ذکر نہیں ہے؟:

اِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا

''وہ بیشک بُری اور بڑی جھوٹ بات کہتے ہیں''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

اور اس میں کفارہ بھی رکھا گیا ہے، تو انہوں نے کہا: کیا یہ تمہارا قیاس ہے؟

(أخرجه) الحافظ ابن خسرو في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) أبي القاسم علي بن الحسن التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أبي العباس أحمد ابن عقدة (عن) محمد بن عبد الله بن أبي حكيمة (عن) أبيه (عن) محمد بن الهيثم (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا عليه الكفارة ومن ذلك إذا حلف الرجل أن لا يكلم أباه وأمه وأن لا يحج ولا يتصدق ونحو ذلك من أنواع البر فليفعل الذي يحلف أن لا يفعله وليكفر عن يمينه ثم قال محمد ألا ترى أن الله جعل الظهار منكرًا من القول وزورًا وجعل فيه الكفارة وكذلك هذا أمر هذا كله قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم علی بن حسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن ابوحکیمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مکاتب، اُمِ ولد اور مدبر کفارے میں نہیں دیئے جاسکتے اور ظہار کے کفارے میں بچہ اور کافر غلام نہیں دیئے جاسکتے۔

أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبهذا كله نأخذ إلا فی خصلة واحدة إذا أعتق مكاتباً ما أدى شيئاً من مكاتبته أجزأه ذلك وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اپناتے ہیں، سوائے ایک صورت کے، وہ یہ کہ جب کسی نے اپنے کسی غلام کو مکاتب بنایا، لیکن اس نے اپنے بدل کتابت میں سے کچھ بھی ادا نہیں کیا تھا، تو ایسا مکاتب کفارے میں دے سکتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۵۹۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۲٤) وابن ابی شيبة ۳:۱۰٤ (۱۲۵۱۹) فی الايمان والنذور: فی الرجل يقول لله ينحر ابنه عن ابراهيم فی رجل نذر ان ينحر ابنه قال: يجمع وينحر بدنه

(۱۵۹۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۱۲) وابن ابی شيبه ۳:۷۹ (۱۲۲۵٦) فی الايمان والنذور: فی عتق المدبر فی الكفارات وعبد الرزاق ۸:۵۱۱ (۱٦۰۹۰) فی ايمان والنذور: باب اطعام عشرة مساكين او كسوتهم

✡ کچھ قسمیں ایسی ہوتی ہیں جن کا کفارہ دیا جاتا ہے اور کچھ قسموں میں صرف توبہ ہی کرنا ہوتی ہے ✡

1593/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْيَمِيْنُ يَمِيْنَانِ يَمِيْنٌ تُكْفَرُ وَيَمِيْنٌ فِيْهَا الْاِسْتِغْفَارُ فَالْيَمِيْنُ الَّتِيْ تُكْفَرُ فَالرَّجُلُ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ وَالَّتِيْ فِيْهَا الْاِسْتِغْفَارُ فَالَّذِيْ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَقَدْ فَعَلْتُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: قسم دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک قسم جس کا کفارہ دیا جاتا ہے اور ایک قسم وہ ہوتی ہے جس میں استغفار کیا جاتا ہے۔ وہ قسم جس کا کفارہ دیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ جس طرح کوئی شخص کہے ''اللہ کی قسم میں فلاں کام کروں گا'' اور وہ قسم جس کے اندر صرف اللہ تعالیٰ سے معافی مانگنا ہے وہ یہ ہے کہ جیسے کوئی شخص کہے ''اللہ کی قسم میں نے تو فلاں کام ایسے کیا ہے''۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

✡ قسم کھائی، ساتھ ہی ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، وہ قسم نہ ہوئی ✡

1594/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ (عَنْ) سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَا حِنْثَ عَلَيْهِ مَوْقُوْفٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سعید بن ابوسعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جس نے کوئی قسم اٹھائی ساتھ ہی ان شاء اللہ کہہ دیا تو اس کی قسم نہیں ہے (یہ حدیث موقوف ہے)۔

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) الحسن بن زياد (عن) أبي حنيفة

(قال) الحافظ ورواه (عن) أبي حنيفة حمزة بن حبيب الزيات والحسن بن زياد وأبو يوسف وأسد بن عمرو رحمة الله عليهم أجمعين

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن أحمد ابن إبراهيم بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن نصر بن اشكاب القاضي البخاري (عن) عبد الله بن طاهر القزويني (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد فبهذا كله نأخذ وهو قول أبي حنيفة في الأيمان كلها إذا كان قوله إن شاء الله موصولاً بكلامه قبل كلامه أو بعد كلامه

(۱۵۹۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۲۸) وعبد الرزاق ۸:۴۹۱ (۱۶۰۱۹) باب من قال: على مائة رقبة من ولد اسماعيل ومالا يكفر من الايمان

(۱۵۹۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۵) وعبد الرزاق ۸:۵۱۶ (۱۶۱۱۱) و (۱۶۱۱۵) باب الاستثناء في اليمين والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۴۶ في الايمان: باب الاستثناء في اليمين

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''ابوحنیفہ حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب قاضی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن طاہر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان سب کو اپناتے ہیں، تمام قسموں میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بھی یہی مذہب ہے۔ جبکہ اس نے اپنی قسم کے ساتھ متصل ہی ''ان شاء اللہ'' کہا ہو۔ چاہے قسم کے الفاظ سے پہلے کہا ہو یا بعد میں۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ جس نے قسم کھائی پھر فوراً ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، وہ قسم سے نکل گیا ☼

1595/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ مُتَّصِلاً فَقَدْ خَرَجَ عَنِ الْيَمِيْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جس نے کوئی قسم کھائی اور پھر متصل ہی ان شاء اللہ کہہ دیا تو وہ قسم سے نکل گیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☼ اگر قسم میں فوراً استثناء نہ کیا، تو وہ استثناء نہ ہوا ☼

1596/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْاِسْتِثْنَاءُ اِذَا كَانَ مُتَّصِلاً وَاِلَّا فَلَا شَيْءَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: استثناء اس وقت ہوتا ہے جبکہ متصل ہو اگر فوراً استثناء نہ کیا تو وہ استثناء نہ ہوا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه قال محمد وبهذا كله نأخذ

(۱۵۹۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱٤) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين

(۱۵۹۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱٦) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين وعبد الرزاق ۸: ۵۱۸ (۱٦۱۲۲) عن الثوري نحوه

وهو قول أبي حنيفة وذلك يجزئه وإن لم يرفع به صوته

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے، پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان تمام کو اپناتے ہیں، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ وہ ''ان شاء اللہ'' کے الفاظ اگرچہ بلند آواز سے نہ کہے تب بھی استثناء درست ہے۔

✡ جب استثناء کے الفاظ بولتے ہوئے ہونٹوں کو حرکت ہوگئی تو استثناء ہوگیا ✡

1597/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اِذَا حَرَّكَ شَفَتَيْهِ بِالْاِسْتِثْنَاءِ فَقَدِ اسْتَثْنٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب استثناء کے لئے ہونٹ کو حرکت ہوگی تو استثناء ہوگیا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبهذا نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اسی کو اپناتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ جس نے قسم کھائی، ساتھ ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، اس کا استثناء ہوگیا ✡

1598/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عثمان بن عبداللہ بن موہب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: جس نے کوئی قسم اٹھائی اور ساتھ ان شاء اللہ کہہ دیا اس نے استثناء کرلیا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) الشيخ أبي سعد محمد بن عبد الملك الأديب (عن) ابن قشيش (عن) أبي بكر الأبهري (عن) أبي عروبة الحراني (عن) جده عمرو بن أبي عمرو (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''شیخ ابوسعد محمد بن عبدالملک ادیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن قشیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے دادا حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۵۹۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۷) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين وعبد الرزاق ۵۱۹:۸ (۱۶۱۲۶) في الايمان: باب الاستثناء في اليمين

(۱۵۹۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۱۳) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين وعبد الرزاق (۱۶۱۱۵) في الايمان والنذور: باب الاستثناء في اليمين والبيهقي في السنن الكبرى ۴۶:۱۰

☆ جس نے قسم کھائی، ساتھ ہی ''ان شاء اللہ'' کہہ دیا، اس نے استثناء کرلیا ☆

1599/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمَا قَالاَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَقَدِ اسْتَثْنٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عتبہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے کوئی قسم کھائی اور اس کے ساتھ ہی ان شاء اللہ تعالیٰ کہہ دیا اس نے قسم میں استثناء کرلیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه الحسين بن سعيد (عن) أبيه (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) المنذر بن محمد ابن المنذر القابوسی (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبی الجهم (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده المذكور إلى أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''حسین بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد بن منذر قابوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ یمین لغو وہ ہے جو بلاضرورت اپنی گفتگو میں ''لا واللہ یا بلا واللہ'' جیسے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں ☆

1600/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ فِي اللَّغْوِ هُوَ كُلُّ شَيْءٍ يَصِلُ بِهِ الرَّجُلُ كَلاَمَهُ لاَ يُرِيْدُ يَمِيْناً لاَ وَاللّٰهِ وَبَلٰى وَاللّٰهِ وَمَا لاَ يَعْقِدُ عَلَيْهِ قَلْبُهُ

(۱۵۹۹) قلت: وقد اخرج ابن حبان (۴۳۴۲) وابو یعلی (۴۶۷۵) والطحاوی فی شرح مشکل الآثار ۳:۳۷۸ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واللہ لا غزون قریشاً واللہ لا غزون قریشاً واللہ لا غزون قریشاً ثم سکت فقال ان شاء اللہ

(۱۶۰۰) قد تقدم فی (۱۵۷۴)

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا نے لغو قسم کے بارے میں کہا: جب کوئی شخص اپنی گفتگو میں ''لا واللہ'' یا ''بلی واللہ'' جیسے قسمیہ الفاظ شامل کرے لیکن اس کا قسم کا ارادہ نہ ہو، اس کو یمین لغو کہتے ہیں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ ومن اللغو أیضاً الرجلیحلف علی الشیء یری أنه علی ما حلف علیه فیکون علی غیر ذلك فهو أیضاً من اللغو وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہ بھی یمین لغو میں سے ہی ہے کہ آدمی اپنے طور پر سچی قسم کھائے ،لیکن حقیقت میں واقعہ اس کے خلاف ہو، اور اس حقیقت کا اس کو علم نہ ہو، وہ اپنے علم کے مطابق سچی قسم ہی کھا رہا ہو اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ کوہ حراء پر رات تک ننگا کھڑا ہونے کی منت مانی، وہ منت پوری نہ کرے، اس کا کفارہ دے ✡

1601/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّیْ نَذَرْتُ اَنْ اَقُوْمَ عَلٰی حِرَاءٍ عُرْیَاناً یَوْماً اِلَی اللَّیْلِ فَقَالَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ ثُمَّ اَتَی اِبْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ اَوَلَسْتَ تُصَلِّیْ قَالَ لَهُ اَجَلْ قَالَ اَفَعُرْیَاناً تُصَلِّیْ قَالَ لَا قَالَ اَوَلَیْسَ قَدْ حَنِثْتَ اِنَّمَا اَرَادَ الشَّیْطَانُ اَنْ یُسْخِرَ بِكَ وَیُضْحِكَ مِنْكَ هُوَ وَجُنُوْدُهُ اِذْهَبْ فَاعْتَكِفْ یَوْماً وَكَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ حَتّٰی وَقَفَ عَلٰی اِبْنِ عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِ اِبْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ وَمَنْ یَّقْدِرُ مِنَّا عَلٰی مَا یَسْتَنْبِطُ اِبْنُ عَبَّاسٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ان کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے کہا: میں نے یہ نذر مانی ہے کہ میں کوہِ حرا پر رات تک ننگا کھڑا رہوں گا۔ آپ نے فرمایا: تو اپنی نذر کر پورا کر۔ پھر وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا۔ انہوں نے اس سے کہا: کیا تو نماز نہیں پڑھتا؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: کیا تو ننگا نماز پڑھتا ہے؟ اس نے کہا: جی نہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تیری قسم نہیں ٹوٹ گئی؟ شیطان تیرے ساتھ مذاق کرنا چاہتا ہے، شیطان اور اس کا لشکر تجھ پر ہنس رہے ہیں۔ تو جا اور جا کر ایک دن کا اعتکاف کر لے اور اپنی قسم کا کفارہ دے۔ وہ آدمی گیا اور آ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس کھڑا ہو گیا اور ان کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ سنایا تو انہوں نے کہا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جس طرح مسائل اخذ کر لیتے ہیں ہم میں سے کون اتنی طاقت رکھتا ہے؟۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) الإمام أبی حنیفة

(۱۶۰۱) اخرجه ابن ابی شیبة ۳:۷۰(۱۲۱۵۲)فی الایمان والنذور: من قال: لا نذر فی معصیة الله ولا فیما لا یملك ، وعبد الرزاق ۸:۴۳۸(۱۵۸۳۶)فی الایمان والنذور: باب لا نذر فی معصیة الله، والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۷۲ فی الایمان: باب من جعل فیه کفارة مرفوعا بدون ذکر القصة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي منصور محمد بن محمد ابن عثمان (عن) أبي بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبي عبد الرحمن المقرى (عن) لإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن محمد ابن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْبَابُ الرَّابِعُ وَالثَّلَاثُوْنَ فِی الدَّعْوٰی

چونتیسواں باب: دعویٰ کے بیان میں

☆ایک اونٹنی کے دو دعوے دار تھے، دونوں نے گواہ پیش کر دیئے، فیصلہ قبضہ والے کے حق میں ہوا☆

1602/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِی الزُّبَیْرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلَیْنِ اِخْتَصَمَا اِلَیْهِ فِیْ نَاقَةٍ وَاَقَامَ کُلُّ وَاحِدٍ بَیِّنَةً اَنَّهَا نَتَجَتْ عِنْدَهٗ فَقَضٰی بِهَا لِلَّذِیْ هِیَ فِیْ یَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: دو آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک اونٹنی کے بارے میں جھگڑا لے کر آئے، دونوں نے اس بات پر گواہ قائم کر دیئے کہ اس نے اس کے ہاں بچہ پیدا کیا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن المنذر (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنهما

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن محمدابن سعيد بن عقدة عن إسحاق بن حاتم الأنباری (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) داود بن يحيی (عن) محمد بن العلاء (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) الحسين بن الحسين الأنطاكی (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) علی بن معبد (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی محمد بن عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسی (عن) المقری (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۱۶۰۲) اخرجه العصنفی فی مسند الامام (۴۹۷) والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۲۵۶ فی الدعوی والبینات وفی المعرفة (۵۹۸۴) فی الدعوی والدارقطنی ۴:۲۰۹ من طریق ابی حنیفة

نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''داؤد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''حسین بن حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدعی و منکر دونوں نے گواہ پیش کر دیئے، فیصلہ قبضہ دار کے حق میں ہوا ☼

1603/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ حَبِيْبٍ الصَّيْرَفِيِّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلَيْنِ اِخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ نَاقَةٍ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اَنَّهَا نَتَجَتْ عِنْدَهُ وَاَقَامَ بَيِّنَةً فَقَضٰى بِهَا لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم بن حبیب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: دو آدمی ایک اونٹنی کے بارے میں اپنا جھگڑا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے کر آئے، دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ یہ تھا کہ اس نے اس کے ہاں بچہ پیدا کیا ہے اور ہر ایک نے گواہ بھی قائم کر دیئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں اونٹنی تھی۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی بكر محمد بن عمران بن موسى الهمدانی عن محمد بن عبد الله بن منصور (عن) يزيد بن نعيم (عن) الإمام محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبی حنيفة

(ورواه) أبو عبد الله ابن خسرو فی مسنده (عن) أبی الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفی (عن) أبی منصور محمد بن عثمان (عن) أبی بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسى (عن) أبی عبد الرحمن المقری عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر محمد بن عمران بن موسیٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یزید بن نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے

(۱۶۰۲) قد تقدم فی (۱۶۰۲)

،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے مذکورہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومنصور محمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مدعی کے پاس گواہ نہ ہوں تو قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☼

1604/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ).(عَنْ) حَمَّادٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْمُدَّعٰى عَلَيْهِ اَوْلٰى بِالْيَمِيْنِ اِذَا لَمْ تَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مدعیٰ علیہ قسم کھانے کا زیادہ اہل ہے جب مدعی کے پاس گواہ نہ ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن المنذر بن سعيد الهروى (عن) أحمد ابن عبد الله الكندى (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) الإمام أبى يوسف القاضى (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) أحمد بن على بن شعيب (عن) أحمد بن عبد الله الحلاج (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبى يوسف القاضى (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) القاضى أبو بكر محمد بن عبد الباقى الأنصارى فى مسنده (عن) أبى الغنائم عبد الصمد بن على بن الحسن بن المامون (عن) أبى الحسن على بن عمر الدارقطنى (عن) أبى عبد الله الحسين بن الحسين بن عبد الرحمن الأنطاكى (عن) أحمد بن عبد الله بن أحمد الكندى (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) الإمام أبى يوسف القاضى (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن علی بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ حلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۰۴) اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (۴۹۴) وابن حبان (۵۰۸۲) وعبد الرزاق (۱۵۱۹۳) والشافعى ۱۸۱:۲ والبخارى (۴۵۵۲) فى التفسير والطبرانى فى الكبير (۱۱۲۲۵) والبيهقى فى السنن الكبرى ۲۵۲:۱۰ والبغوى فى شرح السنة (۲۵۰) واحمد ۳۴۳:۱

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوغنائم عبد الصمد بن علی بن حسن بن مامون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ حسین بن حسین بن عبد الرحمٰن انطا کی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ بن احمد کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ گواہ پیش کرنا مدعی کی ذمہ داری ہے، وہ گواہ پیش نہ کر سکے تو قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☼

1605/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْبَيِّنَةُ عَلَى اَلْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ اِذَا اَنْكَرَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمہ ہے اور جب مدعی علیہ اس کا انکار کرے تو اس کے ذمے قسم ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) عبد الله بن محمد بن يعقوب البخاری (عن) أحمد بن أبی صالح (عن) محمد بن خشنام الزاهد (عن) هشام بن عبد الله الكندی عن الإمام أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن یعقوب بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خشنام زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ مظلوم اور ظالم کی قسم میں نیت کے معتبر ہونے کا معیار ☼

1606/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اِذَا اِسْتَحْلَفَ الرَّجُلَ وَهُوَ مَظْلُوْمٌ فَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَا نَوٰى وَعَلٰى مَا وَرّٰى وَاِذَا كَانَ ظَالِماً فَالْيَمِيْنُ عَلٰى نِيَّةِ الْمُسْتَحْلِفِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کسی آدمی سے قسم لی جائے اور وہ مظلوم ہو تو قسم اس بات پر ہوگی جو اس نے نیت کی ہے اور جو اس نے چھپایا ہے۔ اور جب وہ ظالم ہوگا تو پھر قسم، قسم لینے والے کی نیت پر ہوگی۔

أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ اليمين فی ذلك على ما بينه وبين الله تعالى وهو قول أبی حنيفة

(۱۶۰۵) اخرجه البيهقی فی السنن الكبرى ۱۲۳:۸ فی القسامة: باب اصل القسامة والبداية فيها مع اللوث بايمان المدعی و۲۵۶:۱۰ فی الدعوى: باب المتداعيين يتداعيان شيئا فی يد احدهما والترمذی (۱۳۴۱) فی الدعوى: باب ماجاء فی ان البينة على المدعی واليمين على المدعى عليه

(۱۶۰۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۷۲۷) فی الايمان والنذور: باب ما حلف وهو مظلوم وعبد الرزاق (۱۶۰۲۵) فی الايمان والنذور: باب اليمين بما يصدق صاحبك وتلك الرجل فی يمينه والعثمانی فی اعلاء السنن ۴۸۳:۱۱

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔قسم کا تعلق بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہوتا ہے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ مدعی گواہ پیش کرے، اگر وہ گواہ پیش نہیں کرسکتا تو مدعیٰ علیہ قسم دے ☆

1607/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) شُرَيْحِ بْنِ الْحَارِثِ (عَنْ) عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَضٰى بِالْبَيِّنَةِ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنِ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ اِذَا اَنْكَرَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ شریح بن حارث رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ مدعی کے ذمے گواہ پیش کرنا ہے اور اگر وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو مدعی علیہ کے ذمے قسم ہے۔

أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد ابن خسرو في مسنده (عن) أبي القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبي عبد الله محمد ابن علي بن الحسين (عن) أبي أحمد محمد بن عبد الله بن أحمد بن جامع (عن) أبي بكر محمد بن الحسن بن إبراهيم (عن) إسحاق بن خالد بن يزيد ر (عن) عبد الله ابن عبد الرحمن القرشي كلاهما (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد ابن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواحمد محمد بن عبداللہ بن احمد بن جامع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن حسن بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن خالد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ گواہ پیش کرنا مدعی کی ذمہ داری ہے، قسم مدعیٰ علیہ سے لی جائے گی ☆

1608/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ وَكَانَ لَا يَرُدُّ الْيَمِيْنَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمے ہے اور قسم مدعی علیہ سے لی جائے گی اور آپ قسم کو لوٹاتے نہیں تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

(۱۶۰۷) اخرجه البيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۲۵۳ وفي المعرفة ۷:۳۶۶ (۵۸۷۳) والدارقطني ۴:۲۰۵

(۱۶۰۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۸۶) في البيوع: باب من ادعى دعوى هو على رجل

اَلْبَابُ الْخَامِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ فِی الشَّهَادَاتِ

پینتیسواں باب: شہادات (گواہیوں) کے بیان میں

☆رسول اکرم ﷺ نے حضرت خزیمہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر قرار دیا☆

1609/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ (عَنْ) خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ مَرَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَعْرَابِیٌّ يَجْحَدُ بَيْعَةً فَقَالَ خُزَيْمَةُ اَشْهَدُ لَقَدْ بَايَعْتَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ اَيْنَ عَلِمْتَ قَالَ تَجِيْئُنَا بِالْوَحْیِ مِنَ السَّمَاءِ فَنُصَدِّقُكَ قَالَ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ رسول اکرم ﷺ کے پاس سے گزرے، اس وقت حضور ﷺ کے پاس ایک دیہاتی تھا جو آپ ﷺ کے سودے کا انکار کر رہا تھا۔ حضرت خزیمہ نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تو نے حضور ﷺ کے ساتھ سودا کر لیا تھا۔ رسول اکرم ﷺ نے پوچھا: تجھے کیسے پتا چلا؟ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ ہمارے پاس آسمانی وحی لے کر آئے، ہم اس کی تصدیق کرتے ہیں، تو رسول اکرم ﷺ نے ان کی گواہی دو مردوں کے برابر قرار دی۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) أبى بكر أحمد بن حمدان بن ذى النون (عن) محمد بن الحسين الجريرى (عن)(أبى جنادة حصين بن مخارق (عن) أبى حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) جعفر بن محمد الباقلانى (عن) محمد بن أحمد الأزدى (عن) آدم بن حوشب (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبى مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبى يحيى عبد الحميد الحمانى

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبى طاهر (عن) على بن عبيد الله (عن) محمد بن إسحاق (عن) أبى حنيفة ولفظه جعل شهادة خزيمة بشهادة رجلين

(ورواه) بهذا اللفظ (عن) أحمد ابن محمد (عن) يوسف بن موسى (عن) عبد الرحمن بن عبد الصمد (عن) جده (عن) الإمام أبى حنيفة وزاد فيه حتى مات

(ورواه) (عن) عبد الصمد بن الفضل وحمدان بن ذى النون وأحيد بن الحسين المامیانى كلهم (عن) مكى بن

(۱۶۰۹) اخرجه الطحاوی فی شرح معانی الآثار ۴:۱۴۶ وفی شرح مشکل الآثار (۴۸۰۲)، واحمد ۵:۲۱۶، وابو داود (۳۶۰۷)، وابن ابی عاصم فی الآحاد والمثانی (۲۰۸۵)، والطبرانی فی الکبیر ۲۲ (۹۴۶)، والحاکم فی المستدرک ۲:۱۷-والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۱۴۵

إبراهيم السرخسي (عن) إسحاق بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) المغيث بن بديل (عن) خارجة (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن صالح البلخي (عن) أحمد بن يعقوب (عن) آدم بن حوشب الهمداني (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد بن القاسم (عن) القاضي أبي القاسم التنوخي (عن) أبي القاسم بن الثلاج (عن) أحمد بن محمد بن سعيد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن مروان (عن) أبي طاهر أحمد بن علي بن عبيد الله بن عمر (عن) محمد بن إسحاق بن سيار (عن) أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن صالح الترمذي(عن) محمد بن مصفى الحمصي (عن) عبد الله بن يزيد (عن) أبي حنيفة(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) عبيد الله المقرى (عن) أبي عبد الرحمن بن يزيد المقرى (عن) أبي حنيفة مختصرًا أن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ جعل شهادة خزيمة بشهادة رجلين

(ورواه) كاملاً (عن) صالح بن أحمد (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى الحماني (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو بکر احمد بن حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین الجریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو جنادہ حصین بن مخارق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''جعفر بن محمد باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن احمد الازدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''آدم بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابو مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو یحییٰ عبد الحمید حمانی'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں جعل شهاده خزيمه بشهاده رجلين (حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر قرار دیا)

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (انہیں الفاظ کے ہمراہ بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد ابن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یوسف بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عبد الصمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد

الصمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احید بن حسین مامیانی رحمۃ اللہ علیہ'' ان سب نے حضرت ''مکی بن ابراہیم سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مغیث بن بدیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن صالح بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''آدم بن حوشب ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوطاہر احمد بن علی بن عبید اللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن سیار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن صالح ترمذی سے، انہوں نے محمد بن مصفی حمصی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سندیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبیداللہ مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن بن یزید مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختصر طور پر روایت کیا ہے، کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی دو مردوں کے برابر قرار دی۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے (اس کی سندیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے۔

☆ جس آیت میں وصیت کی بابت ذمی کی گواہی کے جواز کا حکم ہے، وہ آیت منسوخ ہے ☆

1610/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی (شَهَادَةُ بَیْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ) الْاٰیَةَ قَالَ اَلْاٰیَةُ مَنْسُوْخَةٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:

شَهٰدَةُ بَیْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

''تمہاری آپس کی گواہی جب تم میں کسی کو موت آئے''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(۱۶۱۰) اخرجہ محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۳۹) فی الشہادات: باب شہادۃ اھل الذمۃ علی المسلمین وابو یوسف فی الآثار ۱۶۲

یہ آیت منسوخ ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة وإنما يعني بهذه الشهادة عند حضور الموت على الوصية إذا لم يكن أحد من المسلمين جاز شهادة أهل الذمة على وصية المسلم ثم نسخ ذلك فلا تجوز شهادة الذمي على وصية المسلم وغيرها وإنما تقبل شهادة المسلمين

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہی مذہب ہے۔ اس شہادت کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی شخص کی موت کا وقت قریب ہوا اور وہ وصیت کرنے لگا ہو، اس کے پاس کوئی مسلمان موجود نہ ہو تو مسلمان کی وصیت پر ذمی کی شہادت کی اجازت دی گئی تھی، مگر اس کو منسوخ کر دیا گیا، لہذا اب ذمی کی مسلمان کے بارے میں وصیت کے معاملے میں اور کسی دوسرے معاملے میں گواہی قبول نہیں ہے، دو مسلمانوں کی گواہی قبول کی جائے گی

☼ عورتوں کی گواہی حدود اور قصاص کے مقدمات کے سوا باقی سب میں قبول ہے ☼

1611/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ شَهَادَةُ النِّسَاءِ جَائِزَةٌ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ مَا خَلاَ الْحُدُوْدِ وَالْقِصَاصِ وَهُوَ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: عورتوں کی گواہی ہر چیز میں جائز ہے سوائے حدود اور قصاص کے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ونحن نقول ما خلا الحدود والقصاص وهو قول أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم کہتے ہیں: حدود اور قصاص کے سوا سب میں ان کی گواہی قبول ہے، یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بچے کے رونے کے بارے ایک عورت کی گواہی قبول ہے ☼

1612/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يُجِيْزُ شَهَادَةَ الْمَرْاَةِ عَلَى الْاِسْتِهْلاَلِ فِي الصَّبِيِّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ بچے

(۱۶۱۱) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٦) والبيهقي في السنن الكبرى ١٠: ١٤٨ في الشهادات: باب الشهادة في الطلاق والرجعة وما في معناها من النكاح والقصاص والحدود وعبد الرزاق ٨: ٣٣٠ (١٥٤٠٦)، وابن ابي شيبة ٥: ٥٢٨ (٢٨٧٠٧) في الشهادة النساء في الحدود

(۱۶۱۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٧) وعبد الرزاق ٨: ٣٣٤ (١٥٤٣٢) في الشهادات: باب شهادة المرأة في الرضاع والنفاس وابن ابي شيبة ٤: ٣٣٥ (٢٠٧٠٥) في البيوع الاقضية: ما تجوز فيه شهادة النساء

کے رونے کے معاملے میں عورت کی گواہی کو جائز قرار دیتے تھے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كانت عدلة مسلمة وكان أبو حنيفة يقول لا تقبل في الاستهلال إلا شهادة رجلين أو رجل وامرأتين فأما الولادة من الزوجةفتقبل شهادة المرأة إذا كانت عدلة مسلمة وهما عندنا سواء

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب وہ عورت عادلہ اور اور مسلمان ہو۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیف رحمۃ اللہ علیہ'' بچے کے رونے سے متعلق دو مردوں کی یا ایک مرد کے ساتھ دو عورتوں کی گواہی قبول کرتے ہیں، البتہ یہ بچہ اسی عورت کا ہے، اس بارے میں ایک عورت کی گواہی قبول کرتے ہیں، اگر وہ عورت مسلمان ہو اور عادل ہو۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں۔

✡ جھوٹی گواہی دینے والے کے لئے جب تک دوزخ کا فیصلہ نہ ہو جائے، وہ ہل بھی نہ سکے گا ✡

1613/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَاهِدُ الزُّوْرِ لَا تَزُوْلُ قَدَمَاهُ حَتّٰى تَجِبَ لَهُ النَّارُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جھوٹی گواہی دینے والا اس وقت تک اپنے قدم نہیں اٹھا پائے گا جب تک اس کے لئے دوزخ کا فیصلہ نہ ہو جائے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي بكر مكرم بن أحمد بن مكرم و (عن) أبي محمد عبد الله بن أحمد كلاهما (عن) أبي حازم عبد الحميد بن عبد العزيز (عن) شعيب بن أيوب (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الفارسي الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلى أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي (عن) أبي بكر أحمد بن ثابت (عن) الحسن بن محمد الخلال (عن) محمد بن المظفر (عن) أبي بكر مكرم بن أحمد ابن مكرم (و) أبي محمد عبد الله بن أحمد كلاهما (عن) أبي حازم عبد الحميد بن عبد العزيز (عن) شعيب بن أيوب (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوحازم عبد الحمید بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد فارسی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے

(۱۶۱۳) اخرجه ابو يعلى (۵۶۷۲) وابن ماجة (۲۳۷۳) في الاحكام :باب شهادة الزور والخطيب في تاريخ بغداد ۳:۴۰۲ و۱۱:۶۳ والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۱۲۲ والحاكم في المستدرك ۴:۹۸ وابو نعيم في الحلية ۳۶۴۷

روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر مکرم بن احمد بن مکرم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''ابوحازم عبدالحمید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جب کوئی گواہ جھوٹا ثابت ہوتا تو قاضی ''شریح'' اس کے جھوٹا ہونے کی تشہیر کرواتے تھے ☼

1614/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) مَّنْ حَدَّثَهُ (عَنْ) شُرَيْحٍ قَالَ كَانَ اِذَا اَخَذَ شَاهِدَ زُوْرٍ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السُّوْقِ بَعَثَ بِهٖ اِلَى السُّوْقِ فَقَالَ لِرَسُوْلِهٖ قُلْ لَهُمْ اِنَّ شُرَيْحاً يُقْرِئُكُمُ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّا وَجَدْنَا هٰذَا شَاهِدَ زُوْرٍ فَاحْذَرُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ الْعَرَبِ اَرْسَلَ بِهٖ اِلٰى مَسْجِدِ قَوْمِهٖ اَجْمَعَ مَا كَانُوْا فَقَالَ الرَّسُوْلُ مِثْلَ مَا قَالَ فِي الْمَرَّةِ الْاُوْلٰى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اس شخص سے جس نے ان کو حدیث بیان کی ہے اور وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں روایت کرتے ہیں' جب آپ کسی جھوٹے گواہ کو پکڑتے اگر وہ بازار والوں میں سے ہوتا تو اس کو بازار کی طرف بھیج دیتے اور اپنے قاصد کو فرماتے کہ ان کو کہنا کہ شریح تمہیں سلام کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے اس کو جھوٹی گواہی دیتے ہوئے پایا ہے اس سے بچو اور اگر اس کا تعلق عرب سے ہوتا تو اس کو اس قوم کی مسجد میں بھیج دیتے جتنے لوگ وہاں پر موجود ہوتے اور اپنے قاصد سے کہتے اسی طرح کہنا جیسے پہلے والے کے بارے میں کہا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه كان يأخذ أبو حنيفة لا يرى عليه ضرباً وأما قولنا فإنا نرى عليه مع ذلك التعزير ولا يبلغ به أربعين سوطاً

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اسی کو اختیار کرتے تھے، وہ اس کو مارتے نہیں تھے۔ ہم یہ کہتے ہیں' کہ اس کو تعزیر کے طور پر کوئی نہ کوئی سزا ضرور دی جائے، اور یہ سزا چالیس کوڑوں سے کم ہی ہو۔

☼ حضرت عامر شعبی، جھوٹی گواہی دینے والے کو ۴۰ کوڑے مارا کرتے تھے ☼

1615/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ شَاهِدَ الزُّوْرِ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْاَرْبَعِيْنَ سَوْطاً

(۱۶۱۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٤) وابن ابي شيبة ٦:٥٥٠ (٢٣٠٣٥) في البيوع والاقضية: شاهد الزور ما يصنع به او البيهقي في السنن الكبرى ١٠:١٤٢ وعبد الرزاق ٨:٣٢٦ (١٥٣٩١)

(۱۶۱۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٥) باب شهادة الزور وابن ابي شيبة ٤:٥٥١ (٢٣٠٤٠) في البيوع والاقضية: شاهد الزور ما يصنع به او عبد الرزاق ٨:٣٢٦ (١٥٣٨٩) باب عقوبة شاهد الزور

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک آدمی سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: وہ جھوٹی گواہی دینے والے کو چالیس کوڑوں تک کی سزا دیا کرتے تھے۔

(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَضْرِبُ شَاهِدَ الزُّوْرِ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَرْبَعِيْنَ سَوْطًا

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر اس کے بعد حضرت امام ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔

✡ قاذف کی توبہ سے، اس کا فسق ختم ہو جاتا ہے، لیکن اس کی گواہی کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی ✡

1616/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ عَنْ شُرَيْحٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (وَلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ) قَالَ اِذَا تَابَ ذَهَبَ عَنْهُ اِسْمُ الْفِسْقِ وَاَمَّا الشَّهَادَةُ فَلَا تُقْبَلُ لَهُ اَبَدًا

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا ارشاد:

وَّ لَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهٰدَةً اَبَدًا وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

''اور ان کی کوئی گواہی کبھی نہ مانو اور وہی فاسق ہیں مگر جو اس کے بعد توبہ کرلیں اور سنور جائیں تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

آپ فرماتے ہیں: جب بندہ توبہ کر لیتا ہے تو اس سے فسق کا لیبل ختم ہو جاتا ہے لیکن شہادت تو کبھی بھی اس کی قبول نہیں کی جاتی۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى القاسم ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن (عن) عبد الرحمن بن عمر بن إبراهيم البغوى (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه عن الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو عبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۱۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (٦٤١) وابو يوسف فى الآثار ١٦٢ وعبد بن حميد فى المسند ١:٤٨ و١:٣٤٧ وعبد الرزاق ٧:٣٨٧ (١٣٥٧٣) وابن ابى شيبة ٤:٣٣٠ (٢٠٦٥١) والبيهقى فى السنن الكبرى ١٠:١٥٦

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ قاضی شریح کا موقف ہے کہ توبہ کے بعد قاذف کی گواہی قبول ہے ✡

1617 /(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ قَالَ أُجِيْزُ شَهَادَةَ الْقَاذِفِ اِذَا تَابَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ فرماتے ہیں: تہمت لگانے والے کی گواہی اس وقت قبول کرلی جاتی ہے جب وہ توبہ کرلے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفه ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ قاضی شریح نے اس آدمی کی گواہی قبول کی جس کا ہاتھ کٹا ہوا تھا ✡

1618/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ قَالَ اَتَاهُ اَقْطَعُ بَنِى الْاَسَدِ فَقَالَ اَتَقْبَلُ شَهَادَتِىْ وَكَانَ مِنْ خِيَارِهِمْ فَقَالَ نَعَمْ وَاَرَاكَ لِذٰلِكَ اَهْلاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ان کے پاس بنی اسد کے ہاتھ کٹے ہوئے شخص کو لایا گیا، اس نے کہا: کیا آپ میری گواہی قبول کریں گے؟ یہ ان کے سب سے معتبر لوگوں میں سے تھا، آپ نے فرمایا: جی ہاں۔اور میں تجھے اس کا اہل سمجھتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ كل محدود في سرقة أو زنا أو غير ذلك إذا تاب تقبل شهادته إلا المحدود في القذف خاصة لقوله تعالى (ولا تقبلوا لهم شهادةً أبدا)

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ہر وہ شخص جس کو چوری یا زنا یا کسی اور جرم میں حد لگ چکی ہو، جب وہ توبہ کرلیتا ہے تو اس کی گواہی قبول کی جاتی ہے سوائے اس شخص کے جس کو تہمت کے مقدمہ میں حد لگی ہو، اس کی گواہی قبول نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ولا تقبلوا لهم شهادةً ابدا (اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو)

(۱۶۱۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٢) في الشهادات :باب شهادة المحدود وعبد الرزاق ٨:٣٦٣ (١٥٥٥٢) في الشهادات:باب شهادة القاذف وابن ابي شيبة٦:٤٧٠ في البيوع الاقضية:باب في شهادة القاذفين من قال:هي جائزة اذا تاب والبيهقي في السنن الكبرى١٠:١٥٣

(۱۶۱۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٣) في الشهادات :باب شهادة المحدود وعبد الرزاق ٧:٣٨٨ (١٣٥٧٥) في الطلاق:باب قوله تعالىٰ:(ولا تقبلوا لهم شهادة ابداً)وابن ابي شيبة٧:٢١١ في البيوع والاقضية:باب شهادة الاقطع

☆ غیر مسلم نے مسلمان پر تہمت لگائی، قبول اسلام کے بعد اس کی گواہی قبول ہے ☆

1619/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِيْ نَصْرَانِيٍّ قَذَفَ مُسْلِمَةً فَضُرِبَ الْحَدُّ ثُمَّ اَسْلَمَ جَازَتْ شَهَادَتُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' اگر کوئی عیسائی کسی مسلمان پر تہمت لگائے اور اس پر حد بھی لگادی جائے تو پھر وہ اسلام لے آئے تو اس کی گواہی قبول ہے

(أخرجه) الإمام محمد فی الآثار فرواه (عن(الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ ایک اونٹنی کے دو مدعیوں نے گواہ پیش کر دیئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قابض کے حق میں فیصلہ کر دیا ☆

1620/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِخْتَصَمَ رَجُلَانِ فِيْ نَاقَةٍ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا يُقِيْمُ الْبَيِّنَةَ اَنَّهَا نَاقَتُهُ اَنْتَجَهَا فَقَضٰى بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ هِيَ فِيْ يَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: دو آدمی ایک اونٹنی کے بارے جھگڑ پڑے، دونوں میں سے ہر ایک نے گواہ بھی پیش کر دیئے کہ یہ اونٹنی اس کے ہاں پیدا ہوئی تھی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹنی کا فیصلہ اس شخص کے حق میں دیا جس کے قبضے میں اونٹنی تھی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد ابن يزيد (عن) أبی خالد البخاری (عن) الحسن بن عمر بن شقيق و (عن) محمد بن الحسن البزار عن بشر بن الوليد و (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) محمد بن سعيد العوفی (عن) أبيه كلهم (عن) أبی يوسف عن الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن قدامة بن سيار الزاهد (عن) محمد بن العلاء أبی كريب (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبی حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوخالد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن سعید عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے اپنے والد سے، ان سب نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن قدامہ بن سیار زاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علاء ابوکریب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۱۶۱۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۶۴۰) فی الشهادات: باب شهادة المحدود وابو يوسف فی الآثار ۱۶۲

(۱۶۲۰) قد تقدم فی (۱۶۰۲)

نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

ایک اونٹنی کے دو مدعیوں نے گواہ پیش کر دیئے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قابض کے حق میں فیصلہ کر دیا

1621/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) رَجُلٍ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ اَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ نَاقَةٍ فَاَقَامَ هٰذَا بَيِّنَةً اَنَّهٗ نتجها وَاَقَامَ هٰذَا بَيِّنَةً اَنَّهٗ نتجها فَجَعَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِلَّذِيْ فِيْ يَدِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ایک آدمی سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: دو آدمی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک اونٹنی کا جھگڑا لے کر آئے اور اِس نے بھی اس بات پر گواہ پیش کر دیئے کہ یہ اس کے ہاں پیدا ہوئی ہے اور اُس نے بھی گواہ پیش کر دیئے کہ یہ اُس کے ہاں پیدا ہوئی ہے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا فیصلہ اس شخص کے حق میں کر دیا جس کے ہاتھ میں اونٹنی تھی۔

(عن) محمد بن منذر (عن) محمد بن سعيد العوفي (عن) أبيه عن أبي يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة ولم يذكر الرجل بين الهيثم وجابر

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن عتبة (عن) بشر بن موسى المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة ولم يذكر جابراً

○ اس حدیث کو حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن سعید العوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، لیکن انہوں نے حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جابر رحمۃ اللہ علیہ'' کے درمیان کسی شخص کا ذکر نہیں کیا۔

○ اس حدیث کو حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں بھی حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' کا ذکر نہیں ہے۔

باپ، بیٹے، شوہر، بیوی، شریک اور تہمت کی سزا یافتہ کی گواہی قبول نہیں

1622/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) عَنِ الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ اَنَّهٗ قَالَ اَرْبَعَةٌ لَا تَجُوْزُ لَهُمْ شَهَادَةُ الْاَبِ لِابْنِهٖ وَالْاِبْنُ لِاَبِيْهِ وَالزَّوْجُ لِامْرَاَتِهٖ وَالْمَرْاَةُ لِزَوْجِهَا وَالشَّرِيْكُ لِشَرِيْكِهٖ وَالْمَحْدُوْدُ فِيْ قَذْفٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: چار شخص ایسے ہیں، جن کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے۔ باپ کی گواہی بیٹے کے حق میں، بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں۔ شوہر کی گواہی بیوی کے حق میں اور بیوی کی گواہی شوہر کے حق میں۔ شریک کی گواہی شریک کے حق میں۔ وہ شخص جس کو تہمت لگانے کی سزا ہو چکی ہو۔

(۱۶۲۱) تقدم في (۱۶۰۲)

(۱۶۲۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٤٨) وعبد الرزاق ۸:۲۴۴ في الشهادات: باب شهادة الاخ لاخيه والابن لابيه والزوج لامرأته وابن ابي شيبة ۷:۲۰۴ في البيوع والاقضية: باب في شهادة الولد لوالده

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخی (عن) أبی القاسم بن أحمد ابن عثمان (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة إلا أنا نقول تجوز شهادة الشریك لشریکه فیما هو فی غیر شرکتهما

(أخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بکر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد ابن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک شریک کی دوسرے شریک کے حق میں ان امور میں گواہی قبول ہے جن میں ان کی شرکت نہیں ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

باپ کی گواہی بیٹے کے حق میں، بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں قبول نہیں ہے ☆

167/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ اَنَّهُ قَالَ لَا تَجُوْزُ شَهَادَةُ الْمَرْاَةِ لِزَوْجِهَا وَلَا الزَّوْجُ لِمَرَاتِهِ وَلَا الْاَبُ لِاِبْنِهِ وَلَا الْاِبْنُ لِاَبِیْهِ وَلَا الشَّرِیْكُ لِشَرِیْكِهِ وَلَا الْمَحْدُوْدُ فِیْ قَذْفٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: عورت کی گواہی اس کے شوہر کے حق میں جائز نہیں ہے اور نہ ہی شوہر کی گواہی اس کی بیوی کے حق میں جائز ہے، نہ باپ کی

(۱۶۲۳) تقدم فی (۱۶۲۲)

گواہی بیٹے کے حق میں اور نہ بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں۔ اور نہ ہی ایک شریک کی گواہی اپنے شریک کے حق میں۔ اور نہ ہی اس شخص کی گواہی قابل قبول ہے جس پر تہمت کی حد لگ چکی ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ جس کو تہمت کی حد لگ چکی ہے اس کی گواہی قبول نہیں، چاہے وہ توبہ بھی کر لے ✡

1624/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ اَنَّهُ قَالَ لَا اَسْمَعُ شَهَادَةَ الْمَحْدُوْدِ فِی الْقَذْفِ وَاِنْ تَابَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: جس کو تہمت کے معاملے میں سزا مل چکی ہو وہ اگر چہ توبہ کر لے تب بھی میں اس کی گواہی نہیں سنتا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی سعيد أحمد بن عبد الجبار بن أحمد (عن) أبی القاسم التنوخی (عن) أبی القاسم بن الثلاج (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) عبد الوهاب بن عبد الرحمن بن شيبة قال هذا كتاب جدی شيبة بن عبد الرحمن (عن) عبد الملك بن عبد الرحمن بن عبد الله الأصبهانی الكوفی (عن) الإمام أبی حنيفة قال ولا أعلمهن إلا وقد سمعت من أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید احمد بن عبد الجبار بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالوہاب بن عبدالرحمٰن بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے کہا: میں نے اپنے دادا حضرت ''شیبہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ اصبہانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنی ہیں۔

✡ بچوں کی گواہی، عورتوں اور مردوں کے زخموں، انگلیوں کی دیت، جانور کی آنکھ پھوڑنے کی سزا ✡

1625/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) شُرَيْحٍ اَنَّهُ كَتَبَ اِلَيْهِ هِشَامٌ اَوِ ابْنُ هُبَيْرَةَ يَسْاَلُهُ عَنْ خَمْسٍ عَنْ شَهَادَةِ الصِّبْيَانِ وَعَنْ جِرَاحَاتِ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ وَدِيَةِ الْاَصَابِعِ وَعَنْ عَيْنِ الدَّابَّةِ وَالرَّجُلِ يُقِرُّ بِوَلَدِهٖ عِنْدَ الْمَوْتِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ اَنَّ شَهَادَةَ الصِّبْيَانِ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ جَائِزَةٌ اِذَا اتَّفَقُوْا عَلَيْهِ وَجِرَاحَاتُ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ يَسْتَوِيَانِ فِی السِّنِّ وَالْمُوْضِحَةِ وَيَخْتَلِفَانِ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ وَدِيَةُ اَصَابِعِ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ سَوَاءٌ وَفِی

(۱۶۲۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۶۵۰) وابن ابی شيبة ٤:٣٦٤ (٢١٠٢٩) فی البيوع: فی شهادة الصبيان وعبد الرزاق ٨:٣٥٠ (١٥٥٠٠) فی الشهادات: باب شهادة الصبيان

عَيْنِ الدَّابَةِ رُبْعُ ثَمَنِهَا وَالرَّجُلُ يُقِرُّ بِوَلَدِهِ عِنْدَ الْمَوْتِ اَنَّهُ اُصَدِّقُ مَا يَكُوْنُ عِنْدَ الْمَوْتِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ان کی جانب ہشام یا ابن ہبیرہ نے پانچ شخصوں کے بارے میں پوچھنے کے لئے مکتوب لکھا۔ ○ بچوں کی گواہی۔ ○ عورتوں اور مردوں کے زخم۔ ○ انگلیوں کی دیت۔ ○ جانور کی آنکھ پھوڑنے کی سزا۔ ○ وہ شخص جو موت کے وقت اپنے کسی بچے کا اقرار کرتا ہے۔

انہوں نے جواب میں لکھا: ○ بچوں میں سے ایک کی دوسرے پر گواہی جائز ہے جبکہ وہ اس پر متفق ہوں۔ ○ مردوں اور عورتوں کے زخم برابر ہیں دانت اور چہرے میں بھی۔ اس کے علاوہ میں مختلف ہوتے ہیں۔ ○ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کی دیت برابر ہے اور ○ جانور کی آنکھ پھوڑنے میں اس کی کل قیمت کا ایک چوتھائی حصہ ہے اور ○ وہ آدمی جو موت کے وقت اپنے لئے بچے کا اقرار کرتا ہے، تو جو اس نے کہا ہے، میں اس کو سچ قرار دیتا ہوں۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه كله نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه إلا في خصلتين إحداهما شهادة الصبيان عندنا باطلة اتفقوا أو اختلفوا لأن الله عز وجل يقول في كتابه (واشهدوا ذوي عدل منكم واستشهدوا شهيدين من رجالكم فإن لم يكونا رجلين فرجل وامرأتان ممن ترضون من الشهداء) والصبيان ليسوا ممن يوصف أن يكونوا عدولاً ولا ممن يرضى به من الشهداء والخصلة الأخرى جراحات النساء على النصف من جراحات الرجال في كل شيء من السن والموضحة وغير ذلك وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم ان سب کو اختیار کرتے ہیں، یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔ سوائے دو صورتوں کے۔

○ ہمارے نزدیک بچوں کی گواہی باطل ہے چاہے وہ متفق ہوں یا مختلف۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى

''دو گواہ کرلو اپنے مردوں میں سے پھر اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ایسے گواہ جن کو پسند کرو کہ کہیں ان میں ایک عورت بھولے تو اس ایک کو دوسری یاد دلا دیا''

اور بچوں کو عدول یا غیر عدول قرار نہیں دیا جاسکتا اور نہ ہی وہ پسندیدہ گواہ ہوسکتے ہیں۔ اور دوسری بات یہ کہ عورتوں کے ہر طرح کے زخموں کی دیت مردوں کے برابر ہے، خواہ چہرے کا ہو یا کوئی اور۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ زنا، قذف، شراب نوشی اور نشہ کے بارے میں عورتوں کی گواہی قبول نہیں ✡

1626/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَرْبَعَةٌ لَا تَجُوْزُ فِيْهَا شَهَادَةُ النِّسَاءِ الزِّنَا وَالْقَذْفُ وَشُرْبُ

(۱۶۲۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥١) وابن ابي شيبة (٨٧٦٥ ، ٥٩:١٠٠) في الحدود: باب في شهادة النساء في الحدود

الْخَمْرِ وَالسُّكْرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں:۔ چار معاملات میں عورتوں کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے۔ زنا۔ قذف۔ شراب نوشی۔ نشہ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ گواہی دینے والے کو اللہ کے عذاب سے ڈرانا چاہئے تاکہ وہ سچی گواہی دے ✡

1627/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) قَالَ كُنَّا عِنْدَ مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ فَتَقَدَّمَ اِلَيْهِ رَجُلاَنِ فَادَّعٰى اَحَدُهُمَا عَلَى الْآخِرِ قَالَ فَجَحَدَ الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ فَسَاَلَهُ الْبَيِّنَةَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَشَهِدَ عَلَيْهِ فَقَالَ الْمَشْهُوْدُ عَلَيْهِ لاَ وَاللّٰهِ الَّذِىْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا شَهِدَ عَلَىَّ بِحَقٍّ وَمَا عَلِمْتُهُ اِلَّا رَجُلاً صَالِحاً غَيْرَ هٰذِهِ الزَّلَّةِ فَاِنَّهُ فَعَلَ هٰذَا لَحَقَدَ كَانَ فِىْ قَلْبِهِ عَلِىَّ وَكَانَ مَحَارِبٌ مُتَّكِئاً فَاسْتَوٰى جَالِساً ثُمَّ قَالَ يَا هٰذَا الرَّجُل سَمِعْتُ اِبْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ يَوْمٌ يُشِيْبُ فِيْهِ الْوِلْدَانُ وَتَضَعُ الْحَوَامِلُ مَا فِىْ بُطُوْنِهَا وَتَضْرِبُ الْحَيْوَانَاتُ بِاَذْنَابِهَا وَتَضَعُ مَا فِىْ بُطُوْنِهَا لِشِدَّةِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلاَ ذَنْبَ عَلَيْهَا فَاِنْ كُنْتَ شَهِدْتَّ بِحَقٍّ فَاقِمْ عَلَيْهَا وَاِنْ كُنْتَ شَهِدْتَّ بَاطِلاً فَاتَّقِ اللّٰهَ وَغَطِّ رَاْسَكَ وَاخْرُجْ مِنْ ذٰلِكَ الْبَابِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ کے پاس موجود تھے، ان کے پاس دو آدمی آئے، ان میں سے ایک نے دوسرے پر دعویٰ کیا۔ مدعیٰ علیہ نے انکار کر دیا، انہوں نے گواہی طلب کی تو ایک شخص آیا اور اس نے آکر گواہی دی، جس کے خلاف گواہی دی گئی تھی، اس نے کہا: اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس نے میرے خلاف سچی گواہی نہیں دی ہے، میں اس کو نیک آدمی سمجھتا ہوں لیکن یہ اس نے غلط بیانی کی ہے کیونکہ اس شخص کے دل میں میرے بارے میں حسد ہے اس کی وجہ سے اس نے ایسا کیا ہے۔

حضرت محارب بن دثار رضی اللہ عنہ ٹیک لگائے ہوئے تھے، وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے اور فرمایا: اے شخص! میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئے گا جس میں بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور حاملہ عورتیں اپنے پیٹوں کے حمل پیدا کر دیں گی اور حیوانات کو ان کی دموں پر مارا جائے گا اور اس دن کی شدت کی وجہ سے ان کے پیٹوں کے حمل بھی گر جائیں گے ان کا تو کوئی گناہ نہیں ہوگا، اگر تو نے حق کی گواہی دی ہے تو اس پر قائم رہ اور اگر تو نے جھوٹی گواہی دی ہے تو اللہ سے ڈر اور اپنا سر ڈھانپ اور دروازے سے نکل جا۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الحسين عاصم ابن

(٦١٢٧) تقدم في (١٦١٣) مختصراً

الحسين بن علي بن عاصم (عن) أبي بكر محمد بن أحمد بن يوسف بن وصيف (عن) عبد الله بن محمد بن جعفر بن شاذان (عن) أبي محمد سليمان بن داود بن كثير الكندي (عن) الحسن بن أبي العيس (عن) الحسن بن زياد اللؤلؤي (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) القاضي أبي الحسين محمد بن المهتدي بالله (عن) القاضي أبي حازم (عن) حميد بن عبد العزيز (عن) شعيب بن أيوب الصيرفي (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین عاصم بن حسین بن علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن یوسف بن وصیف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن جعفر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد سلیمان بن داؤد بن کثیر کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن ابوعیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد لولوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حمید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالثَّلَاثُوْنَ فِیْ اَدَبِ الْقَاضِیْ

چھتیسواں باب: ادب القاضی کے بیان میں

☆ حاکم غصے کی کیفیت میں کوئی فیصلہ نہ کرے ☆

1628/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) اَبِیْ بَكْرَةَ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلَيْهِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَقْضِی الْحَاكِمُ وَهُوَ غَضْبَانُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوبکرہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ''حاکم غصے کے عالم میں کوئی فیصلہ نہ کرے''۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أحمد القيراطي (عن) عبدوس بن بشر (عن) أبي يوسف (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدوس بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ پڑوسی اپنی لکڑی تمہاری دیوار پر رکھنا چاہے تو اس کو منع مت کرو ☆

1629/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَلِیِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ

(۱۶۲۸) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۴۹۲) والطحاوي في الشروط ۲:۸۴۵ وابن حبان (۵۰۶۳) ومسلم

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ جَارُ اَحَدِكُمْ اَنْ يَّضَعَ خَشَبَتَهٗ عَلٰى حَائِطِهٖ فَلَا يَمْنَعْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی کا پڑوسی اپنا شہتیر تمہاری دیوار پر رکھنا چاہے تو اس کو منع مت کرو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن جامع الحلوانی (وعن) عبد الله بن يحيى السرخسی كلاهما (عن) يوسف بن سعيد (عن) أحمد بن محمد بن عبيد (عن) علی بن محمد كلاهما (عن) بشر بن المنذر (عن) القاسم بن غصن (عن) الإمام أبی حنيفة غير أنه قال علی حائط جاره فلا يمنعه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن جامع حلوانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن یحییٰ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''یوسف بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''بشر بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن غصن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ الفاظ بھی ہیں علی حائط جارہ فلا یمنعہ۔

✡ امارت، امانت ہے، جس نے اس کا حق ادا نہ کیا، اس کے لئے قیامت میں حسرت ہوگی ✡

1630/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنِ) الْحَسَنِ (عَنْ) اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ اَلْاِمَارَةُ اَمَانَةٌ وَهِیَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ حَسْرَةٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدَّى الَّذِیْ عَلَيْهِ وَاَنّٰى لَهٗ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! امارت امانت ہے، یہ قیامت کے دن حسرت ہوگی اور ندامت ہوگی سوائے اس شخص کے کہ جس نے اس کو حق کے ساتھ لیا اور فرائض منصبی کو ادا کیا لیکن یہ کون کرسکتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن عبيد الله بن شريح (عن) علی بن خشرم (عن) يحيى ابن نصر بن حاجب القرشی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن عبید اللہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن خشرم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ ابن نصر بن حاجب قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۳۰) اخرجه المصكفی فی مسند الامام (۴۸۹) والطحاوی فی شرح مشكل الآثار (۵۶) ومحمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۹۱۵) وابن حبان (۵۵۶۴) وابن سعد فی الطبقات الكبرى ۴:۲۳۱ ويعقوب بن سفيان الفسوی فی التاريخ ۲:۴۶۳ ومسلم (۱۸۲۶) فی الامارة: باب كراهية الامارة بغير ضرورة وابو داود (۲۸۶۸) فی الوصايا: باب ماجاء فی الدخول فی الوصايا

✡ جان بوجھ کر ناحق فیصلہ کرنے والا اور جہالت کی وجہ سے ناحق فیصلہ کرنے والا دونوں دوزخی ہیں ✡

1631/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ (عَنْ) حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ (عَنْ) اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْقُضَاةُ ثَلَاثَةٌ قَاضِيَانِ فِى النَّارِ قَاضٍ يَقْضِىْ فِى النَّاسِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيُوْكِلُ بَعْضُهُمْ مَالَ بَعْضٍ وَقَاضٍ تَرَكَ عِلْمَهُ وَيَقْضِىْ بِغَيْرِ حَقٍّ فَهٰذَانِ فِى النَّارِ وَقَاضٍ يَقْضِىْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ فِى الْجَنَّةِ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حسن بن عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قاضی تین طرح کے ہوتے ہیں، دو طرح کے قاضی دوزخی ہیں۔ ایک ایسا قاضی جو لوگوں کے درمیان علم کے بغیر فیصلہ کرتا ہے اور کسی کا مال کسی کو کھلا دیتا ہے۔ ایک قاضی ایسا جو اپنا علم چھوڑ دیتا ہے اور ناحق فیصلہ کر دیتا ہے یہ دونوں دوزخی ہیں اور ایک قاضی ایسا جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کرتا ہے یہ جنتی ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أبي رميح عن إسماعيل ابن عبد الله القشيري (عن) أحمد بن الجراح القهستاني (عن) أبي إسحاق الفزاري عن الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابو رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حجرت ''اسماعیل بن عبد اللہ قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جراح قہستانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ حضرتِ شعبی نے گورنر کے عہدہ سے بچنے کے لئے شطرنج بطور حربہ کھیلا ✡

1632/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) قَالَ رَاَيْتُ الشَّعْبِىَّ يَلْعَبُ بِالشَّطْرَنْجِ وَاِنَّمَا فَعَلَ ذٰلِكَ فِرَارًا مِنْ اَنْ يُّوَلِّيَهُ بَعْضُهُمْ

✦✦ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کو شطرنج کھیلتے ہوئے دیکھا اور یہ انہوں نے فقط اس لئے کیا تاکہ کسی اور کو گورنر بنایا جائے اور ان کی جان چھوٹ جائے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) عبد الصمد ابن علي بن محمد (عن) صالح بن أحمد بن أبي مقاتل (عن) أبيه (عن) عبد الرحمن بن مسهر (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابی مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۳۱) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۴۹۱) والترمذي (۱۳۲۲) والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۱۱۷ والحاكم في المستدرك ۴:۹۰ من بريدة عن ابيه

(۱۶۳۲) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۳۷۲) والطبراني في الاوسط ۵:۵۲ (۴۰۹۱) والحاكم في المستدرك ۲:۱۲ واورده الهيثمي في مجمع الزوائد ۷:۲۶۶ وفي مجمع البحرين ۳:۳۹۷ (۳۷۵۰) في المناقب: مناقب حمزه عم رسول الله صلى الله عليه وسلم

اَلبَابُ السَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ فِی السِّیَرِ

سینتیسواں باب: سیر کے بیان میں

☼ جو حکمران کو نیکی کا حکم دے اور برائی سے روکے قیامت کے دن اس کا مقام ☼

1633/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عِکْرِمَةَ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ سَیِّدُ الشُّهَدَاءِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ثُمَّ رَجُلٌ رَحَلَ اِلٰی اِمَامٍ فَاَمَرَهُ وَنَهَاهُ

✦✦ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تمام شہیدوں کے سردار حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ ہونگے، پھر وہ شخص جو اپنے حکمران کی طرف سفر کر کے گیا اور اس کو نیکی کا حکم دیا اور برائی سے منع کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) إبراهيم بن منصور البخاری عن محمد بن ثور عن حمدان بن حميد عن الحسن بن رشيد عن الإمام أبی حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) العباس بن عزيز القطان المروزی (عن) محمد ابن عبدة (عن) حامد بن آدم (عن) الحسن بن رشيد (عن) الإمام أبی حنيفة غير أنه قال إلى إمام جائر فأمره ونهاه

(ورواه) أيضاً بهذا اللفظ (عن) محمد بن إبراهيم بن ناصح بو مرو عن محمد بن عيسى (عن) أحمد بن أبی ظبية (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن عمر بن مصعب المروزی (عن) عمه (عن) الحسين بن الجارث (عن) الحسين بن رشيد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فی مسنده (عن) الشريف النقيب أبی طالب علی بن محمد بن المحسن نقيب مقابر قريش بمدينة السلام (عن) القاضی الشريف واهب بن العباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبد الله بن عبد الصمد بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسن علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی أبو بكر محمد بن عبد الباقی الأنصاری فی مسنده (عن) القاضی أبی الحسين بن محمد بن علی بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسين علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل عن الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(ورواه) (عن) القاضی أبی الحسين محمد بن علی بن المهتدی بالله (عن) أبی الحسن علی بن عمر السكری (عن) أبی سعيد حاتم بن الحسن الشاشی (عن) أحمد بن زرعة (عن) الحسن بن رشيد (عن) أبی مقاتل (عن) أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''احمد بن محمد بن عمر بن مصعب مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے چچا حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''شریف نقیب ابوطالب علی بن محمد بن محسن نقیب مقابر قریش رحمۃ اللہ علیہ'' سے (مدینۃ السلام میں) انہوں نے حضرت ''قاضی شریف واہب بن عباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین بن محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''احمد بن محمد بن عمر بن مصعب مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے چچا سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''شریف نقیب ابو طالب علی بن محمد بن محسن رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ مدینۃ السلام میں قریش کے قبرستان کے نگران تھے)، انہوں نے حضرت ''قاضی شریف واہب بن عباس بن محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین بن محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''قاضی ابوحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسن علی بن عمر سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید حاتم بن حسن الشاشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن زرعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ مدینہ منورہ آنے سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کا مال غنیمت تقسیم نہیں فرمایا تھا ✡

1634/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مِقْسَمٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ لَمْ يُقَسِّمْ شَيْئاً مِنْ غَنَائِمِ بَدْرٍ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ حضرت مقسم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی غنیمتوں میں سے کوئی چیز بھی تقسیم نہیں کی تھی، مدینہ منورہ میں واپس آ کر سب کچھ تقسیم کیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) أبى سعيد بن جعفر البحترى (عن) يحيى بن فروخ (عن) محمد بن بشر (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوسعید بن جعفر بختری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن فروخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ مال غنیمت میں گھڑسوار کے دو حصے اور پیدل کا ایک حصہ ✡

1635/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) زَكَرِيَّا بْنِ الْحَارِثِ (عَنِ) الْمُنْذِرِ بْنِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِسْتَعْمَلَهُ عَلٰى سَرِيَّةٍ فَغَنِمَ فَسَهَمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْماً وَاحِداً فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت زکریا بن حارث رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت منذر بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ روایت کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کو ایک جنگی مہم کا امیر بنایا، ان کو بہت سارا مالِ غنیمت ملا آپ نے گھڑسوار کو دو حصے دیئے اور پیدل کو ایک حصہ۔ یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس تقسیم پر خوش ہوئے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى العباس أحمد بن عقدة (عن) أبى العباس أحمد بن عبد الله الصباح (عن) أحمد بن يعقوب (عن) عبد الله بن خالد بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة قال الحافظ ورواه أبو يوسف (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عبداللہ صباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں

(۱۶۳۴) اخرجه المصكفى فى مسند الامام (۳۲۶) وابو يوسف فى الرد على سير الاوزاعى ۸

(۱۶۳۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۶۱) ابو يوسف فى الخراج ۲۰ وعبد الرزاق ۱۸۳:۵ (۹۳۱۳) وابن ابى شيبة ۴۰۲:۵ (۱۵۰۳۸) فى الجهاد: باب البر ازين مالرهاو كيف يقسم لهما وسعيد بن منصور ۲۸۰:۲ (۲۷۷۲) والبيهقى فى السنن الكبرى ۳۲۸:۶

نے حضرت ''عبداللہ بن خالد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ حدیث حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

☼ قبل تقسیم خمس کا مال بیچنا منع ہے ☼

1636/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ یُّبَاعَ الْخُمُسُ حَتّٰی یُقَسَّمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خمس کا مال تقسیم سے پہلے بیچنے سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری(عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی (عن) جعفر بن محمد بن موسی (عن) أبیه (عن) عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس بن عقدة (عن) جعفر بن محمد بن موسی (عن) أبیه (عن) عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عبداللہ بن ابی اوفیٰ کے ہاتھ میں ایک زخم تھا جو غزوہ خیبر کے موقع پر ان کو لگا تھا ☼

1637/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ سَعْدٍ سَعِیْدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ الْاَعْوَرِ قَالَ رَاَیْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی فِیْ یَدِهٖ ضَرْبَةٌ فَقَالَ اَصَابَتْنِیْ هٰذِهٖ یَوْمَ خَیْبَرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوسعد سعید بن مرزبان اعور رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کے ہاتھ کے اندر ایک زخم تھا، آپ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ خیبر میں یہ زخم مجھے لگا تھا۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) علی بن أحمد بن سلیمان (عن) أحمد بن عبد الله الکندی (عن) ابن معبد عن الإمام محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن

(۱۶۳۶) اورده السید المرتضیٰ الزبیدی فی الجواهر ۱:۳۳۱

(۱۶۳۷) قلت: وقد اخرج ابن حجر فی الاصابة ۴:۳۹ عن احمد عن یزید عن اسماعیل رأیت علی ساعد عبدالله بن ابی اوفی ضربة فقال: ضربتها یوم حنین فقلت: اتهدت حنیناً؟ قال: نعم وقیل غیر ذالك

محمد بن خسرو فی مسنده (عن) أبی الحسین المبارك بن عبد الجبار الصیرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بأسانیده إلی أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''علی بن احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حاملہ لونڈی جب تک بچہ پیدا نہ کرلے، اس کے ساتھ صحبت جائز نہیں ☼

1638/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) نَافِعٍ (عَنِ) ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنْ تُوْطَءَ الْحُبَالٰی حَتّٰی یَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِهِنَّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاملہ لونڈیوں کے ساتھ اس وقت تک ہمبستری نہ کرو جب تک ان کے پیٹ میں جو کچھ ہے وہ پیدا نہ کرلیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه عن عثمان بن دینار (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''عثمان بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورت مرتد ہوجائے تو اس کو قتل نہ کیا جائے ☼

1639/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُوْدِ (عَنْ) زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ فِی الْمَرْاَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُسْتَحْیٰی

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عاصم بن ابی نجود رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: جو عورت مرتد ہوجائے، اس کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن مخلد (عن) العباس بن محمد المروزی (عن) أبی عاصم (عن) سفیان (عن) الإمام أبی حنیفة

(۱۶۳۸) اخرج عبد الرزاق ۷:۲۲۷ (۱۲۹۰۴) باب عدة الامة تباع... عن الشعبی قال: أصاب المسلمون نساء یوم اوطاس فامرهم النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان لا یقعوا علی حامل حتی تضع ولا علی غیر حامل حتی تحیض حیضة

(۱۶۳۹) اخرجه ابو یوسف فی الخراج ۱۹۶ وابن ابی شیبة ۵:۵۵۷ (۲۸۹۸۵) فی الحدود: فی المرتدة مایصنع بها او ۶:۴۴۶ (۳۲۷۶۳) فی السیر: ماقالوا فی المرتدة عن الاسلام وعبد الرزاق ۱۰:۱۷۷ (۱۸۷۳۱) فی اللقطة: باب کفر المرأة بعد اسلامها والبیهقی فی السنن الکبری ۸:۲۰۳

(ورواه) أيضاً (عن) أبي عبد الله محمد ابن مخلد (عن) محمد بن الحسين بن اشكاب (عن) أبي قطن (عن) الإمام أبي حنيفة (وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) محمد بن مخلد بن حفص (عن) العباس بن محمد (عن) أبي عاصم (عن) سفيان (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن مخلد (عن) أحمد بن منصور الرمادي (عن) يزيد المدني (عن) سفيان قال حدثنا بعض أصحابنا (عن) أبي عاصم الحديث (وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن شاذان (عن) القاضي أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) أبي محمد عبد الله بن عبد الوهاب (عن) إسماعيل ابن توبة (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكورة إلى أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعبد اللہ محمد ابن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقطن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن مخلد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباس بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''محمد بن مخلد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یزید مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے ہمارے بعض اصحاب کے حوالے حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے یہ حدیث روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل ابن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ بیعت لیتے وقت بھی حضور ﷺ نے کسی عورت سے ہاتھ نہیں ملایا ☼

1640/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) اُمَيْمَةَ بِنْتِ رُقَيْقَةَ قَالَتْ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِاُبَايِعَهُ فَقَالَ اِنِّيْ لَسْتُ اُصَافِحُ النِّسَاءَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ امیمہ بنت رقیقہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں' میں رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں بیعت کے لئے حاضر ہوئی، آپ ﷺ نے فرمایا: میں عورتوں سے ہاتھ نہیں ملاتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أبي رميح (عن) أبي بكر الصغاني (عن) علي بن الحسن المروزي (عن) إبراهيم بن رستم (عن) قيس بن الربيع (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن رستم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قیس بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت اعمش نے اپنے اور حضرت علی کے بارے فضیلت کی ایک بات کہی ☼

1641/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) دَخَلَ عَلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ الْاَعْمَشِ وَمَعَهُ اِبْنُ اَبِ لَيْلٰى وَابْنُ شِبْرِمَةَ فِيْ مَرْضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ فَقَالَ لَهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّكَ فِيْ اَوَّلِ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الْاٰخِرَةِ وَآخَرَ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا فَقَدْ كُنْتَ تُحَدِّثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ اَحَادِيْثَ اِنْ سَكَتَ عَنْهَا كَانَ خَيْرًا فَقَالَ الْاَعْمَشُ اَلْمِثْلِيْ يُقَالُ هٰذَا اَسْنِدُوْنِيْ اَسْنِدُوْنِيْ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِيْ وَلِعَلِيٍّ اُدْخِلَا الْجَنَّةَ مَنْ اَحَبَّكُمَا وَاَدْخِلَا النَّارَ مَنْ اَبْغَضَكُمَا وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى (اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ) الْاٰيَةَ فَقَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ قُوْمُوْا لَا يَجِيْءُ بِاَعْظَمَ مِنْ هٰذَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' حضرت سلیمان بن مہران اعمش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گئے، ان کے ہمراہ حضرت ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ تھے، یہ ان کی اس مرض کی بات ہے جس میں ان کا انتقال ہوا۔ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے ابومحمد! آپ آخرت کے ایام میں سے پہلے دن میں ہیں اور دنیا کے ایام میں سب سے آخری دن میں ہیں، آپ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بارے کچھ باتیں بیان کیا کرتے تھے، اگر آپ ان کے بارے میں خاموش رہتے تو اچھا تھا۔ حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: میرے جیسے شخص کو یوں کہا جا رہا ہے؟ مجھے بٹھاؤ، مجھے بٹھاؤ۔ مجھے ابوالمتوکل ناجی نے یہ بتایا ہے کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ مجھے اور علی سے فرمائے گا: جو

(۱۶۴۰) اخرجه احمد ۶:۳۵۷ والحميدي (۳۴۱) والترمذي في السنن (۱۵۹۷) وابن ماجة (۲۸۷۴) وابن ابي عاصم في الآحاد والمثاني (۳۳۴۰) والطبراني في الكبير ۲۴ (۴۷۳) والحاكم في المستدرك ۴:۷۱

(۱۶۴۱) قد تقدم

شخص تم دونوں سے محبت کیا کرتا تھا تم اس کو جنت میں لے جاؤ اور جو تم سے بغض رکھتے تھے تم ان کو دوزخ میں بھیج دو یہ اللہ تعالیٰ کا وہ ارشاد ہے:

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ

''حکم ہوگا تم دونوں جہنم میں ڈال دو ہر بڑے ناشکرے ہٹ دھرم کو''۔ (ترجمہ کنزالایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہاں سے اٹھ جاؤ، یہ کہیں اس سے بڑی بات بھی نہ کردے۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسن بن خسرو في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي محمد الجوهري (عن) الحافظ محمد بن المظفر (عن) أبي بكر محمد بن عمر بن موسى الهمداني (عن) إسحاق النخعي (عن) محمد بن الطفيل (عن) شريك بن عبد الله قال كنا عند الأعمش إذ دخل أبو حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) إسحاق بن محمد بن أبان (عن) أبي يحيى عبد الحميد الحماني (عن) شريك بن عبد الله أنه قال كنا عند الأعمش إذ دخل عليه أبو حنيفة وابن أبي ليلى وابن شبرمة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن عمر بن موسیٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن طفیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں، ہم حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھ کہ ان کے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' آئے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسحاق بن محمد بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبد الحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں، ہم حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تھے، ان کے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' تشریف لائے۔

☆ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا حواری قرار دیا ☆

1642/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ (عَنْ) جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ يَّاْتِيْنَا بِالْخَبَرِ لَيْلَةَ الْاَحْزَابِ قَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا ثُمَّ قَالَ مَنْ يَّاْتِيْنَا بِالْخَبَرِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيٌّ وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ احزاب کی رات ارشاد فرمایا: ہمارے پاس (دشمن کی) خبر کون لائے گا؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں۔ پھر فرمایا: ہمارے پاس خبر کون لائے گا؟ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی ارشاد فرمایا (تینوں مرتبہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو پیش کیا)۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا کوئی حواری ہوتا ہے اور میرا

(۱۶۴۲) اخرجه ابن حبان (۶۹۸۵) واحمد ۳:۳۱۴ وابن ابی شیبة ۱۲:۹۲ ومسلم (۲۴۱۵) فی فضائل الصحابة: باب من فضائل طلحة والزبیر والبخاری (۲۸۴۶) فی الجهاد: باب فضل العلیمة وابن ماجة (۱۲۲) فی المقدمة: باب فی فضائل اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم

حواری زبیر ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن أحمد بن إسماعيل البغدادی (عن) أبی صابر النيسابوری (عن) علی بن الحسن (عن) جعفر بن عبد الرحمن (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن احمد بن اسماعیل بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو صابر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے، جابیہ میں حضرت عمر کا خطبہ ☼

1643/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَلْقَمَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ النَّاسَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ فِیْ خُطْبَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِیْ مَنْ يَّشَاءُ فَقَالَ قَسٌّ مِنَ الْقُسُوْسِ مَا يَقُوْلُ الْاَمِيْرُ قَالُوْا يَقُوْلُ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِیْ مَنْ يَّشَاءُ فَقَالَ الْقَسُّ اَللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ يُّضِلَّ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ بَلٰی وَاللّٰهِ اَضَلَّكَ وَلَوْلَا اَعْهُدَكَ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ

✧ ✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود'' رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے علاقے میں لوگوں کو خطبہ دیا اور اپنے خطبے میں فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ایک پادری نے کہا: امیر صاحب کیا کہہ رہے ہیں؟ لوگوں نے کہا: یہ کہہ رہے ہیں کہ اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ تو پادری نے کہا: اللہ اس بات سے زیادہ عادل ہے کہ وہ کسی کو گمراہ کرے۔ اس بات کی اطلاع حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو انہوں نے فرمایا: جی ہاں۔ اللہ کی قسم اس نے تجھے گمراہ کر دیا ہے اور اگر تیرا عہد میرے ساتھ نہ ہوتا تو میں تیری گردن مار دیتا۔

(أخرجه) القاضی أبو بكر محمد ابن عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی بكر أحمد بن ثابت الخطيب (عن) الأزهری (عن) محمد بن المظفر (عن) أحمد بن يزيد (عن) سعيد بن عثمان بن سعيد البغدادی (عن) محمد بن سماعة (عن) الحسن (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوبکر احمد بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سعید بن عثمان بن سعید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کمان حمائل کی ہوئی تھی، سیاہ رنگ کا عمامہ باندھ رکھا تھا ☼

1644/ (اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

(۱۶۴۴) اخرجه ابن ماجة (۳۵۸۶) فی اللباس: باب العمامة السوداء، وابن ابی شيبة ۵: ۱۷۹ (۲۴۹۵۵) فی اللباس والزينة فی العمائم السود

وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ عَلٰى بَعِيْرٍ وَرْقَاءٍ مُتَقَلِّداً بِقَوْسٍ وَمُتَعَمِّماً بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ مِنْ وَبَرٍ .

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن اپنے گندمی اونٹ پر تھے، کمان حمائل کی ہوئی تھی اور سیاہ رنگ کا اونی عمامہ باندھا ہوا تھا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) أبى سعيد كتابة (عن) أحمد بن سعيد الثقفى (عن) المغيرة بن عبد الله (عن) الإمام أبى حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے (تحریری طور پر)، انہوں نے حضرت ''احمد بن سعید ثقفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ ہوازن کے قیدیوں نے جب اسلام قبول کرلیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واپس بھیج دیا ✡

1645/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) صَالِحِ بْنِ اَبِى الْاَخْضَرِ (عَنِ) الزُّهْرِيِّ (عَنْ) عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ (عَنْ) مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرِمَةَ قَالاَ رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سِتَّةَ آلَافٍ مِنْ سَبِيِّ هَوَازِنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ حِيْنَ اَسْلَمُوْا وَخَيَّرَ نِسَاءَ اً كُنَّ عِنْدَ رِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْفٍ وَصَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ قَدْ كَانَا اِسْتَأْسَرَا الْمَرْاَتَيْنِ اللَّتَيْنِ كَانَتَا عِنْدَهُمَا مِنْ هَوَازِنَ خَيَّرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتَا قَوْمَهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت صالح بن ابواخضر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے، وہ حضرت مروان رضی اللہ عنہ اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ہوازن کے مرد اور عورتوں اور بچوں میں سے ۶ ہزار قیدی جب اسلام لے آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو واپس بھیج دیا عورتوں کو یہ اختیار دیا کہ وہ قریش کے مردوں کے پاس رہیں۔ ہوازن کے قیدیوں میں سے دو عورتیں حضرت ''عبداللہ بن عوف'' اور حضرت ''صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ'' کے پاس تھیں، انہوں نے ان کو لونڈیاں بنا رکھا تھا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بھی اختیار دیا تو ان دونوں نے اپنی قوم میں جانے کو ترجیح دی۔

(أخرجه) محمد بن الحسن فى نسخته فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے نسخہ میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ قریظہ کے قیدیوں میں بالغوں کو قتل کردیا گیا اور نابالغوں کو چھوڑ دیا گیا ✡

1646/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ (عَنْ) عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ عَرَضَنَا يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَمَنْ اَنْبَتَ

(١٦٤٥) اخرجه احمد ٤:٣٢٧ والبخارى (٤٣١٨) و(٤٣٩١) ابوداود (٢٦٩٣) والبيهقى فى السنن الكبرى ٦:٣٦٠ وفى دلائل النبوة ٥:١٩٠ والنسائى فى السنن الكبرى (٨٨٧٦)

قُتِلَ وَمَنْ لَمْ يَنْبُتْ اُسْتُحْيِيَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عطیہ قرظی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: قریظہ کے دن ہمارا معائنہ کیا گیا، جس کی بغلوں میں بال اگے ہوئے تھے اس کو قتل کر دیا گیا اور جس کے نہیں اگے تھے اس کو قتل نہ کیا گیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) الحسن بن عمر بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبی حنيفة قال إسماعيل بن حماد حدثنی أبی والقاسم بن معن كلاهما (عن) عبد الملك بن عمير

(ورواه) أيضاً أبو محمد البخاری (عن (محمد بن المنذر (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) أحمد بن الجراح (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة ولفظة عطية عرضت على النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يوم فتح قريظة فقال انظروا فإن كان أنبت فاضربوا عنقه فوجدونی لم أنبت فخلی سبيلی

(ورواه) أيضاً (عن) محمد ابن صالح (عن) عبد الله الطبری (عن) محمد بن حريث الواسطی (عن) أبی عاصم (عن) زفر (عن) أبی حنيفة ولفظ عطية كنت من سبی قريظة فعرضونی ونظروا إلی عانتی فوجدونی لم أنبت فلحقونی بالسبی

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) محمد بن المنذر بن سعيد (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبی يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أحمد بن شعيب والحسين بن الحسين الأنطاكی كلاهما (عن) أحمد بن عبد الله الكندی (عن) إبراهيم بن الجراح (عن) أبی يوسف (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسين المبارك بن عبد الجبار الصيرفی (عن) أبی محمد الجوهری (عن) الحافظ محمد بن المظفر بإسناده المذكور إلی أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمیں حدیث بیان کی ہے میرے والد اور حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان دونوں نے حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبد اللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس روایت میں الفاظ حضرت ''عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہیں۔ وہ الفاظ یہ ہیں عرضت علی النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یوم فتح قریظه فقال انظروا فان كان انبت فاضربوا عنقه فوجدونی لم انبت فخلی سبیلی (فتح قریظہ کے موقع پر مجھے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. اس کا جائزہ لو، اگر اس کے بغل کے بال اگ چکے ہیں تو اس کو قتل کر دو اور اگر نہیں اگے تو اس کو چھوڑ

دو، انہوں نے دیکھا، میرے بال نہیں اگے تھے تو مجھے چھوڑ دیا گیا)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حریث واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس روایت میں الفاظ حضرت ''عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہیں، وہ الفاظ یہ ہیں کنت من سبی قریظه فعرضونی ونظروا الی عانتی فوجدونی لم انبت فلحقونی بالسبی (میں قریظہ کے قیدیوں میں تھا، انہوں نے میرا جائزہ لیا میری بغلوں کو دیکھا، میرے بال اگے ہوئے نہیں تھے تو انہوں نے مجھے قیدیوں میں ڈال دیا)

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن منذر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''احمد بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسین بن حسین انطا کی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ان دونوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسین مبارک بن عبد الجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ مشرکین نے خندق میں گرے مشرک کے لئے مال کی پیشکش کی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹھکرادی ✡

1647/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) مِقْسَمٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَقَعَ فِى الْخَنْدَقِ فَاَعْطَى الْمُشْرِكُوْنَ عَنْهُ مَالاً فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مقسم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: جنگِ خندق کے موقع پر مشرکین میں سے ایک شخص خندق کے اندر گر گیا، مشرکین نے اس کی واپسی کے لئے مال کی پیشکش کی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار کر دیا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى عن صالح بن أحمد القيراطى (عن) عبدوس بن بشر (عن) الإمام أبى يوسف (عن)

(١٦٤٦) اخرجه المصكفى فى مسند الامام (٣٢٣) والطحاوى فى شرح معانى الآثار ٣:٢٢٠، واحمد ٥:٣١٠، وابن ابى شيبة ١٢:٣٨٤ و٥٣٩، والترمذى (١٥٨٤)، وابن ماجة (٢٥٤١)، وابن ابى عاصم فى الآحاد والمثانى (٢١٨٩)، وعبد الرزاق (١٨٧٤٣)

(١٦٤٧) اخرجه المصكفى فى مسند الامام (٣٢٤)، ابو يوسف فى الخراج ٢١٦، واحمد ١:٢٤٨، ابن ابى شيبة ١٢:٤١٩، والبيهقى فى السنن الكبرى ٩:١٣٣، والترمذى (١٧١٥) فى الجهاد: باب ماجاء لا تفار جيفة الاسير

الإمام أبی حنیفة وابن أبی لیلی رضی الله عنهم

○اس حدیث کوحضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبدوس بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''ابن ابی لیلیٰ'' سے روایت کیاہے۔

✡ حضرت عمر بن خطاب نے سب سے پہلے مخصوص لوگوں کے لئے سرکاری طور پر وظائف مقرر کئے ✡

1648/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ (عَنْ) مُصْعَبِ بْنِ اَبِیْ وَقَاصٍ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَوَّلَ مَنْ فَرَضَ الْاَعْطِيَةَ فَفَرَضَ لِاَصْحَابِ بَدْرٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفَضَّلَ لِعَائِشَةَ اِذْ فَرَضَ لَهَا اِثْنَیْ عَشَرَ اَلْفاً وَلِسَائِرِهِنَّ عَشَرَةَ آلَافٍ حَاشَا جَوَيْرِيَّةَ وَصَفِيَّةَ اِذْ فَرَضَ لَهُنَّ سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِلْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ وَاُمِّ عَبْدٍ اَلْفاً اَلْفاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت مصعب بن ابی وقاص رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ وہ پہلی شخصیت ہیں جنہوں نے وظائف مقرر کئے،مہاجرین اورانصار میں سے اصحاب بدر کے لئے چھ ہزاراوررسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے لئے بھی وظائف مقرر کئے،جبکہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کا وظیفہ زیادہ رکھا۔ان کے لئے بارہ ہزاراور باقی تمام کے لئے دس ہزار،سوائے جویریہ اورصفیہ کے کہ ان کے لئے چھ ہزاروظیفہ مقرر کیا۔پہلی مہاجرات کے لئے یعنی سیدہ اسماء بنت ابوبکراوراسماء بنت عمیس اورام عبد کے لئے ایک ایک ہزار

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن سعيد (عن) الحسين بن عمر بن إبراهيم (عن) أبيه (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه (عن) الأعمش (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں(ذکرکیاہے،اس کی سند یوں ہے)حضرت ''احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن عمر بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت '' امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیاہے۔

✡ جہاد کے شوقین ایک شخص کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں باپ کی خدمت کی تاکید فرمائی ✡

1649/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَتَی

(۱۶۴۸) اخرجه ابو عبيد فی الاموال ۲۸۷(۵۵۴)ابن ابی شيبة ۶:۵۵۰(۳۲۸۵۶)فی السير :ماقالوا فی الفروض وتدفين الدواوين وابن سعد فی الطبقات الكبری ۳:۲۳۱

(۱۶۴۹) اخرجه الطبرانی فی الاوسط(۲۳۳۱)وابو داود(۲۵۲۸)فی الجهاد:باب فی الرجل يغزو وابواه كارهان ' والنسائی ۷:۱۴۳فی البيعة:باب البيعة علی الهجرة 'وابن ماجة(۲۷۸۲)فی الجهاد:باب الرجل يغزو وله ابوان' واحمد ۲:۱۶۰'والحميدی ۲:۶۲۶(۵۸۴)والبخاری فی الادب المفرد(۱۹)وعبد الرزاق ۵:۱۷۵(۹۲۸۵)

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُرِيْدُ الْجِهَادَ فَقَالَ اَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک ایسا آدمی آیا جو جہاد پر جانا چاہتا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا تیرے والدین زندہ ہیں؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی خدمت کر، اسی کے اندر تجھے جہاد کا ثواب مل جائے گا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدى إسماعيل بن حماد فقرأت فيه حدثنى أبى (عن) أبى حنيفة (عن) عطاء بن السائب

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الله بن أحمد بن البهلول (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه (عن) الإمام أبى حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا' یہ میرے دادا حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے میرے والد نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عطاء بن سبا رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ والدین کو ناراض کر کے جہاد پر جانا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں ہے ✡

1650/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ شَوْكَةَ (عَنْ) اَبِىْ قَيْسٍ الْبَجَلِيِّ مَوْلٰى جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ جِئْتُ اُجَاهِدُ مَعَكَ وَتَرَكْتُ وَالِدَىَّ يَبْكِيَانِ قَالَ فَانْطَلِقْ فَاَضْحِكْهُمَا كَمَا اَبْكَيْتَهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد بن شوکہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ابوقیس بجلی رحمۃ اللہ علیہ (جو کہ حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رحمۃ اللہ علیہ کے آزاد کردہ ہیں) سے، وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' اس نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کے ہمراہ جہاد پر جانا چاہتا ہوں اور میں اپنے والدین کو روتے ہوئے چھوڑ کر آیا ہوں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو چلا جا اور جس طرح ان کو رلایا ہے اسی طرح ان کو خوش کر۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) أبى العباس بن سعيد (عن) يحيى بن إسماعيل الجريرى (عن) الحسين بن إسماعيل (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى (عن) يحيى بن إسماعيل الجريرى (عن) الحسن بن إسماعيل

(۱۶۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۷٤) فى الادب: باب صلة الرحم وبر الوالدين

الجريرى (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبى حنيفة
(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن خيرون (عن) خاله أبى على الباقلانى (عن) أبى عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى بإسناده إلى أبى حنيفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا ينبغى لرجل أن يخرج إلا بقول والديه إلا أن يضطر المسلمون إليه فإذا اضطروا إليه فليخرج وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن اسماعیل جریری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ماں باپ کی اجازت کے بغیر جہاد پر نہیں جانا چاہئے، البتہ اگر اہل اسلام کو اس کی اضطرار کی حالت تک ضرورت ہو تو پھر جا سکتا ہے۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆اچھائی کی رہنمائی کرنے والا بھی اچھائی کرنے والے کی طرح ہے☆

1651/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَاسْتَحْمَلَهُ فَقَالَ لَهُ مَا عِنْدِىْ مَا اَحْمِلُكَ عَلَيْهِ وَلٰكِنْ سَاَدُلُّكَ عَلٰى مَنْ يَّحْمِلُكَ اِنْطَلِقْ اِلٰى مَقْبَرَةِ بَنِىْ فُلَانٍ فَاِنَّ فِيْهَا شَابًّا مِنَ الْاَنْصَارِ يَتَرَامٰى مَعَ اَصْحَابٍ لَهُ وَمَعَهُ بَعِيْرٌ لَهُ فَاسْتَحْمِلْهُ فَاِنَّهُ سَيَحْمِلُكَ فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ فَاِذَا هُوَ يَتَرَامٰى مَعَ اَصْحَابٍ لَهُ فَقَصَّ عَلَيْهِ الرَّجُلُ قَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاسْتَحْلَفَ الْفَتٰى بِاللّٰهِ لَقَدْ قَالَ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَلَفَ لَهُ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ حَمَلَهُ عَلَيْهِ فَمَرَّ بِهٖ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ بِالْخَبَرِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنْطَلِقْ فَاِنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابن ابی بریدہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے سواری کے لئے جانور مانگا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(۱۶۵۱) اخرجه احمد ۵:۳۵۷ من طريق ابى حنيفة وابن عدى فى الكامل ۳:۲۹۸ واورده الهيثمى فى مجمع الزوائد ۱:۱۶۶

میرے پاس کوئی جانور نہیں ہے جس کے اوپر تجھے سوار کروں لیکن میں تجھے ایسے شخص کے پاس بھیجتا ہوں جو تجھے سواری دے گا۔ تو فلاں قبیلے کے قبرستان میں چلا جا وہاں پر ایک انصاری نوجوان ہے جو اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تیراندازی کر رہا ہے اس کے پاس ایک اونٹ ہے تو جا کر اس سے سواری مانگ وہ تجھے سوار کرادے گا۔ وہ آدمی چلا گیا جب وہ گیا تو وہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ تیر اندازی کر رہا تھا، اس آدمی نے رسول اکرم ﷺ کی بات اس کے سامنے ذکر کی، اس نے نوجوان نے اس سے قسم لی کہ تو قسم کھا کر بتا کہ واقعی رسول اکرم ﷺ نے یہ فرمایا ہے؟ اس نے دو یا تین مرتبہ قسم کھائی۔ اس کو سواری کے لئے جانور دے دیا پھر وہ اس جانور سمیت رسول اکرم ﷺ کے قریب سے گزرا اور حضور ﷺ کو یہ بات بتائی تو رسول اکرم ﷺ نے اس کو فرمایا: تو چلا جا اس لئے کہ بھلائی پر راہنمائی کرنے والا بھی بھلائی کرنے والے کی طرح ہوتا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عمه جبريل بن يعقوب بن الحارث (عن) أحمد بن نصر العتكی (عن) أبيه (عن) أبی مقاتل (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) محمد بن عبد الله بن سليمان (عن) القاسم بن زكريا (عن) مصعب بن المقدام (عن) أبی حنيفة

(ورواه) (عن) محمد بن ياسين بن النصر النيسابوری (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد قال قرأت فی كتاب إسماعيل بن حماد ابن أبی حنيفة (عن) أبی يوسف القاضی (عن) أبی حنيفة (عن) علقمة بن مرثد (عن) النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لم يجاوز به علقمة

(ورواه) (عن) صالح بن محمد الأسدی (و) صالح بن أحمد بن أبی مقاتل (و) الحسن بن سفيان النسوی كلهم (عن) محمد بن بشار المعروف ببندار

(ورواه) (عن) أحمد بن الليث (عن) حفص بن عمر

(ورواه) (عن) عبد الله بن محمد بن علی الحافظ (عن) محمد بن المثنی

(ورواه) (عن) علی بن محمد بن عبد الرحمن السرخسی (و) أحيد بن جرير بن المسيب اللؤلؤی كلاهما (عن) محمد بن موسی

(ورواه) (عن) محمد بن عاصم المروزی (و) إبراهيم بن منصور البخاری كلاهما (عن) علی بن خشرم

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانی (عن) محمد بن غالب بن حرب (عن) عمرو بن أسوية الواسطی كلهم جميعاً (عن) إسحاق بن يوسف الأزرق (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) القاسم بن عباد (عن) الحسين بن عبد الأول النخعی (

ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن عبد الله بن سليمان (عن) حسين بن عبد الأول وقاسم بن دينار كلهم (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبی حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) عبد الواحد بن حماد بن الحارث الخجندی (عن) أبيه (عن) النضر بن محمد (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے چچا حضرت ''جبریل بن یعقوب بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن

نصر عتکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن یاسین بن نصر نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''علقمہ رضی اللہ عنہ'' سے واسطے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان روایت کیا ہے،اس میں وہ علقمہ سے آگے نہیں گئے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن محمد اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن سفیان نسوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن بشار معروف بندار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حفص بن عمر'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن مثنی'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''علی بن محمد بن عبد الرحمٰن سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احید بن جریر بن مسیب لولوئ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''محمد بن موسیٰ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن عاصم مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن منصور بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''علی بن خشرم'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن غالب بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عمرو بن اسویہ واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسحاق بن یوسف ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''قاسم

بن عباد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن عبدالاول نخعی'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''حسین بن عبد الاول رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبد الواحد بن حماد بن حارث خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''نصر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ نیکی پر راہنمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی طرح ہے ☼

1652/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت ابن بریدہ سے،وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی پر راہنمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

(ورواه((عن) عبد الله بن محمد بن علي النهروانی (عن) شعيب بن أيوب ورزق الله بن موسى كلاهما (عن) أبي يحيى الحمانی (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) إسحاق بن محمد بن مروان (عن) أبيه (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) محمد بن سليمان الحضرمي (عن) القاسم بن دينار (عن) مصعب بن المقدام (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده إلى أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله تعالى عنه

○اس حدیث کو حضرت ''عبد اللہ بن محمد بن علی نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''رزق اللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،ان دونوں نے حضرت ''ابویحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے) حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن سلیمان حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاسم بن

(۱۶۵۲) تقدم ولو سابقه

دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'''' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

✡ جہاد پر روانہ ہونے والے مجاہدین کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی ہدایات ✡

1653/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ جَيْشًا اَوْ سَرِيَّةً اَوْصٰى صَاحِبَهُمْ فِيْ خَاصَّةِ نَفْسِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَاَوْصٰى بِمَنْ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ وَلَا تَغْلُوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَلَا شَيْخًا كَبِيْرًا وَاِذَا لَقِيْتُمْ عَدُوَّكُمْ فَادْعُوْهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ قَبِلُوْا فَادْعُوْهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ اَبَوْا فَاَخْبِرُوْهُمْ اَنَّهُمْ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِيْ يَجْرِيْ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَلَيْسَ لَهُمْ فِي الْقِسْمَةِ وَلَا فِي الْفَيْءِ نَصِيْبٌ فَاِنْ اَبَوْا عَنِ الْاِسْلَامِ فَادْعُوْهُمْ اِلَى اِعْطَاءِ الْجِزْيَةِ فَاِنْ قَبِلُوْا فَكُفُّوْا عَنْهُمْ عَنْ قِتَالِهِمْ وَاِنْ اَبَوْا فَقَاتِلُوْهُمْ فَاِنْ حَاصَرْتُمْ اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكُمْ اَنْ يَنْزِلُوْا عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تَفْعَلُوْا فَاِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ مَا حُكْمُ اللّٰهِ فِيْهِمْ وَلٰكِنْ اَنْزِلُوْهُمْ عَلٰى حُكْمِكُمْ ثُمَّ احْكُمُوْا فِيْهِمْ مَا بَدَا لَكُمْ وَاِنْ اَرَادُوْكُمْ اَنْ تُعْطُوْهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ فَلَا تَفْعَلُوْا وَاَعْطُوْهُمْ ذِمَّتَكُمْ وَذِمَّمَ آبَائِكُمْ فَاِنَّكُمْ اِنْ تَخْفُرُوْا بِذِمَمِكُمْ اَهْوَنُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ابن بریدہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی لشکر یا کوئی چھوٹی جنگی مہم روانہ فرماتے تو ان کے امیر کو تاکید کرتے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے ڈرنا اور جو مسلمان ان کے ہمراہ ہیں، ان کے ساتھ بھلائی کرنا، پھر فرماتے: اللہ کے نام سے جہاد کرو، اللہ کی راہ میں جہاد کرو، جو اللہ کا انکار کرے ان کو قتل کرو، اور ملاوٹ مت کرو، غداری مت کرو، کسی کی شکلیں مت بگاڑو، کسی بچے کو اور بوڑھے کو قتل مت کرنا، جب تم اپنے دشمن سے ملو تو ان کو اسلام کی دعوت دو اگر وہ قبول کرلیں تو ان کو ان کے اپنے ملک سے مہاجرین کے ملک کی طرف منتقل ہونے کی دعوت دو اگر وہ انکار کریں تو ان کو یہ بتادو کہ وہ دیہاتی مسلمانوں کی طرح ہونگے، ان کے اوپر اللہ تعالیٰ کے وہی احکام جاری کئے جائیں گے، جو دیگر مسلمانوں پر کئے جاتے ہیں لیکن تقسیم میں اور مال غنیمت میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہوگا، اگر

(۱۶۵۳) اخرجه المصنف فی مسند الامام (۳۲۱) وابن حبان (۴۷۳۹) ومسلم (۱۷۳۱ / ۲) فی الجهاد: باب تأمیر الامام الأمراء علی البعوث والبیهقی فی السنن الکبری ۹:۴۹ واحمد ۵:۳۵۲ والدارمی ۲:۲۱۵ ابوداود (۲۶۱۲) فی الجهاد: باب فی دعاء المشرکین

وہ اسلام سے انکار کریں تو ان کو جزیہ دینے کی دعوت دو، اگر اس کو قبول کرلیں تو ان کو مارنے سے ہاتھ روک لو، اگر وہ اس کا بھی انکار کریں تو ان سے جہاد کرو۔ اگر تم کسی قلعہ والوں کا محاصرہ کرو تو اگر وہ تمہارے بارے میں یہ ارادہ کریں کہ وہ لوگ اللہ کے حکم پر اتر آئیں تو ایسا مت کرنا کیونکہ تم نہیں جانتے کہ ان کے بارے میں اللہ کا حکم کیا ہے۔ ان کو اپنے حکم پر اتارو پر ان کے درمیان وہ فیصلہ کرو جو تمہیں مناسب لگے۔ اگر تم ارادہ کرو کہ تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ دو گے تو ایسا مت کرنا ان کو اپنا اور اپنے آباء کا ذمہ دو، کیونکہ اگر تمہارے ذمے توڑ دیئے جائیں تو اس میں ان کو گناہ کم ہوگا۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) محمد بن يزيد بن خالد البخارى الكلاباذى (عن) الحسن بن عمر ابن شقيق (عن) أبى يوسف القاضى (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) الطيب بن محمد بن غالب البيكندى (عن) مسروق بن المرزبان (عن) الحسن بن زياد اللؤلؤى (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى سهل ابن بشر الكندى البخارى (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) محمد ابن رضوان (عن) محمد بن سلام (عن) الإمام محمد بن الحسن الشيبانى (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) أيضاً (عن) زكريا بن يحيى بن كثير الأصفهانى (عن) أحمد بن رستة (عن) محمد بن المغيرة (عن) الحكم (عن) زفر (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) الحسن بن عمر (عن) أبيه (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه والقاسم بن معن وأبى يوسف القاضى (عن) أبى حنيفة من قوله إذا حاصرتم أهل حصن إلى آخر الحديث

(ورواه) أيضاً (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) عبد الله بن أحمد بن نوح (عن) أبيه (عن) خارجة بن مصعب (عن) الإمام أبى حنيفة (و) سفيان الثورى غير أنه قال كان النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إذا أمر أميرا وبعث سرية الحديث

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) محمد بن عبد الله بن مسروق قال وجدت فى كتاب جدى (حدثنا) أبو حنيفة الحديث غير أنه قال كان النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إذا بعث جيشاً قال لهم انطلقوا بسم الله وفى سبيل الله إلى قوله ولا تقتلوا وليداً

(ورواه) (عن) صالح بن أحمد بن أبى مقاتل (عن) عثمان بن سعيد (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) أبى حنيفة بألفاظ قريبة

(ورواه) (عن) محمد بن حامد المكتب الترمذى (عن) يحيى بن خالد (عن) أبى سعيد الصغانى (عن) أبى حنيفة باللفظ الأول

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) المنذر بن محمد (عن) أبيه (عن) عمه (عن) أبيه سعيد بن أبى الجهم (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) منذر بن محمد (عن) أبيه (عن) أيوب ابن هانى (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت فى كتاب حسين بن على حدثنا يحيى بن زياد بن الحسن بن فرات (عن) أبيه (عن) أبى حنيفة بإسناده قال كان رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إذا بعث جيشاً قال لهم انطلقوا بسم الله وفى سبيل الله قاتلوا من كفر بالله ولا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا تقتلوا وليداً ولا شيخاً كبيراً

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فى مسنده (عن) صالح بن أحمد (عن) عثمان بن سعيد (عن) أبى عبد الرحمن المقرى (عن) الإمام أبى حنيفة باللفظ الآخر إلى قوله وليداً (قال) الحافظ

(ورواه) (عن) الإمام أبى حنيفة داود الطائى وحمزة بن حبيب الزيات رحمة الله عليهم

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبى على الحسن بن شاذان (عن) القاضى أبى نصر أحمد بن نصر بن اشكاب الزعفرانى (عن) إبراهيم بن حمد الصيرفى (عن) أبى يونس إدريس بن إبراهيم المقانعى (عن) الحسن ابن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة الحديث بتمامه

(ورواه) (عن) عبد الله ابن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) القاضى عمر بن الحسن الأشنانى (عن) سماعة بن محمد بن سماعة (عن) أبيه محمد بن سماعة (عن) أبى يوسف القاضى (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن یزید بن خالد بخاری کلاباذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر بن شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''طیب بن محمد بن غالب بیکندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مسروق بن مرزبان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد لولوئ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو سہل بن بشر کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''محمد بن رضوان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''زکریا بن یحییٰ بن کثیر اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن رستہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اذا حاصرتم اهل حصن سے حدیث کے آخر تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خارجہ بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، لیکن اس میں یہ بھی ہے کان النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اذا امر امیرا وبعث سریه (جب رسول اکرم ﷺ کسی کو امیر مقرر کرتے، اور کوئی جنگی مہم روانہ کرتے، اس کے بعد پوری حدیث بیان کی)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے فرمایا' میں نے اپنے دادا کی کتاب میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے۔ لیکن اس میں یہ بھی ہے کان النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اذا بعث جیشاً قال لهم انطلقوا بسم اللّٰه وفی سبیل اللّٰه (ان الفاظ سے حدیث شروع کی اور یہاں تک روایت کی) ولا تقتلوا ولیدا (کسی بچے کو قتل نہ کرنا)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ملتے جلتے الفاظ کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن حامد مکتب ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے الفاظ کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''چچا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''سعید بن ابوجہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ایوب بن

ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں میں نے حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''یحییٰ بن زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اپنی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے۔ اس سے آگے یہ الفاظ ہیں کان رسول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اذا بعث جيشاً قال لهم انطلقوا بسم الله وفي سبيل الله قاتلوا من كفر بالله ولا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا تقتلوا وليداً ولا شيخاً كبيرًا (رسول اکرم ﷺ جب کوئی جنگی مہم روانہ فرماتے تو ان کو کہتے اللہ کے نام سے روانہ ہو جاؤ، اللہ کی راہ میں چلو، جو اللہ کا انکار کرے اس سے جہاد کرو، خیانت مت کرو، غداری مت کرو، مثلہ مت کرو، بچوں اور بوڑھوں کو قتل مت کرو)

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''صالح بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عثمان بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد الرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے الفاظ کے ساتھ ولید تک روایت کیا ہے

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں یہی حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابونصر احمد بن نصر بن اشکاب زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن حمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویونس ادریس بن ابراہیم مقانعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مکمل حدیث روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''عبد اللہ بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سماعہ بن محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ جن تک اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو، ان سے جہاد سے قبل ان کو اسلام کی دعوت دینی چاہئے ✡

1654/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اِذَا قَاتَلْتَ قَوْماً فَادْعُهُمْ اِذَا لَمْ تَبْلُغْهُمُ الدَّعْوَةُ فَاِنْ كَانَتْ

(۱۶۵۴) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۸۶۰) وعبد الرزاق ۵:۲۱۷ (۹۴۲۶) في الجهاد: باب دعاء العدو

قَدْ بَلَغَتْهُمُ الدَّعْوَةُ فَإِنْ شِئْتَ فَادْعُهُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا تَدْعُهُمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ''، وہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں، جب تو کسی قوم سے جہاد کرے تو ان کو اسلام کی دعوت دے جبکہ ان کے پاس اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو، اگر ان تک پہلے سے ہی اسلام کی دعوت پہنچ چکی ہو تو اب تمہاری مرضی ہے کہ چاہے تو ان کو اسلام کی دوبارہ دعوت دو اور چاہو تو نہ دو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بكر أحمد بن محمد بن خالد بن خلي الكلاعي في مسنده (عن) أبيه محمد بن خالد بن خلي (عن) أبيه خالد بن خلي (عن) محمد بن خالد الوهبي (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في مسنده فرواه أيضاً (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مثلہ کرنے یعنی ناک کان وغیرہ کاٹ کر لاش کی بے حرمتی کرنے سے منع فرمایا ✡

1655/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُثْلَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت سلیمان بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مثلہ (شکلیں بگاڑنے) سے منع فرمایا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد بن التيمي (عن) عبد الله بن عمر الصفار (عن) يحيى بن غيلان (عن) عبد الله بن زريع (عن) الإمام أبي حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر صفار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زریع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۵۵) قد تقدم فی (۱۶۵۳)

☆ مال غنیمت میں گھڑسوار کو دو اور پیدل کو ایک حصہ ملا ☆

1656/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوٗدَ (عَنِ) الْمُنْذِرِ بْنِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ قَالَ بَعَثَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ جَيْشٍ اِلٰی مِصْرٍ فَاَصَابُوْا غَنَائِمَ فَقَسَّمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْماً فَرَضِیَ بِذٰلِكَ عُمَرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت ''منذر بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مصر کی جانب انہیں ایک لشکر میں بھیجا، ان کو بہت سارا مالِ غنیمت ملا، انہوں نے گھڑسوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ دیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس تقسیم پر راضی ہو گئے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبی حنيفة ولسنا نأخذ بهذا ولكنا نری أن يكون للفارس ثلاثة أسهم وللراجل سهم واحد

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ لیکن اس پر عمل نہیں کرتے، ہم یہ کہتے ہیں کہ گھڑسوار کے تین اور پیدل کا ایک حصہ ہے۔

☆ غنیمت سے خمس سے اضافی مال بھی مسلمانوں میں تقسیم کرنا مستحب ہے ☆

1657/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَسْتَحِبُّ النَّفْلَ لِنَصْرِ الْمُسْلِمِيْنَ بِذٰلِكَ عَلٰی عَدُوِّهِمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' غنیمت کے خمس سے اضافی مال مسلمانوں میں تقسیم کرنا مستحب ہے کیونکہ اس سے دشمنوں کے خلاف مسلمانوں کی مدد ہوتی ہے

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ جس نے کسی کافر کو قتل کیا، اس کافر کا تمام ساز و سامان قتل کرنے والے کو ملے گا ☆

1658/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلاً فَلَهُ سَلَبُهُ وَمَنْ جَاءَ بِسَلَبٍ فَهُوَ لَهُ وَمَنْ جَاءَ بِرَاْسٍ فَلَهُ كَذَا وَكَذَا فَهُوَ النَّفْلُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے

(۱۶۵۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۶۱) ابو يوسف فی الخراج ۲۰ وقد تقدم فی (۱۶۳۵)

(۱۶۵۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۷۲) فی الجهاد: باب الغنيمة والنفل (الطبع الجديد)

(۱۶۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۷۳) فی الجهاد: باب الغنيمة والنفل (الطبع الجديد)

ہیں: جس نے کسی کو قتل کیا اس کا ساز وسامان اس کے قاتل کو ملے گا اور جو کوئی ساز وسامان لے کر آیا وہ اسی کا ہے اور جو سر لے کر آیا ہے، اس کو یہ یہ چیزیں ملیں گی کیونکہ وہ مالِ غنیمت ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ ایک مجاہد کے زخمی ہاتھ کو دیکھ کر حضرت عمر پر رقت طاری ہوگئی ☼

1659/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَطْعَمَ النَّاسَ بِالْمَدِيْنَةِ فَرَاٰی رَجُلاً يَاْكُلُ بِشِمَالِهٖ فَقَالَ كُلْ بِيَمِيْنِكَ فَقَالَ اِنَّهَا اُصِيْبَتْ يَوْمَ مُؤْتَةَ فَجَلَسَ عُمَرُ يَبْكِیْ قَائِلاً مَنْ يُوَضِّيْكَ مَنْ يُّغْسِلُ ثَوْبَكَ وَاَمَرَ لَهٗ بِجَارِيَةٍ فَارِهَةٍ وَكِسْوَةٍ وَرَاحِلَةٍ فَضَجَّ الْمُسْلِمُوْنَ بِالدُّعَاءِ لِعُمَرَ لَمَّا رَاَوْا مِنْ رَاْفَتِهٖ وَتَفَقُّدَهٗ لِاَحْوَالِ الْاُمَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ میں لوگوں کو کھانا کھلایا، آپ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ بائیں ہاتھ سے کھانا کھا رہا تھا۔آپ نے فرمایا: دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔اس نے کہا: جنگِ موتہ میں مجھے زخم آ گیا تھا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ کر رونے لگ گئے اور یہ کہنے لگے ''تجھے وضو کون کرواتا ہے اور تیرے کپڑے کون دھوتا ہے'' پھر آپ نے ایک نوجوان لونڈی اس کو دی اور لباس دیا اور سواری دی تو مسلمانوں نے آپ کی نرمی کا یہ انداز اور امت کے احوال پر اس قدر سنجیدگی دیکھی تو سب کی چیخیں نکل گئیں۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) ابن الجعانی (عن) أسد بن عمر (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله تعالی عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابن جعانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔

☼ سب سے افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے ☼

1660/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

(۱۶۵۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۷۸) فی الادب: باب فضائل الصحابة اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن كان يتذاكر الفقه

(۱۶۶۰)...واورده المرتضی الزبيدی فی العقود الجواهر المنيفة ۱:۳۲۲

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے افضل جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) عبد الله بن محمد بن علی المقری النهروانی (عن) علی بن حفص بن عمرو بن آدم (عن) أحمد بن محمد من ولد تمیم (عن) محمد بن الزبرقان أبی همام الأهوازی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله تعالی عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بن علی مقری نہروانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حفص بن عمرو بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد'' سے (جو کہ تمیم کی اولاد میں سے ہیں)، انہوں نے حضرت ''محمد بن زبرقان ابو ہمام اہوازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ عالم جب تک لوگوں میں بیٹھا رہتا ہے، لوگ ذکر اللہ میں مشغول رہتے ہیں ✡

1661/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ عَامِرٍ وَعَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنِ) الْاَغَرِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا جَلَسَ عَالِمٌ فِی النَّاسِ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰی اِلَّا غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن عامر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اغر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تک عالم لوگوں میں بیٹھا رہتا ہے، لوگ اللہ کا ذکر کرتے رہتے ہیں، ان پر رحمت سایہ فگن ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر اس جماعت میں کرتا ہے جو جماعت اللہ کی بارگاہ میں موجود ہوتی ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه(قال) الحافظ (ورواه) الإمام أبو يوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابو عباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ جس نے مجاہدین کے گھر والے سے خیانت کی قیامت کے دن اس سے قصاص لیا جائے گا ✡

1662/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ (عَنْ) اِبْنِ بُرَيْدَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ جَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی حُرْمَةَ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ

الْقَاعِدِيْنَ يَخُوْنَ اَحَداً مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ اِلَّا قِيْلَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِقْتَصَّ فَمَا ظَنُّكُمْ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کی عورتیں جہاد پر نہ جانے والوں پر اسی طرح حرام کی ہیں جس طرح ان کی مائیں ان پر حرام ہیں۔ اور جو شخص جہاد پر نہیں گیا اور وہ مجاہدین میں سے کسی کے گھر میں خیانت کرے تو قیامت کے دن اس کو کہا جائے گا کہ اس سے قصاص لے لو، تو تمہارا کیا خیال ہے؟۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح بن أحمد بن أبي مقاتل (عن) شعيب بن أيوب (عن) أبي يحيى عبد الحميد الحماني (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحییٰ عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مختلف شخصیات کے لئے سرکاری طور پر وظائف مقرر فرمائے ✡

1663/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيُّ (عَنْ) اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ (وَ) مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ سُفْيَانُ (عَنْ) عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَوَّلُ مَنْ فَرَضَ الْعَطِيَّةَ فَرَضَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارَ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفَضَّلَ عَائِشَةَ فَفَرَضَ لَهَا اِثْنَيْ عَشَرَ اَلْفاً وَلِسَائِرِهِنَّ عَشَرَةَ آلَافٍ غَيْرَ جُوَيْرِيَةَ وَصَفِيَّةَ فَرَضَ لَهُمَا سِتَّةَ آلَافٍ وَفَرَضَ لِلْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ اَلْفاً اَلْفاً

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مصعب بن سعد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عامر بن سعد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کیا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے مہاجرین اور انصار کے وظائف مقرر کئے۔ اہل بدر کے لئے ۶ ہزار مقرر کئے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے لئے بھی وظائف مقرر کئے۔ لیکن ان میں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کو فضیلت دی، ان کے لئے ۱۲ ہزار رکھے اور باقی سب کے لئے دس ہزار، سوائے جویریہ اور صفیہ کے، ان کے لئے ۶، ۶ ہزار رکھے۔ پہلی مہاجرات کے لئے بھی وظیفہ رکھا، پہلی مہاجرات میں سیدہ اسماء بنت ابی بکر اور اسماء بنت عمیس کے لئے ایک ایک ہزار رکھا۔

(أخرجه) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) الحسين بن عمر ابن الأحوص (عن) أبيه (عن) إسماعيل بن حماد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني بإسناده

(۱۶۶۲) اخرجه احمد ۵:۳۵۲، ومسلم (۱۸۹۷ / ۱۳۹)، وابن ابی عاصم فی الجهاد (۱۰۰)، والنسائی ۶:۵۰، وابن حبان (۴۶۳۴)، والحمیدی (۹۰۷)، وسعید بن منصور (۲۳۳۱)، وابو داود (۲۴۹۲)، والبیهقی فی السنن الکبری ۹:۱۷۳، وابو نعیم فی الحلیة ۷:۲۵۷

(۱۶۶۳) اخرجه ابو یوسف فی الخراج ۵۰، وعبد الرزاق ۱۱:۱۰۰ (۲۰۰۳۶)، باب الدیوان، وعبد الله بن المبارک فی الزهد ۲۶۵

المذكور إلى أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسین بن عمر بن احوص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے سابقہ اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ حضرت عامر شعبی غزوات والی احادیث بیان کیا کرتے تھے، حضرت ابن عمر سنا کرتے تھے ☼

1664/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ يُحَدِّثُ عَنِ الْمَغَازِىْ وَابْنُ عُمَرَ يَسْمَعُهُ فَقَالَ حِيْنَ سَمِعَ حَدِيْثَهُ اَنَّهُ يَحَدِّثُ كَاَنَّهُ شَهِدَ الْقَوْمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: وہ مغازی کے بارے میں احادیث روایت کیا کرتے تھے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سنا کرتے تھے، جب وہ حدیث سنتے تو فرماتے: یہ واقعات یوں بیان کرتے ہیں گویا کہ دیکھ دیکھ کر بیان کر رہے ہوں۔

(أخرجه) أبو محمد البخارى (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمدانى (عن) عبد الله بن أحمد بن بهلول قال هذا كتاب جدى إسماعيل فقرأت فيه حدثنى القاسم بن معن (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: یہ میرے دادا حضرت ''اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، ہمیں حدیث بیان کی ہے حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ اہل حرب نے مسلمان کا مال غصب کرلیا، پھر مسلمانوں کو وہ مال ملا، تو مالک زیادہ حق رکھتا ہے ☼

1665/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَا اَحْرَزَ اَهْلُ الْحَرْبِ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ ثُمَّ اَصَابَهُ الْمُسْلِمُوْنَ فَهُوَ رُدَّ عَلٰى صَاحِبِهٖ اِنْ اَصَابَهُ قَبْلَ الْقَسْمَةِ وَاِنْ اَصَابَهُ بَعْدَ الْقَسْمَةِ فَهُوَ اَحَقُّ بِالثَّمَنِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اہل حرب مسلمانوں کے جو مال غصب کرلیں پھر مسلمانوں کو وہ مل جائیں تو اگر تقسیم سے پہلے کسی کو اپنا مال نظر آجائے تو اس کو لوٹایا جائے گا اور اگر تقسیم کے بعد اس کو اپنا مال ملا تو وہ لینے کا حق تو رکھتا ہے لیکن قیمت ادا کرکے۔

(۱۶۶۴) اخرجه الحصكفى فى مسند الامام (۳۸۶) و(۳۸۷)

(۱۶۶۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۸۶۴) وابن ابى شيبة ۶:۵۱۱ (۳۳۲۵۴) فى السير: فى العبد يأسره المسلمون ثم يظهر عليه العدو وسعيد بن منصور فى السنن ۲:۳۱۱ وعبدالرزاق ۵:۱۹۶ (۹۳۶۳) فى الجهاد: باب المتاع يصيبه العدو ثم وجده صاحبه

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه وأراد بالثمن القيمة

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔اور ثمن سے مراد قیمت ہے۔

✡ عامر شعبی غزوات کا بیان بہت احسن انداز میں کیا کرتے تھے ✡

1666/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ هِنْدِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَامِرٍ اَنَّهُ كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ مَغَازِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حَلْقَةٍ فِيْهَا اِبْنُ عُمَرَ فَقَالَ اِنَّهُ لَيُحَدِّثُ حَدِيْثاً كَاَنَّهُ شَهِدَ الْقَوْمَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو ہند حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ ایک حلقے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کے بارے بیان کر رہے تھے،اس حلقے میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی موجود تھے،انہوں نے کہا: یہ حدیث اس طرح بیان کرتے ہیں جس طرح کے لوگوں میں خود موجود ہیں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير عن الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد قال قرأت في كتاب إسماعيل بن حماد (عن) (عن) أبي يوسف القاضي (عن) الإمام أبي حنيفة (عن) أبي هند (عن) أشياخهم

(أخرجه) أبو عبد الله الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبي علي الباقلاني (عن) أبي عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضي عمر بن الحسن الأشناني (عن) جعفر بن مروان (عن) أبيه (عن) عبد الله بن الزبير (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے،انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے ان کے اشیاخ سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جعفر بن مروان رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۶۶) تقدم في (۱۶۶۴)

✡ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو باغی گروہ سے لڑائی میں شمولیت نہ کرنے پر بہت افسوس تھا ✡

1667/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهُ قَالَ مَا آسِیٰ عَلٰی شَیْءٍ كَمَا آسِیٰ عَلٰی اَنْ لَا اَكُوْنَ قَاتَلْتُ الْفِئَةَ الْبَاغِیَةَ وَعَلٰی صَوْمِ الْهَوَاجِرِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مجھے کبھی کسی چیز پر افسوس نہیں ہوا جتنا اس بات پر افسوس ہوا ہے کہ میں نے باغی گروہ کے ساتھ جہاد نہیں کیا اور میں نے صوم ہواجر یعنی گرمیوں کے روزے نہیں رکھے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فی مسنده (عن) أبی عبد الله محمد بن القاسم بن زكريا المحاربی (عن) عباد بن يعقوب (عن) عفان يعنی ابن سيار الجرجانی القاضی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن زکریا محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عباد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عفان یعنی ابن سیار جرجانی قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ جہنم کا ایک دروازہ ان لوگوں کے لئے مخصوص ہے جو مسلمان پر ہتھیار لہراتے ہیں ✡

1668/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ جَنَابٍ يَحْيٰی بْنِ اَبِیْ حَيَّةَ (عَنْ) اُحَيْدٍ (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلٰی اُمَّتِیْ فَاِنَّ لِجَهَنَّمَ سَبْعَةَ اَبْوَابٍ بَابٌ مِنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو جناب یحییٰ بن ابوحیہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت احید رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے کسی امتی پر تلوار سونتی، جہنم کے سات دروازے ہیں ان میں سے ایک دروازہ تلوار سونتنے والے کے لئے ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن حمدان (عَنْ) مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ الدامغانی (عن) عمار بن رجاء (عن) عمير ابن يعيش (عن) محمد بن القاسم الأسدی (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن حمدان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن قیس دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمار بن رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمیر بن یعیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن قاسم اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۶۷) اخرجه الطبرانی فی الاوسط ۸:۲۰۴ (۷۸۱۹) واورده الهيثمی فی مجمع الزوائد ۳:۱۸۲ وفی مجمع البحرين ۲:۵۱ (۱۴۶۲)

(۱۶۶۸) اخرجه الطحاوی فی شرح مشكل الآثار (۱۳۲۳) وابن ابی شيبة ۱۰:۱۲۱ ومسلم (۹۸ × ۱۶۱) والبخاری (۶۸۷۴) والنسائی فی المجتبی ۷:۱۱۷ وفی الكبری (۳۵۶۳) وابويعلی (۵۸۲۷) والخطيب فی تاريخ بغداد ۷:۲۳۶

✡ کسی مجاہد کو ایک کوڑا دینا، پھر ایک کوڑا دینا، ایک حج کے بعد دوسرے حج کے مترادف ہے ✡

1669/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) يَحْيٰى بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ الْهَمْدَانِيِّ الْوَادِعِيِّ (عَنْ) اَبِيْهِ عَمْرٍو (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَاَنْ اُعِيْنُ غَازِياً بِالسَّوْطِ يَسْتَعِيْنُ بِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ حَجَّةٍ فِيْ اَثْرِ حَجَّةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت یحییٰ بن عمرو اسلمی ہمدانی وادعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد عمرو رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا: میں کسی مجاہد کی ایک کوڑے کے ساتھ مدد کروں اور اس کے ذریعے اللہ کی راہ میں مدد کروں، یہ میری نگاہ میں ایک حج کے بعد دوسرے حج سے بھی زیادہ محبوب ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) عبد الله بن أحمد بن نوح (عن) أبيه (عن) خالد بن سليمان (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن نوح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خالد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۶۹) اخرجه ابن ابی شیبة ۵:۳۱۰ فی الجهاد: باب ما ذکر فی فضل الجهاد الحث علیه

اَلبَابُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ فِی الْحَظْرِ وَالْاِبَاحَةِ

اٹھتیسواں باب: حظر واباحت کے بیان میں

☆ ریشمی کپڑا وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو ☆

1670/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْحُکَیْمِ بْنِ عُتَیْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی لَیْلٰی (عَنْ) حُذَیْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ لُبْسِ الدِّیْبَاجِ وَالْحَرِیْرِ قَالَ اِنَّمَا یَفْعَلُ ذٰلِكَ مَنْ لاَ خَلاَقَ لَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکیم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیباج اور حریر (ریشم کی دو قسمیں) سے پہننے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: یہ کپڑا وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد بن محمد بن سعید الهمدانی قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین ابن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله ابن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) صالح بن أحمد ابن أبی مقاتل المروزی (عن) إدریس بن إبراهیم (عن) الحسین بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده المذکور إلی أبی حنیفة

○ اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبد اللہ ابن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن احمد بن ابومقاتل مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ادریس بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسین بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(۱۶۷۰) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۴۱۸) وابن حبان (۵۳۳۹) والحمیدی (۴۴۰) ومسلم (۲۰۶۷) فی اللباس والزینة: باب تحریم استعمال الذهب والفضة والخطیب فی تاریخ بغداد ۱۰:۳، والنسائی ۸:۱۹۸ وابن الجارود (۸۶۵) والبخاری (۵۸۳۷) فی اللباس: باب افتراش الحریر والبیهقی فی السنن الکبری ۱۰:۲۸ واحمد ۵:۳۹۷

☆ عبداللہ بن مسعودؓ سُر کے ساتھ اذان کو ناپسند کرتے تھے ☆

1671/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ حَمْزَةَ مَيْمُوْنَ الْاَعْوَرِ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَرِهَ الْاَذَانَ بِالتَّغَنِّی وَقَالَ اِنَّهُ مِنْ فِعْلِ الْجَاهِلِيَّةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوحمزہ میمون اعور رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: انہوں نے سُر کے ساتھ اذان کو ناپسند کیا ہے اور فرمایا کہ یہ جاہلیت کی رسموں میں سے ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) عبد الواحد بن حماد بن الحارث الخجندی (عن) أبيه (عن) النضر بن محمد (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی عن عبيد بن كثير التمار (عن) يحيی بن الحسن بن الفرات (عن) عمه زياد بن الحسن عن الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده إلی أبی حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالواحد بن حماد بن حارث خجندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''نضر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبید بن کثیر تمار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا حضرت ''زیاد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے سے منع فرمایا ہے ☆

1672/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَيْلٰی قَالَ كُنَّا مَعَ حُذَيْفَةَ بِالْمَدَائِنِ فَاسْتَسْقٰی دَهْقَانَ فَاَتَاهُ بِهٖ فِیْ جَامٍ مِنْ فِضَّةٍ فَرَمٰی بِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَقَالَ هِیَ لَهُمْ فِی الدُّنْيَا وَلَكُمْ فِی الْآخِرَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت

(۱۶۷۲) قد تقدم فی (۱۶۷۰)

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مدائن میں تھے، انہوں نے ایک دہقان سے پانی مانگا تو وہ چاندی کے ایک کٹورے میں پانی لے آیا، انہوں نے وہ پھینک دیا اور فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتنوں سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: یہ کافروں کے لئے دنیا میں ہے اور تمہارے لئے آخرت میں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) أحمد ابن محمد قال قرأت فی کتاب حمزة بن حبیب الزیات حدثنا الإمام أبو حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الغنائم (عن) محمد بن علی بن میمون المقری (عن) الشریف أبی عبد الله بن محمد بن علی بن عبد الرحمن العلوی عن جعفر بن محمد بن الحسین (عن) أبی العباس أحمد بن محمد بن سعید بن عقدة (عن) فاطمة بنت محمد بن حبیب قال سمعت أبی یقول هذا کتاب حمزة فقرأت (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''حمزہ بن حبیب زیات رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب میں پڑھا ہے' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوغنائم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی بن میمون مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریف ابوعبداللہ بن محمد بن علی بن عبدالرحمن علوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتی ہیں' میں نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' یہ حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے میں نے اس میں پڑھا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ کسان والے واقعے پر مشتمل حدیث کا ایک اور حوالہ ✡

1673/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) مُسْلِمِ بْنِ سَالِمِ بْنِ فَیْرَوْزِ الْجُهَنِیِّ (عَنْ) عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی لَیْلٰی (عَنْ) حُذَیْفَةَ بْنِ الْیَمَانِ اَنَّهُمْ نَزَلُوْا مَعَهُ عَلٰی دَهْقَانٍ فَاَتَاهُمْ بِطَعَامٍ ثُمَّ اَتَاهُمْ اَلْحَدِیْثَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مسلم بن سالم بن فیروز جہنی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ان کے ہمراہ ایک دہقان یعنی کسان کے پاس ٹھہرے، وہ ان کے پاس کھانا لے کر آیا، پھر ان کے پاس پانی لے کر آیا اور اس کے بعد سابقہ حدیث کی مثل حدیث بیان کی۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد ابن عقدة (عن) أحمد بن حازم (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الفضل أحمد بن خیرون (عن) خاله أبی علی الباقلانی (عن) أبی عبد الله أحمد بن دوست العلاف (عن) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عَنِ) الْهَیْثَمِ بن المقری (عن) أحمد بن عثمان (عن) حکیم (عن) عبد الله بن موسی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی بإسناده هذا إلی أبی حنیفة (وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی

مسنده فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''ابوعلی باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیثم بن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہمان کے لئے تکلف سے منع فرمایا، سرکہ بہترین سالن ہے☆

1674/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَیْهِ یَوْماً قَوْمٌ فَقَرَّبَ لَهُمْ خُبْزاً وَخَلًّا ثُمَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنِ التَّکَلُّفِ وَلَوْلاَ ذٰلِكَ لَتَکَلَّفْتُ لَکُمْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ایک دن ان کے پاس کچھ لوگ آئے، انہوں نے ان کو روٹی اور سرکہ پیش کیا، پھر فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تکلف سے منع فرمایا ہے اور اگر ایسی بات نہ ہوتی تو میں تمہارے لئے تکلف کرتا۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سرکہ بہت اچھا سالن ہے۔

(أخرجه) أبو محمد الحدیثی (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) المنذر بن محمد (عن) أبیه (عن) سلیمان بن أبی کریمة (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أبی العباس أحمد بن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبیه (عن) سلیمان بن أبی کریمة (عن) أبی حنیفة ومسعر بن کدام

(وأخرجه) الحافظ الحسین بن خسرو فی مسنده (عن) سعید بن أبی القاسم بن أحمد (عن) أحمد بن محمد بن سعید (عن) ابن عقدة (عن) المنذر بن محمد (عن) أبیه (عن) سلیمان بن أبی کریمة الشامی (عن) الإمام أبی

(۱۶۷۴) اخرجه الحصکفی فی مسند الامام (۴۱۴) وابویعلی (۱۹۸۱) وابوداود (۳۸۲۰) فی الاطعمة: باب فی الخل والترمذی (۱۸۴۲) فی الاطعمة: باب ماجاء فی الخل وفی الشمائل (۱۵۵) وابن ماجة (۳۳۱۷) فی الاطعمة: باب الائتدام بالخل واحمد ۳: ۴۰۰ ومسلم (۲۰۵۲)

حنیفة ومسعر ابن کدام

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابوکریمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابو کریمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''سعید بن ابوقاسم بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منذر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن ابوکریمہ الشامی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام'' سے روایت کیا ہے۔

☆ جانور کو صاف ستھرا اور فربہ کرنا مقصود ہو تو اس کو خصی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے ☆

1675/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا بَاْسَ بِاِخْصَاءِ الْبَهَائِمِ اِذَا اُرِيْدَ بِهَا صَلَاحُهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب جانور کو صاف ستھرا کرنا مقصود ہو تو ان کو خصی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ جو جھوٹ بول بول کر لوگوں ہنساتا ہے، اس کیلئے ہلاکت ہے، اس کیلئے ہلاکت ہے، ہلاکت ہے ☆

1676/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) بَهْزِ بْنِ حُكَيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِلَّذِيْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ فَيُضْحِكُ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَهٗ وَيْلٌ لَهٗ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت بہز بن حکیم بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہلاکت ہے اس شخص کے لئے جو جھوٹ بولتا ہے اور لوگوں کو ہنساتا ہے اس کے لئے ہلاکت ہے، اس کے لئے ہلاکت ہے۔

(۱۶۷۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۹۸)

(۱۶۷۶) اخرجه احمد ۵:۵، وابو داود (۴۹۹۰)، وابن عبد البر في التمهيد ۱۶:۲۵۶، وفي الاستذكار (۴۱۴۲۵)، والترمذي (۲۳۱۵)، والطبراني في الكبير ۱۹ (۹۵۰)، والبيهقي في السنن الكبرى ۱۰:۱۹۶، والحاكم في المستدرك ۱:۴۶

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) المبارك بن عبد الجبار الصيرفي (عن) أبي الحسين محمد بن المظفر (عن) عبد الصمد بن علي بن محمد بن عبد المؤمن الجنديسابوري (عن) علي بن حرب الجنديسابوري (عن) إسحاق بن سليمان (عن) الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوحسین محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد بن عبدالمؤمن جندیسابوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن حرب جندیسابوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے ساتھی سے جدا ہوتے وقت بھی ایک دوسرے کو سلام کیا ✡

1677/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ صَحِبَ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يُّفَارِقَهُ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ قَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ ذمیوں میں سے ایک شخص کے ساتھی بنے، جب وہ اس سے جدا ہونے لگے تو اس شخص نے کہا: اسلام علیکم۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: وعلیك السلام۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد يكره أن يبتدء المشرك بالسلام ولا بأس بالرد عليه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: مشرک کو سلام کرنا مکروہ ہے تاہم اگر وہ سلام کرے تو جواب دے سکتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ پانی جس کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ جائے، وہ کھالو ✡

1678/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ (عَنْ) اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا جَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ فَكُلُوْا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس چیز کو چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھالو۔

(أخرجه) أبو محمد البخاري (عن) صالح (عن) أبي عبد الله محمد بن موسى (عن) ابن هشام (عن) يحيى ابن عيسى (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

(۱۶۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۹۲۰) في الادب: باب تقييد العلم: باب الذمي يسلم على المسلم يرد السلام وعبد الرزاق (۹۸۴۳) في كتاب اهل الكتاب: باب السلام على اهل الكتاب

(۱۶۷۸) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (۴۰۲) وابن ابي شيبة ۴:۲۵۴ (۱۹۷۵۲) في الصيد: باب ماقذف به البحر وجزر عنه الماء

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جو مچھلی پانی میں مر کر اُلٹ جائے، وہ مت کھاؤ، جسے چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھا سکتے ہو ☼

1679/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كُلْ مَا جَزَرَ عَنْهُ الْمَاءُ وَمَا قَذَفَ بِهِ وَلَا تَاْكُلْ مَا طَفَى

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں، جس چیز کو چھوڑ کر پانی اتر جائے اس کو کھالو اور جس کو پھینک دے اس کو بھی کھالو اور جو پانی کے اندر الٹ جائے اس کو مت کھاؤ۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ پانی کے جانوروں میں مچھلی کے سوا کوئی جانور حلال نہیں ہے ☼

1680/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ لَا خَيْرَ فِيْ شَيْءٍ مِمَّا يَكُوْنُ فِي الْمَاءِ اِلَّا السَّمَكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: جو چیزیں پانی میں موجود ہوتی ہیں ان میں مچھلی کے سوا کسی میں بھلائی نہیں ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ سب سے برا گھر حمام ہے، اس کا پانی بھی پاک کرنے والا نہیں ہوتا ☼

1681/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءٍ (عَنْ) عَائِشَةَ (عَنِ) النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ شَرُّ الْبُيُوْتِ اَلْحَمَّامُ مَا فِيْهِ بَيْتٌ يَسْتُرُ وَلَا فِيْهِ مَاءٌ يُطَهِّرُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ سے وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت

(۱۶۷۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۱۳) وابن ابی شيبة ٤:٢٥٥ (۱۹۷۶۳) فی الصيد: باب ماقذف به البحر وجزر عنه الماء

(۱۶۸۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۸۱۲) فی الاطعمة: باب ما اكل فی البر والبحر

(۱۶۸۱) اخرجه الطبرانی فی الاوسط (۳۳۱۰) واورده الهيثمی فی مجمع الزوائد ۱:۲۷۸

کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سب سے برا گھر حمام ہے، اس میں پردے کے لئے کمرے نہیں ہوتے اور نہ اس کے اندر ایسا پانی ہے جو پاک کردے۔

(أخرجه) الحافظ أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري (عن) هناد بن إبراهيم (عن) علي بن محمد ابن علي القائم (عن) محمد بن علي (عن) صالح بن محمد الترمذي عن الخضر بن أبان الهاشمي (عن) مصعب بن المقدام (عن) زفر بن الهذيل عن الإمام أبي حنيفة

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہناد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن علی قائم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خضر بن ابان ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''زفر بن ہذیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ پڑوسی دیوار پر لکڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو انکار نہ کرو ✡

1682/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَهُ جَارُهُ اَنْ يَّغْرُزَ خَشَبَتَهُ عَلٰى جِدَارِهٖ فَلَا يَمْنَعْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس سے اس کا پڑوسی اس کی دیوار پر اپنی لکڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو وہ اس کو منع نہ کرے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر في مسنده (عن) أبي جعفر أحمد ابن عاصم (عن) جعفر بن محمد بن حماد القلانسي (عن) محمد بن عبد العزيز (عن) القاسم بن حسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) القاضي أبو بكر محمد بن عبد الباقي الأنصاري في مسنده (عن) والده أبي طاهر عبد الباقي بن محمد (عن) أبي القاسم عبيد الله بن أحمد بن عثمان الصيرفي (عن) أبي بكر أحمد بن إبراهيم بن شاذان (عن) أبي محمد عبد الله ابن أحمد بن غياث (عن) جعفر بن محمد القلانسي (عن) محمد بن عبد العزيز (عن) القاسم بن معن (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابوجعفر احمد ابن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد بن حماد قلانسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوطاہر عبدالباقی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبیداللہ بن احمد بن عثمان صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ ابن احمد بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد قلانسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم

بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم بیماری کے عالم میں لازمی آزادی اور مدبر بنانے کے مسئلہ میں اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ میت نے جو وصیت کی ہے، وہ اس کے کل مال کے ایک تہائی میں پوری کی جائے گی ☆

1747/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ مَا اَوْصَى بِهِ الْمَيِّتُ مِنْ نَذْرٍ اَوْ رَقَبَةٍ فَمِنْ ثُلُثِ مَالِهِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میت جس نذر کی وصیت کرے یا غلام آزاد کرنے کی وصیت کرے تو وہ اس کے مال کے ایک تہائی حصے میں سے نافذ کیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☆ حاملہ عورت مطلقہ ہو، وہ وصیت کرے تو اس کی وصیت ایک تہائی میں پوری کی جائے گی ☆

1748/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْحُبْلٰى اِذَا اَوْصَتْ وَهِيَ تُطَلَّقُ ثُمَّ مَاتَتْ فَوَصِيَّتُهَا مِنَ الثُّلُثِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' حاملہ عورت جب وصیت کرے اور وہ مطلقہ ہو اور پھر وہ مر جائے تو اس کی وصیت ایک تہائی میں سے پوری کی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد يعنی بذلك ما وهبت أو تصدقت فی ذلك الحال فهو من الثلث وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ جو اس نے اس حالت میں ہبہ کیا یا صدقہ کیا، وہ ایک تہائی میں نافذ کیا جائے گا۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ مرض الموت میں اپنے بیٹے کو ایک ہزار درہم میں خرید لیا، اس کے وارث ہونے نہ ہونے کا ضابطہ ☆

1749/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِی الرَّجُلِ يَشْتَرِی اِبْنَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ اَنَّهُ اِنْ بَلَغَ الَّذِیْ اَعْطٰى فِيْهِ ثُلُثَ مَالِهِ وَرِثَ وَاِنْ كَانَ ثَمَنُهُ دُوْنَ الثُّلُثِ وَرِثَ وَاِنْ كَانَ اَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ وَاسْتَسْعٰى فِیْ شَیْءٍ لَمْ يَرِثْ

(۱۷۴۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٦٦١) وعبد الرزاق ۹:۹۵ (١٦٤٨٥) فی الوصايا: الرجل يوصی بشیء واجب

(۱۷۴۸) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٦٦٢) فی الوصية: باب الرجل يوصی بالوصايا والعتق

(۱۷۴۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٦٦٣) فی الوصية: باب الرجل يوصی بالوصايا والعتق، وعبد الرزاق ۹:۱۷۳ (١٦٨٠٥) فی المدبر: باب الرجل يعتق امته

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو موت کے وقت اپنے بیٹے کو ایک ہزار درہم کے بدلے خریدے اس کو خریدنے میں جو رقم لگی ہے اگر اس کے مال کے ایک تہائی کے برابر ہے تو وہ اس کا وراث بنے گا اور اگر اس کی قیمت ایک تہائی سے کم ہے تو پھر بھی وراث بنے گا اور اگر اس کی قیمت ایک تہائی سے زیادہ ہے تو وہ اس چیز میں کوشش کرے گا جس کا وہ وارث نہیں بنا۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد هذا كله قول أبي حنيفة وأما في قولنا فإنه يرث في ذلك كله وقيمته دين عليه فيحاسب منها ميراثه ويؤدى فضلاً إن كان عليه دين ويأخذ فضلاً إن كان له لأنه وارث ورقبته وصية له فلا يكون لوارث وصية

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: یہ سب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں، وہ تمام صورتوں میں وارث ہوگا، اس کی قیمت اس کے ذمے قرضہ کی طرح ہوگی، لہذا اس کی وراثت میں اس کا حساب کیا جائے گا، اس کی قیمت منہا کرنے کے بعد وراثت کا جتنا حصہ بچتا ہوگا، وہ اس کو دیا جائے گا، اور وہ اسی کو وصول کرے گا۔ کیونکہ وہ وارث ہے اور اس کا غلام ہونا، ایک طرح کی وصیت ہے اور وارث کے لئے وصیت نہیں ہوسکتی۔

✡ گود میں اٹھائے ہوئے بچے کو بغیر گواہ کے وراثت نہیں دی جائے گی ✡

1750/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِیْ عُمَرَ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عُمَيْرِ الْهَمْدَانِيِّ الْكُوْفِيِّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ قَالَ كَتَبَ اِلَیَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْ لَا تُوْرَثَ الْحَمِيْلُ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابوعمر مجالد بن سعید بن عمیر ہمدانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے میری جانب یہ مکتوب لکھا کہ عورت کی گود میں اٹھائے بچے کو بغیر گواہ کے وراثت نہ دی جائے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي عبد الله محمد بن مخلد العطار (عن) بشر بن موسى (عن) المقرى (عن) الإمام أبي حنيفة

(ورواه) (عن) أبي العباس بن عقدة (عن) محمد بن يوسف الجعفي (عن) محمد ابن إسحاق (عن) أسد بن عمرو عن الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه قال الحافظ (ورواه) أيضاً أسد بن عمرو (عن) مجالد

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابوعباس بن

(۱۷۵۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۷۰٤) والبيهقي في السنن الكبرى ۹:۱۳۰ والدارمي في السنن ۲:٤۸۰ في الفرائض: باب في ميراث الحميل وعبد الرزاق ۱۰:۳۰۰ (۱۹۱۷۳) وابن ابي شيبة ٦:۲۸۰ (۳۱۳٦۰) في الفرائض: في الحميل: من ورثه او كان يرى له ميراثاً

عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن یوسف جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے،اس کی سند یوں ہے)،انہوں نے حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''مجالد'' سے روایت کیا ہے۔

☆ ذوی الفروض کو ان کے حصے دینے کے بعد جو ترکہ بچ جائے وہ قریبی مرد رشتہ داروں کے لئے ہے ☆

1751/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) طَاوُسٍ (عَنْ) اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں'وہ فرماتے ہیں'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پہلے ذوی الفروض کو ان کے حصے دو اور جو باقی بچ جائیں وہ سب سے زیادہ قریبی مرد رشتہ دار کے لئے ہے۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) صالح بن أبی رميح (عن) أحمد بن علی الجزار (عن) جندل بن والق (عن) هلال بن علی (عن) الإمام أبی حنيفة

(قال) أبو محمد البخاری أن أبا حنيفة يروی (عن) طاوس سماعاً متصلا كتب إلی صالح بن أبی رميح (حدثنا) أبو حمزة الأنصاری خالد بن أنس من ولد أنس ابن مالك قال سمعت عبد الله بن داود يقول قلت لأبی حنيفة من أدركت من الكبراء قال القاسم وسالماً وطاوساً وعكرمة ومكحولاً وعبد الله ابن دينار والحسن البصری وعمرو بن دينار وأبا الزبير وعطاء وقتادة وإبراهيم والشعبی ونافعاً وأمثالهم

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''احمد بن علی جزار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جندل بن والق رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ہلال بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماعت کے طور پر متصل روایت کیا ہے،انہوں نے حضرت ''صالح بن ابی رمیح رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب خط لکھا،ہمیں حدیث بیان کی حضرت ''حمزہ انصاری خالد بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' کی اولاد امجاد میں سے ہیں) وہ فرماتے ہیں'میں نے حضرت ''عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے،میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: آپ نے کون کون سے بزرگوں کی صحبت پائی ہے،آپ نے فرمایا' حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''طاوس رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''عکرمۃ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''مکحول رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''عبداللہ ابن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قتادۃ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' اوران جیسے دیگر بہت سارے تابعین۔

(۱۷۵۱) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۵۱۹) والطحاوی فی شرح معانی الآثار ۴:۳۳۹ وابن حبان (۶۰۲۸) والطبرانی فی الكبير (۱۰۹۰۳) والدارقطنی ۴:۷۱ والبخاری (۶۷۴۶) فی الفرائض: باب ابناء عم احدهما اخ للام والآخر زوج والبيهقی فی السنن الكبری ۶:۲۳۹ واحمد ۱:۲۹۲ وابن ابی شيبة ۱۱:۲۶۵

☼ کسی نے وصیت کی، وارثوں نے اس کی زندگی میں اجازت دے دی، پھر وہ مکر نہیں سکتے ☼

1752/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الرَّجُلِ يُوْصِي بِوَصِيَّةٍ فَتُجِيْزُهَا الْوَرَثَةُ فِيْ حَيَاتِهٖ ثُمَّ يَرُدُّوْنَهَا بَعْدَ مَوْتِهٖ قَالَ ذٰلِكَ النَّكِرَةُ لَا يَجُوْزُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے راویت کرتے ہیں: ایسا شخص جو ایسی وصیت کرے کہ اس کی وصیت کو اس کی حیات میں اس کے وارث بھی جائز قرار دے دیں اور پھر اس کی موت کے بعد انکار کر دیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ یہ انکار جائز نہیں ہے۔

(أخرجه) أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخي في مسنده (عن) أبي الفضل أحمد بن الحسن بن خيرون (عن) أبي علي الحسن بن شاذان (عن) أبي نصر أحمد بن اشكاب (عن) عبد الله بن طاهر (عن) إسماعيل بن توبة القزويني (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إجازة الورثة قبل الموت ليس بشيء فإن أجازوه بعد الموت وهي لوارث أو أكثر من الثلث فذلك جائز وليس لهم أن يرجعوا وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابونصر احمد بن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ لیکن وارثوں کا مورث کی موت سے پہلے اجازت دینے کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اگر انہوں نے اُس کی موت کے بعد اجازت دی، اور وصیت وارث کے لئے تھی، یا وصیت ایک تہائی سے زیادہ کی تھی تو ایسی صورت میں وہ رجوع کرنے کے اہل نہیں ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ تمام مال کی وصیت نہیں کرنی چاہئے، کچھ مال بچوں کے لئے وراثت میں بھی چھوڑنا چاہئے ☼

1753/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ فِيْ مَرَضٍ فَقُلْتُ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أُوْصِيْ بِمَالِيْ كُلِّهٖ قَالَ

(۱۷۵۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٣) وابن ابي شيبة ٦:٢١٠ (٣٠٧٢١) في اوصايا: في الرجل يستأذن ورثته ان يوصي بأكثر من الثلث والدارمي في السنن ٢:٤٤٩ (٣١٩٣) في الوصايا: باب في الذي يوصي بأكثر من الثلث والطبراني في الكبير ٩:٢٣٧ (٩١٦١)

(۱۷۵۳) اخرجه الحصكفي في مسند الامام (٥١٧) والطحاوي في شرح معاني الآثار ٤:٣٧٩ وابن حبان (٤٢٤٩) واحمد ١:١٧٩ والحميدي (٦٦) وابن سعد في الطبقات الكبرى ٣:١٤٤ والبخاري (٦٧٣٣) في الفرائض: باب ميراث البنات وابن الجارود في المنتقى (٩٤٧) والبيهقي في السنن الكبرى ٦:٢٦٨

لاَ قُلْتُ فَبِنِصْفِهِ قَالَ لاَ قُلْتُ فَبِثُلُثِهِ قَالَ نَعَمْ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اَوْ كَبِيْرٌ لاَ تَدَعْ اَهْلَكَ يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ سے وہ اپنے والد سے، وہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میرے پاس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں اپنے پورے مال کی وصیت کردوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کیا: آدھے مال کی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ میں نے عرض کیا: اپنے ایک تہائی مال کی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے اور فرمایا: ایک تہائی بھی بہت ہے۔ اپنے اہل وعیال کو اس طرح مت چھوڑو کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد بن أبی رمیح (عن) شریح الترمذی (عن) عبد الرحیم بن حبیب البغدادی (عن) إسماعیل بن یحیی بن عبید الله (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) أیضاً (عن) هارون بن هشام البخاری (عن) أحمد بن حفص (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) القاسم بن عباد الترمذی (عن) صالح بن محمد (عن) حماد بن أبی حنیفة (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) فاطمة بنت محمد بن حبیب قالت هذا کتاب جدی حمزة بن حبیب فقرأت فیه (حدثنا) أبو حنیفة

(ورواه) (عن) محمد بن إبراهیم بن زیاد الرازی (عن) سلیمان بن داود الزهرانی (عن) أبی یوسف (عن) الإمام أبی حنیفة إلی قوله والثلث کثیر

(ورواه) (عن) أحمد بن محمد (عن) جعفر بن محمد (عن) أبیه (عن) عبد الله بن الزبیر (عن) أبی حنیفة وزاد فیه إنك أن تدع أهلك بخیر خیر من أن تدعهم عالة یتکففون الناس

(ورواه) (عن) سهل بن بشر (عن) الفتح بن عمرو (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة باللفظ الأول

(ورواه) (عن) یحیی بن إسماعیل الهمدانی (عن) الولید بن حماد (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) إبراهیم بن محمد بن شهاب (عن) عبد الله بن عبد الرحمن بن واقد (عن) أبیه (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(قال) الحافظ ورواه (عن) أبی حنیفة حمزة الزیات وحماد بن أبی حنیفة وعبد الله بن الزبیر والحسن بن زیاد وعبد العزیز بن خالد وأبو یوسف وأسد بن عمرو رحمهم الله تعالی

(وأخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن ابن أحمد بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم البغوی (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(ورواه) (عن) أبی طالب بن یوسف (عن) أبی محمد الجوهری (عن) أبی بکر الأبهری (عن) أبی عروبة الحرانی (عن) حده (عن) محمد بن الحسن (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) القاضی عمر بن الحسن الأشنانی (عن) بشر بن موسی الأسدی (عن) إسحاق بن منذر الکاهلی (عن) محمد بن الحسن الشیبانی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ لا تجوز الوصیة بأکثر من الثلث فإن أجازت الورثة بعد موته جازت ولیس للوارث أن یرجع فیما أجاز

(وأخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الحافظ أبو بکر أحمد بن محمد بن خالد بن خلی الکلاعی فی مسنده (عن) أبیه محمد بن خالد بن خلی (عن) أبیه خالد بن خلی (عن) محمد بن خالد الوهبی (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن الشیبانی فی نسخته فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنهما

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن ابورمیح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شریح ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحیم بن حبیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ہارون بن ہشام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''قاسم بن عباد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فاطمہ بنت محمد بن حبیب رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے فرمایا' یہ میرے دادا حضرت ''حمزہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے، میں نے اس میں پڑھا ہے، اس میں ہے، ہمیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''سلیمان بن داؤد زہرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے والثلث کثیر تک روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس میں یہ الفاظ زائد ہیں انك ان تدع اهلك بخير خير من ان تدعهم عاله يتكففون الناس (اگر تو اپنے اہل وعیال کو خوشحال چھوڑے تو یہ بہتر ہے۔ یہ درست نہیں ہے کہ تو ان کو کنگال چھوڑے اور وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے پھریں)

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''سہل بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''فتح بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے الفاظ کے ہمراہ روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابومحمد حارثی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک اور اسناد کے ہمراہ (بھی روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ولید بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن محمد بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن واقد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''حمزہ زیات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کی ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''دادا رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''قاضی عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بشر بن موسیٰ اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسحاق بن منذر کاہلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ ایک تہائی سے زیادہ مال کی وصیت جائز نہیں ہے، اگر میت کے ورثاء اس کے مرنے بعد اس کی اجازت دیں تو جائز ہے۔ پھر جو اجازت دے دی ہے اس میں کوئی وارث رجوع نہیں کر سکتا۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) اپنے والد حضرت ''محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے والد حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ذکر کیا ہے۔

☼ یتیموں کا کھانا پینا اپنے ساتھ رکھنے کی اجازت ہے ☼

1754/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنِ) الْهَیْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِیِّ (عَنْ) مَسْرُوْقٍ (عَنْ) عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَ (اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتَامٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْكُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا) عَزَلَ مَنْ كَانَ یَتَوَلَّی الْیَتَامٰی فَلَمْ یَقْرَبُوْهَا فَشَقَّ عَلَیْهِمْ حِفْظُهَا وَخَافُوْا الْاِثْمَ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ فَنَزَلَتِ الْآیَةُ الثَّانِیَةُ فَخَفَّفَ عَلَیْهِمْ (وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْیَتَامٰی قُلْ

اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ) الآية فَسَهَلَ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر بن شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے فرمایا: جب یہ آیت نازل ہوئی:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا

''وہ جو یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ تو اپنے پیٹ میں نری آگ بھرتے ہیں اور کوئی دام جاتا ہے کہ بھڑکتے دھڑے میں جائیں گے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

تو جو لوگ یتیموں کے کفیل تھے وہ الگ ہو گئے اور ان کے قریب بھی نہیں جاتے تھے، تو اس طرح ان کی حفاظت کرنا بھی ان کو شاق گزرا اور وہ اپنی ذات پر گناہوں سے خوف زدہ بھی ہو گئے تب یہ دوسری آیت نازل ہوئی اور ان کے اوپر آسانی کر دی گئی:

وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ

''اور تم سے یتیموں کا مسئلہ پوچھتے ہیں تم فرماؤ ان کا بھلا کرنا بہتر ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

تب ان کو آسانی محسوس ہوئی۔

(أخرجه) أبو محمد البخاری (عن) محمد ابن إبراهيم بن زياد الرازی (عن) أبی تمام السكری (عن) أبيه (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابو محمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد ابن ابراہیم بن زیاد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو تمام سکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ عورت کی گود میں اٹھایا ہوا بچہ بغیر گواہ وارث نہیں بن سکتا ☼

1755/(اَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ (عَنْ) شُرَيْحٍ اَنَّهٗ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْ لَا تُوَرِّثَ الْحَمِيْلَ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت مجالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شریح رضی اللہ عنہ سے راویت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے میری جانب یہ مکتوب لکھا پیٹ کے بچے کو گواہ کے بغیر وراثت نہ دی جائے۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی الحسن علی بن الحسين (عن) أبی أيوب (عن) القاضی أبی العلاء محمد بن علی الواسطی (عن) أبی بكر أحمد بن جعفر بن حمدان (عن) بشر بن موسی (عن) أبی عبد الرحمن المقری (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ والحميل المرأة تسبی ومعها صبی تحمله تقول هو ابنی فلا يكون ابنها بقولها إلا ببينة وتقبل علی ولادتها شهادة امرأة حرة

(۱۷۵۵) تقدم فی (۱۷۵۰)

مسلمة ويلزم النسب لزوجها

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسناد یوں ہے) حضرت ''ابو حسن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''قاضی ابو علاء محمد بن علی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ حمیل سے مراد یہ ہے کہ ایک عورت نے ایک بچہ اٹھایا ہوا ہو، وہ اس پر بہت شفقت کر رہی ہو، وہ کہہ رہی ہو کہ یہ میرا بیٹا ہے، تو فقط اُس کہہ دینے سے اس کا بیٹا قرار نہیں پائے گا بلکہ اس کے لئے گواہی چاہئے ہوگی اور اس معاملے میں ایک آزاد مسلمان عورت کی گواہی کافی ہوگی، اگر گواہی مل جائے تو اس بچے کا نسب اس کے شوہر سے ثابت ہوگا۔

☼ اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق عطا کر دیا ہے، وارث کے لئے وصیت نہیں کی جائے گی ☼

1756/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اِسْمَاعِيْلِ بْنِ عَيَّاشٍ (عَنْ) شُرَحْبِيْلِ بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ (عَنْ) اَبِيْ اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ حَجَّةِ الْوِدَاعِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِلْوَارِثِ اَلْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ وَقَدْ مَرَّ فِيْ كِتَابِ الْكَفَالَةِ وَغَيْرِهَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شرحبیل بن مسلم خولانی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے ''بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر حق والے کو اس کا حق عطا فرما دیا ہے اس لئے اب وارث کے لئے وصیت نہیں ہے۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی ہے اور وہ کفالہ والی کتاب میں گزر چکی ہے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن محمد بن سعيد الهمداني (عن) الحسن بن السميدع (عن) عبد الوهاب بن نجدة (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''ابوعباس احمد بن محمد بن سعید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن سمیدع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الوہاب بن نجدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ وارث کے لئے وصیت نہیں، بچہ بستر والے کا ہے، زانی کے لئے پتھر ہے ☼

1757/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عَلِيِّ بْنِ مِسْهَرٍ (عَنِ) الْاَعْمَشِ (عَنْ) اِسْمَاعِيْلِ بْنِ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيِّ (عَنْ) شُرَحْبِيْلِ بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَامَ خَطِيْباً فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ فَلَا وَصِيَّةَ لِلْوَارِثِ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ

(۱۷۵۶) تقدم في (۱۱۴۸)

(۱۷۵۷) تقدم في (۱۱۴۸)

اَلْحَجَرُ وَمَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبَوَیْهِ اَوِ انْتَمٰی اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیْهِ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ثُمَّ قَالَ اَلْعَارِیَةُ مُؤَدَّاةٌ وَالدَّیْنُ مَقْضِیٌّ وَالزَّعِیْمُ غَارِمٌ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اعمش رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت اسماعیل بن عیاش حمصی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت شرحبیل بن مسلم خولانی رحمۃ اللہ علیہ سے راویت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ابو امامہ رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دینے کے لئے جلوہ گر ہوئے اور آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر صاحب حق کو اس کا حق ادا کر دیا ہے، وراث کے لئے وصیت نہیں ہے، بچہ بستر والے کا ہے زانی کے لئے پتھر ہے اور جس نے اپنے ماں باپ کے غیر کی جانب کا دعویٰ کیا یا اپنے آقاؤں کے غیر کی جانب خود کو منسوب کیا اس کے اوپر اللہ کی لعنت ہے، فرشتوں کی لعنت ہے اور تمام انسانوں کی لعنت ہے اور پھر فرمایا: مانگی ہوئی چیز واپس کی جائے گی اور جو دین ہے وہ ادا کیا جائے گا اور جو ضامن ہے، وہ ادائیگی کرنے والا ہے۔

(أخرجه) القاضی أبو بکر محمد بن عبد الباقی الأنصاری (عن) أبی بکر أحمد بن علی الخطیب البغدادی (عن) أبی سعید المالینی (عن) أبی الطیب محمد بن أحمد الوراق (عن) أبی الحارث أحمد بن عبد الحمید الحارثی (عن) بشر بن الولید القاضی (عن) أبی یوسف القاضی (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''قاضی ابو بکر محمد بن عبد الباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو بکر احمد بن علی خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو سعید مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو طیب محمد بن احمد وراق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابو حارث احمد بن عبد الحمید حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ ایک بچے کے دو دعوے دار ہوں تو وہ دونوں کا وارث بنے گا، دونوں اس کے وارث بنیں گے ✡

1758/(اَبُوْ حَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ فِی الرَّجُلَیْنِ یَدَّعِیَانِ الْوَلَدَ اَنَّهٗ اِبْنُهُمَا یَرِثُهُمَا وَیَرِثَانِهٖ وَهُوَ لِلْبَاقِیْ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' دو آدمی ایک بچے کے بارے میں دعویٰ کرتے ہوں ہر کوئی اس کو اپنا بیٹا قرار دے رہا ہو، وہ بچہ دونوں کا وارث بنے گا اور وہ دونوں اس کے وارث بنیں گے اور وہ بچہ ان کے لئے ہوگا جو ان دونوں سے باقی رہے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

(۱۷۵۸) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۷۱۵) فی المیراث: باب میراث الحمیل والولد یدعیه رجلان وعبد الرزاق ۷: ۳۶۰ (۱۳۴۷۴) فی الطلاق: باب النفر یقعون علی المرأة فی طهر واحد

✡ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے عمل سے قیاس سیکھا ہے ✡

1759/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) كَانَ عِنْدَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ هِشَامُ بْنُ الْحَكَمِ يَا اِبْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ هٰذَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ صَاحِبُ الْقِيَاسِ ثُمَّ قَالَ لَهُ مِنْ اَيْنَ اَخَذْتَ الْقِيَاسَ فَقَالَ لَهُ مِنْ قَوْلِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِيْنَ شَاوَرَهُمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْجَدِّ مَعَ الْأُخْوَةِ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ اَرَاَيْتَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَوْ اَنَّ شَجَرَةً اِنْشَعَبَ مِنْهَا غُصْنٌ ثُمَّ اِنْشَعَبَ مِنَ الْغُصْنِ غُصْنَانِ اَيُّهُمَا اَقْرَبُ اِلٰى اَحَدِ الْغُصْنَيْنِ اَصَاحِبُهُ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ اَمِ الشَّجَرَةُ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لَوْ اَنَّ جَدْوَلاً اِنْبَعَثَ فِيْهِ سَاقِيَةٌ ثُمَّ اِنْبَعَثَ مِنَ السَّاقِيَةِ سَاقِيَتَانِ اَيُّهُمَا اَقْرَبُ اِحْدَى السَّاقِيَتَيْنِ اَقْرَبُ اِلٰى صَاحِبِهَا اَمِ الْجَدْوَلُ فَاَمْسَكَ عُمَرُ فِي الْجَدِّ وَالْأُخْوَةِ فَهٰذَا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ قَاسَا لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَسَكَتَ جَعْفَرٌ عَنْهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت جعفر بن محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ کے پاس مدینہ منورہ میں تھے، ہشام بن حکم نے کہا: اے رسول اللہ کے بیٹے! یہ ابوحنیفہ صاحب قیاس ہیں، پھر ان سے فرمایا: آپ نے قیاس کہاں سے لیا؟ انہوں نے فرمایا: حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کے قول سے، جب ان دونوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا کہ جب دادا بھائیوں کے ساتھ ہو تو کیا وراثت پائے گا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیر المومنین آپ کا کیا خیال ہے؟ اگر کوئی درخت ہو اس سے کچھ ٹہنیاں نکلیں اور پھر اس ٹہنی سے دو ٹہنیاں نکلیں ان میں سے نکلی ہوئی ٹہنی اس شاخ کے قریب ہوگی جس سے وہ نکلی ہے یا درخت کے زیادہ قریب ہوگی؟ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر کوئی راجباہ ہو اور اس کے اندر سے دو کھال نکل رہے ہوں پھر اس میں سے دو اور چھوٹے کھال نکلیں تو یہ چھوٹا کھال اس بڑے کھال کے زیادہ قریب ہوگا، جس سے وہ نکلا ہے، یا راجباہ کے زیادہ قریب ہوگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دادا اور بھائیوں کے معاملے میں فتویٰ کو روک کر رکھا۔ یہ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ دونوں نے جناب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس قیاس کیا تھا۔ حضرت جعفر اس وقت خاموش ہو گئے۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) محمد بن عبد الحميد (عن) أبي مرداس (عن) جعفر بن مالك (عن) عمر بن مسكين (عن) هشام بن الحكم قال رأيت أبا حنيفة بالمدينة عند جعفر بن محمد فقلت له يا ابن رسول الله هذا أبو حنيفة صاحب القياس فقلت من أين أخذت القياس الحديث

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''محمد بن عبد الحمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابومرداس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''جعفر بن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر بن مسکین رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، آپ فرماتے ہیں: میں نے مدینہ منورہ میں حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے، میں نے ان سے کہا: اے رسول اللہ کے بیٹے! یہ ابوحنیفہ ہے جو قیاس والے ہیں، انہوں نے پوچھا: آپ نے قیاس کہاں سے اخذ کیا۔ اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی۔

(۱۷۵۹) اخرجه عبد الرزاق ۱۰:۲۶۵ في الفرائض: باب فرض الجد والبيهقي في السنن الكبرى ۶:۲۴۶ في الفرائض: باب من لم يورث الاخوة مع الجد والدارمي في السنن ۲:۴۵۲ (۲۹۱۹) في الفرائض: باب قول علي في الجد

✡ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کی ایک آزادہ لونڈی مرگئی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نصف عطا کیا ✡

1760/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ اَنَّ بِنْتَ حَمْزَةَ اَعْتَقَتْ مَمْلُوْكاً فَمَاتَ وَتَرَكَ بِنْتاً فَاَعْطَاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ النِّصْفَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت حکم بن عیبہ رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: حمزہ کی بیٹی نے ایک مملوک کو آزاد کیا وہ مرگیا اور اس نے ایک بیٹی چھوڑی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آدھا حصہ عطا فرمایا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد فی مسنده (عن) أحمد بن محمد بن سعيد (عن) حازم بن عبد الله (عن) الإمام أبی حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے) حضرت ''احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حازم بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ نفاذ وصیت میں کس صورت میں غلام سے آغاز کیا جائے گا ✡

1761/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ فَقَالَ فِي الْوَصِيَّةِ فُلَانٌ حُرٌّ وَاَعْطُوْا فُلَاناً النِّصْفَ بَدَءَ بِالْعِتْقِ وَاِذَا قَالَ اَعْتِقُوْا فُلَاناً وَاَعْطُوْا فُلَاناً كَذَا وَكَذَا فَبِالْحِصَصِ وَاِذَا قَالَ اَعْطُوا فُلَاناً هٰذَا الْعَبْدَ بِعَيْنِهٖ وَاَعْطُوْا فُلَاناً كَذَا وَكَذَا بَدَءَ بِهٰذَا الَّذِيْ بِعَيْنِهٖ مِنَ الثُّلُثِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص وصیت کرے اور وصیت میں کہے ''فلاں شخص آزاد ہے اور فلاں شخص کو آدھا دے دینا'' تو ابتداء آزاد کرنے سے کی جائے گی، جب اس نے کہا ''فلاں کو آزاد کردو اور فلاں کو اتنے پیسے دے دو'' تو پھر حصوں کے مطابق فیصلہ ہوگا اور جب اس نے کہا ''فلاں کو یہ غلام دے دینا اور فلاں کو اتنے اتنے پیسے دے دینا'' تو پھر ایک تہائی میں سے اس معین غلام سے آغاز کیا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ فيما وصف من العتق فأما إذا قال أعطوا فلاناً هذا العبد بعينه وأعطوا فلاناً كذا تحاصوا فی الثلث وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

(۱۷۶۰) اخرجه الحصكفی فی مسند الامام (۵۲۰)، احمد ۵:۴۰۵، وابن ابی شیبة ۱۱:۲۶۷، وابن ماجة (۲۷۳۴)، والطبرانی فی الکبیر ۲۴: (۸۷۴)، والنسائی فی الکبری (۶۳۹۸)، والحاکم فی المستدرک ۴:۶۶، وابو داود فی المراسیل (۳۶۴)، والبیهقی فی السنن الکبری ۶:۲۴۱

(۱۷۶۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۵۴)، وسعید بن منصور ۱:۱۲۰ (۳۹۷) فی الوصایا: باب الرجل یوصی بالعتاقه، وابن ابی شیبة ۶:۳۲۵ (۳۰۸۷۵) فی الوصایا: باب الرجل یوصی بوصیة فیها عتاقة، وعبد الرزاق ۹:۱۵۷ (۱۶۷۴۱) فی المدبر: باب العتق عند الموت

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔یہ اس صورت میں ہے جب اس نے آزادی کی کیفیت بیان کردی ہو۔لیکن اگر اس نے کہا ہو ''فلاں کو یہ غلام دے دینا، اور فلاں شخص کو اتنا مال دے دینا'' ایسی صورت میں ایک تہائی میں ان کے حصے نکالے جائیں گے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆ایک آدمی کے لئے معین غلام کی وصیت کی اور ایک کے لئے ثلث مال کی☆

1762/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُوْصِي لِلرَّجُلِ بِعَبْدٍ بِعَيْنِهٖ وَيُوْصِي لِآخَرَ بِثُلُثِ مَالِهٖ قَالَ يُعْطَى هٰذَا الْعَبْدُ وَيُعْطَى هٰذَا مَا بَقِيَ اِنْ بَقِيَ شَيْءٌ قَالَ وَاِنْ اَوْصٰى لِهٰذَا بِمِائَةِ دِرْهَمٍ وَلِهٰذَا بِثُلُثِ مَالِهٖ يُعَطَّلُ لِهٰذَا مِائَةٌ وَلِآخَرَ مَا بَقِيَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو کسی آدمی کے لئے کسی معین غلام کی وصیت کرے اور دوسرے کے لئے اپنے مال کے ایک تہائی کی وصیت کرے ۔آپ فرماتے ہیں' یہ غلام دے دیا جائے گا اور اگر اس کے مال میں سے کچھ باقی بچا ہو تو وہ اس کو دے دیا جائے گا۔آپ فرماتے ہیں' اگر اس نے ایک آدمی کے لئے ۱۰۰ درہم کی وصیت کی ہو اور ایک آدمی کے لئے ثلث مال کی تو اس آدمی کو ۱۰۰ سو درہم دے دیئے جائیں گے اور جو باقی بچے گا وہ دوسرے کا ہے۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولكن صاحبي الوصية يتحاصان في الثلث بوصيتهما ولا يكون أحدهما بأحق بالثلث من صاحبه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم اس کو اختیار نہیں کرتے، بلکہ ہم کہتے ہیں، جن دو لوگوں کو وصیت کی گئی ہے، وہ دونوں اپنی وصیت کے مطابق ایک تہائی میں سے حصے لیں گے۔ایسا نہیں ہوسکتا کہ دونوں میں سے ایک شخص پورے ثلث کا مستحق ہو جائے اور دوسرا محروم ہو۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆موت کے وقت ایک غلام کا تیسرا حصہ آزاد کیا مزید بھی کچھ وصیتیں کیں☆

1763/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الرَّجُلِ يُعْتِقُ ثُلُثَ عَبْدِهٖ عِنْدَ مَوْتِهٖ وَقَدْ اَوْصٰى بِوَصَايَا قَالَ بَدَءَ بِعِتْقِ الثُّلُثِ مِنْ غُلَامِهٖ وَلَا يُعْتَقُ مِنْهُ اِلَّا مَا اَعْتَقَ وَيَسْتَسْعٰى فِيْمَا لَمْ يُعْتِقْ مِنْهُ وَاِذَا اَوْصٰى مَعَ عِتْقِ ثُلُثِهٖ بِوَصَايَا وَلَهٗ مَالٌ جَعَلَ ثُلُثَا سِعَايَتِهٖ فِيْمَا اَوْصٰى بِهٖ وَلَا يُجْعَلُ ذٰلِكَ لِلْوَرَثَةِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے

(۱۷۶۲) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٥)

(۱۷۶۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٥٦) ابن ابي شيبة ٤:٤٣١ (٢١٧٦٤) في البيوع والاقضية: باب اذا اعتق بعض عبده في مرضه

ہیں: ایسا شخص جو اپنی موت کے وقت اپنے غلام کا ایک تہائی حصہ آزاد کرتا ہے اور اس نے کچھ مزید وصیتیں بھی کی ہوں۔ آپ فرماتے ہیں: غلام کا ایک تہائی حصہ پہلے آزاد کیا جائے گا اور اس سے صرف اتنا ہی آزاد ہوگا جو آزاد کیا اور جو باقی بچا، اس کے بارے میں غلام خود کوشش کرے گا اور جب اس نے اس کے ایک تہائی حصے کی آزادی کے ساتھ ساتھ کچھ مزید وصیتیں بھی کی ہوں اور اس کا کچھ مال بھی ہو تو اس کی کوشش میں سے دو تہائی اس کی وصیت کی مد میں قرار دیا جائے گا اور اس کو وارثوں کے لئے نہیں رکھا جائے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وهو قول أبی حنيفة أما فی قولنا فإذا أعتق ثلثه عتق كله وبدء به من ثلث مال الميت قبل الوصايا فإن بقی شیء كان لأصحاب الوصايا بالحصص

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا' یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں' جب اس نے غلام کا ایک تہائی آزاد کیا تو وہ مکمل ہی آزاد ہوگا، دیگر وصیتوں کے نفاذ سے پہلے اسی کی آزادی کو مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی، اس کی آزادی مکمل ہونے کے بعد اگر کچھ مال بچ جائے تو وہ ان لوگوں کو دیا جائے گا جن کے لئے وصیتیں کی گئیں، وہ ان کے درمیان ان کی وصیتوں کے تناسب سے تقسیم کر دیا جائے گا۔

☼ جس نے موت کے وقت غلام آزاد کر دیا، اس پر قرضہ بھی تھا، قرضہ ادا کر دیا جائے گا ☼

1764/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِی الرَّجُلِ يُعْتِقُ عَبْدَهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ قَالَ يَسْتَسْعِیْ فِی قِيْمَتِهٖ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: ایسا شخص جو اپنی موت کے وقت غلام آزاد کر دے اور اس کے اوپر کچھ قرضہ بھی ہو تو غلام اپنی قیمت کے معاملے میں کوشش کرے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا كان الدين مثل القيمة أو أكثر ولم يكن له مال غيره فإن كان الدين أقل من القيمة سعی فی مقدار الدين من القيمة للغرماء فی ثلثی ما بقی للورثة وكان له الثلث وصية وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب اس پر قرضہ اس کی قیمت جتنا ہو یا اس سے زیادہ ہو یا اس کا اس غلام کے علاوہ کوئی اور مال ہی نہ ہو، اگر قرضہ غلام کی قیمت سے کم ہو تو وہ محنت کر کے قرضہ خواہوں کو اپنی قیمت ادا کرے، لیکن یہ اتنی رقم ادا کرے گا جتنی وارثوں کو دو تہائی ملنی تھی، ایک تہائی اس کے لئے بطور وصیت ثابت ہوگا۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

(۱۷٦٤) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (٦٥٧) وسعيد بن منصور ۱:۱۲۳ (٤١٦) فی الوصايا: باب الرجل يعتق عند موته وعبد الرزاق ۹:۱٦٤ (١٦٧٦٥) فی المدبر: باب الرجل يعتق رقيقه عبد الموت وابن ابی شيبة ٤:٤٣٠ (٢١٧٥٥) فی البيوع والاقضية: باب الرجل يعتق عبده وليس له مال غيره

کا موقف ہے۔

1765/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) عُمَرَ بْنِ بِشْرِ الْكُوْفِيُّ الْهَمْدَانِيُّ (عَنِ) الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ قَالَ بِالْمَالِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت عمر بن بشر کوفی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ سے وہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: مال کا فیصلہ کیا۔

(أخرجه) الحافظ طلحة بن محمد في مسنده (عن) أبي العباس أحمد بن عقدة (عن) إسماعيل بن حماد (عن) أبيه عن الإمام أبي حنيفة (قال الحافظ) (ورواه) حماد (عن) عمر (عَنِ) الشَّعْبِيِّ أيضاً

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''ابوعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے ''والد'' حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی سند یوں ہے)، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ جس نے جان بوجھ کر یا خطا سے قتل کر دیا، وہ مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا ☼

1766/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ لَا يَرِثُ قَاتِلٌ مِمَّنْ قَتَلَ خَطَأً اَوْ عَمَدًا وَلٰكِنْ يَرِثُهُ اَوْلَى النَّاسِ بِهٖ بَعْدَهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: قاتل نے جس کو خطا کے طور پر یا جان بوجھ کر قتل کیا ہو، وہ اپنے مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا بلکہ اس کے بعد لوگوں میں جو اس کے سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار ہوگا وہ وراث بنے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبي حنيفة لا يرث من قتل خطأ أو عمداً من الدية ولا من غيرها

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ جس نے قتل خطا یا قتل عمد کیا، وہ مقتول کی وراثت نہیں پا سکتا، نہ دیت میں نہ کسی اور چیز میں۔

☼ موت کے وقت غلام آزاد کرنا یا صدقہ کرنا ایسے ہی ہے جیسے پیٹ بھرنے کے بعد صدقہ کرنا ☼

1767/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ (عَنْ) اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ

(۱۷۶۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۵) وعبد الرزاق ۹:۴۰۵ (۱۷۷۵۳) في العقول: باب ليس للقاتل ميراث وابن ابي شيبة ۶:۲۸۳ (۳۱۴۰۱) في الفرائض: في القاتل لا يرث شيئاً

(۱۷۶۷) اخرجه احمد ۵:۱۹۷ والنسائي في المجتبى ۶:۲۳۸ وفي الكبرى (۴۸۹۳) والطيالسي (۹۸۰) والدارمي في السنن (۳۲۲۶) والطبراني في الاوسط (۸۶۴۴) والحاكم في المستدرك ۲:۲۱۳ والبيهقي في السنن الكبرى ۴:۱۹۰ وفي شعب الايمان (۴۳۴۷)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَثَلُ الَّذِىْ يَتَصَدَّقُ اَوْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَالَّذِىْ يُهْدِىْ اِذَا شَبِعَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص صدقہ کرتا ہے یا موت کے وقت غلام آزاد کرتا ہے یہ اس شخص کی طرح ہے کہ جب اس کا (اپنا) پیٹ بھر جائے تو وہ (دوسرے کو) ہدیہ کردے۔

(أخرجه) الحافظ محمد بن المظفر فى مسنده (عن) أبى محمد عبد الله بن محمد الدمشقى (عن) أحمد بن عتيك بن ناصح (عن) صالح بن بيان (عن) الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) أبى محمد عبد الله بن محمد (عن) أحمد بن عتيك بن ناصح (عَنِ) الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ عن الإمام أبى حنيفة

(ورواه) (عن) الحسن بن محمد بن شعبة (عن) أبى سعيد الأشج (عن) أبى يحيى التيمى (عن) إسماعيل بن إبراهيم (عن) إدريس الأودى (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (ذکر کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عتیک بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''صالح بن بیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اسی حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''احمد بن عتیک بن ناصح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ہیثم بن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اسی حدیث کو حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسن بن محمد بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوسعید اشج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابویحیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

✡ زندگی میں وارثوں نے اضافی وصیت تسلیم کرلی تھی، بعد از وفات انکار کردیا تو مکر سکتے ہیں ✡

1768/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ فِى الرَّجُلِ يُوْصِى بِاَكْثَرِ مِنَ الثُّلُثِ فَيُجِيْزُهُ الْوَرَثَةُ فِىْ حَيَاةِ الْمُوْصِىْ فَاِذَا مَاتَ الْمُوْصِىْ اَبَوْا اَنْ يُجِيْزُوْا فَاِنَّ لَهُمْ ذٰلِكَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ایسا شخص جو ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت کرے اور ورثاء وصیت کرنے والے کی حیات میں اس کو جائز قرار دے دیں تو جب وصیت کرنے والا مر گیا اور اس کے وارثوں نے اس کی وصیت پورا کرنے سے انکار کردیا تو ان کو اس بات کا حق پہنچتا ہے۔

(أخرجه) الحافظ الحسين بن محمد بن خسرو البلخى فى مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) عبد

(۱۷۶۸) قد تقدم فى (۱۷۵۲)

الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم (عن) محمد بن شجاع (عن) الحسن بن زياد (عن) الإمام أبي حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد في مسنده (عن) الإمام أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت'' ابو قاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ ہمدان کے لوگوں کو کہا گیا، جس کا کوئی وراث نہ ہو، اس کا مال جہاں چاہو استعمال کرلو ☼

1769/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنِ) الْهَيْثَمِ (عَنْ) عَامِرِ الشَّعْبِيِّ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ يَا مَعْشَرَ هَمْدَانِ اَنَّهُ يَمُوْتُ الرَّجُلُ مِنْكُمْ وَلَا يَتْرُكُ وَارِثًا فَلْيَضَعْ مَالَهُ حَيْثُ شَاءَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: اے ہمدان کے لوگو! تم میں سے جو شخص مرجائے اور وہ کوئی وارث نہ چھوڑے تو اس کا مال جہاں چاہو رکھ لو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ إذا لم يدع وارثاً فأوصى بماله كله جاز وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ جب اس نے کوئی وارث نہ چھوڑا ہو تو تمام مال کی وصیت کرنا بھی جائز ہے۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس بچے کے والدین میں ایک مسلم ایک کافر ہو، وہ مسلمان کا قرار پائے گا ☼

1770/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي الْوَلَدِ يَكُوْنُ اَحَدُ وَالِدَيْهِ مُسْلِماً وَالْآخَرُ مُشْرِكاً قَالَ هُوَ لِلْمُسْلِمِ مِنْهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ایسا بچہ جس کے والدین میں سے ایک مسلمان اور دوسرا مشرک ہو، وہ ان دونوں میں سے مسلمان کا قرار پائے گا۔

(۱۷۶۹) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۹۰) وعبد الرزاق ۹:۶۸ (۱۶۱۸۰) في الولاء: باب الرجل من العرب لا يعرف له اصل وسعيد بن منصور ۱:۸۱ (۲۱۵) في ولاية العصبة: باب الرجل اذا لم يكن له وارث وضع ماله حيث شاء والطحاوي في شرح معاني الآثار ۴:۴۰۳ وابن ابي شيبة ۶:۲۲۷ (۳۰۶۹۴) في الوصايا: باب من رخص ان يوصي بماله كله

(۱۷۷۰) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (۶۸۹) في الميراث: باب من مات ولم يترك وارثا مسلما

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه عن الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ الولد علی دین الإسلام فإن کانا کافرین وأحدهما من أهل الکتاب والآخر مشرك فهو للذی من أهل الکتاب تحل ذبیحته ومناکحته للمسلمین وهو قول أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ بچہ دین اسلام پر ہوتا ہے۔اگر ماں باپ دونوں کافر ہوں،لیکن ان میں سے ایک اہل کتاب ہو اور دوسرا مشرک ہو تو بچہ اہل کتاب کا ہوگا،اس کا ذبیحہ حلال ہے،اس کا مسلمان کے ساتھ نکاح حلال ہے۔اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ مشرک ایک دوسرے کے وارث ہیں،ہم نہ ان کو وراثت دیتے ہیں،نہ ان سے لیتے ہیں ☼

1771/(اَبُوْحَنِیْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِیْمَ (عَنْ) عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اَلْمُشْرِکُوْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَاءُ بَعْضٍ لَا نَرِثُهُمْ وَلَا یَرِثُوْنَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے،وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں،وہ فرماتے ہیں: مشرک ایک دوسرے کے اولیاء ہیں،ہم نہ ان کے وارث بنتے ہیں اور نہ ان کو اپنی وراثت دیتے ہیں۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسین بن محمد بن خسرو البلخی فی مسنده (عن) أبی القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبی القاسم عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهیم بن حبیش البغوی (عن) أبی عبد الله محمد بن شجاع الثلجی (عن) الحسن بن زیاد (عن) الإمام أبی حنیفة

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنیفة ثم قال محمد وبه نأخذ الکفر ملة واحدة یتوارثون علیها وإن اختلفت أدیانهم یرث الیهودی النصرانی والنصرانی المجوسی ولا یرثهم المسلمون ولا یرثونهم

(أخرجه) الحسن بن زیاد فی مسنده (عن) الإمام أبی حنیفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے،اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے،انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔تمام کفر ایک ہی ملت ہے یہ لوگ ایک دوسرے کی وراثت پائیں گے اگرچہ ان کے دین آپس میں مختلف ہوں،چنانچہ یہودی،عیسائی کا وارث ہوگا اور عیسائی مجوسی کا وارث ہوسکتا ہے،لیکن ان میں سے کوئی بھی نہ

(۱۷۷۱) اخرجه محمد بن الحسن الشیبانی فی الآثار (۶۸۶) والبیهقی فی السنن الکبری ۶:۲۱۹ فی الفرائض: باب لا یرث المسلم الکافر.... والدارمی فی السنن ۲:۴۶۵ (۲۹۹۰) فی الفرائض: باب فی میراث اهل الشرك واهل الاسلام وعبد الرزاق ۶:۱۶ (۹۸۵۶) فی اهل الکتاب: باب لا یتوارث اهل الملتین و (۱۰۱۴۵) میراث المرتد

مسلمان کا وارث ہوسکتا ہے اور نہ مسلمان ان کا وارث ہوسکتا ہے۔

○اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☆ایک عیسائی مرگیا، اس کا کوئی وارث نہیں تھا، اس کا مال بیت المال میں جمع کروادیا گیا☆

1772/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِي النَّصْرَانِيِّ يَمُوْتُ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ قَالَ مِيْرَاثُهُ لِبَيْتِ الْمَالِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: ایک نصرانی فوت ہوگیا اور اس کا کوئی وارث نہیں تھا تو آپ نے فرمایا: اس کی وراثت بیت المال میں جمع کرادی جائے گی۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔

☆چھوٹا بچہ فوت ہوا، ماں باپ میں سے ایک کافر ایک مسلمان ہے، مسلمان وارث ہوگا☆

1773/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِی الْوَلَدِ الصَّغِيْرِ يَمُوْتُ وَاَحَدُ وَالِدَيْهِ كَافِرٌ وَالْآخَرُ مُسْلِمٌ اَنَّهُ يَرِثُهُ الْمُسْلِمُ اَيُّهُمَا كَانَ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں: وہ چھوٹا بچہ جو مرگیا اور اس کے والدین میں سے ایک کافر اور دوسرا مسلمان تھا تو مسلمان اس کا وارث بنے گا وہ جو بھی ہو۔

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن فی الآثار فرواه (عن) الإمام أبی حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ وهو قول أبی حنيفة رضی الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☆جس کو مال کے ایک سہم کی وصیت کی، اس کو کل مال کا چھٹا حصہ ملے گا☆

1774/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِی الرَّجُلِ يُوْصِی بِسَهْمٍ مِنْ مَالِهِ اَنَّ لَهُ السُّدُسُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے، وہ حضرت عبداللہ بن

(۱۷۷۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۶۸۷)

(۱۷۷۳) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانی فی الآثار (۶۸۸) وعبدالرزاق ۶:۲۸ (۹۸۹۹) فی اهل الكتاب: باب النصرانيان يسلمان لهما اولاد صغار وابن ابی شيبة ۶:۲۸۸ (۳۱۴۴۹) فی الفرائض: الصبی يموت واحد ابويه مسلم ! والبخاری تعليقاً ۱:۴۵۴ فی العتق: باب اذا اسلم الصبی فمات

(۱۷۷۴) اخرجه ابن ابی شيبة ۶:۳۱۷ (۳۰۷۹۲) فی الوصايا: باب فی الرجل يوصی للرجل بسهم من ماله

مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: ایسا شخص جو اپنے مال میں سے کچھ حصے کی وصیت کرے اس کے لئے چھٹا حصہ ہے۔

(أخرجه) الحافظ أبو عبد الله الحسين بن محمد بن خسرو فى مسنده (عن) أبى القاسم بن أحمد بن عمر (عن) أبى القاسم عبد الله بن الحسن الخلال (عن) عبد الرحمن بن عمر (عن) محمد بن إبراهيم بن حبيش البغوى (عن) أبى عبد الله محمد بن شجاع الثلجى (عن) الحسن ابن زياد (عن) الإمام أبى حنيفة

(وأخرجه) الحسن بن زياد فى مسنده (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں (روایت کیا ہے، اس کی اسنادیوں ہے) حضرت ''ابوقاسم بن احمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوقاسم عبد اللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبد الرحمٰن بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حبیش بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

○ اس حدیث کو حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

☼ شوہر نے تہمت لگائی، ایک نے لعان کیا، ایک دوسرے کے وارث ہیں ☼

1775/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا قَذَفَ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهٗ فَالْتَعَنَ اَحَدُهُمَا تَوَارَثَا مَا لَمْ يَلْعَنِ الْآخَرُ وَيُفَرِّقُ السُّلْطَانُ بَيْنَهُمَا

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شوہر اپنی بیوی پر تہمت لگائے تو ان دونوں میں سے ایک لعان کرے تو وہ دونوں ایک دوسرے کے وارث بنیں گے جب تک کہ دوسرا لعان نہ کرے اور سلطان ان دونوں کے درمیان تفریق کروادے گا۔

(أخرجه) الإمام محمد ابن الحسن فى الآثار فرواه (عن) الإمام أبى حنيفة رضى الله عنه ثم قال محمد وبه نأخذ يتوارثان ما لم يتلاعنا جميعاً ويفرق السلطان بينهما وهو قول أبى حنيفة

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں۔ وہ دونوں ایک دوسرے کی وراثت کے بھی مستحق ہونگے جب تک کہ وہ دونوں ایک ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ لعان نہ کریں۔ اور سلطان ان میں تفریق کروادے گا۔ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

☼ جس عورت سے لعان ہوا، اس کے بچے کی وراثت کے احکام ☼

1776/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ فِىْ مِيْرَاثِ اِبْنِ الْمُلَاعَنَةِ اِذَا كَانَتِ الْاُمُّ وَوَلَدُهَا هُمْ وَرَثَتُهٗ

(۱۷۷۵) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۶۹۶) فى الميراث: باب ميراث المتلاعنين وابن الملاعنة

(۱۷۷۶) اخرجه محمد بن الحسن الشيبانى فى الآثار (۶۹۷) وابن ابى شيبة ۶:۲۷۵ (۳۱۳۱۰) فى الفرائض: باب فى ابن الملاعنة مات وترك امه والرجل من ميراثه؟ والدارمى فى السنن ۲:۴۵۹ (۲۹۵۶) فى الفرائض: باب فى ميراث ابن الملاعنة وعبد الرزاق ۷:۱۲۴ (۱۲۴۸۰) باب ميراث الملاعنة

فَعَلَى الْمِيرَاثِ وَإِنْ كَانَتِ الْأُمُّ وَحْدَهَا فَلَهَا الْمِيرَاثُ كُلُّهُ وَإِنْ مَاتَتْ أُمُّهُ ثُمَّ مَاتَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاجْعَلْ ذَوِي قَرَابَتِهِ مِنْ أُمِّهِ كَأَنَّهُمْ وَارِثُوا أُمِّهِ كَأَنَّهَا هِيَ الَّتِي مَاتَتْ فَإِنْ كَانَ أَخاً فَلَهُ الْمَالُ كُلُّهُ وَإِنْ كَانَ أُخْتاً فَلَهَا النِّصْفُ فَإِنْ كَانَ أَخاً وَأُخْتاً فَالثُّلُثَانِ لِلْأَخِ وَالثُّلُثُ لِلْأُخْتِ وَإِنْ كَانَتَا أُخْتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: جس عورت نے لعان کیا، اس کے بیٹے کی وراثت (یوں تقسیم ہوگی) اگر اس کی ماں کے ساتھ اور بھی بچے ہیں تو پھر یہ ان سب میں وراثت کے طور پر تقسیم ہوگی اور اگر ماں اکیلی ہو تو اس کے لئے ساری کی ساری میراث ہوگی۔ اگر اس کی ماں فوت ہو جائے اور اس کے بعد وہ لڑکا فوت ہو تو پھر اس کی ماں کے قرابت داروں کو وراثت دی جائے گی گویا کہ وہ سب اس کی ماں کے وارث ہیں جس طرح کہ وہ خود فوت ہوئی تھی اور اگر ایک بھائی ہو تو اس کو کل مال دیا جائے گا اور اگر بہن ہو تو اس کو آدھا مال دیا جائے گا اگر ایک بہن اور ایک بھائی ہو تو بھائی کے لئے دو ثلث اور بہن کے لئے ایک ثلث اور اگر دو بہنیں ہوں تو دونوں کے لئے دو ثلث۔

(وأخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) أبي حنيفة ثم قال محمد وبه نأخذ في قوله إذا ورثته الأم وولدها وفي قوله إذا ورثته الأم خاصة وأما ما سوا ذلك فلسنا نأخذ به ولكنا نقول إذا ماتت الأم نظر إلى أقربهم من ابن الملاعنة فجعلنا له المال فإن كانت القرابة واحدة فعلى القرابة فإن ترك أخاً أو أختاً فهو بمنزلة رجل غير ابن الملاعنة وإن ترك أخاً لأمه وأختاً لأمه ولم يترك وارثاً غيرهما ولا عصبة فالمال بينهما نصفان وهذا كله قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○ اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں نقل کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے: ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں لیکن صرف اس حد تک کہ جب اس بچے کے وارثوں میں اس کی ماں بھی ہو اور اس کا کوئی بچہ بھی ہو اور جب وہ اکیلی ہو تو سب مال پائے گی۔ اس کے علاوہ جتنی صورتیں بیان کی گئی ہیں، ہم ان کو اختیار نہیں کرتے، بلکہ ان میں ہمارا یہ موقف ہے کہ جب ماں فوت ہوگی تو دیکھیں گے کہ اس کے بیٹے کا سب سے قریبی کون ہے؟ مال اس کو دیں گے، اگر قرابت ایک جیسی ہو تو قرابت کے مطابق تقسیم کریں گے۔ چنانچہ اگر اس نے ایک بھائی یا ایک بہن چھوڑی تو یہ ایسے ہی ہونگے جیسے لعان والی عورت کے بیٹے کے علاوہ کوئی شخص ہو۔ اور اگر اس نے اخیافی بھائی اور اخیافی بہن چھوڑی ہو اور ان کے علاوہ اور کوئی وارث نہ چھوڑا ہو اور کوئی عصبہ بھی نہ ہو تو تمام مال ان کو آدھا آدھا دیا جائے گا۔ یہ سب حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا موقف ہے۔

✡ لعان کرنے والوں کا بیٹا مرا، ماں، بہن اور اخیافی بھائی چھوڑا ✡

1777/(أَبُوْ حَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) إِبْرَاهِيْمَ فِيْ ابْنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ يَمُوْتُ وَيَتْرُكُ أُمَّهُ وَأُخْتَهُ وَأَخاً لِأُمِّهِ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ لَهُمَا الثُّلُثُ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُمِّ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' دو لعان کرنے والوں کا بچہ فوت ہو گیا اور اس نے اپنی ماں اور بہن اور ایک اخیافی بھائی چھوڑا تو حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان دونوں کے لئے ایک ثلث ہے اور جو باقی بچا وہ ماں کے لئے ہے۔

(۱۷۷۷) اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار (٦٩٨) في الميراث: باب ميراث المتلاعنين وابن الملاعنة

(أخرجه) الإمام محمد بن الحسن في الآثار فرواه عن الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد ولسنا نأخذ بهذا ولكن لهما الثلث وللأم السدس وما بقي فهو رد على ثلاثة أسهم على قدر مواريثهم وهذا قياس قول علي بن أبي طالب وهو قول أبي حنيفة أما قول إبراهيم فهو على قياس قول عبد الله بن مسعود لأنه كان لا يرد على الأخوة من الأم مع الأم وكان أمير المؤمنين علي كرم الله وجهه يرد عليهم على قدر مواريثهم بقوله رضي الله عنه نأخذ

○اس حدیث کو حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے آثار میں ذکر کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہم اس کو اختیار نہیں کرتے بلکہ ان دونوں کو ایک تہائی ملے گا اور ماں کو چھٹا حصہ۔ اور جو بچے گا وہ دوبارہ لوٹایا جائے گا، وہ پھر تین حصوں میں تقسیم ہو جائے گا جیسے اول تقسیم میں ان کو حصے ملے، یہ حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے قول کا قیاس ہے۔ یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔ اور جو حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا قول ہے، وہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے قول پر قیاس ہے، کیونکہ وہ ماں کی موجودگی میں اخیافی بہن بھائیوں کو دوبارہ تقسیم میں حصہ نہیں دیتے، جبکہ حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' ان کو ان کے وراثتی حصص کے مطابق دوبارہ حصہ دیا کرتے تھے۔ ہم انہی کے قول کو اختیار کرتے ہیں۔

☆ ماں اس کا عصبہ بنتی ہے جس کا کوئی عصبہ نہ ہو ☆

1778/(اَبُوْحَنِيْفَةَ) (عَنْ) حَمَّادٍ (عَنْ) اِبْرَاهِيْمَ اَلْاُمُّ عَصَبَةُ مَنْ لاَ عَصَبَةَ لَهُ اِذَا تَرَكَ اِبْنُ الْمُلاَعِنَةِ اُمَّهُ كَانَ الْمَالُ لَهَا فَاِذَا لَمْ يَتْرُكْ اُمَّا نَظَرَ اِلٰى مَنْ كَانَ يَرِثُ اُمَّهُ فَهُوَ يَرِثُهُ

✧✧ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ماں اس کا عصبہ بنتی ہے جس کا کوئی عصبہ نہ ہو۔ جب لعان کرنے والی کے بیٹے نے اپنی ماں چھوڑی تو سارے کا سارا مال اس کو ملے گا اور جب اس نے ماں نہ چھوڑی ہو تو پھر دیکھا جائے گا کہ اس کی ماں کا وارث کون ہے، وہی اس بچے کا وارث بنے گا۔

أخرجه محمد بن الحسن في الآثار فرواه (عن) الإمام أبي حنيفة ثم قال محمد وأما في قولنا فإذا ترك أمه ولم يترك غيرها ممن يرث ممن له سهم فالمال لها وإن لم تكن له أم حية ولا ذو سهم فالمال لأقرب الناس إليه من أمه ولا ينظر إلى من كان يرث أمه وهو قول أبي حنيفة رضي الله عنه

○اس حدیث کو حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے آثار میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ پھر حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ہم یہ کہتے ہیں کہ جب اس نے ماں چھوڑی ہو اور اس کے علاوہ اور کوئی ذی فرض وارث نہ ہو، تو سب مال اُس کا ہوگا اور اگر اس کی ماں زندہ نہ ہو اور نہ ہی اس کا کوئی ذی فرض ہو تو پھر ماں کی طرف سے جو زیادہ قریبی رشتہ دار ہوگا، اس کو ملے گا اور یہ نہیں دیکھا جائے گا کہ ماں کا وارث کون ہے؟ یہی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب ہے۔

۱۷۷۸)اخرجه محمد بن الحسن الشيباني في الآثار(٦٩٩)والدارمي في السنن ٢:٣٦٢(٢٩٥٩)في الوصايا:باب في ميراث ابن ملاعنة وابن ابي شيبة٦:٢٧٥(٣١٣١١)في الفرائض :باب في ابن الملاعنة مات وترك امه ،الرجل من ميراثه!

اَلْبَابُ الْاَرْبَعُوْنَ فِیْ مَعْرِفَةِ مَشَائِخِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

وَذِکْرِ اَحْوَالِهِمْ وَتَرَاجُمِهِمْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ وَفِیْهَا فَصُوْلٌ

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ فِیْ مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلَّذِیْنَ لَهُمْ ذِکْرٌ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ فِیْ مَعْرِفَةِ مَشَائِخِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِیْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَیَقْرُبُ عَدَدُهُمْ مِنْ ثَلَاثِمَائَةٍ

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْ مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ اَلَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُمْ خَمْسُمِائَةٍ اَوْ یَزِیْدُوْنَ وَفِیْهِ ذِکْرُ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ مُسْنَدِهِ الَّذِیْ جَمَعَهٗ لَهٗ اَبُوْ یَعْقُوْبَ الْاَصَمُّ وَجَمِیْعُ مَشَائِخِهٖ فِیْهِ مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَغَیْرِهِمْ اِثْنَانِ وَثَلَاثُوْنَ شَیْخًا وَفِیْهِ ذِکْرُ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَالْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ وَشُیُوْخُهُمْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ فِیْ مَعْرِفَةِ اَصْحَابِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ مَعْرِفَةِ غَیْرِهِمْ مِنْ مَشَائِخِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

فَنَذْکُرُ اَسْمَاءَ هُمْ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ سِوٰی مَنْ اِسْمُهٗ مُحَمَّدٌ فَاِنَّا نُقَدِّمُهٗ تَبَرُّکًا بِاِسْمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَنَبْدَاُ فِیْ کُلِّ حَرْفٍ بِذِکْرِ اَسْمَاءِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَذْکُرُ اَسْمَاءَ التَّابِعِیْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَنَبْدَاُ مِنْ بَیْنِهِمْ بِشُیُوْخِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ نَذْکُرُ اَصْحَابَهُ اَلَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ ثُمَّ نَذْکُرُ سَائِرَ الْمَشَائِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ فَنَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِیْقُ ثُمَّ نَذْکُرُ اَوَّلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِیَهُمْ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰی عَنْهُمْ قَدْ ذَکَرْنَا فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ اِخْتِلَافُ الْعُلَمَاءِ فِیْ عَدَدِهِمْ

چالیسواں باب ان مسانید کے مشائخ کی معرفت کے بیان میں۔

اس میں ان کے حالات زندگی اوران کے تراجم حروف تہجی کے لحاظ سے ذکر کئے جائیں گے۔اس میں کچھ فصلیں ہیں۔

پہلی فصل میں رسول اکرم ﷺ کے ان صحابہ کے حالات بیان کئے جائیں گے جن کا ان مسانید میں ذکر آیا ہے۔

دوسری فصل میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے وہ مشائخ جو طبقہ صحابہ سے اور تابعین سے تعلق رکھتے ہیں ان کے حالات بیان ہونگے اوران کی تعداد تقریبا ۳۰۰ ہے۔

تیسری فصل میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان اصحاب کا ذکر ہے جنہوں نے ان مسانید میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت لی ہے۔ان کی تعداد ۵۰۰ سے زیادہ ہے۔ان میں ان کا بھی ذکر آئے گا جن سے اس مسند میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت لی ہے جس کو حضرت ''ابو یعقوب الاصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا ہے۔اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان جمیع مشائخ کا ذکر ہوگا جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں۔ان کی تعداد ۳۲ ہے۔ اوراس میں ان کا ذکر بھی ہے جن سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے شیوخ نے حدیث روایت کی ہے۔

چوتھی فصل میں ان مسانید کے اصحاب کا ذکر ہے۔

پانچویں فصل میں ان مسانید کے مشائخ کا ذکر ہے۔

ہم ان سب کا ذکر حروف تہجی کی ترتیب سے کریں گے۔سوائے ان بزرگوں کے نام کے، جن کا اسم گرامی ''محمد'' ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کی برکت کی وجہ سے ان کا ذکر ہم پہلے کریں گے۔ ہر حرف کے تحت ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسماء ذکر کریں گے، پھر تابعین کے اسماء ذکر کریں گے پھر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کا ذکر کریں گے، پھر ان اصحاب کا ذکر کریں گے جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت لی ہے۔پھر تمام مشائخ کا ذکر کریں گے چنانچہ اللہ ہی کی توفیق سے ہم کہتے ہیں۔ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سب سے پہلے ان کا ذکر کریں گے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ملاقات ہوئی ہے۔اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت لی ہے۔ہم نے کتاب کے آغاز میں ایسے صحابہ کی تعداد میں علماء کے اختلاف کا ذکر کر دیا ہے۔

(1)اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

قَالَ اِمَامُ اَئِمَةِ الْمُحَدِّثِيْنَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ تَارِيْخِهِ الْكَبِيْرِ (اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ) اَبُوْ حَمْزَةَ اَلنَّجَّارِيُّ اَلْخَزْرَجِيُّ اَلْاَنْصَارِيُّ خَادِمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَكَنَ الْبَصْرَةَ قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَضِيَ عَنْهُ (حَدَّثَنَا) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ (عَنْ) اِبْنِ عُيَيْنَةَ (عَنِ) الزُّهْرِيِّ (عَنْ) اَنَسٍ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْمَدِيْنَةَ وَاَنَا اِبْنُ عَشْرِ سِنِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ (حَدَّثَنَا) اَبُوْ نُعَيْمٍ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ (عَنْ) اِبْنِ لِاَنَسٍ قَالَ مَاتَ اَنَسٌ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَتِسْعِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ (حَدَّثَنَا) مُعْتَمِرٌ (عَنْ) حَمْزَةَ اَنَّ اَنَساً عَاشَ مِائَةَ سَنَةً اِلَّا سَنَةً وَّمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ (وَحَدَّثَنَا) اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ (عَنْ) اِبْنِ عُلَيَّةَ قَالَ هَلَكَ اَنَسٌ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَلَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ عِنْدَ الْاَكْثَرِ وَقِيْلَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ قَالَهُ اِبْنُ عُلَيَّةَ فَاَيُّ مَانِعٍ (عَنْ) سِمَاعِهٖ مِنْهُ وَاَيُّ حُجَّةٍ لِمَنْ اَنْكَرَ سِمَاعَهٗ مِنْهُ وَاَنَّهٗ شَهَادَةٌ عَلَى النَّفْيِ لَا دَلِيْلَ عَلَيْهِ

حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ''

امام المحدثین امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب تاریخ کبیر کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''انس بن مالک نجاری، خزرجی، انصاری رضی اللہ عنہ'' کی کنیت ''ابوحمزہ'' ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم ہیں اور بصرہ کے اندر قیام پذیر رہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان نقل کیا ہے' (وہ فرماتے ہیں) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت میری عمر دس برس تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کا بیان نقل کرتے ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ سن ۹۲ ہجری کو فوت ہوئے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ کی عمر ۹۹ برس تھی اور آپ سن ۹۱ ہجری میں فوت ہوئے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں احمد بن سلیمان نے بیان کیا ہے، انہوں نے ابن علیہ سے روایت کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ کی وفات سن ۹۳ ہجری کو ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ولادت اکثر مورخین کے نزدیک ۸۰ ہجری کی ہے اور ایک قول کے مطابق ۶۱ ہجری کی ہے۔ یہ ابن علیہ کا قول ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے سماع سے کونسی چیز مانع ہے اور جو لوگ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سماع کے منکر ہیں ان کے پاس کونسی دلیل ہے؟ اور یہ نفی کی شہادت ہے یہ کوئی دلیل نہیں ہے۔

(2) جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَوَّارِ بْنِ سَلْمَةَ السَّلَمِيُّ الْاَنْصَارِيُّ الْمَدَنِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اَلَّذِيْ شَهِدَ بَدْرًا رَوٰى عَنْهُ اَعْلَامُ التَّابِعِيْنَ وَهُوَ آخِرُ مَنْ مَاتَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ اَوْ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ بَعْدَ اَنْ عَمِيَ وَكَانَ عُمُرُهٗ اَرْبَعًا وَتِسْعِيْنَ سَنَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ (حَدَّثَنَا) مُسَدَّدٌ (عَنْ) اَبِيْ مُعَاوِيَةَ (عَنْ) اَبِيْ سَلْمَةَ (عَنْ) جَابِرٍ اَنَّهٗ قَالَ غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ غَزْوَةً بِنَفْسِهٖ شَهِدْتُّ مِنْهَا تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ اِخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِيْ سِمَاعِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ (عَنْ) جَابِرٍ وَاَكْثَرُهُمْ عَلٰى اَنَّهٗ مَا سَمِعَ مِنْهُ لِاَنَّهٗ وُلِدَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ بَعْدَ وَفَاتِهٖ وَقَالَ بَعْضُهُمْ مِنْهُمُ ابْنُ عُلَيَّةَ اَنَّهٗ وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ فَعَلٰى هٰذَا يَتَصَوَّرُ سِمَاعُهٗ مِنْهُ وَلٰكِنْ لَمْ يَرْوِ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اَنَّهٗ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا وَلٰكِنْ قَالَ عَنْ جَابِرٍ وَاَنَّهٗ لَا يَدُلُّ عَلَى السِّمَاعِ

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بن عمرو بن سوار بن سلمہ سلمی انصاری مدنی رضی اللہ عنہ''

یہ جنگِ بدر میں شریک ہوئے تھے۔ بڑے بڑے تابعین نے ان سے حدیث روایت کی ہے، یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں مدینہ منورہ میں انتقال کرنے والوں میں سب سے آخری ہیں، سن ۷۸ یا ۷۹ ہجری میں ان کا انتقال ہوا، آخری عمر میں ان کی بینائی زائل ہوگئی تھی اور ان کی عمر ۹۴ برس تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بذاتِ خود ۲۱ غزوات لڑے ہیں میں ان میں سے ۱۹ غزوات میں شریک ہوا ہوں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: علماء کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا سماع حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے یا نہیں؟ جبکہ اکثر علماء کا یہی قول ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے سماع نہیں کیا کیونکہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کی ولادت سن ۸۰ ہجری میں ہوئی اور اس وقت حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا وصال ہو چکا تھا بعض علماء جن میں حضرت ''ابن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' بھی ہیں وہ کہتے ہیں' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سن ۶۱ ہجری میں پیدا ہوئے اور اس بنیاد پر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سماع ممکن ہے۔ لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اس طور پر کوئی حدیث مروی نہیں ہے کہ انہوں نے کہا ہو کہ ''میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے''۔ لیکن ''عن جابر'' کہہ کر انہوں نے روایت کی ہے اور روایت کا یہ انداز سماع پر دلالت نہیں کرتا۔

---

(3)عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ يَحْيٰى الْجُهَنِيُّ وَيُقَالُ الْاَنْصَارِيُّ يُعَدُّ فِيْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ لِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ (حَدَّثَنِيْ) مُوْسٰى بْنُ شَيْبَةَ (عَنْ) اُمِّ سَلْمَةَ بِنْتِ مَعْقَلٍ (عَنْ) جَدَّتِهَا خَالِدَةِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَتْ جَاءَتْ اُمُّ الْبَنِيْنَ بِنْتُ اَبِيْ قَتَادَةَ بَعْدَ مَوْتِ اَبِيْهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ وَهُوَ مَرِيْضٌ فَقَالَتْ يَا عَمِّ اِنِّيْ اُقْرِأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ فَمَا رَدَّ عَلَيْهَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا اَوْ قَالَ نَعَمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُنَيْسٍ قَدِمَ الْكُوْفَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ قَالَ الْاِمَامُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَكَانَ عُمُرِيْ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَدِيْثَ الَّذِيْ مَرَّ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ

حضرت ''عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''ابو یحییٰ جہنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک قول کے مطابق انصاری ہیں

۔ان کو اہل مدینہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ مجھے حضرت ''ابراہیم بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''موسیٰ بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے' سیدہ ''ام سلمہ بنت معقل رحمۃ اللہ علیہا'' اپنی دادی سیدہ ''خالدہ بنت عبداللہ بن انیس رحمۃ اللہ علیہا'' سے روایت کرتی ہیں، وہ فرماتی ہیں: ام البنین بنت ابوقتادہ اپنے والد کی وفات کے نصف ماہ بعد حضرت ''عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ'' کے پاس آئیں، وہ اس وقت مریض تھے، انہوں نے کہا: اے میرے چچا جان! میں آپ کو سلام کہتی ہوں، تو انہوں نے ان کو نہ کوئی سلام کا جواب دیا اور نہ ہی ہاں میں جواب دیا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سن ۹۴ ہجری کو کوفہ تشریف لائے۔ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: میری عمر ۱۴ برس تھی، میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا'' یہ وہی حدیث ہے جو کتاب کے آغاز میں گزر گئی ہے۔

(4)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ اَوْفٰی اَبُوْ اِبْرَاهِیْمَ الْاَسْلَمِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِیْنَ بِالْكُوْفَةِ قَالَ الْبُخَارِیُّ وَوَكِیْعٌ عَنْ سُلَیْمَانَ قِیْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی یَا اَبَا مُعَاوِیَةَ وَ (عَنْ) قَتَادَةَ وَكَانَ آخِرُهُمْ مَوْتاً بِالْمَدِیْنَةِ جَابِرٌ وَبِالْكُوْفَةِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ اَوْفٰی وَبِالْبَصْرَةِ اَنَسُ بْنُ مَالِكٌ قَالَ یَحْیٰی اِسْمُ اَبِیْ اَوْفٰی عَلْقَمَةُ قَالَ الْبُخَارِیُّ (حَدَّثَنَا) آدَمُ (حَدَّثَنَا) شُعْبَةُ (عَنْ) عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ قَالَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی آلِ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَنْ عَطَاءٍ قَالَ رَاَیْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ اَوْفٰی بَعْدَمَا ذَهَبَ بَصَرُهٗ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَعَلٰی هٰذَا یَكُوْنُ عُمُرُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ یَوْمَئِذٍ عِنْدَ وَفَاةِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی سَبْعَ سِنِیْنَ وَعَلٰی قَوْلِ ابْنِ عُلَیَّةَ خَمْساً وَّعِشْرِیْنَ سَنَةً وَهُوَ بِالْكُوْفَةِ فَلَا مَانِعَ مِنْ صِحَّةِ رِوَایَتِهٖ عَنْهُ وَمَذْهَبُ الْمُحَدِّثِیْنَ اَنَّ سِمَاعَ ابْنِ خَمْسِ سِنِیْنَ صَحِیْحٌ فَلَا وَجْهَ لِمَنْعِ صِحَّةِ رِوَایَةِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفی ابوابراہیم اسلمی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب تاریخ کے اندر لکھا ہے، حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال سن ۸۷ ہجری کو کوفہ میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا' حضرت ''سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ'' کی کنیت ''ابومعاویہ'' ہے۔ اور حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے' مدینہ منورہ میں سب سے آخری جن صحابی کا انتقال ہوا وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں اور کوفہ کے اندر حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ ہیں۔ بصرہ میں حضرت انس بن

مالک رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ابواوفیٰ کا نام ''علقمہ'' ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ہمیں آدم نے بیان کیا ہے، ان کو حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ان کو حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں میں سے تھے۔ آپ فرماتے ہیں: وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صدقہ لے کر آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا مانگی ''اے اللہ! ابواوفیٰ کی آل پر رحمتیں نازل فرما''۔ اور حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے، آپ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کی بینائی زائل ہونے کے بعد ان کی زیارت بھی کی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اس بنیاد پر جب حضرت ''ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ'' کا وصال ہوا تو حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی عمر سات برس تھی اور حضرت ''ابن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قول کے مطابق پچیس برس تھی۔ اور وہ کوفہ میں تھے۔ تو حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرنے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے۔ اور محدثین کا یہ مذہب ہے کہ پانچ سال کی عمر میں سماع صحیح ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی روایت حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ'' سے صحیح ہونے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

(5)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَزْءٍ الْاَنْصَارِیُّ النَّجَّارِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِی تَارِیْخِهٖ سَمِعَ رَافِعُ بْنُ خُدَیْجٍ رَوٰی عَنْهُ ابْنُهٗ یَحْیٰی وَقِیْلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَزْءٍ الزُّبَیْدِیُّ وَذَکَرَ غَیْرُهٗ اَنَّ لَهٗ صُحْبَةً وَهُوَ الْمَشْهُوْرُ

حضرت ''عبداللہ بن جزء انصاری نجاری رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' انہوں نے حضرت ''رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے، ان سے ان کے بیٹے حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ایک قول کے مطابق حضرت ''عبداللہ بن جزء زبیدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور دوسرے محدثین نے ذکر کیا ہے کہ ان کو صحبت کا شرف بھی حاصل ہے اور یہ مشہور صحابی ہیں۔

(6)وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ اَبُوْ الْاَسْقَعِ اللَّیْثِیُّ وَیُقَالُ اَبُوْ قُرَاصَةَ نَزَلَ الشَّامَ لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ (عَنْ) مُعَاوِیَةَ (عَنِ) الْعُلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ (عَنْ) مَکْحُوْلٍ قَالَ قُلْتُ لِوَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ زَیْدٍ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو هُوَ الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ یَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی (یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ) قَالَ قُلْتُ وَاَنَا مِنْ اَهْلِكَ قَالَ

وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِیْ فَهٰذِهٖ مِنْ اَرْجٰی مَا اَرْتَجِیْ

حضرت ''واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' حضرت ''واثلہ بن اسقع لیثی رضی اللہ عنہ'' کی کنیت ''ابوالاسقع'' ہے۔ اور ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوقریظہ'' ہے۔ یہ شام میں رہائش پذیر رہے اور ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے معاویہ کے واسطے سے حضرت ''علاء بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''مکحول رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کیا ہے، آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ'' سے کہا:

اور حضرت ''امام محمد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''ابوعمرو اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''ابوعمار رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے'' جب اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نازل ہوا:

یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَیْتِ

''اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے''۔

(ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

آپ فرماتے ہیں' میں نے کہا: میں بھی آپ کے اہل میں سے ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو بھی میرے اہل میں سے ہے۔ تو جس چیز کی میں امید رکھتا تھا اس سے سب سے زیادہ امید بندھانے والی یہی چیز ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ التَّابِعِیْنَ الَّذِیْنَ رَوٰی عَنْهُمْ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

ان تابعین کا ذکر جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے

(1) محمدُ بنُ علیِ بنِ الحسینِ بنِ علیِ بنِ ابی طالبٍ ابوْ جَعْفَرِ الهاشِمِیُّ رَضیَ اللّٰهُ عنهم

قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبَاهُ زَیْنُ الْعَابِدِیْنَ وَسَمِعَ عَنْهُ عَمْرُو ابْنُ دِیْنَارٍ وَابْنُهُ جَعْفَرٌ قَالَ الْبُخَارِیُّ (حَدَّثَنَا) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ (عَنْ) ابْنِ عُیَیْنَةَ (عَنْ) جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ مَاتَ اَبِیْ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِیْنَ سَنَةً قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَمِائَةَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب ابوجعفر الہاشمی رضی اللہ عنہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان کے والد حضرت ''امام زین العابدین رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور ان کے بیٹے حضرت ''جعفر

رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: ہمیں حضرت ''عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے واسطے سے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' آپ فرماتے ہیں' میرے والد کا انتقال ہوا، اس وقت ان کی عمر ۵۸ برس تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ان کا انتقال سن ۱۱۴ ہجری میں ہوا۔

﴿۵﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان مسانید میں ان کی روایت لی ہے۔

(2) مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِهَابِ الزُّهْرِى الْقُرَشِيّ اَبُوْ بَكْرٍ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ وَسَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ وَاَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَاَبَا الطُّفَيْلِ رَوٰى عَنْهُ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ وَعِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ وَمَنْصُوْرٌ وَقَتَادَةُ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ (عَنْ) مَعْنٍ (عَنْ) اِبْنِ اَخِيْ اِبْنِ شِهَابِ الزُّهْرِيِّ اَنَّهٗ اَخَذَ الْقُرْآنَ فِيْ ثَمَانِيْنَ لَيْلَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ (عَنْ) وَهْبٍ قَالَ قَالَ لِيْ اَيُّوْبُ مَا رَاَيْتُ اَعْلَمَ مِنَ الزُّهْرِيِّ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ اَخْبَرَنَا اِبْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ مَاتَ الزُّهْرِيُّ ابْنِ شِهَابٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن مسلم بن عبیداللہ بن عبداللہ بن شہاب زہری قرشی ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا' انہوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''صالح بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عکرمہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''ابن اخی ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں روایت کرتے ہیں' انہوں نے ۸۰ راتوں میں قرآن یاد کیا تھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''وہب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' میں نے حضرت ''امام زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ عالم کسی کو نہیں دیکھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ''امام زہری ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال سن ۱۲۴ ہجری میں ہوا۔

﴿۵﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان مسانید میں ان سے روایت کی ہے۔

(3)مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهُدَيْرِ اَبُوْ بَكْرٍ الْقُرَشِيُّ التَّيْمِيُّ الْمَدَنِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ اَخْبَرَنَا اِبْنُ عُيَيْنَةَ اَنَّهٗ بَلَغَ عُمْرُهٗ سَبْعًا وَّسَبْعِيْنَ سَنَةً ثُمَّ قَالَ جَالَسْنَاهُ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن منکدر بن عبداللہ بن ہدیر ابوبکر قرشی تیمی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ہمیں حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے کہ ان کی عمر ۷۷ برس کو پہنچ گئی تھی پھر فرمایا: ہم ان کے ہمراہ بیٹھے اور ان کا انتقال سن ۱۲۳ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان شیوخ میں سے ہیں جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ اور وہ روایت ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(4)مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ تَدْرُسٍ اَبُوْ الزُّبَيْرِ الْمَكِّيُّ مَوْلٰى حُكَيْمِ بْنِ حَزَامٍ الْقُرَشِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَوْلَى اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ مَاتَ قَبْلَ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ بِسَنَةٍ وَمَاتَ عَمْرٌو سَنَةَ سِتٍّ وَعِشْرِيْنَ وَمِائَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن مسلم بن تدرس ابوزبیر مکی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''حکیم بن حزام قرشی'' کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' یہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ تھے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' یہ حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک سال پہلے فوت ہو گئے تھے اور حضرت ''عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال سن ۱۲۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان مسانید میں ان سے روایت لی ہے۔

---

(5)مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحَنْظَلِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ (عَنْ) اَبِيْهِ وَالْحَسَنِ يَرْوِيْ عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَفِيْهِ نَظَرٌ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدِيْثُهٗ فِي الْبَصْرِيِّيْنَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ مُسْنَدِهٖ

حضرت ''محمد بن زبیر حنظلی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی تاریخ کے اندر بیان کرتے ہیں' یہ اپنے والد سے اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں اور اس میں اعتراض ہے کہ حضرت ''عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کا انہوں نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کی حدیث بصریین میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(6)مُحَمَّدُبْنُ السَّائِبِ اَبُوْ النَّضْرِ الْكَلْبِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ تَرَكَهُ يَحْيَى ابْنُ سَعِيْدٍ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ قَالَ لِيْ اَبُوْ صَالِحٍ قَالَ الْكَلْبِيُّ كُلُّ شَيْءٍ حَدَّثْتُكَ فَهُوَ كِذْبٌ قَالَ الْبُخَارِيُّ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقٍ (عَنْ) اَبِي النَّضْرِ وَهُوَ الْكَلْبِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

(۶) محمد بن سائب ابونضر کلبی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ارشاد فرمایا ہے' ان کو حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے چھوڑا ہے۔ ہمیں حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے' ہمیں حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' مجھے حضرت ''ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''کلبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ارشاد فرمایا ہے: ہر وہ چیز جو میں تجھے بیان کی وہ سب جھوٹ ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابونضر کلبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت لی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(7)مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ

صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مِنْهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ

اَلْبُخَارِیُّ هُوَ اِبْنُ اَخِیْ عَمْرَةَ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ''

یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ارشاد فرمایا: ان سے حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ''عمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھتیجے ہیں اور یہ حضرت ''عمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، حضرت ''عمروہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(8) مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدِ الْعَطَّارُ الْحَارِثِیُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهِ الْكَبِیْرِ وَقَالَ سَمِعَ مِنْهُ وَكِیْعٌ یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن یزید عطار حارثی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کبیر کے اندر اسی طرح ذکر کیا اور فرمایا ہے' ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور ان کو کوفیین میں شمار کیا گیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(9) مُحَمَّدُ بْنُ قَیْسٍ الْهَمْدَانِیُّ الْكُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهِ سَمِعَ اِبْرَاهِیْمَ وَالشَّعْبِیَّ وَرَوٰی (عَنْ) اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَسَمِعَ مِنْهُ شَرِیْكٌ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن قیس ہمدانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ارشاد فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''

شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(10)مُحَمَّدُبْنُ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ الْهَمْدَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ (عَنْ) اَبِيْهِ (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنهُ اَنَّهٗ قَالَ اَلْحَيَاءُ مِنْ شَرَائِعِ الْاِسْلَامِ سَمِعَ مِنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الثَّقَفِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن مالک بن زید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' وہ اپنے والد کے واسطے سے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: حیاء اسلام کی خاصیات میں سے ہے۔ ان سے حضرت ''محمد بن عثمان ثقفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہے۔

(11)مُحَمَّدُبْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ الْعَرْزَمِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ وَقَالَ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ اَلْفَزَارِيُّ يَرْوِيْ (عَنْ) عَطَاءٍ وَعَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ وَاِسْمُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ مَيْسَرَةُ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنَا بَعْضُ اَصْحَابِنَا اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن عبیداللہ ابن ابی سلیمان عرزمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا: یہ حضرت ''ابوعبدالرحمٰن کوفی فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ حضرت عطا رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: حضرت ''ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''میسرہ'' ہے۔ پھر فرمایا: ہمارے بعض اصحاب نے یہ بتایا ہے' ان کا انتقال سن ۱۵۵ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ التَّابِعِیْنَ الَّذِیْنَ رَوٰی عَنْهُمْ شُیُوْخُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ

ان تابعین کا ذکر جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ نے روایت کی ہے

(12)مُحَمَّدُبْنُ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبِ الْهَاشِمِیُّ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْحَنَفِیَّةِ وَالْحَنَفِیَّةُ اِسْمُ اِمْرَاَةٍ مِنْ بَنِیْ حَنِیْفَةَ وَاِسْمُهَا خَوْلَةُ بِنْتُ جَعْفَرِ بْنِ قَیْسِ بْنِ سَلْمَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ وَهَبَهَا اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّیْقِ لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِنْ سَبْیِ بَنِیْ حَنِیْفَةَ رَوٰی (عَنْ) اَبِیْهِ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیٍّ وَعُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ الْبُخَارِیُّ دَخَلَ عَلٰی عُمَرَ وَهُوَ غُلَامٌ رَوٰی عَنْهُ اِبْنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَالْحَسَنُ وَمُنْذِرُ وَالثَّوْرِیُّ وَعَمْرٌو بْنُ دِیْنَارٍ قَالَ یَحْیٰی ابْنُ بُكَیْرٍ وَعَمْرٌو بْنُ عَلِیٍّ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ وَهُوَ اِبْنُ خَمْسٍ وَخَمْسِیْنَ سَنَةً وَقَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ

حضرت ''محمد بن علی ابن ابی طالب ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن حنفیہ'' سے نام سے معروف ہیں۔ حنفیہ بنی حنیفہ کی ایک خاتون کا نام ہے۔ ان کا نام ''خولہ بنت جعفر بن قیس بن سلمہ بن ثعلبہ'' ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے، یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہبہ کر دی تھیں، یہ بنی حنیفہ کی قیدیوں میں سے تھیں۔

وہ اپنے والد امیر المؤمنین حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو اس وقت بچے تھے، ان سے ان کے دونوں بیٹوں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور حضرت ''منذر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''یحییٰ بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: حضرت ''عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۸۱ ہجری میں ہوا، اس وقت ان کی عمر ۵۵ برس تھی۔ اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، ان کا انتقال ۸۰ ہجری میں ہوا

(13)مُحَمَّدُبْنُ وَهْبِ بْنِ مَالِكِ الْقُرَظِیُّ اَبُوْ حَمْزَةَ مَدَنِیٌّ مِنْ قُرَیْظَةَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهِ الْكَبِیْرِ سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ وَزَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَمِائَةٍ سَمِعَ مِنْهُ الْحَكَمُ بْنُ عُتَیْبَةَ وَاِبْنُ عَجْلَانَ

حضرت ''محمد بن وہب بن مالک قرظی ابوحمزہ مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا تعلق قریظہ سے تھا، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی کتاب تاریخ کبیر کے اندر لکھا ہے انہوں نے حضرت ''ا

عباس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''زید بن ارقم رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۰۸ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عجلان رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے سماع کیا ہے۔

(14)مُحَمَّدُبْنُ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلَقِ الْخَزَاعِيُّ الْاَزْدِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ الْكَبِيْرِ حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَبِيْ ضَرَّارٍ

حضرت ''محمد بن عمرو بن حارث بن مصطلق خزاعی ازدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے تاریخ کبیر میں ذکر کیا ہے' ہمیں حضرت ''آدم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد بن حارث ابن ابی ضرار رحمۃ اللہ علیہ'' کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

(15)مُحَمَّدُبْنُ سِيْرِيْنَ اَبُوْ بَكْرٍ مَوْلَى اَنَسِ بْنِ مَالِك

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ قَالَ السُّرِّي بْنُ يَحْيٰى مَاتَ الْحَسَنُ سَنَةَ عَشَرَةً وَمِائَةً قَبْلَ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ بِمِائَةِ يَوْمٍ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عُمَرَ وَسَمِعَ مِنْهُ الشَّعْبِيُّ وَاَيُّوْبُ وَاَبُوْ قَتَادَةَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ وَجَمَاعَةٌ

حضرت ''محمد بن سیرین ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''سری بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۱۰ ہجری میں، حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے ۱۰۰ دن پہلے ہوا تھا۔ انہوں نے حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''امام ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابوقتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابن زبیر رحمۃ اللہ علیہ''، اور پوری ایک جماعت نے سماع کیا ہے۔

(16)مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ خَالِدِ التَّيْمِيُّ الْمَدَنِيّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَاصٍ اللَّيْثِيَ وَاَبَا سَلْمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَوٰى عَنْهُ يَزِيْدُ ابْنُ الْهَادِ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ وَكَانَ اَبُوْهُ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حارث بن خالد تیمی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے' انہوں نے حضرت ''علقمہ بن وقاص لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے

اور حضرت ''ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''یزید بن الہاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کے والد سب سے پہلے ہجرت کرنے والوں میں سے تھے۔

(17)مُحَمَّدُبْنُ سُوْقَةِ الْغَنَوِیُ اَبُوْ بَکْرِ الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ فَقُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ اَیْنَ رَاَیْتَ نَافِعاً مَوْلَی ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ اِلٰی اَبِیْ وَکَانَ اَبُوْهُ سُوْقَةُ یَنْزِلُ مَعَ النَّاسِ یَشْتَرِیْ لَهُمْ حَوَائِجَهُمْ قَالَ الْبُخَارِیُّ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ وَنَافِعٍ حَدَّثَ عَنْ عَمَّتِهٖ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلدُّنْیَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ

حضرت ''محمد بن سوقہ غنوی ابوبکر کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اپنی اسناد حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر کہا' میں نے حضرت ''محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: آپ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کو کہاں دیکھا؟ تو انہوں نے کہا: وہ میرے والد کے پاس آئے تھے، وہ لوگوں کے ہمراہ ان کے لئے ضروریات کی اشیاء خریدنے آئے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ اور حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اور اپنی پھوپھی بنت حارث رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا سرسبز ہے، میٹھی ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(18)محمدُ بنُ رَبِیْعَةَ اَبُوْ عبدِ اللهِ الکلاَبی اَلکوْفِي

قَالَ البخاری فیْ تَارِیْخِهٖ سمعَ شعبةَ وَمحمدَ بنِ الحسنِ بنِ عَطِیَّةِ وَاِسْمَاعِیْلَ بْنِ سُلَیْمَانَ وَابْنَ جُرَیْجٍ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِیْفَةَ وَرَوٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن ربیعہ ابوعبداللہ کلابی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''امام شعبہ محمد بن حسن بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان مسانید میں ان سے روایت کی ہے۔

(19)مُحَمَّدُبْنُ خَازِمٍ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ صَاحِبُ الشَّيْبَانِيِّ وَالْاَعْمَشِ اَلْكُوْفِيِّ اَلسَّعْدِيِّ اَلْيَمَنِيِّ وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَمِائَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةً سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَجَمَاعَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن خازم ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ شیبانی اور اعمش کوفی سعدی یمنی کے صاحب ہیں۔ یہ ۱۱۳ ہجری میں پیدا ہوئے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۱۹۵ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی حدیث ان مسانید میں مذکور ہے، یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے اساتذہ کے اساتذہ میں سے ہیں۔

---

(20)مُحَمَّدُبْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ الْكُوْفِيُّ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى بَنِيْ ضَبَّةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْمُغِيْرَةَ وَالْاَعْمَشَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن فضیل بن غزوان کوفی ابوعبدالرحمٰن مولیٰ بنی ضبہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، ان کا انتقال ۱۹۵ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع بھی کیا ہے اور ان کی روایت کردہ حدیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(21)مُحَمَّدُبْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ مَدَنِيٌّ قَاضِيْ بَغْدَادَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ سَمِعَ مُعْتَمِرًا وَمَالِكَ بْنَ اَنَسٍ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَمِائَتَيْنِ اَوْ بَعْدَهَا بِقَلِيْلٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن عمر وواقدی مدنی قاضی بغداد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' انہوں نے حضرت ''معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، یہ متروک الحدیث ہیں، ان کا انتقال ۲۰۷ ہجری یا اس سے کچھ عرصہ بعد ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(22)مُحَمَّدُبْنُ جَابِرِ الْيَمَامِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ يَرْوِيْ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ وَقَيْسِ ابْنِ طَلَقٍ وَلَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَهُمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن جابر یمانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''حماد بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قیس بن طلق رحمۃ اللہ علیہ'' سے راویت کی ہے لیکن محدثین کے نزدیک یہ قوی نہیں ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(23)مُحَمَّدُبْنُ حَفْصِ بْنِ عَائِشَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ مُوْسٰى وَسَمِعَ مِنْهُ اِبْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ التَّيْمِيُّ الْبَصْرِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن حفص بن عائشہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''عبداللہ قرشی تیمی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(24)مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ اَبُو عُمَرَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِی تَارِیْخِهٖ قَالَ شُعَیْبٌ هُوَ جَارٌ لَنَا یَرْوِیْ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ مِنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن ابان ابوعمر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' وہ ہمارے پڑوسی ہیں یہ حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے ان کے والد سے روایت کرتے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(25)مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ الْوَهْبِیُّ الْحِمْصِیُّ الْکِنْدِیّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَرْوِیْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ وَسَمِعَ مِنْهُ یَحْیَی بْنُ صَالِحٍ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِیْفَةَ الْکَثِیْرَ وَرَوٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ الَّذِیْ یَرْوِیْ عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِیٍّ الْکَلَاعِیُّ فِیْ مُسْنَدِهٖ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن خالد وہبی حمصی کندی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''یحییٰ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث سنی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں، یہ وہی شخص ہیں جن سے حضرت ''احمد بن محمد بن خالد بن خلیع کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ان کے والد کے واسطے سے، ان کے دادا کے ذریعے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں۔

(26)مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدِ بْنِ مَذْحِجِ الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ الْوَلِیْدَ بْنَ مُسْلِمٍ وَضَمْرَةَ بْنِ رَبِیْعَةَ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِیْفَةَ وَرَوٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن یزید بن مذحج کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ضمرہ بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(27)مُحَمَّدُبْنُ صَبِيْحِ بْنِ السَّمَاكِ الْقَاضِىُ

قَالَ الْبُخَارِىُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الْقَاضِىُّ الْكُوْفِىُّ قَدِمَ بَغْدَادَ يَرْوِىْ عَنْ عَائِذِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن صبیح سماک قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوالعباس قاضی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ بغداد میں آ گئے تھے، انہوں حضرت ''عائذ بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(28)مُحَمَّدُبْنُ سُلَيْمَانَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ (عَنْ) اَبِىْ حَنِيْفَةَ جَمَاعَةٌ مِنَ الْمَشَائِخِ فِىْ ذٰلِكَ الْقَرْنِ اَسْمَاؤُهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَالظَّاهِرُ اَنَّهٗ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَمَانَ بْنِ حَبِيْبٍ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْبَغْدَادِىُّ قَالَ الْبُخَارِىُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِىْ تَارِيْخِهٖ يُقَالُ لَهٗ لَوِيْنٌ سَمِعَ حَمَّادَ ابْنَ زَيْدٍ وَذٰلِكَ لِاَنَّ غَيْرَهٗ مِنْ سَمِيِّهٖ فِىْ غَيْرِ هٰذَا الْقَرْنِ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ وَالَّذِيْنَ هُمْ فِىْ هٰذَا الْقَرْنِ فَبَعْضُهُمْ مَكِّيُّوْنَ وَبَعْضُهُمْ شَامِيُّوْنَ وَبَعْضُهُمْ بَصْرِيُّوْنَ فَلِهٰذَا قُلْنَا بِاَنَّ الظَّاهِرَ اَنَّهٗ هُوَ لِاَنَّهٗ فِىْ هٰذَا الْقَرْنِ الَّذِىْ وَرَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ بَغْدَادَ مُنْفَرِدٌ بِهٰذَا الْاِسْمِ مِنَ الْمُحَدِّثِيْنَ وَالظَّاهِرُ اَنَّهُ الَّذِىْ سَمِعَ مِنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اس صدی میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مشائخ کی پوری ایک جماعت نے

روایت کیا ہے، ان کے اسماء مذکور ہیں، ان میں حضرت ''محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ حضرت ''محمد بن سلیمان بن حبیب ابوجعفر بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے: ان کو ''لوین'' کہا جاتا ہے، انہوں نے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ ان کے علاوہ بھی ان کے ہمنام کچھ لوگ ہیں جو اس صدی کے نہیں ہیں اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور کچھ وہ لوگ ہیں جو اس صدی میں ہیں، ان میں سے کچھ مکی ہیں، کچھ شامی ہیں اور کچھ بصری ہیں۔ اس لئے ہم نے یہ کہا ہے ''ظاہر ہے کہ یہ وہی ہیں'' کیونکہ اس صدی کے اندر جس میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' بغداد تشریف لائے تھے، محدثین میں اس نام کی یہ منفرد شخصیت ہیں۔ اور ظاہر یہ ہے کہ یہ وہی ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(29) مُحَمَّدُ بْنُ سَلْمَةَ الْحِرَانِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ آخِرَ سَنَةِ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ وَمِائَةً سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَهِشَامَ بْنَ حَسَّانٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن سلمہ حرانی ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۱۵۱ ہجری کے آخر میں ہوا، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(30) مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ الْكَلَبِيُّ الْكُوْفِيُّ

سَمِعَ اَبَاهُ وَجَمَاعَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَرْجَمَةِ اَبِيْهِ زِيَادٍ سَمِعَ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيْكٍ وَجَرِيْرًا وَالْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ وَسَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اِبْنُ مُعِيْنٍ كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ مَالِكٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اِبْنُهٗ مُحَمَّدٌ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن زیاد بن علاقہ کلبی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے والد سے اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے والد ''

زیاد'' کے ترجمہ میں ان کا ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''اسامہ بن شریک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت ''ابو مالک'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کے بیٹے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(31)مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ اَوْ عُبَيْدِاللّٰهِ الْطَنَافَسِیُ اَلْكُوْفِیُ اَلْاَحْدَبُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَمِائَتَيْنِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن عبید یا عبید اللہ طنافسی کوفی احدب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۲۰۳ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(32)مُحَمَّدُبْنُ جَعْفَرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصَرِیُّ

اَلظَّاهِرُ اَنَّهٗ غُنْدَرٌ قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِيْخِهٖ وَهُوَ صَاحِبُ شُعْبَةَ وَاَبِیْ عَرُوْبَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ هُوَ شَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ اَيْضاً شَيْخُ الْاِمَامِ اَحْمَدِ بْنِ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهِ الْكَبِيْرِ وَقَدْ مَرَّتْ تَرْجَمَتُهٗ وَهُوَ يَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِيْفَةَ اَيْضاً كَمَا رَوٰى اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن جعفر ابوعبداللہ بصری رحمۃ اللہ علیہ''

ظاہر یہ ہے کہ یہ ''غندر'' ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعروبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں۔ اور ان مسانید میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ ہیں۔ اور یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھی شیخ ہیں۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کبیر کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور ان کا ترجمہ گذر چکا ہے۔ یہ بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی روایت کردہ احادیث ا

مسانید میں موجود ہے۔

(33)مُحَمَّدُبْنُ يَعْلَى اَلسَّلْمِيُّ اَلْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عُمَرَ عَنْ اَبِيْ سَلْمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد یعلیٰ سلمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محمد بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، وہ حضرت ''ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ابو ہریرہ سے روایت کرتے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(34)مُحَمَّدُبْنُ الزَّبَرْقَانِ اَبُوْ هَمَّامٍ الْاَهْوَازِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ يُوْنُسَ بْنَ عُبَيْدٍ وَسَمِعَ مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ الْجُعْفِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ وَهُوَ مَعْرُوْفُ الْحَدِيْثِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن زبرقان ابو ہمام اہوازی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ معروف الحدیث ہیں

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(35)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ

قَالَ اَحْمَدُ وَقَدْ سُئِلَ عَنْهُ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِهٖ شَيْخٌ ضَخْمٌ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ كَتَبْنَا عَنْهُ اَوَّلَ سَنَةٍ اِنْحَدَرَتْ اِلَى الْبَصْرَةِ وَلَمْ اَلْقَهُ اِلَى السَّنَةِ الثَّانِيَةِ مَاتَ سَنَةً

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن حسن واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کے بارے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: یہ شیخ ہیں، قابلِ اعتبار ہیں، ان میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' جب یہ پہلے سال بصرہ آئے تو ہم نے ان سے احادیث لکھی تھیں، لیکن اگلے سال میری ان سے ملاقات نہیں ہوئی۔ بلکہ اگلے سال تک ان کا وصال ہو چکا تھا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(36)مُحَمَّدُبْنُ بِشْرٍ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ الْكُوْفِيُّ

مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الْقَيْسِ قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ وَمِائَتَيْنِ سَمِعَ زَكَرِيَّا وَاِسْمَاعِيْلَ بْنَ اَبِيْ خَالِدٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن بشر ابوعبداللہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا تعلق ''بنی عبدالقیس'' سے تھا، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۲۰۳ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''زکریا رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل ابن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(37)مُحَمَّدُبْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ الْمَرْوَزِيُّ

سَكَنَ بُخَارٰى قَالَ الْبُخَارِيُّ سَكَتُوْا عَنْهُ وَرَمَاهُ اِبْنُ شَيْبَةَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن فضل بن عطیہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بخارا میں رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' محدثین اس کے بارے میں خاموش ہیں اور حضرت ''ابن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان پر طعن کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(38)مُحَمَّدُبْنُ يَزِيْدِ الْوَاسِطِيُّ اَبُوْ سَعِيْدِ الْكَلَاعِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيْرِ مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَةً قَالَ الْبُخَارِيُّ وَسَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ الْحُسَيْنِ وَالْعَوَّامَ بْنَ حَوْشَبٍ وَنِعْمَ الشَّيْخُ كَانَ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن یزید واسطی ابوسعید کلاعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۱۸۸ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''محمد بن وزیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۹۰ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''سفیان بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عوام بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور وہ شیخ کتنے اچھے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(39)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ الْمَدِنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ هُوَ اِبْنُ زُبَالَةَ الْحِجَازِيُّ الْمَخْزُوْمِيُّ يَرْوِيْ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن حسن مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: یہ حضرت ''ابن زبالہ حجازی مخزومی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ حضرت ''عبدالعزیز بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(40)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ عَمْرٍو الْقَرَشِيُّ الْكُوْفِيُّ الْقَاضِيْ

وَالِدُ اَسْبَاطٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْهُ رَوَى الثَّوْرِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن ابوعمرو قرشی کوفی قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اسباط کے والد ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت قدر کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان سانید میں موجود ہیں۔

---

(41)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقِ بْنِ يَسَارِ بْنِ خَيَّارٍ

وَقِيْلَ يَسَارُ بْنُ كَوْثَانَ الْمَدَنِيُّ صَاحِبُ الْمَغَازِيْ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَدْ اِفْتَتَحَ تَارِيْخَهُ بِهٖ لَمْ اَرَ فِيْ جُمْلَةِ الْمُحَدِّثِيْنَ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِمَدِيْنَةِ السَّلَامِ مِنْ اَهْلِهَا وَالْوَارِدِيْنَ اِلَيْهَا اَكْبَرَ سِنًّا مِنْهُ وَاَعْلٰى اِسْنَاداً وَاَقْدَمَ مَوْتاً مِنْهُ فَلِهٰذِهِ الْاَسْبَابِ اِفْتَتَحْتُ كِتَابِيْ تَسْمِيَتُهٗ وَيُكَنّٰى اَبَا بَكْرٍ وَقِيْلَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَلَهٗ اِخْوَانٌ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ اِبْنَا اِسْحَاقَ رَاٰى مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَسَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَاَبَانَ بْنَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَاَبَا سَلْمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَنَافِعاً مَوْلَى اِبْنِ عُمَرَ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابِ الزُّهْرِيِّ وَغَيْرَهُمْ وَطَوَّلَ الْخَطِيْبُ فِي الْاِطْرَاءِ عَلَيْهِ ثُمَّ حَكٰى فِيْهِ طَعْناً كَمَا فَعَلَ بِاَجِلَّةِ الْعُلَمَاءِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَسَمِعَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ فِيْ هٰذَا الْاِمَامَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْخَطِيْبُ: قَالَ اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ مَاتَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمِائَةً وَقَالَ يَعْقُوْبُ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَمِائَةً وَقَالَ اِبْنُ الْمَدِيْنِيْ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَخَمْسِيْنَ وَمِائَةً

حضرت ''محمد بن اسحاق بن یسار بن خیار رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق یہ حضرت ''یسار بن کوثان مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' صاحب مغازی ہیں۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنی تاریخ کا افتتاح انہی سے کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' وہ تمام محدثین جو مدینہ منورہ میں رہے (ان کے رہنے والوں پر سلامتی ہو اور اس شہر میں آنے والوں پر سلامتی ہو) نہ ان سے زیادہ عمر رسیدہ کوئی محدث تھا، نہ ان سے زیادہ اعلیٰ اسناد کسی کے پاس تھیں اور نہ ہی کوئی موت میں ان سے آگے تھا۔ ان اسباب کے تحت میں نے اپنی کتاب کا آغاز ان کے نام سے کیا ہے، ان

کی کنیت ''ابوبکر'' ہے اور ایک قول کے مطابق ''ابوعبداللہ'' ہے ان کے دو بھائی تھے حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ دونوں اسحاق کے بیٹے ہیں)

انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''انس بن مالک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ'' کی زیارت کی ہے اور حضرت ''قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابان عثمان بن عفان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ حضرت ''نافع رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''محمد بن مسلم بن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین تابعین سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی نے ان کی بہت لمبی چوڑی تعریف کی پھر ان کے بارے میں بہت زیادہ طعن کیا ہے جس طرح کہ بڑے بڑے علماء کے ساتھ خطیب بغدادی نے کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ امام ہیں) سے، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے، حضرت ''ابوحفص عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۵۰ ہجری میں ہو گیا تھا اور حضرت ''یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ۱۵۱ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''ابن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ۱۵۲ ہجری میں ہوا۔

(42) مُحَمَّدُ بْنُ مَيْسَرٍ اَبُوْ سَعْدِ الْجُعْفِيُّ الصَّاغَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا وَكَانَ اَعْمٰى كَذٰلِكَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ الْبَرْقَانِيُّ اَلْخَوَارَزْمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ قَالَ اَبُوْ سَعْدِ الصَّغَانِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ مَيْسَرَ الْجُعْفِيُّ كَانَ ضَرِيْرًا سَمِعَ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ وَابْنَ جَرِيْرٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَاَحْمَدَ بْنَ عَجْلَانَ وَمُوْسٰى بْنَ عُبَيْدٍ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ طَهْمَانَ وَالنُّعْمَانَ بْنَ ثَابِتٍ يَعْنِيَ الْاِمَامَ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَرَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ مُنِيْعِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ لَبِيْبٍ وَمَنْصُوْرُ بْنُ عَمْرٍو

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ الَّذِيْ يَرْوِيْ كَثِيْرًا (عَنْ) اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن میسر ابوسعد جعفی صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے، بغداد میں رہائش پذیر رہے اور وہیں پر حدیث بیان کی، یہ نابینا تھے، اسی طرح ہمیں حضرت ''ابوبکر برقانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے اور وہ کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''عبداللہ ابن ابی حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''ابوسعد صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: حضرت ''محمد بن میسر جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ نابینا تھے انہوں) نے حضرت ''ہشام

بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عبید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ''، یعنی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''احمد بن منیع بن عبدالرحمٰن بن لبیب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ وہی شخص ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری روایات نقل کی ہیں اور ان کی مرویات ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ بَعْضِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

ان مسانید کے بعض اصحاب کا ذکر

(43)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ فَرْقَدٍ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ الشَّیْبَانِیُّ

صَاحِبُ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اِمَامُ اَئِمَةِ الْفُقَهَاءِ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الثَّانِیْ عَشَرَ وَالرَّابِعِ عَشَرَ وَقَدْ ذَکَرْنَاهُمَا فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ قَالَ اَبُوْ بَکْرِ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَصْلُهٗ دَمِشْقِیٌّ قَدِمَ اَبُوْهُ الْعِرَاقَ فَوُلِدَ مَحَمَّدٌ بِوَاسِطٍ وَنَشَاَ بِالْکُوْفَةِ وَسَمِعَ الْعِلْمَ بِهَا مِنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَمِسْعَرِ بْنِ کُدَامٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ وَکَتَبَ اَیْضاً عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَاَبِیْ عَمْرٍو الْاَوْزَاعِیِّ وَرَبِیْعَةِ بْنِ صَالِحٍ وَسَکَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا قَالَ الْخَطِیْبُ وَرَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِیْسَ الشَّافِعِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَبُوْ سُلَیْمَانَ مُوْسَی بْنُ سُلَیْمَانَ الْجَوْزَجَانِیُّ وَهِشَامُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ الرَّازِیُّ وَاَبُوْ عُبَیْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَامٍ وَاِسْمَاعِیْلُ ابْنُ تَوْبَةَ وَعَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوْسِیُّ وَغَیْرُهُمْ وَوَلَّاهُ الرَّشِیْدُ الْقَضَاءَ وَخَرَجَ مَعَهٗ اِلٰی خُرَاسَانَ فَمَاتَ بِالرَّیِّ وَدُفِنَ بِهَا سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَّخَمْسِیْنَ سَنَةً وَذَکَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی یَحْیٰی بْنِ صَالِحٍ قَالَ قَالَ یَحْیَیٰ بْنُ اَکْثَمَ رَاَیْتَ مَالِکاً وَمُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ فَاَیُّهُمَا کَانَ اَفْقَهَ فَقُلْتُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ اَفْقَهُ مِنْ مَالِكٍ وَذَکَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلَی الشَّافِعِیِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهٗ قَالَ لَوْ اَشَاءُ اَنْ اَقُوْلَ اَنَّ الْقُرْآنَ نَزَلَ بِلُغَةِ مُحَمَّدٍ لَقُلْتُهٗ وَقَالَ مَا رَاَیْتُ اَعْقَلَ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ وَمَا رَاَیْتُ سَمِیْناً اَخَفَّ رَوْحاً مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ وَمَا رَاَیْتُ اَفْصَحَ مِنْهُ وَکُنْتُ اِذَا رَاَیْتُهٗ یَقْرَاُ الْقُرْآنَ کَاَنَّهٗ اُنْزِلَ بِلُغَتِهٖ وَذَکَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی یَحْیٰی بْنِ مَعِیْنٍ قَالَ کَتَبْتُ الْجَامِعَ الصَّغِیْرَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ الْحَسَنِ وَبِاِسْنَادِهٖ اِلَی الشَّافِعِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ حَمَلْتُ مِنْ مُحَمَّدٍ وَقَرَ بَعِیْرٍ کُتُباً

(وَقَالَ) الشَّافِعِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ کَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیُّ اِذَا اَخَذَ فِی الْمَسْئَلَةِ کَاَنَّهٗ قُرْآنٌ یَنْزِلُ عَلَیْهِ وَلَا یُقَدِّمُ حَرْفاً وَلَا یُؤَخِّرُهٗ

(وَرَوٰی) بِاِسْنَادِهٖ اَیْضاً (عَنِ) الشَّافِعِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ مَسْئَلَةٍ فَاَجَابَ فَقِیْلَ لَهٗ یَا بَا عَبْدِ اللّٰهِ خَالَفَكَ الْفُقَهَاءُ فَقَالَ لَهٗ وَهَلْ رَاَیْتُ فَقِیْهاً قَطُّ اَللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْ یَّكُوْنَ رَاَیْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ فَاِنَّهٗ كَانَ یَمْلَأُ الْعَیْنَ وَالْقَلْبَ وَمَا رَاَیْتُ مُبْدَناً قَطُّ اَذْكٰی مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ

وَذَكَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی جَعْفَرِ بْنِ یَاسِیْنَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ الْمُزَنِیِّ فَسَاَلَهٗ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَقَالَ لَهٗ مَا تَقُوْلُ فِیْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ قَالَ سَیِّدُهُمْ قَالَ فَاَبُوْ یُوْسُفَ قَالَ اَتْبَعُهُمْ لِلْحَدِیْثِ قَالَ فَمُحَمَّدٌ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ اَكْثَرُهُمْ تَفْرِیْعاً قَالَ فَزُفَرُ قَالَ آخَذُهُمْ قِیَاساً

(وَذَكَرَ) الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی اِبْرَاهِیْمَ الْحَرْبِیِّ قَالَ سَاَلْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ هٰذِهِ الْمَسَائِلُ الدَّقَاقُ مَنْ اَیْنَ لَكَ فَقَالَ مِنْ كُتُبِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ وَذَكَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلَی الشَّافِعِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ مَا نَاظَرْتُ اَحَداً اِلَّا تَغَیَّرَ وَجْهُهٗ مَا خَلَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَذَكَرَ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی اَبِیْ رَجَاءٍ الْقَاضِیْ قَالَ سَمِعْتُ مَخْرِمَةَ وَكُنَّا نَعُدُّهٗ مِنَ الْاَبْدَالِ قَالَ رَاَیْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ فِی الْمَنَامِ فَقُلْتُ یَا بَا عَبْدِ اللّٰهِ اِلٰی مَا صِرْتَ فَقَالَ قَالَ لِیْ رَبِّیْ لَمْ اَجْعَلْكَ وِعَاءً لِلْعِلْمِ وَاَنَا اُرِیْدُ اَنْ اُعَذِّبَكَ قُلْتُ فَمَا فُعِلَ اَبُوْ یُوْسُفَ قَالَ فَوْقِیْ قُلْتُ فَمَا فُعِلَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ قَالَ فَوْقَ اَبِیْ یُوْسُفَ طَبَقَاتٌ

(وَرَوٰی) عَنْهُ الْاِمَامُ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدِیْثَ الْوَلَاءِ فِیْ مُسْنَدِهٖ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَقَدْ مَرَّ فِیْ بَابِ الْوَلَاءِ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ

حضرت ''محمد بن حسن بن فرقد ابوعبداللہ شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں، فقہاء کے امام الائمہ ہیں، اور بارہویں اور چودھویں مسند انہی کی ہے ۔کتاب کے آغاز میں ہم نے ان دونوں کا ذکر کر دیا تھا۔

ابوبکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ دمشق میں پیدا ہوئے ہیں، ان کے والد عراق میں آ گئے تھے ، یہاں پر واسط کے اندر حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' پیدا ہوئے، کوفہ کے اندر پرورش ہوئی اور وہیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے علم حاصل کیا۔ حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ربیعہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی (احادیث) لکھی ہیں اور بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہیں پر درسِ حدیث دیا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' حضرت ''امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابوسلیمان موسیٰ بن سلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ہشام بن عبیداللہ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''اسماعیل بن توبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''علی بن مسلم طوسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔

''رشید'' نے ان کو قاضی مقرر کیا اور یہ ان کے ہمراہ خراسان چلے گئے۔ ۱۸۹ ہجری کو مقام ''رے'' میں ان کا انتقال ہوا، وہیں

دفن ہوئے، ان کی عمر ۵۸ برس تھی۔

خطیب بغدادی نے اپنی اسناد حضرت ''یحییٰ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر ذکر کیا، فرماتے ہیں' حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے پوچھا: کیا تو نے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے؟ ان میں سے زیادہ فقیہ کون تھا؟ میں نے کہا: حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ فقیہ تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچائی ہے اور بیان کیا ہے' اگر میں یہ کہوں کہ قرآن ''محمد'' کی لغت پر نازل ہوا تو بے جا نہ ہوگا۔ اور کہا' میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ سمجھدار کوئی شخص نہیں دیکھا، میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ ہلکی روح والا فربہ شخص نہیں دیکھا۔ میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ فصیح کوئی نہیں دیکھا، جب میں ان کو قرآن پڑھتے ہوئے دیکھتا تھا تو یوں لگتا تھا کہ قرآن اسی کی زبان میں نازل ہوا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچائی ہے، وہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے جامع صغیر لکھی ہے اور یہی اسناد حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' میں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کی اتنی کتابیں اٹھائی ہیں' جن سے پورا اونٹ لاد دیا گیا۔

حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' جب کسی مسئلے کی تحقیق شروع کر دیتے تو یوں لگتا تھا کہ قرآن اسی مسئلے کے بارے میں نازل ہوا ہے۔ ایک حرف نہ آگے ہوتا نہ پیچھے۔

اسی اسناد کے ہمراہ مروی ہے' حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں' ان سے کوئی مسئلہ پوچھا گیا، انہوں نے جواب دے دیا۔ ان سے کہا گیا: اے ابوعبداللہ! فقہاء آپ کے مخالف ہیں۔ تو حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: میں نے کبھی ایسا فقیہ نہیں دیکھا جس طرح کہ میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے، یہ دل اور آنکھوں کو بھر دیتا تھا اور میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ ذہین وفطین کبھی کوئی انسان نہیں دیکھا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''جعفر بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' میں حضرت ''مزنی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تھا، اہل عراق میں سے ایک شخص نے ان سے پوچھا' آپ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے کہا: وہ فقہاء کے سردار ہیں۔

اس نے پوچھا: حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کیا کہتے ہو؟

انہوں نے کہا: وہ سب سے زیادہ حدیث کی پیروی کرنے والے ہیں۔

اس نے پوچھا: حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کیا کہتے ہو؟

انہوں نے کہا: سب سے زیادہ تفریعات وہی لاتے ہیں۔

اس نے پوچھا: حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کیا خیال ہے؟

انہوں نے کہا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا قیاس انہوں نے حاصل کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' میں نے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: یہ دقیق مسائل آپ نے کہاں سے سیکھے ہیں؟ انہوں نے کہا: حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتابوں سے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر یہ بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' میں نے جس سے بھی مناظرہ کیا ہے اس کا رنگ فق ہو گیا سوائے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''ابورجاء قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' میں نے حضرت ''مخرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو سنا ہے، ہم ان کو ابدال سمجھا کرتے تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کو خواب کے اندر دیکھا اور میں نے پوچھا: اے ابوعبداللہ! آپ کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟ انہوں نے فرمایا: میرے رب نے مجھے فرمایا: میں نے تجھے علم کا برتن اس لئے نہیں بنایا تھا کہ میں تجھے عذاب دینا چاہتا ہوں۔

میں نے پوچھا: حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ کیا ہوا؟ انہوں نے کہا: وہ مجھ سے بلند درجے میں ہیں۔

میں نے پوچھا: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا: وہ حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی زیادہ بلند درجے میں ہیں۔

حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ''ولاء'' والی حدیث حضرت ''امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور وہ حدیث اس کتاب کے باب الولاء میں گزر چکی ہے۔

(44) مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰى بْنِ عِيْسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمَةَ بْنِ اِلْيَاسَ

وَهُوَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الثَّالِثِ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ (قَالَ الْحَافِظُ) اَبُوْ بَكْرِ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ ذَكَرَ لِيْ نَسَبَهٗ اَبُوْ الْقَاسِمِ الْاَزْهَرِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ التَّنُوْخِيُّ قَالَ اَمْلَا عَلَيْنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْحَافِظُ نَسَبَهٗ اِلٰى اِلْيَاسَ ثُمَّ قَالَ لَمْ اَجِدْ اَحَداً ذَكَرَ نَسَبَهٗ غَيْرَ اِبْنِ بُرْهَانَ قَالَ اِبْنُ الْمُظَفَّرِ كَانَ اَبِيْ وَمِنْ قَبْلِهٖ مِنْ سَلَفِيْ مِنْ اَهْلِيْ سِرُّ مَنْ رَاٰى فَانْتَقَلَ اِلٰى بَغْدَادَ وَوُلِدْتُّ اَنَا فِيْهَا فِي الْمُحَرَّمِ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ وَاَوَّلُ سِمَاعِيْ فِيْ الْمُحَرَّمِ سَنَةَ ثَلَاثِ مِائَةٍ

(قَالَ) الْخَطِيْبُ سَمِعَ اِبْنَ الْمُظَفَّرِ بَيَانَ بْنِ اَحْمَدَ الدِّقَاقِ وَاَبَا الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا وَاَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيَّ وَحَامِدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيَّ وَالْهَيْثَمَ بْنَ خَلَفٍ الدَّوْرِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ صَالِحٍ الْبُخَارِيَّ وَيَحْيٰى بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَاَشْيَاخَهُمْ الْبَغْدَادِيِّيْنَ وَسَافَرَ الْكَثِيْرَ وَكَتَبَ عَنْ اَبِيْ عَرُوْبَةَ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَعَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الطَّحَاوِيْ وَاَحْمَدَ بْنِ زَبَانَ وَعَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ غَيْلَانَ بِمِصْرٍ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ حَافِظاً صَادِقاً رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْحَسَنِ الدَّارَقُطْنِيُّ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ

(قَالَ) الْخَطِيْبُ قَالَ اَبُوْ بَكْرِ الْبُرْقَانِيْ كَتَبَ الدَّارُقُطْنِيْ عَنِ الْحَافِظِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ اَلْفَ حَدِيْثٍ، وَاَلْفَ حَدِيْثٍ وَاَلْفَ حَدِيْثٍ وَقَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِيُّ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِيَ يُعَظِّمُ اَبَا الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ وَيُجَلِّهُ وَلَا يَسْنَدُ حَدِيْثاً بِحَضْرَتِهٖ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ فِيْ مَجْمُوْعِهٖ اَشْيَاءَ كَثِيْرَةً

(قَالَ) الْخَطِيْبُ اِذَا ذَكَرْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عُمَرَ اَخْبَارَ اِبْنِ الْمُظَفَّرِ فَقَالَ رَاَيْتُ مِنْ اُصُوْلِهٖ فِي الْوَرَّاقِيْنَ شَيْئاً كَثِيْرًا فَسَاَلْتُ الْوَرَّاقَ فَقَالَ بَاعَنِيْ اِبْنُ الْمُظَفَّرِ مِنْ هٰذِهِ الْاُصُوْلِ ثَمَانِيْنَ رِطْلاً وَكَانَتْ كُلُّهَا عَنْ يَحْيَى بْنِ صَاعِدٍ وَقَدْ كَتَبَهَا اِبْنُ الْمُظَفَّرِ بِخَطِّهٖ بِخَطٍّ دَقِيْقٍ فَجِئْتُ اِلَيْهِ وَسَاَلْتُهٗ عَنْهَا فَقَالَ اَنَا بِعْتُهَا وَهٰذَا كَرَاهَةٌ اَنْ يَّكْتُبَ عَنِّيْ حَدِيْثَ اِبْنِ صَاعِدٍ اَوْ كَمَا قَالَ

(ثُمَّ قَالَ الْخَطِيْبُ) اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُحْتَسِبُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الْوَرَاسِ قَالَ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ ثِقَةً مَاْمُوْناً حَسَنَ الْخَطِّ وَانْتَهٰى اِلَيْهِ عِلْمُ الْحَدِيْثِ فِيْ حِفْظِهٖ وَعِلْمِهٖ وَكَانَ قَدِيْماً يَنْتَقِيْ مِنَ الشُّيُوْخِ وَكَانَ مُقَدَّماً عِنْدَهُمْ

(قَالَ الْخَطِيْبُ) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الدَّاوَدِيُّ قَالَ تُوُفِّيَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ اَبُوْ الْحَسَنِ الْحَافِظُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فِيْ جُمَادٰى الْاُوْلٰى سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

(قَالَ الْخَطِيْبُ) حَدَّثَنِيْ اَبُو الْقَاسِمِ الْاَزْهَرِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَيْسِيُّ قَالَا تُوُفِّيَ الْحَافِظُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ الْاَزْهَرِيُّ فِيْ آخِرِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَقَالَا جَمِيْعاً وَدُفِنَ يَوْمَ السَّبْتِ لِثَلَاثٍ وَقَالَ الْاَزْهَرِيُّ لِاَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ جُمَادٰى الْاُوْلٰى سَنَةَ تِسْعٍ وَسَبْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَقَالَ الْقَيْسِيُّ وَكَانَ ثِقَةً مَاْمُوْناً حَسَنَ الْحِفْظِ؟؟

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهٰذَا الْمُسْنَدُ الَّذِيْ جَمَعَهٗ لِلْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَهُوَ الْمُسْنَدُ الثَّالِثُ مِنْ مَسَانِيْدِ هٰذَا الْكِتَابِ يَدُلُّ عَلٰى نِهَايَتِهٖ فِيْ عِلْمِ الْحَدِيْثِ وَحِفْظِهٖ وَاِتْقَانِهٖ وَعِلْمِهٖ بِالْمَتُوْنِ وَالطُّرُقِ جَزَاهُ اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ خَيْراً

[44]

حضرت ''محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بن محمد بن عبداللہ بن سلمہ بن الیاس ابوالحسین حافظ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تیسری مسند جمع کرنے والے ہیں، ہم نے کتاب کے آغاز میں ان کا ذکر کر دیا تھا۔ حافظ ابوبکر خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، مجھے حضرت ''ابوالقاسم ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن حسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا تھا اور انہوں نے فرمایا: حضرت ''محمد بن مظفر ابوالحسین رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ نے ہمیں ان کا نسب ''الیاس'' تک بیان کیا ہے، پھر فرمایا: میں نے کسی کو نہیں پایا کہ حضرت ''ابن برہان رحمۃ اللہ علیہ'' کے سوا کسی نے ان کا نسب بیان کیا ہو۔

حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: میرے والد اور ان سے پہلے میرے بزرگوں میں کچھ اہل راز لوگوں نے ان کی زیارت کی ہے، یہ بغداد منتقل ہو گئے تھے، میں ۸۶ ہجری کو وہاں پر پیدا ہوا تھا، میں نے ۱۰۳ ہجری میں محرم کے اندر سب سے پہلا سماع کیا۔

خطیب بیان کرتے ہیں: حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''بیان بن احمد دقاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو قاسم بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن جبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حامد بن محمد بن شعیب بلخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہیثم بن خلف دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن صالح بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، اور بغداد سے تعلق رکھنے والے اشیاخ سے سماع کیا ہے اور بہت سارے سفر کئے ہیں، اور حضرت ''ابوعروبہ حسین بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن زبان علی بن احمد بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' سے مصر کے اندر حدیث کی کتابت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہ حافظ تھے، صادق تھے، حضرت ''ابوحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، اور ان کے بعد والے محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔

خطیب بیان کرتے ہیں: حضرت ''ابوبکر برقانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک ہزار حدیث اور ایک ہزار حدیث اور ایک ہزار حدیث لکھی ہے اور فرمایا: مجھے حضرت ''محمد بن عمر بن اسماعیل قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے، وہ حضرت ''ابوالحسن محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی بڑی تعظیم کیا کرتے تھے، ان کو بزرگ سمجھا کرتے تھے اور ان کی موجودگی میں کسی حدیث کی اسناد بیان نہیں کیا کرتے تھے اور انہوں نے اپنے مجموعہ میں ان سے بہت ساری روایت درج کی ہیں۔

خطیب بغدادی بیان کرتے ہیں: جب میں نے حضرت ''محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' کو حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی اخبار ذکر کیں تو انہوں نے کہا: میں نے کاتبین میں ان کے اصولوں میں سے بہت ساری چیزیں دیکھی ہیں، میں نے ایک کاتب سے پوچھا، اس نے کہا: حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ اصول مجھے ۸۰ رتل میں بیچے ہیں۔ یہ سب کے سب حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے تھے۔ اس کو حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بڑے باریک خط میں لکھا تھا، میں ان کے پاس آیا اور ان سے ان کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے کہا: میں نے ان کو بیچ دیا تھا تاکہ میرے حوالے سے ''ابن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیث کوئی نہ لکھے۔ یا جس طرح بھی انہوں نے بیان کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے یہ بیان کیا ہے: ہمیں حضرت ''احمد بن علی المحتسب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں' حضرت ''محمد بن ابی الوراس رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' ثقہ تھے، مامون تھے اور اچھے خط والے تھے۔ حافظے کے حوالے سے اور جاننے کے حوالے سے علم حدیث ان تک ختم ہو جاتا ہے، یہ پرانے تھے اور شیوخ میں سے چنے ہوئے تھے، علمائے حدیث کے نزدیک مقدم ہوتے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''محمد بن عمر داؤدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن مظفر ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ جمعہ کے دن جمادی الاولیٰ کے مہینے میں سن ۳۷۹ ہجری میں فوت ہوئے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: حضرت ''ابوالقاسم ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد قیسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے بتایا ہے، وہ دونوں بیان کرتے ہیں' حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمعہ کے دن انتقال کیا اور حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' جمعہ کے دن آخری وقت میں اور دونوں نے کہا ہے' ان کی تدفین تین یا چار جمادی الاولیٰ ۳۷۹ ہجری کو ہفتہ کے دن ہوئی اور حضرت ''قیسی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ ثقہ تھے، مامون تھے اور مضبوط حافظے والے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: وہ مسند جس کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے لئے انہوں نے جمع کیا ہے یہ اس کتاب کی مسانید میں سے تیسری مسند ہے اور علم حدیث میں ان کی انتہاء پر دلالت کرتی ہے اور ان کے حافظے اور ان کے اتقان پر اور متون اور طرق پر ان کے علم پر دلالت کرتی ہے اللہ تعالیٰ اسلام کی طرف سے ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(45) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الرَّبِیْعِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ وَهْبِ بْنِ سَحْقَةِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكِ الْاَنْصَارِیْ اَحَدُ الثَّلَاثَةِ الَّذِیْنَ خَلَفُوْا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَبُوْ بَكْرِ الْمَعْرُوْفُ بِقَاضِیْ مَارِسْتَانَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْخَامِسِ مِنْ مَسَانِیْدِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ فِیْ اَوَّلِ الْكِتَابِ۔

(قَالَ الحافظُ) ابنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهِ الْمُذِیْلُ علیٰ تاریخ الْخَطِیْبِ بعدَمَا ذَكَرَ نَسَبَهٗ كمَا ذَكَرْنَاهُ هٰكَذَا رَاَیْتُ نَسَبَهٗ بِخَطِّ یَدِهٖ وَقَالَ بَكَّرَهُ اَبُوْهُ فِیْ سِمَاعِ الْحَدِیْثِ فَسَمِعَ مِنْ اَبِیْ اِسْحَاقِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عُمَرَ الْبَرْمَكِیْ وَاَخِیْهِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ عُمَرَ وَاَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْجَوْهَرِیِّ وَالْقَاضِیْ اَبِی الطَّیِّبِ الطَّبَرِیِّ وَاَبِیْ طَالِبِ الْعَشَارِیِّ وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عِیْسَى الْبَاقِلَانِیْ وَاَبِی الْقَاسِمِ عُمَرَ بْنِ الْحَسَنِ الْخَفَّافِ وَاَبِیْ الْحُسَیْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ النَّرْسِیْ وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ غَالِبِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَاَبِی الْحُسَیْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَبْنُوْسِیْ وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبِ الْمَكِّیِّ وَاَبِی الْفَضْلِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمَامُوْنِ قَالَ ابْنُ النَّجَّارِ فَهٰؤُلَاءِ تَفَرَّدَ بِالرِّوَایَةِ عَنْهُمْ قَالَ وَسَمِعَ اَیْضاً بِنَفْسِهِ الْقَاضِیْ اَبَا یَعْلَى بْنَ الْفَرَّاءِ وَاَبَا جَعْفَرٍ ابْنَ الْمَسْلَمَةِ وَاَبَا الْحُسَیْنِ بْنِ الْمُهْتَدِیْ بِاللّٰهِ وَاَبَا عَلِیِّ الْوَشَّاحِ وَاَبَا الْغَنَائِمِ بْنِ الْمُهَاجِرِ وَاَبَا مُحَمَّدٍ الصُّرَیْفِیْنِیْ وَاَبَا الْحُسَیْنِ بْنِ النَّقُوْرِ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَلِیِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَكْبَرِیْ وَعَبْدَ الْعَزِیْزِ بْنَ عَلِیٍّ الْاَنْمَاطِیَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ الْخَلَّالِ وَاَبَا الْمُظَفَّرِ هَنَادَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ النَّسَفِیَّ وَجَمَاعَةً كَثِیْرَةً وَتَفَقَّهَ فِیْ صِبَاهُ عَلَى الْقَاضِیْ اَبِیْ یَعْلَى بْنِ الْفَرَّاءِ وَشَهِدَ عِنْدَ قَاضِی الْقُضَاةِ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّامْغَانِیْ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ فَقُبِلَ شَهَادَتُهٗ وَحَجَّ وَسَمِعَ بِمَكَّةَ اَبَا مَعْشَرٍ عَبْدَ الْكَرِیْمِ بْنَ عَبْدِ الصَّمَدِ الْمُقْرِیْ وَاَبَا

الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُفَرِّجِ وَتَوَجَّهَ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى مِصْرَ وَسَمِعَ بِهَا اَبَا اِسْحَاقِ اِبْرَاهِيْمِ ابْنَ سَعِيْدِ الْحَبَّالِ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَكَانَ لَهٗ اِجَازَةٌ مِنْ اَبِى الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ الْمُحْسَنِ التَّنُوْخِىْ وَاَبِى الْفَتْحِ بْنِ شَيْطَا وَاَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُضَاعِى الْمِصْرِىِّ صَاحِبِ الشِّهَابِ وَعُمَرَ حَتّٰى صَارَتِ الرِّحْلَةُ اِلَيْهِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ حَدَّثَنِىْ جَمَاعَةٌ مِنَ الْمَشَائِخِ بِمَكَّةَ وَمِصْرَ وَالشَّامِ وَالْعِرَاقِ عَنْ مَشَائِخِهِمْ عَنْهُ وَسَمِعْتُ جُزْءَ الْاَنْصَارِىِّ عَلٰى قَرِيْبٍ مِنْ عِشْرِيْنَ شَيْخاً بِالشَّامِ وَالْعِرَاقِ وَهُمْ رَوَوْهُ عَنْ مَشَائِخِهِمْ عَنِ الشَّيْخِ اَبِىْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِىْ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَهُوَ جَمَعَ مُسْنَداً لِاَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ فِىْ اَوَّلِ الْكِتَابِ

(قَالَ) الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَدْ شَرَعَ فِىْ عِلْمِ الْفَرَائِضِ وَالْحِسَابِ وَالْهِنْدَسَةِ وَلَهٗ فِيْهَا مُصَنَّفَاتٌ وَتَخْرِيْجَاتٌ وَمُؤَلَّفَاتٌ قَالَ وَحَدَّثَنِىْ عَنْهُ اَبُو الْفَرَجِ ابْنِ الْجَوْزِىْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ عَلِيٍّ وَالْقَاضِىْ اَبُو الْفَتْحِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَائِدَائِى الْوَاسِطِىُّ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ الْاَخْضَرُ وَعَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ الْبُنْدَارِ وَاَبُوْ عَلِيِّ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحَرِيْرِ، وَاَبُوْ طَاهِرِ بْنُ اَبِى الْقَاسِمِ بْنِ الْمَعْطُوْسِ وَسَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَطَّافٍ وَعُمَرُ ابْنُ مُحَمَّدِبْنِ طَبَرْزَدٍ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنِ مَرَاحِبِ السَّلَمِىُّ وَاَبُو الْقَاسِمِ هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمُظَفَّرِ السَّبْطِ وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مَعَالِىْ بْنِ مَنْقِبَا فِىْ جَمَاعَةٍ كَثِيْرَةٍ

(رَوٰى) الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ حَاكِياً عَنْ اَبِىْ سَعْدٍ السَّمْعَانِىِّ فِىْ كَلَامٍ طَوِيْلٍ وَسَاَلْتُهٗ يَعْنِى الْقَاضِىْ اَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِىْ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ عَاشِرَ صَفَرَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ بِالْكَرْخِ وَتُوُفِّىَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَقِيْلَ الثَّانِىْ مِنْ رَجَبٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَصُلِّىَ عَلَيْهِ فِىْ جَامِعِ الْمَنْصُوْرِ وَدُفِنَ بِمَقَابِرِ بَابِ حَرْبٍ بِجَنْبِ وَالِدِهٖ وَاَوْصٰى اَنْ يُّكْتَبَ عَلٰى لَوْحِ قَبْرِهٖ (قُلْ هُوَ نَبَاٌ عَظِيْمٌ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ)

(قَالَ) الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَكَانَتْ لَهٗ عَاقِبَةٌ حَسَنَةٌ بَقِىَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ لَا يَفْتُرُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ ثُمَّ تُوُفِّىَ رَحِمَهُ اللّٰهُ (قَالَ الْحَافِظُ) ابْنُ النَّجَّارِ حَاكِياً عَنْ خَطِّ اَبِى الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ اَنَّهٗ آخِرُ مَنْ حَدَّثَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقِ الْبَرْمَكِىِّ وَاَبِى الْحَسَنِ الْبَاقِلَانِىِّ وَاَبِى الْحَسَنِ الْبَرْمَكِىِّ وَالْقَاضِىْ اَبِى الطَّيِّبِ الطَّبَرِىِّ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الشُّيُوْخِ قَالَ وَعُمِّرَ اَرْبَعاً وَتِسْعِيْنَ سَنَةً مُمْتِعاً بِسَمْعِهٖ وَبَصَرِهٖ وَسَائِرِ حَوَاسِّهٖ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ ذَكَرْتُ طَرِيْقَ اِسْنَادِىْ فِى الْمُسْنَدِ وَهُوَ الْخَامِسُ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یہ ہے ''محمد بن محمد بن عبدالرحمٰن بن ربیع بن ثابت ابن وہب بن سحقہ بن حارث عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری''

(یہ وہی حضرت ''کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ'' ہیں جوان تین صحابہ میں شامل ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوۂ تبوک

میں شریک ہونے سے رہ گئے تھے)۔ان کی کنیت ''ابوبکر'' ہے، یہ مارستان کے قاضی کے نام سے مشہور تھے۔حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان مسانید میں پانچویں مسند آپ کی ہے جن کا ذکر کتاب کے آغاز میں ہوا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں جو کہ خطیب بغدادی کی تاریخ کے ذیل میں لکھی گئی ہے، ان کا نسب جس طرح ہم نے بیان کیا ہے، اسی طرح نسب بیان کرنے کے بعد کہا' میں نے ان کے اپنے ہاتھ سے ان کا نسب لکھا ہوا دیکھا ہے اور فرمایا: ان کے والد نے ان کو بچپن سے ہی سماعِ حدیث میں لگا دیا تھا، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن عمرو برمکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور ان کے بھائی حضرت ''ابوالحسن علی بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابومحمد بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، قاضی حضرت ''ابوطیب طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوطالب عشاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالحسن علی بن ابراہیم بن عیسیٰ باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوقاسم عمر بن حسن خفاف رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالحسین محمد بن احمد نرسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالحسن علی بن حسین ابن غالب بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوحسین بن محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالحسن علی بن ابی طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالفضل ہبۃ اللہ بن احمد بن مامون رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: یہ وہ لوگ ہیں کہ ان سے روایت کرنے میں یہ متفرد ہیں۔آپ فرماتے ہیں' اسی طرح بذاتِ خود انہوں نے حضرت ''قاضی ابویعلیٰ بن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی سماع کیا ہے، حضرت ''ابوجعفر بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالحسین بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوعلی الوشاح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابولغنائم بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابومحمد صیریفینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالحسین بن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالقاسم علی بن احمد بن اکبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، اور حضرت ''عبدالعزیز بن علی انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''عبداللہ بن حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابومظفر ہناد بن ابرہیم نسفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور دیگر محدثین کی بہت بڑی جماعت سے سماع کیا ہے۔

انہوں نے اپنے شوق سے قاضی حضرت ''ابویعلیٰ بن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے فقہ حاصل کی۔ یہ ۴۹۴ ہجری کو قاضی القضاۃ ابوالحسن علی بن محمد دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گئے تھے، انہوں نے ان کی شہادت کو قبول کیا تھا، انہوں نے حج کیا اور مکہ مکرمہ کے اندر حضرت ''ابومعشر عبدالکریم بن عبدالصمد مقری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن علی بن مفراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا، پھر یہ مکہ سے مصر چلے گئے اور وہاں پر حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن سعید حبال رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: ان کو حضرت ''ابوالقاسم علی بن محسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالفتح بن شیطاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ قاضی مصری رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ صاحب شہاب ہیں اور جو حضرت ''شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' کے اور حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں، ان) سے روایت کیا ہے اور ان کی طرف سفر کرکے بھی گئے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: مجھے مکہ کے اندر اور مصر اور شام اور عراق میں بہت سارے مشائخ نے اپنے مشائخ کے حوالے سے بیان کیا ہے اور حضرت ''جزء الانصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کو شام اور عراق میں بیس کے قریب مشائخ سے سنا ہے، یہ سب اپنے مشائخ کے حوالے سے حضرت ''شیخ ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو

حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند جمع کی ہے جس طرح کہ ہم نے کتاب کے آغاز میں ذکر کر دیا ہے۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: انہوں نے علمِ فرائض، علمِ حساب، علم ہندسہ میں محنت کی ہے اور اس حوالے سے ان کی تصانیف، تخریجات اور مولفات موجود ہیں۔

آپ بیان کرتے ہیں' مجھے ان سے حضرت ''ابو الفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''عبدالوہاب بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''قاضی ابوالفتح محمد بن احمد المائدائی واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''عبدالعزیز اخضر رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''عبدالخالق بن ہبۃ اللہ بن بندار رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابوعلی بن قاسم بن حریف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابو طاہر بن ابو قاسم بن معطوس رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''سعید بن محمد بن عطاف رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''عمر بن محمد بن طبرزد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''عبدالملک بن مواہب سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''ابو قاسم ہبۃ اللہ بن حسن بن مظفر سبط رحمۃ اللہ علیہ'' نے، اور حضرت ''عبدالعزیز بن معالی بن منقبا رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک جماعت میں حدیث بیان کی ہے۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوسعد سمعانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے طویل کلام کیا ہے اور اس کے اندر یہ بھی ذکر کیا ہے' میں نے ان سے یعنی حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ۴۴۲ ہجری کو ماہِ صفر المظفر کی ۱۳ تاریخ کو مقام کرخ میں ان کی ولادت ہوئی اور ان کا انتقال بدھ کے دن ہوا اور ایک قول کے مطابق ۵۳۵ ہجری میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ جامع مسجد منصور میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی گئی اور ان کو حرب کے قبرستان میں والدہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ ان کی قبر کی تختی کے اوپر یہ آیت درج کی جائے:

قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ

''تم فرماؤ وہ بڑی خبر ہے تم اس سے غفلت میں ہو''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کی عاقبت بہت اچھی تھی، ان کی زندگی کے تین دن باقی بچے تھے تو یہ قرأت قرآن روک نہیں رہے تھے اور پھر ان کا انتقال ہو گیا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار ابو الفضل بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے خط کے حوالے سے حکایت کرتے ہیں' یہ وہ آخری بزرگ ہیں جو حضرت ''ابو اسحاق برمکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الحسن برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''قاضی ابو طیب طبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر شیوخ کے حوالے سے روایت کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: ان کی عمر ۹۴ برس تھی، ان کی سماعت بھی درست تھی اور بصارت بھی درست تھی اور تمام اعضاء درست کام کرتے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: میں نے جو مسانید جمع کی ہیں ان میں سے ان کی مسند میں اپنی اسناد ذکر کر دی ہے اور یہ ان میں پانچویں مسند ہے۔

فصلٌ فی ذِکرِ منْ بعدِھمْ منَ المشایخِ رَحمہُ اللّٰہُ

اس فصل میں ان کے بعد والے مشائخ کا ذکر ہے

(46)مُحَمَّدُبْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ یَحْیَی بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ جَیَّادٍ اَبُوْ بَکْرِ الْمُقْرِیُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ یُقَالُ اَنَّ اَصْلَہٗ مِنْ مَرْوِ الرَّوْذِ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنِ اِبْرَاھِیْمِ وَاَبَا الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیَّ وَاَبَا عَمْرَۃِ الْجُرْجَانِیَّ وَنَظَرَائَھُمْ وَرَوٰی عَنْہُ مُوْسَی بْنُ ھَارُوْنَ وَعَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِیُّ وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الْحَلِیْمِیُّ قَالَ تُوُفِّیَ سَنَۃَ تِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن یحییٰ بن اسحاق بن جیاد ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' کہا جاتا ہے' یہ مرو، روذ میں پیدا ہوئے تھے، انہوں نے حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابو ولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابوعمرہ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دیگر محدثین سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ حلیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور آپ فرماتے ہیں: ان کا انتقال ۲۹۰ ہجری میں ہوا۔

(47)مُحَمَّدُبْنُ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِیْنَارٍ اَلْبَغَوِیُّ اَبُوْ الْحَسَنِ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ حُبَیْشٍ لِاَنَّ جَدَّہٗ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ یُلَقَّبُ حُبَیْشاً قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ شُجَاعٍ الثَّلْجِیِّ وَعَبَّاسِ الدَّوْرِیِّ وَاِبْرَاھِیْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْقَصَّارِ

رَوٰی عَنْہُ اَبُو الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِیُ وَجَمَاعَۃٌ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ وُلِدتُّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ لِتِسْعٍ بَقَیْنَ مِنْ شَعْبَانَ سَنَۃَ اِثْنَتَیْنِ وَخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ قَالَ تُوُفِّیَ سَنَۃَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن صالح بن دینار بغوی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن حبیش'' کے نام سے مشہور ہیں، ان کے دادا حضرت ''احمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کا لقب ''حبیش'' تھا۔ خطیب بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ قصار رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ان کی ولادت ۲۵۲ ہجری ۱۹ شعبان کو جمعہ کے دن ہوئی اور آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۳۳۸ ہجری میں ہوا۔

(48)مُحَمَّدُبْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّيَالِسِيُّ الرَّازِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ جَوَّاداً حَدَّثَ بِبَغْدَادَ وَمَصِيْصَةَ وَطَرْسُوْسَ وَسَكَنَ قَرْيَةَ بَيْسِيْنَ وَعَمَرَ عُمْرًا طَوِيْلاً وَكَانَ يُحَدِّثُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُوْسَى الْفَرَّاءِ وَيَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْقَوَارِيْرِيِّ وَغَيْرِهِمْ قَالَ وَرَوٰى عَنْهُ يَحْيَى ابْنُ صَاعِدٍ وَمُكْرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنِ الْجَمَانِيِّ فِيْ آخِرِيْنَ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ حَيًّا سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن ابراہیم بن زیاد بن عبداللہ ابوعبداللہ طیالسی رازی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بہت سخی تھے۔ انہوں نے بغداد کے اندر درسِ حدیث دیا، مصیصہ اور طرطوس میں درسِ حدیث دیا اور یاسین نامی بستی کے اندر رہائش پذیر رہے اور بڑی لمبی عمر پائی۔ یہ حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ الفراء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن محمد القواریری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے روایت کیا کرتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں' ان سے حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر جمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ آخری محدثین میں سے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں: یہ ۳۱۳ ہجری میں حیات تھے۔

(49)مُحَمَّدُبْنُ الْوَلِيْدِ بْنُ اَبَانَ بْنِ حَيَّانَ اَبُو الْحَسَنِ الْعُقَيْلِيُّ الْمِصْرِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَهَانِئِ بْنِ الْمُتَوَكِّلِ وَهِشَامِ بْنِ عَمَّارٍ وَهِشَامِ ابْنِ خَالِدٍ وَرَوٰى عَنْهُ حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ اللَّخْمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ كَاتِبٍ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَكِيْمِيُّ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ بَكْرِ الْاَخْرَسِ الْبَغْدَادِيَّ

(قَالَ الْخَطِيْبُ) فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا مُسْلِمٍ الْمَكِّيَّ وَاَبَا شُعَيْبٍ الْحَرَانِيَّ وَاَحْمَدَ بْنَ يَحْيَى الْحَرَانِيَّ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيَّ وَخَلْقاً مِنْ اَقْرَانِهِمْ وَكَانَ ثِقَةً صَدُوْقاً وَلَهٗ تَصَانِيْفُ كَثِيْرَةٌ وَحَدَّثَ بِبَغْدَادَ قَبْلَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ ثُمَّ انْتَقَلَ اِلٰى مَكَّةَ فَسَكَنَهَا حَتّٰى تُوُفِّيَ بِهَا فِيْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ سِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن ولید بن ابان بن حیان ابوالحسن عقیلی مصری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہانی بن متوکل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ام بن عمار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کیں اور ان سے حضرت ''حمید بن ربیع لخمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن فضل بن کاتب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن علی حکیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''محمد بن حسین بن عبداللہ ابوبکر اخرس بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''ابو مسلم مکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو شعیب حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن یحییٰ حرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جعفر بن محمد فریابی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے معاصرین میں بہت سارے لوگوں سے روایت کیا ہے، یہ ثقہ تھے، صدوق تھے، ان کی بہت ساری تصانیف ہیں، انہوں نے ۳۳۰ ہجری سے پہلے بغداد شریف میں درس حدیث دیا، پھر یہ مکہ میں چلے گئے اور اپنی وفات تک وہیں پر رہے، آپ کی وفات ۳۶۰ ہجری میں ہوئی۔

(50)مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدِ بْنِ عِيْسٰى بْنِ عَبْدِكِ الرَّازِىُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوْبَ الرَّازِىِّ وَعَمْرِو بْنِ تَمِيْمٍ وَحَدَّثَ عَنْهُ الدَّارُقُطْنِىُ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ ثِقَةً تُوُفِّىَ فِىْ جُمَادَى الْاُوْلٰى سَنَةَ ثَمَانٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن عیسیٰ بن عبدک رازی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے یہ بغداد میں رہے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''محمد بن ایوب رازی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن تمیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی اور ان سے حضرت ''دارِ قطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت لی ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں یہ ثقہ تھے، ان کا انتقال ۳۴۸ ہجری میں ماہِ جمادی الاولیٰ میں ہوا۔

(51)مَحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدِ بْنِ مُوْسٰى اَبُوْ بَكْرِ الْعَصْفَرِىُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عَرَفَةَ وَسَعْدَانَ بْنَ نَصْرٍ وَاَحْمَدَ بْنَ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِىَ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ النَّيْسَابُوْرِىُ وَغَيْرُهٗ

حضرت ''محمد بن احمد بن موسیٰ ابوبکر عصفری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعدان بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابو احمد محمد بن محمد بن احمد نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

(52)مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَامِدٍ الْكِنْدِىُّ الْبُخَارِىُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ الْحَافِظِ الْبُخَارِىِّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدِ بْنِ حَامِدِالْكِنْدِىُ الْبُخَارِىُ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا فِىْ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن احمد بن حامد کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''محمد بن سلیمان حافظ بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' حضرت ''محمد بن احمد بن حامد کندی بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، ۲۹۳ ہجری میں وہاں پر درسِ حدیث دیا۔

(53) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُو الْحَسَنِ الْبَزَّارُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ زَرْقُوَيْهِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَمْرٍو الرَّوَّادَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَسْكَرِيَّ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَتَبْتُ عَنْهُ وَهُوَ اَوَّلُ شَيْخٍ كَتَبْتُ عَنْهُ اِمْلَاءً قَالَ وَكَانَ وَفَاتُهٗ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن احمد ابوحسن بزار المعروف ابن زرقویہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن محمد صفار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمرو رواد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالعباس عبداللہ بن عبدالرحمٰن عسکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب کہتے ہیں' میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ پہلے شیخ ہیں، جن سے میں نے احادیث املاء کی ہیں۔ آپ فرماتے ہیں' ان کی وفات ۴۱۲ ہجری میں ہوئی۔

(54) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ

الْخَطِيْبُ بِجَامِعِ الْمَنْصُوْرِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن عبداللہ بن عبدالصمد مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ جامع مسجد منصور کے خطیب تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے' میں نے ان سے احادیث لکھی بھی ہیں اور میں نے ان سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: ان کی ولادت ۳۸۴ ہجری میں ہوئی۔

(55) مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الْعَوَّامِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ بَكْرٍ الرَّيَاحِيُّ التَّمِيْمِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَعَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ عَطَاءٍ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ عُقْدَةَ الْكُوْفِيُّ وَالْقَاضِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحَامِلِيُّ قَالَ تُوُفِّيَ سَنَةَ سِتٍّ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن احمد بن ابوالعوام بن یزید بن دینار ابوبکر ریاحی تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے' انہوں نے حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالوہاب بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابوعبداللہ محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۲۹۶ ہجری میں ہوا۔

(56) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ قَاضِیْ قُضَاۃ نَیْسَابُوْر

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَبُوْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ نَصْرِ الصَّاعِدِیْ سَمِعَ اَبَاهُ اَبَا نَصْرٍ وَعَمَّهُ اَبَا سَعِیْدِ یَحْیٰی بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَرَوٰی عَنْهُ مِنْ اَهْلِ بَغْدَادَ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِیُّ وَاَبُو الْفَضْلِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَلِیِّ بْنِ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرٍ قَدِمَ حَاجًّا سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ بِنَیْسَابُوْر سَنَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِیْنَ وَخَمْسِ مِئَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''

یہ نیشاپور کے قاضی القضاۃ تھے، حافظ ابن نجار نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے' یہ حضرت ''ابوسعید بن ابونصر صاعدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں ،انہوں نے حضرت ''ابونصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے چچا حضرت ''ابوسعید یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے اہلِ بغداد میں سے حضرت ''عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالفضل عبدالملک بن علی بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، پھر یہ ۵۰۳ ہجری میں حج کرنے کے لئے تشریف لے گئے اور ۵۲۷ ہجری کو نیشاپور میں آپ کا انتقال ہوگیا۔

(57) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ یَعْقُوْبَ بْنِ شَبَّةَ بْنِ الصَّلْتِ

سَمِعَ جَدَّهٗ یَعْقُوْبَ وَمُحَمَّدَ بْنَ شُجَاعٍ الثَّلْجِیَّ وَرَوٰی عَنْهُ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ الشَّاهِدُ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ تُوُفِّیَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب بن شبہ بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے دادا حضرت ''یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''طلحہ بن محمد بن جعفر شاہد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان کا انتقال ۳۳۲ ہجری میں ہوا۔

(58)مُحَمَّدُبْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمَّادٍ اَبُو الْعَبَّاسِ الْاَثْرَمُ الْمُقْرِئُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ وَحُمَيْدَ بْنَ الرَّبِيْعِ وَعَمْرَو بْنَ شَبَّةَ وَغَيْرَهُمْ قَالَ وَحَدَّثَ عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَاَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ شَاذَانِ وَاَبُو الْحَسَنِ الدَّارَقُطْنِيُّ قَالَ وَتُوُفِّيَ الْاَثْرَمُ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(۵۸) محمد بن احمد بن حماد ابوالعباس اثرم مقری رحمۃ اللہ علیہ

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمید بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: ان سے حضرت ''محمد بن مظفر الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن حازم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ''اثرم رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۳۶ ہجری میں ہوا۔

(59)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ

اَلْمَعْرُوْفُ اَبُوْهُ بِابْنِ رَاهَوَيْهِ وُلِدَ بِمَرْوٍ وَنَشَاَ بِنَيْسَابُوْرَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَتَبْتُ بِبَلَادِ خُرَاسَانَ وَالْعِرَاقِ وَالْحِجَازِ وَالشَّامِ وَمِصْرٍ وَسَمِعَ اَبَاهُ اِسْحَاقَ بْنَ رَاهَوَيْهِ وَعَلِيَّ بْنَ حَجَرٍ وَاَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ وَعَلِيَّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ وَجَمَاعَةً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ الْخَطِيْبُ قَتَلَهُ الْقَرَامِطَةُ مَرْجِعَهُ مِنَ الْحَجِّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(يقولُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هوَ مِمَّنْ يرْوِى وَيُرْوٰى عنهُ فِيْ هٰذِهِ المسَانِيدِ

حضرت ''محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے والد ''ابن راہویہ'' کے نام سے مشہور تھے، ان کی ولادت ''مرو'' میں ہوئی اور ان کی پرورش نیشاپور میں ہوئی۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے خراسان، عراق، حجاز اور شام اور مصر کے علاقوں میں حدیث لکھی ہے اور حضرت ''ابواسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن حجر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک پوری جماعت سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' جب یہ ۲۹۴ ہجری حج سے واپس آرہے تھے تو راستے میں قرامطہ نے ان کو شہید کر دیا تھا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی روایت کی ہوئی اور جن سے روایت کی ہوئی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(60)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى اَبُوْ بَكْرِ التَّمَّارُ

يُعْرَفُ بِابْنِ حَضْرُوْن وَقِيْلَ بِابْنِ اَبِىْ حَضْرُوْنَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حَارِثِ الْمُوْصَلِيْ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَزَّارِ قَالَ الْخَطِيْبُ تُوُفِّىَ آخِرَ ذِى الْحَجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَكَانَ ثِقَةً

حضرت ''محمد بن اسحاق بن محمد بن عیسیٰ ابوبکر تمار رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن حضرون'' کے نام سے مشہور تھے، اور ایک قول کے مطابق ''ابن ابی حضرون'' کے نام مشہور تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''علی بن حارث موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباس بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن حسن بن سلیمان بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ان کا انتقال ۳۳۳ ہجری ذی الحجہ کے آخر میں ہوا۔ اور یہ ثقہ تھے۔

(61)مُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ عِيْسَى بْنِ الطَّارِقِ اَبُوْ بَكْرِ الْقَطِيْعِيُّ النَّاقِدُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيَّ وَاَبَا بَكْرِ بْنَ اَبِىْ دَاوٗدَ السِّجِسْتَانِيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيَّ وَيَحْيٰى بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَجَمَاعَةً قَالَ تُوُفِّىَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسَبْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن اسحاق بن محمد بن اسحاق بن عیسی بن طارق ابوبکر قطیعی ناقد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد سجستانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن محمد بن بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۳۷۸ ہجری میں ہوا۔

(62)مُحَمَّدُبْنُ اِسْمَاعِيْلِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْجُعْفِيُّ الْبُخَارِيُّ صَاحِبُ الصَّحِيْحِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ بَعْدَمَا ذَكَرَ تَرْجَمَتَهٗ وَبَالَغَ فِيْهَا تُوُفِّىَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لَيْلَةَ السَّبْتِ لَيْلَةَ الْفِطْرِ سَنَةَ سِتٍّ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ جعفی بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے صحیح بخاری لکھی ہے، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ترجمہ ذکر کرنے کے بعد اور ان کے بارے میں بہت مبالغہ کرنے کے بعد کہا ہے' حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۵۶ ہجری بروز ہفتہ عید الفطر کی رات ہوا۔

(63)مُحَمَّدُبْنُ اِدْرِیْسَ بْنِ الْعَبَّاس

بْنِ عُثْمَانِ بْنِ شَافِعِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عَبْدِ یَزِیْدِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ الْمُطَّلَبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیْ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَضِیَ عَنْهُ فَضَائِلُهٗ اَجَلُّ مِنْ اَنْ تُحْصٰی وَهُوَ مُسْتَغْنٍ عَنِ التَّعْرِیْفِ قَالَ الْحَافِظُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ فِیْ آخِرِ یَوْمٍ مِنْ رَجَبٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَمِائَتَیْنِ وَعَاشَ اَرْبَعاً وَخَمْسِیْنَ سَنَةً

حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع بن سائب بن عبید بن عبد بن یزید بن ہاشم بن مطلب بن عبد مناف ابوعبداللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے فضائل شمار سے باہر ہیں اور یہ تعریف سے بے نیاز ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کی ولادت ۱۵۰ ہجری میں ہوئی اور ۲۰۴ ہجری ماہِ رجب کے آخر میں ان کا انتقال ہوا ان کی عمر ۵۴ برس تھی۔

(64)مُحَمَّدُبْنُ بُكَيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُكَيْرِ بْنِ وَاصِلٍ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْحَضْرَمِیْ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ الْمُوْصَلِیَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ مَرْثَدٍ الْمُحَارِبِیَّ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ فِیْ شَوَالَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن بکیر بن محمد بن بکیر بن واصل ابوالحسن حضرمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عثمان موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مرثد محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۲۰۲ ہجری ماہِ شوال میں ہوا۔

(65)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ حَامِدِ الْبُخَارِیْ اَبُوْ بَكْرٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ بِهَا (عَنْ) عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى السَّرْخَسِیِّ رَوٰی عَنْهُ عَلِیُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ السُّكَرِیُّ رَوٰی عَنْهُ الْخَطِيْبُ حَدَّثَنَا (عَنْ) جَدِّهٖ (عَنْ) اَبِیْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ حَامِدِ الْبُخَارِیْ (عَنِ) الْحُسَيْنِ ابْنِ الْمُبَارِكِ (عَنْ) اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ (عَنْ) اَبِیْ حَنِيْفَةَ (عَنْ) اَبِیْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِیْ (عَنْ) اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

حضرت ''محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ۳۰۹ ہجری کو حج کرنے کے لئے روانہ ہوئے تو بغداد آئے اور وہاں پر حضرت ''عبداللہ بن یحییٰ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کیں۔ ان سے حضرت ''علی بن عمر بن محمد سکری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

انہیں سے خطیب روایت کرتے ہیں' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ حضرت ''ابوبکر بن محمد بن حسن بن علی بن حامد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''حسین بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''ابوعطیہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے بارے میں جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔

(66)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفَرَجِ اَبُوْ بَكْرِ الْمُقْرِئُ الْمُؤَذِّنُ الْاَنْبَارِیُّ

سَكَنَ بَغْدَادَ وَقَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِهَا (عَنْ) اَحْمَدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَسَنِ الْهَاشِمِیِّ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمْ قَالَ وَرَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ وَعَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلْوَيْهِ الْجَوْهَرِیُّ وَجَمَاعَةٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن حسن بن فرج ابوبکر مقری مؤذن انباری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''احمد بن عبیداللہ نرسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبیداللہ بن حسن ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔ ان سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بن وراق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن محمد بن علویہ جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

(67)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰی بْنِ يَقْطِيْنِ الْيَقْطِيْنِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا خَلِيْفَةَ الْفَضْلِ بْنِ الْحَبَّابِ الْجُمَحِیَّ وَالْحُسَيْنَ بْنَ عُمَرَ بْنِ اَبِی الْاَحْوَصِ الْكُوْفِیَّ وَاَبَا يَعْلَی اَحْمَدَ بْنِ عَلِیٍّ الْمُوْصَلِیَّ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمْ قَالَ وَقَدْ كَانَ سَافَرَ وَكَتَبَ بِالْجَزِيْرَةِ وَالشَّامِ وَغَيْرِهِمَا وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْاَصْفَهَانِیُّ وَعَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَذَّاءِ قَالَ تُوُفِّیَ الْيَقْطِيْنِیُّ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ الرَّابِعَ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعٍ الْآخِرِ سَنَةَ سَبْعٍ وَسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن حسن بن علی بن محمد بن عیسیٰ بن یقطین یقطینی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوخلیفہ فضل بن حباب جمحی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حسن بن عمر بن ابو احوص کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو یعلی احمد بن علی موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت (ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں ان) سے احادیث بیان کی ہیں اور آپ فرماتے ہیں: انہوں نے سفر کیا تھا اور جزیرہ اور شام اور دیگر شہروں میں احادیث لکھی ہیں، ان سے حضرت ''ابو نعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن محمد بن عبداللہ حذاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں، یقطینی کا انتقال ۳۶۷ ہجری میں ربیع الثانی کی ۱۴ تاریخ کو بدھ کے دن ہوا۔

(68)مُحَمَّدُبْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ اَبُوْ حَفْصِ الْخَثْعَمِيُّ الْاَشْنَانِيُّ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عِبَادِ بْنِ يَعْقُوْبَ وَعَبَّادِ بْنِ اَحْمَدَ الْعَرْزَمِيْ وَاَبِيْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَجَمَاعَةٍ قَالَ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِابْنِ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيُّ وَالْقَاضِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَحَامِلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْجِعَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ قَالَ مَاتَ اَبُوْ حَفْصِ الْخَثْعَمِيُّ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسین بن حفص بن عمر ابو حفص خثعمی اشنانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ بغداد میں آئے اور یہاں پر آکر انہوں نے حضرت ''عباد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباد بن احمد عرزمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو کریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں، ان سے حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابو عبداللہ محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمر جعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں، حضرت ''ابو حفص الخثعمی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۱۵ ہجری میں ہوا۔

(69)مُحَمَّدُبْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حَمْدُوْنَ الْبَغْدَادِيُّ الْبَعْقُوْبِيُّ

مِنْ اَهْلِ بَعْقُوْبَا قَالَ الْخَطِيْبُ وَلِيَ قَضَاءَ بَعْقُوْبَا وَوَلِيَ الْحِسْبَةَ بِبَغْدَادَ وَكَتَبْتُ عَنْهُ فِيْ سَنَةِ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسین بن علی بن حمدون بغدادی بعقوبی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا تعلق ''اہل بعقوبا'' سے ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: یہ بعقوبا کی مسند قضاء پر فائز تھے اور بغداد میں حسبہ کے علاقے کے گورنر تھے، میں نے ان سے ۴۲۹ ہجری میں حدیث لکھی ہے۔

(70)مُحَمَّدُبْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَلْفِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُوْ يَعْلَى

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْفَرَاءِ الْقَاضِيْ قَالَ الْخَطِيْبُ كَانَ اَحَدُ الْفُقَهَاءِ الْحَنَابِلَةِ وَلَهُ تَصَانِيْفُ عَلٰى مَذْهَبِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَدَرَسَ وَاَفْتٰى سِنِيْنَ كَثِيْرَةً وَشَهِدَ عِنْدَ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّامْغَانِيْ فَقَبِلَ شَهَادَتَهُ وَوَلِّيَ النَّظَرَ فِي الْحُكْمِ بِحَرِيْمِ دَارِ الْخِلَافَةِ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِي الْقَاسِمِ ابْنِ حَبَّابَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَالِكٍ الْبَيِّعِ وَعَلِيِّ بْنِ عُمَرَ الْحَرْبِيِّ وَجَمَاعَةٍ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ ثِقَةً قَالَ وَكَانَ يَقُوْلُ اَبُو الْحَسَنِ الْمَحَامِلِيُّ مَا يُحَاضِرُنَا اَحَدٌ مِنَ الْحَنَابِلَةِ اَعْقَلُ مِنْ اَبِيْ يَعْلٰى اِبْنِ الْفَرَاءِ قَالَ وَسَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ لِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ اَوْ ثَمَانٍ وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنَ الْمُحَرَّمِ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ لَيْلَةَ الْاِثْنَيْنِ وَدُفِنَ فِيْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ التَّاسِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن حسن بن محمد بن خلف بن احمد ابویعلیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن فراء قاضی'' کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ حنابلہ کے فقہاء میں سے ایک ہیں، ان کی حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب پر بہت ساری تصانیف اور درس موجود ہیں۔ انہوں نے سالہا سال درس بھی دیا اور فتویٰ بھی دیا اور حضرت ''قاضی القضاۃ ابوعبداللہ دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس انہوں نے گواہی بھی دی اور انہوں نے ان کی گواہی کو قبول کیا۔ دارالخلافہ کے حریم میں یہ فیصلوں پر نظر ثانی کے نگران بنے اور حضرت ''ابوالقاسم بن حبابہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن مالک بیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عمر حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے انہوں نے حدیث روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ ثقہ تھے۔ آپ کہتے ہیں: حضرت ''ابوالحسن محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' کہا کرتے تھے: حنابلہ میں سے کوئی شخص بھی ہمارے پاس حضرت ''ابویعلیٰ ابن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ عقل مند نہیں آیا۔ وہ کہتے ہیں: میں نے ان سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: میں ۳۸۰ ہجری، ماہِ محرم کی ۲۷ یا ۲۸ تاریخ کو پیدا ہوا تھا۔ یہ ۴۵۸ ہجری ماہِ رمضان المبارک کی ۲۷ تاریخ کو سوموار کے دن فوت ہوئے۔

(71)مُحَمَّدُبْنُ خَلْفٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ هُوَ مِنْ شُيُوْخِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ وَذَكَرَ اِبْنُ مَخْلَدٍ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَنَّهُ تُوُفِّيَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ وَكَعْبٍ سَمِعَ نَافِعاً وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ دِيْنَارٍ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ مِنَ الْمَعْرُوْفِيْنَ نَزَلَ عَلَيْهِ النَّاسُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن خلف ابوعبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔ حضرت ''ابن مخلد

رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۲۵۹ ہجری میں ہوا اور یہ حضرت ''سعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''کعب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ مشہور محدثین میں سے تھے اور ان کے پاس بہت لوگ آیا کرتے تھے۔

مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدِ بْنِ سُلَيْمَانَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ مِصْرَ وَحَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَرِيْرِ الطَّبَرِيْ وَتُوُفِّيَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ مِنْ جُمَادَى الْأُخْرٰى سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثَ مِائَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن داؤد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، یہ مصر میں تشریف لائے تھے اور حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔ ان کا انتقال ۳۳۰ ہجری ماہِ جمادی الثانی کے اندر جمعرات کے دن ہوا۔

(73)مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ السُّدِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيُّ

وَالِدُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءَ حَدَّثَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ شُمَيْلٍ وَمَكِّيِّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن رجاء سدی ابوعبداللہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''محمد بن محمد بن رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد ہیں، انہوں نے حضرت ''نضر بن شمیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں۔

(74)مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ رَجَاءِ الْخُرَاسَانِيُّ

مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ يُوْسُفَ وَلِيَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ

حضرت ''محمد بن ابو رجاء خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں، یہ بغداد میں مسند قضاء پر فائز تھے۔

(75)مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَيْكَنْدِيُّ

مَوْلٰى سَلِيْمٍ بُخَارِيٌّ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِسَبْعٍ بَقِيْنَ مِنْ صَفَرٍ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ قَالَ الْبُخَارِيُّ سَمِعَ سَلَّامَ بْنَ سُلَيْمٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ سَلَمَةَ وَابْنَ عُيَيْنَةَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَنِ الشَّیْبَانِیِّ کَثِیْرًا یَرْوِیْ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ رِضْوَانَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن سلام ابوعبداللہ بیکندی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''سلیم بخاری'' کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاریؒ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۲۲۵ ہجری ماہِ صفر المظفر کی ۲۳ تاریخ کو جمعہ کے دن ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''سلام بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں اور حضرت ''محمد بن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(76)مُحَمَّدُبْنُ سَعِیْدِ بْنِ حم اَبُوْ بَکْرِ الْحَافِظُ الْبُخَارِیُّ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیْ فِیْ تَارِیْخِهٖ ذَکَرَهُ حَمْزَةُ بْنُ یُوْسُفَ السَّهْمِیْ فِیْ تَارِیْخِهٖ لِجُرْجَانَ ثُمَّ رَوٰی عَنْهُ حَدِیْثاً وَذَکَرَ اَنَّهٗ حَدَّثَ بِهٖ بِبَغْدَادَ

حضرت ''محمد بن سعید بن حم ابوبکر الحافظ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حمزہ بن یوسف سہمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ جرجان کے اندر ذکر کیا ہے، پھر ان سے حدیث روایت کی ہے اور یہ ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد کے اندر درسِ حدیث دیا ہے۔

(77)مُحَمَّدُبْنُ سَمَاعَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَلَالِ بْنِ وَکِیْعِ بْنِ بَشْرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ التَّیْمِی

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ الْقَاضِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ وَالْمُسَیَّبِ بْنِ شَرِیْكٍ وَالْمُعَلّٰی بْنِ خَالِدٍ الرَّازِیْ رَوٰی عَنْهُ جَمَاعَةٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّیْمَرِیْ وَمِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ جَمِیْعاً مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ وَمِنَ الْحُفَّاظِ الثِّقَاتِ النَّوَادِرِ رَوٰی عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ وَمُحَمَّدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا جَمِیْعاً وَرَوَی النِّکَتَ وَالْاَمَالِیَ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِبَغْدَادَ لِلْمَامُوْنَ فَلَمْ یَزَلْ قَاضِیاً حَتّٰی ضَعُفَ بَصَرُهٗ اِلٰی اَیَّامِ الْمُعْتَصِمِ فَاسْتَعْفٰی قَالَ یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ لَوْ صَدَقَ اَصْحَابُ الْحَدِیْثِ کَمَا یَصْدُقُ اِبْنُ سَمَاعَةَ الْقَاضِیْ لَکَانُوْا عَلٰی نِهَایَةٍ قَالَ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ تُوُفِّیَ مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ فِیْ سَنَةِ ثَلَاثٍ

وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَلَهُ مِائَةُ سَنَةٍ وَثَلَاثِ سِنِيْنَ وَكَانَ مَوْلِدُه سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمِائَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن سماعہ بن عبداللہ بن ہلال بن وکیع بن بشر ابوعبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد کی مسند قضاء پر فائز تھے، اور انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسیّب بن شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معلّٰی بن خالد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے محدثین کی جماعت نے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ''ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے اور حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور یہ حفاظ میں سے تھے، ثقات میں سے تھے، اور ان کی مرویات نوادر میں سے ہیں۔

انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام محمد رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں سے روایت کی ہے اور انہوں نے نکت اور امالی روایت کی ہیں، یہ مامون کے زمانے میں بغداد کی مسند قضاء پر فائز تھے، یہ مسلسل قاضی رہے یہاں تک کہ معتصم کے زمانے میں ان کی بینائی ختم ہوگئی تو انہوں نے استعفاء دے دیا۔

حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' اگر باقی اہل حدیث بھی اسی طرح صدق اختیار کریں جیسے حضرت ''ابن سماعیہ القاضی رحمۃ اللہ علیہ'' صادق تھے تو یہ سب لوگ بہت انتہاء پر پہنچ جائیں۔

حضرت ''طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا' حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۳۳ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۱۳۰ برس تھی۔ اور ان کی پیدائش ۱۳۰ ہجری میں ہوئی۔

(78)مُحَمَّدُبْنُ شُجَاعِ الثَّلْجِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ فَقِيْهُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فِيْ وَقْتِهٖ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْحَسَنِ بْنِ زِيَادِ اللُّؤْلُؤِيْ صَاحِبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَحَدَّثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ آدَمَ وَاِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُلَيَّةَ وَوَكِيْعٍ وَاَبِيْ اُمَامَةَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ الْوَاقِدِيْ وَرَوٰى عَنْهُ يَعْقُوْبُ بْنُ شَيْبَةَ وَابْنُ ابْنِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوْبَ قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ الْبَغْوِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ صَاحِبُ مُحَمَّدِ بْنِ شُجَاعٍ الثَّلْجِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدَ بْنَ شُجَاعٍ يَقُوْلُ وُلِدْتُّ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةً وَتُوُفِّيَ وَهُوَ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ سَاجِدًا لِاَرْبَعٍ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَدُفِنَ فِيْ بَيْتٍ مِنْ دَارِهٖ مُلَاصِقًا لِلْمَسْجِدِ

حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اپنے زمانے میں اہل عراق کے فقیہ تھے، یہ حضرت ''حسن بن زیاد لؤلوئی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں ان) کے صاحب تھے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عمر واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ ان سے حضرت ''یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے پوتے حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابراہیم بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''احمد بن کامل قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابوالحسن علی بن صالح بن احمد بن حسن بن صالح بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن عبداللہ ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ صاحب ہیں حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' کے) نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ کہہ رہے تھے' میں ۱۸۱ ہجری ماہِ رمضان المبارک میں پیدا ہوا۔ ان کا انتقال عصر کی نماز میں سجدے کے دوران ہوا، اس وقت ذی الحج کی پانچ تاریخ تھی اور یہ واقعہ ۲۶۶ ہجری کا ہے۔ یہ مسجد سے متصل اپنی ہی حویلی میں دفن ہوئے۔

(79) مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَةَ بْنِ نَافِعِ بْنِ شَدَّادٍ اَبُوْ جَعْفَرَ طُوْسِی الْاَصْلِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ جَعْفَرٍ وَيَعْقُوْبَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ وَاَبَا اُسَامَةَ وَحَمَّادَ ابْنَ اُسَامَةَ وَالْقَاسِمَ بْنَ الْحَكَمِ الْعَرَنِیَّ قَالَ الْخَطِيْبُ مُحَمَّدُ بْنُ شَوْكَةَ بَغْدَادِیٌّ

حضرت ''محمد بن شوکہ بن نافع بن شداد ابوجعفر طوسی الاصل رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یعقوب بن ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم بن حکم عرنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں: حضرت ''محمد بن شوکہ رحمۃ اللہ علیہ'' بغدادی ہیں۔

(80) مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ مِنْ اَبِی الْحُسَيْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِیْ وَحَدَّثَ بِهَا بِكِتَابِ اَحْكَامِ السَّمَاعِ وَشُرُوْطِهٖ لِاَبِی الْقَاسِمِ الْقُشَيْرِیْ وَحَدَّثَ بِالْاِسْكَنْدَرِيَّةِ اَيْضاً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن صدقہ بن محمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد کے اندر ۴۹۸ ہجری میں حضرت ''ابو الحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث کا سماع کیا ہے اور وہاں پر ''احکام سماع اور اس کی شرائط'' جو حضرت ''ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ہے اس کا درس دیا ہے اور اسکندریہ کے اندر بھی اس کا درس دیا ہے۔

(81)مُحَمَّدُبْنُ صَالِحِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِيْ اَبُوْ الْحَسَنِ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اُمِّ سِنَان قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ مِنْ اَوْلَادِ الْعَبَّاسِ الْهَاشِمِي وُلِدَ بِالْكُوْفَةِ وَنَشَاَ بِهَا وَسَكَنَ بِبَغْدَادَ وَوَلِيَ الْقَضَاءَ بِهَا قَالَ الْخَطِيْبُ وَلَا اَعْلَمُ قَاضِياً مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ بِبَغْدَادَ غَيْرَهُ ثُمَّ ذَكَرَ اَخْبَارَهُ ثُمَّ قَالَ مَاتَ الْقَاضِيْ اَبُوْ الْحَسَنِ بْنِ سِنَانَ وَهُوَ لُقِّبَ اُمُّ جَدِّهٖ وَهِيَ مِنْ اَوْلَادِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ صَاحِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن صالح بن علی بن یحییٰ بن عبداللہ القاضی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن ام سنان'' کے نام سے مشہور تھے، خطیب بغدادی کہتے ہیں' یہ عباس ہاشمی کی اولاد میں سے ہیں، کوفہ میں پیدا ہوئے اور وہیں پر جوان ہوئے، بغداد کے اندر رہائش رکھی اور وہاں کی مسند قضا پر فائز ہوئے۔

خطیب بیان کرتے ہیں: بغداد کے اندر بنی ہاشم کا ان کے علاوہ اور کوئی قاضی میں نہیں جانتا ہوں، پھر ان کی اخبار کا ذکر کیا، پھر کہا' حضرت ''قاضی ابوالحسن بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' کا لقب ان کے دادا کی والدہ کے نام سے ہے اور یہ حضرت ''طلحہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں ان کی اولاد امجاد میں سے ہیں، ان کا انتقال ۳۶۹ ہجری میں ہوا، ان کی پیدائش ۲۹۳ ہجری کی ہے۔

(82)مُحَمَّدُبْنُ عُمَرَ السُّدُوْسِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ هِشَّامٍ رَوٰى عَنْهُ الْمُعَافٰى بْنُ زَكَرِيَّا الْجَرِيْرِيُّ

حضرت ''محمد بن عمر سدوسی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے، حضرت ''محمد بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''معافی بن زکریا جریری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(83)مُحَمَّدُبْنُ عُمَرَ بْنِ وَاقِدٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاقِدِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مَالِكَ ابْنَ اَنَسٍ وَابْنَ اَبِيْ ذِئْبٍ وَمَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ

اَخِی الزُّهْرِیْ وَابْنَ جُرَیْجٍ وَأُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیَّ رَوَی عَنْهُ کَاتِبُهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِیْ وَجَمَاعَةٌ قَالَ قَدِمَ الْوَاقِدِیْ بِغْدَادَ وَوَلِیَ قَضَاءَ الْجَانِبِ الشَّرْقِیِّ وَسَارَتِ الرُّکْبَانُ بِکُتُبِهٖ فِیْ فُنُوْنِ الْعُلُوْمِ مِنَ الْمَغَازِیْ وَالسِّیَرِ وَالطَّبْقَاتِ مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَتَیْنِ وَدُفِنَ بِمَقَابِرِ الْخَیْزَرَانِ وَهُوَ اِبْنُ ثَمَانٍ وَّسَبْعِیْنَ سَنَةً

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیُرْوٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَنِ الشَّیْبَانِیِّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''محمد بن عمر بن واقد ابوعبداللہ واقدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''معمر بن راشد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''محمد بن عبداللہ ابن اخی زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''اسامہ بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

ان سے ان کے کاتب حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحٰق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔آپ کہتے ہیں: حضرت ''واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' بغداد میں آئے اور مشرقی کے علاقے کے منصب قضاء پر فائز ہوئے، مغازی، سیر اور طبقات کے علوم پر فنون پر مشتمل ان کی کتابوں کا پورا ایک قافلہ بن گیا، ۲۰۷ ہجری کو بغداد میں ان کا انتقال ہوا، خیزران کے قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی۔ان کی عمر ۷۸ برس تھی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''محمد بن حسن بن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں شامل ہیں۔

(84) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ خَشْنَامٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَبُو الْحَسَنِ الْبَیِّعُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَیْلَانَ وَمُحَمَّدَ بْنَ حَمْدَوَیْهِ الْمَرْوَزِیَّ وَجَمَاعَةً تُوُفِّیَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن جعفر بن خشنام رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوالحسن بیع رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن حمدویہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور جماعت سے سماع کیا ہے۔ان کا انتقال ۳۹۲ ہجری میں ہوا۔

(85) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ اَبُوْ بَکْرٍ الْاَبْهَرِیُّ الْفَقِیْهُ الْمَالِکِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَکَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِیْ عَرُوْبَةَ الْحَرَانِیِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَ

الْبَاغَنْدِیُ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَشْنَانِیُ وَلَهُ تَصَانِیْفُ فِیْ شَرْحِ مَذْهَبِ مَالِكٍ وَالرَّدِّ عَلٰی مَنْ خَالَفَهٗ كَانَ اِمَامُ اَصْحَابِ مَالِكٍ فِیْ وَقْتِهٖ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَتِیْقِیُّ وَعَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَلِیٍّ مَاتَ اَبُوْ بَكْرٍ الْاَبْهَرِیُ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسِتِّیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَاِلَیْهِ اِنْتَهَتْ رِیَاسَةُ اَصْحَابِ مَالِكٍ

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن محمد بن صالح ابوبکر ابہری الفقیہ مالکی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد میں رہے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابوعروبہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں۔ حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کی تشریح میں اور ان کے مخالفین کے رد پر ان کی بہت ساری تصانیف موجود ہیں۔ یہ اپنے زمانے میں امام حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے امام تھے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' حضرت ''احمد بن محمد عتیقی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالعزیز بن علی ن رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۶۵ ہجری میں ہوا۔ ان کی ولادت ۲۸۹ ہجری میں ہوئی تھی اور ان تک جا کر حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے رئیس ختم ہو جاتے ہیں۔

(86) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِی الْقَاسِمِ بْنِ حَاجِبٍ

اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْبَطِیُ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَهُوَ مِنْ سَاكِنِی الصَّاغَةِ - مِنْ دَارِ الْخِلَافَةِ مُحَدِّثُ بَغْدَادَ فِیْ وَقْتِهٖ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكِ بْنِ اَحْمَدَ ابْنِ عَلِیٍّ الْبَانِیَاسِیُ وَاَبَا الْخَطَّابِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْقَارِیُ وَاَبَا الْحَسَنِ عَلِیِّ ابْنَ اَحْمَدَ بْنِ الْخَطِیْبِ الْاَنْبَارِیُ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةِ النَّعَالِیُ وَاَبَا الْفَضْلِ اَحْمَدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَیْرُوْنَ وَاَحْمَدَ بْنَ اَحْمَدِ الْحَدَّادِ الْاَصْبَهَانِیُ كَانَتْ لَهٗ اِجَازَةٌ مِنَ الشَّرِیْفِ اَبِیْ نَصْرٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ الزَّیْنَبِیُ سَمِعَ مِنْهُ الشُّیُوْخُ الْكِبَارُ كَاَبِی الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَعَبْدِ الْخَالِقِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ یُوْسُفَ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَسِتِّیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالباقی بن احمد بن سلیمان بن ابی قاسم بن حاجب رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن بطی'' کے نام سے مشہور ہیں۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ صاغہ کے باشندوں میں سے ہیں، دارالخلافہ میں رہتے تھے اور اپنے زمانے میں بغداد کے بہت بڑے محدث تھے۔

انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ مالک بن احمد ابن علی بانیاسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالخطاب بن نضر بن احمد بن نضر القاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی ابن احمد بن خطیب انباری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ الحسین بن احمد بن محمد بن طلحہ نعالی رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ دونوں حضرت ''خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں)، حضرت ''احمد بن احمد حداد اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ ان کو حضرت ''شریف ابونصر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اجازت حاصل تھی۔ ان سے بڑے بڑے شیوخ نے سماع کیا ہے۔ مثلاً حضرت ''ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالخالق بن احمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کی ولادت ۴۷۷ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۵۶۴ ہجری میں ہوا۔

(87) مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوْبَ بْنِ بُنْدَارٍ اَبُو الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ نَشَاَ بِوَاسِطٍ وَحَفِظَ الْقُرْآنَ بِهَا وَكَتَبَ اَيْضاً اَلْحَدِيْثَ وَدَخَلَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنْ اَبِيْ مَالِكِ الْفَطِيْعِيِّ وَاَبِيْ مُحَمَّدِ بْنِ يَاسِرٍ وَكَتَبَ عَنْهُ وَمَاتَ اَبُو الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَوُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن احمد بن علی بن احمد بن یعقوب بن بندار ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے واسط میں پرورش پائی، وہیں پر قرآن پاک حفظ کیا، وہیں پر حدیث لکھی، پھر یہ بغداد میں آ گئے اور وہاں پر حضرت ''ابو مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد بن یاسر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا اور ان سے احادیث لکھیں۔ اور حضرت ''ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۴۳۱ ہجری میں ہوا، ان کی ولادت ۳۴۰ ہجری کی ہے۔

(88) مُحَمَّدُ بْنُ عَبَادِ بْنِ مُوْسٰى بْنِ رَاشِدٍ الْعُكْلِيُّ

وَيُلَقَّبُ بِسَنْدُوْلَا قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَكَانَ عَالِماً بِالْحَدِيْثِ وَاَيَّامِ النَّاسِ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِيْهِ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَعَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ وَحَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ وَاَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عباد موسیٰ بن راشد عکلی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا لقب ''سندول'' تھا، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور یہ عالم بالحدیث تھے اور لوگوں کے زمانے کے عالم تھے، انہوں نے اپنے والد سے اور حضرت ''عبدالعزیز بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالسلام بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسباط بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

(89) مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ الزَّبَرْقَانِ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْمَكِّيُّ

سَكَنَ بَغْدَادَ وَكَانَ عَالِماً بِالْحَدِيْثِ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَسُفْيَانَ بْنِ

عُيَيْنَةَ وَرَوٰى عَنْهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ فِي الصَّحِيْحَيْنِ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''محمد بن عباد بن زبرقان ابوعبداللہ المکی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، عالم بالحدیث تھے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اور ان سے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے صحیحین میں احادیث روایت کی ہیں۔ ان کا انتقال ۲۳۵ ہجری میں ہوا۔

(90)مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ خَالِدٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَكَنَ بِلَادِ الشَّامِ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْبَغَوِيْ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ دَاوٗدَ رَوٰى عَنْهُ تَمَامُ بْنُ مُحَمَّدِ الرَّازِيْ وَكَانَ حَافِظًا رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن احمد بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' یہ بلاد شام میں رہتے تھے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ''، کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور ان سے حضرت ''تمام بن محمد رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایات کی ہیں اور یہ حافظ تھے۔

(91)مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْقَاهِرِ بْنِ اَسَدِ بْنِ مُسْلِمٍ اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَسَدِي الْمُؤَدِّبُ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ الْمَلِكِ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَاَبَا عَلِيٍّ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ غَيْلَانَ وَاَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ الْخَلَالَ وَمَاتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَسَدِيْ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبدالملک بن عبدالقاہر بن اسد بن مسلم ابوسعید اسدی مؤدب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبدالملک ابن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسین بن احمد بن ابراہیم بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب محمد بن محمد بن ابراہیم بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''محمد بن عبدالملک اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۵۰۱ ہجری میں ہوا۔ ان کی ولادت ۴۲۱ ہجری میں ہوئی تھی۔

(92)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ خَيْرُوْنَ اَبُوْ مَنْصُوْرِ الْمُقْرِى

مِنْ سَاكِنِى دَرْبِ تَصِيْرِ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيُّ قَرَاَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَمِّهٖ اَبِى الْفَضْلِ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ وَعَلٰى جَدِّهٖ لِاُمِّهٖ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَحْمَدَ السُّهْرَوَرْدِىْ وَعَلٰى غَيْرِهِمَا وَصَنَّفَ كُتُبًا فِى الْقِرَاءَاتِ وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنْ اَبِيْهِ وَعَمِّهٖ اَبِىْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ وَاَبِى الْغَنَائِمِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَامُوْنِ وَاَبِىْ بَكْرٍ اَحْمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتِ الْخَطِيْبِ صَاحِبُ التَّارِيْخِ تُوُفِّىَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبدالملک بن حسین بن خیرون ابومنصور مقری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ درب تصیر کے باشندے تھے۔حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں'انہوں نے قرآن اپنے چچا حضرت ''ابوالفضل احمد بن حسن بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ''،اور اپنے دادا حضرت ''عبدالملک بن احمد سہروردی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اوران کے علاوہ دیگر لوگوں سے پڑھا ہے۔انہوں نے قرأت میں بہت ساری کتابیں لکھی ہیں،اور حدیث اپنے والد سے اور اپنے چچا حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''ابوغنائم عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ خطیب ہیں اور صاحب تاریخ ہیں،ان) سے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۵۳۹ ہجری میں ہوا ہے اوران کی پیدائش ۴۵۴ ہجری میں ہوئی۔

(93)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ الزَّاهِدُ مِنْ اَهْلِ نَيْسَابُوْرَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحُسَيْنَ بْنَ الْفَضْلِ السَّرِىَّ بْنِ خُزَيْمَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَشْرَسٍ رَوٰى عَنْهُ اَهْلُ بَلَدِهٖ وَقَدِمَ بَغْدَادَ حَاجًّا وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰى عَنْهُ مِنْ اَهْلِهَا اَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَكَانَ ثِقَةً فَقِيْهًا عَارِفًا بِمَذْهَبِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَرَغِبَ عَنِ الْفَتْوٰى لِاشْتِغَالِهٖ بِالْعِبَادَةِ وَكَانَ يَحُجُّ فِىْ كُلِّ عَشْرِ سِنِيْنَ وَيَغْزُوْ فِىْ كُلِّ ثَلَاثِ سِنِيْنَ فَتُوُفِّىَ بِبَغْدَادَ مُنْصَرِفَهٗ مِنَ الْحَجِّ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبداللہ بن دینار ابوعبداللہ الحافظ الزاہد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا تعلق نیشاپور سے ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے'انہوں نے حضرت ''حسین بن فضل سری بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''محمد بن احمد بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اشرس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان سے ان کے شہر والوں نے روایت کی ہے۔پھر یہ حج کرنے کے لئے گئے تو بغداد بھی آئے اور وہاں پر درسِ حدیث دیا۔وہاں کے رہنے والوں میں سے حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی روایات ذکر کی ہیں۔

یہ ثقہ تھے،فقیہ تھے،حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کے جاننے والے تھے اور عبادت میں مشغولیت کی وجہ سے

فتویٰ سے گریز کرتے رہے، یہ ہر دس سال کے بعد حج کرتے تھے اور ہر تین سال میں جہاد میں جاتے تھے، یہ ۳۰۸ ہجری کو حج سے واپس آ رہے تھے کہ بغداد میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

(94)مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى

بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِيْ يُعْرَفُ بِالْخَنْدَقُوْقِيْ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْحُسَيْنِ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ الْفَضْلِ الْقَطَّانِ وَاَبَا الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ رُوْزَبَةَ - وُلِدَ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن علی بن محمد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''بن علی بن عبید اللہ بن جعفر بن علی بن مہتدی باللہ ابو عبد اللہ الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ''خندقوقی'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔

حضرت ''حافظ ابو عبد اللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو الحسین محمد بن حسین بن فضل القطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو الحسن محمد بن احمد بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی ولادت ۳۹۶ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۴۷۱ ہجری میں ہے۔

(95)مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْخُرَاسَانِي

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْحَسَنِ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ بْنِ الْفَضْلِ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ وَالِدُهٗ كَانَ مِنَ الْمُعَدِّلِيْنَ وَمِنْ شُيُوْخِ الْمُحَدِّثِيْنَ وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبد اللہ بن اسحاق بن ابرہیم بن خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابو عبد اللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، حضرت ''ابو الحسن محمد بن حسین بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''ابو عبد اللہ محمد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے، یہ معدلین میں سے تھے اور محدثین کے شیوخ میں سے تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا تذکرہ کیا ہے۔

(96)مُحَمَّدُبْنُ عِلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ الدِّقَاقِ اَبُوْ الْغَنَائِمِ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْبَيِّعِ وَاَبِیْ عُمَرَ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَهْدِیْ وَاَبِی الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَشْرَانَ وَاَبِیْ الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ رُوْزَبَهَ وَجَمَاعَةً رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ طَالِبِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْبَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْمَارِسْتَانِیْ وَجَمَاعَةٌ وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْمَارِسْتَانِیْ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''محمد بن علی بن حسن بن محمد بن ابی عثمان دقاق رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوالغنائم'' ہے۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن عبیداللہ ابن البیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمر عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن محمد ابن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابوطالب احمد بن حسن بن البنا رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی مارستانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ان کی ولادت ۴۰۱ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۴۸۸ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی مارستانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(97)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْخَالِقِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ

ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْفَرَجِ اَبِی الْحَسَنِ اَخُ اَبِی الْحُسَيْنِ عَبْدِ الْحَقِّ وَاَبِیْ نَصْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَكَانَ الْاَصْغَرَ مِنْهُمَا قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وُلِدَ بِيَزْدَ وَنَشَاَ بِهَا مَعَ اَبِيْهِ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ اَبِیْ سَعْدٍ اِسْمَاعِيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحِ الْمُؤَذِّنِ ثُمَّ وَرَدَ مَعَ وَالِدِهٖ بَغْدَادَ فَاَسْمَعَهُ مِنَ الْقَاضِیْ اَبِیْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیْ وَاَبِیْ مَنْصُوْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَرَاتِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ خَيْرُوْنَ وُلِدَ فِیْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالخالق بن احمد بن عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نسب یوں ہے ''بن محمد بن یوسف ابوعبداللہ ابن الفرج ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابوالحسین عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونصر

عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، یہ ان دونوں سے چھوٹے تھے۔

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''یزد'' میں پیدا ہوئے، وہیں پر اپنے والد کے پاس پرورش پائی اور حضرت ''ابوسعد اسماعیل بن ابوصالح مؤذن رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع حدیث کیا۔ پھر یہ اپنے والد کے ہمراہ بغداد آ گئے اور وہاں پر حضرت ''قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عبدالملک بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع حدیث کیا۔ ان کی ولادت ۵۲۲ ہجری میں ذی الحج کے مہینے میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۶۷ ہجری میں ہوا۔

(98) مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ اَبُوْ جَعْفَرِ الْجُعْفِي الْكُوْفِيُّ وَرَّاقِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰى

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَرَدَ مَعَهٗ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ أُسَامَةَ وَحَمَّادِ ابْنِ اَبِيْ أُسَامَةَ وَالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْجُعْفِيِّ وَعَنْ جَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ وَاَبُوْ حَاتِمِ الرَّازِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عثمان بن کرامہ ابوجعفر جعفی کوفی وراق عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کے ہمراہ وہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسین بن علی جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔ ان سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی صحیح کے اندر، حضرت ''ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''ابراہیم بن اسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہیں۔ ان کا انتقال سن ۲۵۶ ہجری میں ہوا۔

(99) مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظَ وَاَبَا عَمْرِو بْنِ حُسْنُوْنَ وَاَبَا بَكْرِ بْنَ شَاذَانَ وَطَائِفَةً مِنْ هٰذِهِ الطَّبْقَةِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَتَبْنَا عَنْهُ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمرو بن حسنون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقے کی پوری ایک جماعت سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہم نے بھی ان سے احادیث لکھی ہیں۔ ان کا انتقال ۴۴۸ ہجری میں ہوا۔

(100)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عِلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمِ بْنِ رُوْزَبَه

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ خَلَّادٍ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ سَالِمِ الْحَنْبَلِيْ وَكَانَ صَدُوْقًا كَثِيْرَ السَّمَاعِ قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن عبدالواحد بن علی بن ابراہیم بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''احمد بن یوسف بن خلاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن سالم حنبلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں، یہ صدوق تھے، کثیر السماع تھے۔ خطیب کہتے ہیں' میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں۔ ان کا انتقال سن ۴۳۵ ہجری میں ہوا۔

(101)مُحَمَّدُبْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ بَكْرِ الْفَقِيْهُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الصَّيْرَفِيُّ لَهٗ تَصَانِيْفُ فِيْ اُصُوْلِ الْفِقْهِ وَلَهُ الْفَهْمُ وَالْعِلْمُ وَالْكَلَامُ وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنْ اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيْ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عبداللہ ابوبکر الفقیہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ صیرفی ہیں، اصول فقہ کے اندر ان کی بہت ساری تصانیف ہیں۔ یہ صاحب فہم وفراست تھے، ان کو علم اور کلام پر مہارت حاصل تھی، انہوں نے حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ان کا انتقال ۳۲۳ ہجری میں ہوا۔

(102)مُحَمَّدُبْنُ نَاصِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ اَبُوْ الْفَضْل

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ الْبَغْدَادِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ شَيْخُنَا اَبُوْ الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرٍ اَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ بْنَ اَحْمَدَالْقُشَيْرِيَّ وَاَبَا طَاهِرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِي الصَّقْرِ الْاَنْبَارِيَّ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَانِيَاسِيَّ وَكَانَتْ لَهٗ اِجَازَاتٌ قَدِيْمَةٌ يَرْوِيْ عَنِ ابْنِ النَّقُوْرِ وَابْنِ مَاكُوْلَا وُلِدَ سَنَةَسَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن ناصر بن محمد بن علی بن عمر ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''شیخ ابوالفضل محمد بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوالقاسم علی بن احمد قشیری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطاہر محمد بن ابوصقر انباری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعبداللہ مالک بن احمد بن علی بانیاسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کو پرانی اجازتیں حاصل تھیں، یہ حضرت ''ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن

کول رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا کرتے تھے۔ان کی ولادت ۴۶۷ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۵۵ ہجری میں ہوا۔

(103)مُحَمَّدُبْنُ الْعَبَّاسِ بْنُ الْفَضْلِ اَبُوْ بَكْرِ الْبَزَّار

نَزَلَ حَلَبَ وَحَدَّثَ بِهَا (عَنْ) اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ وَمُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ وَعَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالَسِيِّ وَجَمَاعَةٍ وَكَانَتْ وَفَاتُهُ بَعْدَ سَنَةِ اَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن عباس بن فضل ابوبکر بزار رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حلب کے اندر رہائش پذیر رہے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن اسحاق قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عثمان بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن عبدالصمد طیالسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔ان کی وفات تین ۳۴۰ ہجری کے بعد کی ہے۔

(104)مُحَمَّدُبْنُ عُمَرَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَطَّابِ بْنِ الزِّيَاتِ بْنِ حَبِيْبٍ الْفَقِيْهِ الْحَنَفِيْ بَغْدَادِيْ

اَبُوْ الْعَبَّاسِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فِيْ تَرْجَمَةِ هٰذَا الشَّيْخِ اَخْبَرَنَا الْقَاضِيْ اَبُو الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْعَرْزَمِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْخَطَّابِ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْحِمَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ الْقَاضِيْ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ حَجَجْتُ مَعَ اَبِيْ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ فَرَاَيْتُ وَاحِداً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَزْءِ الزُّبَيْدِيُّ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ تَفَقَّهَ فِي الدِّيْنِ رَزَقَهُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَكَفَاهُ اللّٰهُ هَمَّهٗ وَاَنْشَدَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ مِنْ قَوْلِهٖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

شعر

مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِلْمَعَادِ ... فَازَ بِفَضْلٍ مِنَ الرَّشَادِ

وَنَالَ حَسْنَاهُ مَنْ اَتَاهُ ... لِنَيْلِ فَضْلٍ مِنَ الْعِبَادِ

حضرت ''محمد بن عمر بن حسین بن خطاب بن زیات بن حبیب فقیہ حنفی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوالعباس'' ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر اس شیخ کے ترجمہ کے اندر ذکر کیا ہے' ہمیں حضرت ''قاضی ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوالقاسم علی بن حسین عرزمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوالعباس احمد بن عمر بن حسین بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''جعفر بن علی الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''احمد بن محمد حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں

حضرت ''محمد بن سماعہ قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ حضرت'' ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ ۹۶ ہجری کو حج کیا ہے۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کی زیارت کی ہے، ان کا نام حضرت ''عبداللہ بن جزء زبیدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے ''رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دین کی فقہ حاصل کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا کرتا ہے جہاں سے اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ اس کی ضروریات کو پورا کر دیتا ہے''۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے شعر کی صورت میں یہ بات کہی:

جس نے آخرت کے لئے علم حاصل کیا وہ ہدایت کی فضیلت کے ساتھ کامیاب ہو گیا۔ اور جس نے دنیاوی فوائد کی خاطر اسے حاصل کیا، وہ بھی اس کی بھلائی پالیتا ہے۔

(105) مُحَمَّدُبْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةِ بْنِ عُمَرَ بْنِ خَلْفٍ

اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ مَوْلٰى بَنِىْ عَبْسٍ مَرْوَزِىُّ الْاَصْلِ سَكَنَ بُخَارٰى قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِمَنَاكِيْرَ وَاَحَادِيْثَ مُعْضَلَةً وَحَدَّثَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ وَزِيَادِ بْنِ عَلَاقَةَ وَزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ وَعَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ وَابْنِ جُرَيْجٍ وَغَيْرِهِمْ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا ثُمَّ قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ الْحَافِظِ وَتُوُفِّىَ محمدُ بنُ الفضلِ بنِ عَطِيَّةَ بِبُخَارٰى فِىْ سَنَةِ ثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''محمد بن فضل بن عطیہ بن عمر بن خلف رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ یہ ''بنی عبس'' کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ مروزی الاصل ہیں بخارا کے اندر رہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے منکر احادیث روایت کی ہیں۔ معدل احادیث روایت کی ہیں، حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''زیاد بن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے احادیث روایت کی ہیں۔ یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے ترجمہ کے آخر میں حضرت ''محمد بن سلیمان حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ذکر کیا ہے' حضرت ''محمد بن فضل بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۸۰ ہجری میں بخارا میں ہوا۔

(106)مُحَمَّدُبْنُ الْقَاسِمِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ الصَّلْتِ الْبَلْخِيُّ اَبُوْ سَعِيْدِ السِّمْسَارِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الْمُهْتَدِيْ وَمُحَمَّدِ بْنِ غُنَيْمٍ الْفَرْيَابِيْ وَهَارُوْنَ بْنِ حَاتِمِ الْكُوْفِيْ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرِيُّ

حضرت ''محمد بن قاسم بن اسحاق بن اسماعیل بن صلت بلخی سمسار رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوسعید'' ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر حضرت ''محمود بن مہتدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن غنیم فریابی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون بن حاتم کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(107)مُحَمَّدُبْنُ مُحَمَّدِبْنِ عُثْمَانِ بْنِ عِمْرَانَ اَبُوْ مَنْصُوْرِ الْبُنْدَارُ

وَيُعْرَفُ بِابْنِ السَّوَاقِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنِ مَالِكِ الْقَطِيْعِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدِ بْنَ مُوْسٰى وَاَحْمَدَ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ وَمَخْلَدَ بْنَ جَعْفَرٍ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ اَحْمَدَ الْحَرْبِيَّ وَجَمَاعَةً قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ ثِقَةً قَالَ سَاَلْتُ اِبْنَ السَّوَاقِ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن محمد بن عثمان بن عمران بندار رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابومنصور'' ہے۔ان کو ''ابن سواق'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے: انہوں نے حضرت ''ابوبکر بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد ابن محمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مخلد بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن احمد حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے، یہ ثقہ ہیں۔آپ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابن سواق رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی ولادت کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا: ان کی ولادت ۳۶۱ ہجری میں ہوئی ہے اور ان کا انتقال ۴۴۱ ہجری میں ہوا ہے۔

(108)مُحَمَّدُبْنُ مُحَمَّدِبْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَاغَنْدِيُّ

اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اَخُوْ اَبُوْ بَكْرِ الْبَاغَنْدِيُّ رَوٰى عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَيُّوْبَ الصُّرَيْفِيْنِيُّ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ''محمد بن محمد بن سلیمان بن حارث بن عبدالرحمٰن باغندی رحمۃ اللہ علیہ

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوبکر باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، انہوں نے حضرت ''شعیب بن ایوب صریفینی رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر الحافظ ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث راویت کی ہیں۔

(109) مُحَمَّدُبْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَاغَنْدِی

اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ مَشَائِخَ الْعِرَاقِ وَمِصْرَ وَالشَّامِ وَالْكُوْفَةِ وَبَغْدَادِ وَكَانَ كَثِيْرُ الْحَدِيْثِ سَافَرَ اِلَى الْاَمْصَارِ الْبَعِيْدَةِ وَعَنّٰى بِهَا الْعِنَاءَ الْعَظِيْمَ وَاَخَذَ عَنِ الْحُفَّاظِ الْقَدِيْمَةِ فَرَوٰى عَنْهُ الْقَاضِیْ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمُحَامِلِیْ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرِیُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَخَلْقٌ كَثِيْرٌ قَالَ الْخَطِيْبُ وَبَلَغَنِیْ اَنَّ عَامَةَ مَا كَانَ يُحَدِّثُ عَنْهُ كَانَ يَرْوِیْ مِنْ حِفْظِهٖ وَمَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''محمد بن سلیمان بن حارث بن عبدالرحمٰن باغندی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوبکر'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے عراق، مصر، شام، کوفہ اور بغداد کے مشائخ سے سماع کیا ہے، یہ کثیر الحدیث تھے، دور دراز کے شہروں کے سفر کئے اور بڑی مشقتیں اور صعوبتیں برداشت کی ہیں اور پرانے حفاظ سے احادیث لی ہیں، ان سے حضرت ''قاضی حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت ساری مخلوق نے احادیث روایت کی ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' مجھے یہ بات پہنچی ہے' اکثر طور پر جو یہ حدیث بیان کرتے تھے یہ اپنے حافظے کے بل بوتے پر کیا کرتے تھے، ان کا انتقال ۳۱۲ ہجری میں ہوا۔

(110) مُحَمَّدُبْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْاَزْهَرِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ مُوْسَى الْاَشْعَرِی

مِنْ اَهْلِ الْاَنْبَارِ حَدَّثَ بِبُخَارٰی عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُسَامَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ غَالِبٍ تَمْتَامٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَمُحَمَّدِ بْنِ يُوْنُسَ قَالَ الْبُخَارِیُّ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْبُخَارِیْ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْاَوَّلِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ

حضرت ''محمد بن محمد بن ازہری سعید بن ابی موسیٰ اشعری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل انبار سے ہیں، انہوں نے بخارا کے اندر حضرت ''حارث بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن غالب تمتام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۳۴۱ ہجری کو ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ پہلی، مسند جمع کرنے والے ہیں انہوں نے ان سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابُ الْاَلِفْ

(111)اِبْرَاهِيْم اِبْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

أُمُّهُ مَارِيَةُ الْقِبْطِيَّةُ سَرِيَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أُهْدِيَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

وُلِدَ فِي السَّنَةِ الثَّامِنَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ كَانَ فَتْحَ مَكَّةَ وَفِيْهَا غَزْوَةُ حُنَيْنٍ وَفِيْهَا اِتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ وَفِيْهَا تُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتُوُفِّيَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي السَّنَةِ التَّاسِعَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَلَهٗ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا وَفِيْهَا كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكٍ وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ ثَلَاثِيْنَ اَلْفاً وَالْاِبِلُ اِثْنَتَيْ عَشَرَ اَلْفاً وَالْخَيْلُ عَشَرَةَ آلَافٍ وَفِيْهَا قَدِمَتِ الْوَفُوْدُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفِيْهَا بَعَثَ عَلِيّاً كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَمَعَهٗ بَرَاءَةٌ فَقَرَاَهَا عَلَى النَّاسِ وَحَجَّ بِالنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْعَامِ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ابراہیم بن رسول اللہ (رضی اللہ عنہ، صلی اللہ علیہ وسلم)

ان کی والدہ سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ہیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی لونڈی تھیں۔ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفہ میں ملی تھیں، حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ ۸ ہجری میں پیدا ہوئے، اُسی سال فتح مکہ ہوا، اُسی سال میں غزوۂ حنین ہوا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسی سال منبر بنوایا، اُسی سال میں سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا۔ حضرت ابرہیم بن رسول اللہ رضی اللہ عنہ ۹ ہجری میں فوت ہوئے۔ اس وقت ان کی عمر ۱۸ ماہ تھی۔ اُسی سال میں غزوۂ تبوک ہوا۔ اس میں مسلمانوں کی تعداد تیس ہزار تھی، اونٹ بارہ ہزار اور گھوڑے دس ہزار تھے۔ اُسی سال میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں وفد آئے، اُسی سال حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اعلانِ برأت کے لئے بھیجا گیا تھا، انہوں نے وہ اعلان جا کر لوگوں میں کیا۔ اُسی سال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ لوگوں کے ساتھ حج پر گئے تھے۔

حضرت ''ابراہیم بن نعیم بن نحام رحمۃ اللہ علیہ''

یہ رسول اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ہیں۔ان کا ذکران مسانید میں باب التدبیر کے اندر ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' یہ حرہ کی لڑائی میں شہید ہوئے۔

(113)اِبْرَاهِيْم بْنُ قَيْسِ الْكِنْدِىْ

اَخُوْ الْاَشْعَثِ بْنُ قَيْسِ الْكِنْدِىْ مَعْرُوْفٌ لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ الْبُخَارِىُّ مَاتَ وَقْتَ بَايَعَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ''ابراہیم بن قیس الکندی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''اشعث بن قیس کندی'' کے بھائی ہیں۔یہ معروف ہیں،صحابی رسول ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا اس وقت انتقال ہوا تھا جب انہوں نے حضرت ''حسین بن علی ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کی بیعت کر لی تھی۔

(114)اِبْرَاهِيْم بْنُ يَزِيْدِ بْنِ عَمْرٍو

كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ عِمْرَانَ الْعَوْفِىُّ النَّخْعِىُّ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَلْقَمَةَ وَمَسْرُوْقاً وَالْاَسْوَدَ قَالَ الْبُخَارِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِىْ اَبَا يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ حَمَّادٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ وَقَيْسٌ وَالشَّعْبِىُّ لَا يَتَّبِعُوْنَ يَعْنِى اللَّفْظَ وَكَانَ قَاسِمٌ وَمُحَمَّدٌ وَرَجَاءُ بْنُ حَيْوَةَ يَتَّبِعُوْنَ مَا يَسْمَعُوْنَ رَوَى الْبُخَارِىُّ بِاِسْنَادِهٖ هٰذَا عَنِ النَّخْعِىِّ دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فَرَاٰى عَلَيْهَا ثَوْباً اَحْمَرَ فَقَالَ قُلْتُ لِمُحَمَّدٍ كَيْفَ يَدْخُلُ عَلَيْهَا قَالَ كَانَ يَحُجُّ مَعَ عَمِّهٖ وَخَالِهٖ وَكَانَ يَدْخُلُ مَعَهُمَا قَالَ الْبُخَارِىُّ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ النَّخْعِىُّ سَنَةَ سِتٍّ وَتِسْعِيْنَ قَالَ وَقَالَ الْاَعْمَشُ مَاتَ اِبْرَاهِيْمُ وَهُوَ اِبْنُ خَمْسِيْنَ سَنَةً وَاَنَا يَوْمَئِذٍ اِبْنُ خَمْسٍ وَثَلَاثِيْنَ سَنَةً قَالَ الْبُخَارِىُّ مَاتَ وَهُوَ مُخْتَفٍ مِنَ الْحَجَّاجِ وَدُفِنَ لَيْلاً وَقَالَ الشَّعْبِىُّ مَاتَ رَجُلٌ مَا تَرَكَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ لَا بِالْكُوْفَةِ وَلَا بِالْبَصْرَةِ وَلَا بِالْمَدِيْنَةِ وَلَا بِمَكَّةَ وَلَا بِالشَّامِ

حضرت ''ابراہیم بن یزید بن عمروان رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعمران'' ہے،یہ عوجی ہیں،نخعی ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بھی رمایا ہے' مجھے محمد یعنی حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بات بتائی ہے' وہ فرماتے ہیں' ہمیں حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے،حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کرتے ہیں' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''

قیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ پیروی نہیں کرتے تھے یعنی لفظ کی اور حضرت '' قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''رجاء بن حیوۃ رحمۃ اللہ علیہ'' یہ جو سنتے تھے اس کی پیروی کرتے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آئے ،انہوں نے ان کو سرخ رنگ کا کپڑا اوڑھے ہوئے دیکھا، آپ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ام المؤمنین کے پاس گئے کیسے؟ انہوں نے فرمایا: وہ اپنے چچا اور اپنے ماموں کے ہمراہ حج کے لئے گئے تھے اور وہ ان دونوں کے ہمراہ ان کے پاس گئے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''امام نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۹۶ ہجری میں ہوا۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کا جب انتقال ہوا تو ان کی عمر ۵۰ برس تھی، میں ان دنوں ۳۵ سال کا تھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ حجاج سے روپوش رہے اور اسی حالت میں ان کا انتقال ہو گیا اور ان کی تدفین بھی رات کے وقت کی گئی۔ حضرت ''امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ شخص فوت ہو گیا تو ان کے بعد ان جیسا کوئی شخص نہ کوفہ میں تھا، نہ بصرہ میں، نہ مدینہ میں، نہ مکہ میں اور نہ ہی شام میں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے

(115) اِبْرَاهِیْم بْنُ الْمُنْتَشِرِ بْنِ الْاَجْدَعِ ابْنِ اَخِیْ مَسْرُوْقِ بْنِ الْاَجْدَعِ

سَمِعَ اَبَاهُ کَذَا ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ مِنْهُ شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَکْثَرَ عَنْهُ الرِّوَایَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ابراہیم بن منتشر بن اجدع ابن اخی مسروق بن اجدع رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا اور فرمایا ہے' ان سے حضرت ''امام شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے سماع کیا ہے اور ان مسانید میں ان کی اکثر روایات موجود ہیں۔

(116)اِبْرَاهِيْم بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلِ السكسكى

قَالَ مُحَمَّدٌ بْنُ اِسْمَاعِيْل الْبُخَارِىُ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ اَوْفٰى وَاَبَا بُرْدَةَ رَوٰى عَنْهُ مِسْعَرٌ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادَ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن اسماعیل ابواسماعیل سکسکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ ابن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(117)اِبْرَاهِيْم بْنُ مُسْلِمِ الْهَجَرِىُ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ اَبِىْ اَوْفٰى وَاَبَا الْاَحْوَصِ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ كَانَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ يُضَعِّفُهٗ وَنَسَبَهٗ عَلِىُّ بْنُ مِسْهَرِ الْكُوْفِىُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن مسلم ہجری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالاحوص رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ضعیف قرار دیا کرتے تھے اور ان کا نسب حضرت ''علی بن مسہر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے مروی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(118)اِبْرَاهِيْم بْنُ مُهَاجِرِ الْبَجَلِىِ الْكُوْفِىُ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ وَشُعْبَةُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن مہاجر بجلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''طارق بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(119)اِسْمَاعِیْل بْنُ مُسْلِمِ الْمَکِّی

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ الْحَسَنَ وَالزُّهْرِیَّ وَرَوٰی عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارِكِ ثُمَّ تَرَكَهٗ وَكَذَا تَرَكَهٗ اِبْنُ الْمَهْدِیْ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْحَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حضرت اسماعیل بن مسلم مکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور پھران کو چھوڑ دیا ہے۔اسی طرح حضرت ''ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی ان کو چھوڑ دیا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے مروی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(120)اِسْمَاعِیْل بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَکِّیْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَهُوَ اِبْنُ اَخِیْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رَفِیْعٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اِبْنُ شَیْبَةَ بْنِ یَزِیْدِ بْنِ حَبِیْبٍ سَمِعَ عَطَاءً وَسَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ وَاَبَا الزُّبَیْرِ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَوَكِیْعٌ وَیَحْیٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن عبدالملک المکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''عبدالعزیز بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھتیجے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابن شیبہ بن یزید بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' جو ہیں ،انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

(121)اِسْمَاعِیْل بْنُ رَبِیْعَةِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ الْاُمَوِی

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ الْقُرَشِیُّ الْمَکِّیُّ الْاُمَوِیُّ سَمِعَ نَافِعاً وَالزُّهْرِیَّ وَسَعِیْدَ الْمَقْبُرِیَّ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَابْنُ عُیَیْنَةَ وَیَحْیٰی بْنُ سُلَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَثَلَاثِیْنَ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن ربیعہ بن عمرو بن سعید بن العاص اموی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ قرشی، مکی، اموی ہیں۔انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''یحییٰ بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۱۳۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(122)اِسْمَاعِیْل بْنُ اَبِیْ خَالِدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ اِسْمُ اَبِیْ خَالِدٍ سَعِیْدُ الْبَجَلِیُّ الْکُوْفِیُّ سَمِعَ اِبْنَ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ وَرَاٰی اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوخالد کا نام سعید بن بجلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی زیارت بھی کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(123)اَیُّوْب بْنُ اَبِیْ تَمِیْمَةَ اَبُوْ بَکْرٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اِسْمُ اَبِیْ تَمِیْمَةَ کَیْسَانُ السُّخْتِیَانِیُّ الْبَصْرِیُّ رَاٰی اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَسَعِیْدَ بْنَ

جُبَيْرٍ وَجَابِرَ بْنَ مَرْثَدٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ يُقَالُ هُوَ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ وَيُقَالُ مَوْلَى جُهَيْنَةَ قَالَ اَيُّوْبُ السُّخْتِيَانِيُّ فِيْ بَنِي الْحُرَيْشِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ زُهَّادِ التَّابِعِيْنِ الْكِبَارِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ایوب ابن ابی تمیمہ ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ابوتمیمہ کا نام ''کیسان'' ہے یہ سختیانی، بصری ہیں۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ، حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر بن مرثد رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے۔

حضرت ''رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ جہینہ کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو بنی حریش کے اندر ذکر کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ عبادت گزار، کبار تابعین میں سے ہیں ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(124)اَيُّوْب بْنُ عُتْبَةَ

وَاخْتَلَفُوْا فِيْ اِسْمِ اَبِيْهِ فَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَيُّوْبُ بْنُ عُتْبَةَ اَبُوْ يَحْيٰى قَاضِي الْيَمَامَةِ وَقَالَ غَيْرُهٗ مِنَ الْحُفَّاظِ اَيُّوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ يَرْوِيْ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ وَقَيْسُ بْنِ طَلْقٍ ضَعِيْفٌ عِنْدَهُمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ اَحَدُ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ایوب بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''ایوب بن عتبہ ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' یمامہ کے قاضی تھے، دیگر حفاظ الحدیث نے کہا ہے' یہ حضرت ''ایوب بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ حضرت ''ایوب بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قیس بن طلق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' ان کے نزدیک یہ ضعیف ہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ فقہاء تابعین میں سے ہیں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(125)اَيُّوْب بْنُ عَائِذِ الطَّائِيُّ

مِنْ مُحَدِّثِي التَّابِعِيْنَ لَمْ يَذْكُرْهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَذَكَرَهُ غَيْرُهٗ وَوَثَّقَهٗ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ

هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ایوب بن عائذ الطائی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین محدثین میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔ اور دیگر حفاظ الحدیث نے ان کا ذکر کیا ہے اور ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔

❁ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(126)سُحَاق بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْغَنَوِيُ اَوِ الْعَبْدِيُ اَبُوْ يَحْيٰى الرَّازِيُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ سِنَانٍ ثِقَةٌ لَهٗ فَضْلٌ فِيْ نَفْسِهٖ

حضرت ''اسحاق بن سلیمان رازی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''اسحاق بن سلیمان غنوی یا عبدی ابو یحییٰ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن سنان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، یہ ثقہ ہیں اور ان کی ذات کے اندر ان کی بہت فضیلت ہے

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر ہے

(127)اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ

يُعْرَفُ بِكُنْيَتِهٖ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ كَانَ يَسْكُنُ الشَّامَ سَمِعَ الْاَوْزَاعِيَّ وَالثَّوْرِيَّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَسَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ الشَّافِعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَرْوِيْ عَنْهُ الْكَثِيْرُ فِيْ مُسْنَدِهٖ وَيَذْكُرُ بِاسْمِهٖ دُوْنَ كُنْيَتِهٖ

حضرت ''ابراہیم بن محمد ابواسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اپنی کنیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا انتقال ۱۸۶ ہجری میں ہوا، یہ شام میں رہا کرتے تھے، انہوں نے حضرت ''امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں، حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ان کی بہت ساری روایات درج کی ہیں، وہ ان کے نام سے ان کا ذکر کرتے ہیں کنیت سے نہیں۔

(128) اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَيْمُوْنَ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْخُرَاسَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ يَرْوِيْ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ وَاَبِيْ اِسْحَاقٍ وَاَبِي الزُّبَيْرِ وَنَافِعٍ رَوٰى عَنْهُ دَاوُدُ بْنُ اَبِي الْفُرَاتِ وَحَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْكِرْمَانِيُّ وَاَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الصَّائِغِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ اِلَى السُّوْقِ نَظَرَ فِيَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَتَلَهُ اَبُوْ مُسْلِمٍ وَيُقَالُ اِنَّهُ قُتِلَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن میمون ابواسحاق خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' یہ حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، اور حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے حضرت ''داؤد بن ابی فرات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسان بن ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحمزہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم صائغ نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے روایت کرتے ہیں' وہ جب بازار کی طرف جانے کا ارادہ کرتے تو مجھے دیکھتے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں، ابومسلم نے ان کو قتل کیا اور کہا جاتا ہے' یہ ۱۳۱ ہجری میں شہید ہوئے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ ہیں۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(129) اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طُهْمَانَ الْخُرَاسَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ وَاَبَا اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيَّ سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ عَامِرِ الْعَقَدِيُّ وَابْنُ الْمُبَارِكِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ يَرْوِيْ كَثِيْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ

الْمَسَانِيْد

(وَذَكَرَ) الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَنَّهٗ وُلِدَ بِهِرَاةَ وَنَشَاَ بِنَيْسَابُوْرَ وَسَافَرَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ ثُمَّ اسْتَوْطَنَ مَكَّةَ وَقَالَ فِيْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَرْجَمَتِهٖ لَقِيَ جَمَاعَةً مِنَ التَّابِعِيْنَ وَاَخَذَ عَنْهُمْ مِثْلَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ وَاَبِي الزُّبَيْرِ وَعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَاَبِيْ حَازِمِ الْاَعْرَجِ وَعَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ وَيَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ وَسِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقُرَشِيِّ وَثَابِتِ الْبُنَانِيِّ وَمُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ وَاَخَذَ عَنْ خَلْقٍ كَثِيْرٍ

حضرت ''ابراہیم بن طہمان خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابوعامر عقدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے اپنی جلالت قدر کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری راویات نقل کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''ہراۃ'' میں پیدا ہوئے، نیشاپور میں پرورش پائی، اور طلب علم میں سفر کئے پھر مکہ کے اندر رہائش پذیر رہے اوران کے حالات زندگی کے آخر میں لکھا' ان کا انتقال ۱۶۳ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے حالات زندگی میں یہ بھی ذکر کیا ہے کہ تابعین کی پوری ایک جماعت سے ملے ہیں اوران سے اکتساب فیض کیا ہے۔ مثلاً حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوزبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحازم اعرج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد قرشی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اس کے علاوہ بھی بہت سارے لوگوں سے انہوں نے اکتساب فیض کیا ہے۔

(130) اِبْرَاهِيْم بْنُ اَيُّوْبَ الطِّبْرِي

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِبَغْدَادَ ثُمَّ رَوَى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَحْمَدَ الطِّبْرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَيُّوْبَ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن ایوب طبری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے بغداد میں درس حدیث دیا۔ پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''سلیمان بن احمد طبری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابراہیم بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت بیان کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(131)اِبْرَاهِيْم الْجَرَّاح

قَالُوْا هُوَ قَاضِیْ مِصْرَ اَخُوْ وَكِيْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ صَاحِبُ سُفْيَانَ وَاَبِیْ حَنِيْفَةَ وَكَانَ مُخْتَصًّا بِاَبِیْ يُوْسُفَ الْقَاضِیْ فَوَلَّاهُ قَضَاءَ مِصْرَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِیْ كَثِيْرًا عَنْ اَبِیْ يُوْسُفَ وَيَرْوِیْ كَثِيْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم الجراح رحمۃ اللہ علیہ''

علماء کہتے ہیں' یہ مصر کے قاضی تھے، یہ حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں ان) کے بھائی تھے اور یہ ہمیشہ حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ رہتے تھے، انہوں نے ان کو مصر کے منصب قضاء پر فائز کیا تھا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری روایات نقل کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی بہت ساری روایات نقل کی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(132)اِبْرَاهِيْم بْنُ الْمُخْتَارِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ التَّيْمِیُّ مِنْ اَهْلِ بُخَارٰی مَوْضِعٌ بِالرَّیِّ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَيُقَالُ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ الْبُخَارِیُّ مَاتَ فِیْ سَنَةِ مَاتَ فِيْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارِكِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ لَقِیَ جَمَاعَةً مِنَ التَّابِعِيْنَ وَاَخَذَ عَنْهُمْ مِثْلُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ وَاَبِی الزُّبَيْرِ الْاَعْرَجِ وَاَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِیِّ الْاَنْصَارِیِّ وَسَمَاكِ بْنِ حَرْبٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ الْقُرَشِیِّ وَثَابِتِ الْبُنَانِیِّ وَمُوْسٰی بْنِ عُقْبَةَ وَعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ وَاَخَذَ عَنْ خَلْقٍ كَثِيْرٍ

حضرت ''ابراہیم بن مختار رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کا نام حضرت ''ابواسماعیل تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' ہے اور یہ اہل بخارا سے تعلق رکھتے ہیں، موضع ''رے'' میں رہتے تھے۔

حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے سماع کیا ہے، اور کہا جاتا ہے کہ حضرت ''ابراہیم بن مختار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''

شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' ان کا انتقال اُسی سال ہوا جس میں حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ متعدد تابعین سے ان کی ملاقات ہوئی اور ان سے درس حدیث لیا مثلاً حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو زبیر اعرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق سبیعی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد قرشی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر بہت ساری مخلوق سے انہوں نے علم حاصل کیا۔

(133) اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَیَّاشِ بْنِ عُتَیْبَةَ الْحِمَصِیُّ الْعَنَسِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ رِوَایَتِهٖ عَنِ الشَّامِیِّیْنَ یُحْتَجُّ بِهَا سَمِعَ شُرَحْبِیْلَ بْنَ مُسْلِمٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ زِیَادٍ رَوٰی عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَیْوَةُ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ كِبَارِ مُحَدِّثِی تَابِعِی التَّابِعِیْنَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن عیاش بن عتیبہ حمصی عنسی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر فرمایا ہے' ان کی جو روایات جو شامیین سے ہیں ان کو دلیل کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے، انہوں نے حضرت ''شرحبیل بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں۔ حضرت ''حیوۃ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ تبع تابعین کے کبیر محدثین میں سے ہیں، اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(134) اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعِیْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

وَهُوَ مِنْ شُیُوْخِ الْاِمَامِ الشَّافِعِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَرْوِیْ فِیْ مُسْنَدِهٖ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ الْقُرَشِیُّ الْمَدَنِیُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَالزُّهْرِیَّ رَوٰی عَنْهُ اِبْنَاهُ یَعْقُوْبُ وَیُوْسُفُ بِبَغْدَادَ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ عَلِیٌّ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ ۔

حضرت ''ابراہیم بن سعید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔ اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر ان کی روایت حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے نقل کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ قرشی ہیں،، مدنی ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے ان کے دو بیٹوں حضرت ''یعقوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے بغداد کے اندر روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: ان کا انتقال ۱۸۳ ہجری میں ہوا۔

﴿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(135) اِبْرَاهِيْم بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْخَوَارَزْمِىُّ

يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ابراہیم بن عبدالرحمٰن خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

(136) اِسْمَاعِيْل بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ

ذَكَرَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ اِنَّهٗ يُرْسِلُ ثُمَّ قَالَ رَوٰى عَنْهُ شُعَيْبُ بْنُ مَيْمُوْنَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَرْوِىْ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسماعیل بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ارسال کیا کرتے تھے۔ پھر فرمایا: ان سے حضرت ''شعیب ابن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' نے راویت کی ہے۔

﴿ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے ہیں۔ اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(137)اِسْمَاعِيْل بْنُ مُوْسٰى

قَالَ الْبُخَارِيُّ هُوَ اِبْنُ بِنْتِ السُّدِيِّ اَلْكُوْفِيُّ اَلْفَزَارِيُّ اَبُوْ اِسْحَاق سَمِعَ شَرِيْكاً وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسماعیل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' یہ بنت السدی کے بیٹے ہیں ،کوفی ،فزاری ہیں ۔ان کی کنیت ''ابو اسحاق'' ہے انہوں نے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران کا انتقال ۱۴۵ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(138)اِسْمَاعِيْل بْنُ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ يُكَنّٰى اَبَا يَحْيٰى كُوْفِيٌّ حَدَّثَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ وَمِسْعَرِ بْنِ كُدَامٍ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْيَانَ وَاَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ مَعْمَرٍ صَالِحٌ وَابْنُ الْمُبَارَكِ وَجَمَاعَةٌ ثُمَّ تَكَلَّمَ الْخَطِيْبُ فِيْمَا قِيْلَ فِيْهِ مِنَ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسماعیل بن یحییٰ بن عبداللہ بن طلحہ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اند رذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' ہے ،یہ کوفی ہیں، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں ۔ان سے حضرت ''ابومعمر صالح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے بارے میں جرح وتعدیل کے حوالے سے کلام کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی ان لوگوں میں سے ہیں جن کی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(139)اِسْحَاق بْنُ يُوْسُفَ بْنِ مُحَمَّدٍ أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَزْرَقُ الْوَاسِطِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشَ وَسَعِيْدَ الْجَرِيْرِيَّ وَزَكَرِيَّا بْنَ اَبِيْ زَائِدَةَ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ وَشَرِيْكًا وَرَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَيَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَعَمْرُو النَّاقِدُ وَجَمَاعَةٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ وَكَوْنِهٖ مِنْ شُيُوْخِ اَحْمَدَ وَيَحْيَى ابْنَ مَعِيْنٍ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ الْاَحَادِيْثَ الْكَثِيْرَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ قَالُوْا مَاتَ اِسْحَاقُ الْاَزْرَقِ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَحَادِيْثَ قَدْ مَرَّتْ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ شَيْخُ بَعْضِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ

حضرت ''اسحاق بن یوسف بن محمد ابو محمد ازرق واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید جریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زکریا بن ابو زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن ناقد رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت ہے جنہوں نے ان سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: جلالت قدر کے باوجود اور حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے اساتذہ میں سے ہونے کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث روایات کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے حالات زندگی کے آخر میں لکھا ہے' علماء کہتے ہیں' حضرت ''اسحاق ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۹۵ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں جن کا ذکر ان مسانید میں موجود ہے اور یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ کے شیخ ہیں۔

---

(140)اِسْحَاق بْنُ حَاجِبِ بْنِ ثَابِتِ الْعَدْلِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ بَكَّارٍ وَالْخَلِيْلِ بْنِ عَمْرٍو الْبَغَوِيِّ وَجَمَاعَةٍ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ سَمِعَ اَبَا حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَرَوٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسحاق بن حاجب بن ثابت العدل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''خلیل بن عمرو بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث روایت کی ہے ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(141) اِسْحَاق بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُرَاسَانِیُّ

مِنْ فُقَهَاءِ خُرَاسَانَ وَمُحَدِّثِيْهِمْ يَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسحاق بن سلیمان خراسانی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ خراسان کے فقہاء اور محدثین میں سے ہیں، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث روایت کی ہے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(142) اِسْحَاق بْنُ بَشْرِ الْبُخَارِیُّ مِنْ فُقَهَاءِ بُخَارٰی

وَلَمْ اَجِدْهُ فِیْ تَارِيْخِ الْخَطِيْبِ فَلَعَلَّهُ لَمْ يَقْدَمْ بَغْدَادَ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسحاق بن بشر البخاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بخاریٰ کے فقہاء میں سے ہیں۔ میں نے خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ میں ان کو نہیں پایا، شاید کہ یہ بغداد میں آئے نہیں تھے۔ یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(143) اَسْبَاط بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَيْسَرَةَ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْقُرَشِیُّ مَوْلَى السَّائِب

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ حَمَّادَ بْنَ اَبِیْ سُلَيْمَانَ وَمُطَرِّفَ بْنَ طَرِيْفٍ وَمِسْعَرَ بْنَ كِدَامٍ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِیَّ وَرَوٰى عَنْهُ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَاَحْمَدُ ابْنُ حَنْبَلَ وَسَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى الْاَمَوِیُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْقَطَّانَ وَجَمَاعَةٌ وَرَوَى الْخَطِيْبُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ مَعِيْنٍ اَنَّهٗ قَالَ كَتَبْتُ عَنْهُ وَهُوَ ثِقَةٌ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ فِیْ خِلَافَةِ الْمَأْمُوْنِ وَقِيْلَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ كَوْنِهٖ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَيَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَلٰى مَا ذَكَرَ الْخَطِيْبُ

حضرت ''اسباط بن محمد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن میسرہ ابومحمد قرشی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ سائب کے آزاد کردہ ہیں، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''حماد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مطرف بن طریف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''قتیبہ بن سعید احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن یحییٰ اموی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن یحییٰ بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث نقل کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کیا ہے' انہوں نے کہا ہے' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے اور یہ ثقہ ہیں، ان کا انتقال ۱۸۶ ہجری میں ہوا، یہ مامون کے دور خلافت کی بات ہے اور ایک قول کے مطابق ان کا انتقال ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(144) اَسَد بْنُ عَمْرِو بْنِ عَامِرٍ اَبُوْ الْمُنْذِرِ الْبَجَلِيُّ

صَاحِبُ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبَا حَنِيْفَةَ وَمُطَرِّفَ ابْنَ طَرِيْفٍ وَيَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ زِيَادٍ وَحَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةٍ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَمُحَمَّدٌ ابْنُ بَكَّارٍ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَالْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ الْخَطِيْبُ وَوَلِيَ قَضَاءَ بَغْدَادَ وَوَلِيَ قَضَاءَ وَاسِطَ اَيْضاً ثُمَّ حَكَى الْخَطِيْبُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ مَعِيْنٍ اَنَّهٗ وَثَّقَهٗ وَرَوٰى عَنْهُ خِلَافَهٗ اَيْضاً ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ كَوْنِهٖ مِنْ شُيُوْخِ اَحْمَدَ وَاَمْثَالِهٖ مِنْ صِغَارِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَوٰى عَنْهُ كَثِيْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى مَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ

حضرت ''اسد بن عمرو بن عامر ابومنذر بجلی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے

حضرت ''ابراہیم بن جریر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مطرف ابن طریف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یزید بن ابوزیاد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن منیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن محمد زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ بغداد کے مسند قضاء پر فائز رہے ہیں اور واسط کے منصب قضاء پر فائز رہے ہیں۔پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے یہ نقل کیا ہے' حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور ان سے ان کے خلاف بھی روایت موجود ہے پھر اس کے بعد فرمایا: ان کا انتقال ۱۹۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے چھوٹے شاگردوں کے شیوخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات نقل کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔یہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے کہنے کے مطابق حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(145)اَبُوْ بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ

اِخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِیْ اِسْمِہٖ فَاَکْثَرُھُمْ عَلٰی اَنَّ کُنْیَتَہٗ ھُوَ اِسْمُہٗ وَقَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ اَحْمَدُ وَقَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ عُتْبَۃُ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ قَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ شُعْبَۃُ وَلَا یَصِحُّ وَقَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ سَالِمٌ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اِبْنُ الْمُثَنّٰی مَاتَ سَنَۃَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِیْنَ وَمِائَۃٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ قَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ مُحَمَّدُ بْنُ عَیَّاشٍ وَقَالَ بَعْضُھُمْ اِسْمُہٗ مُطَرِّفٌ وَھُوَ اِمَامٌ عَظِیْمٌ کَانَ یُکَنّٰی وَلَا یُسَمّٰی مُخَرَّجٌ عَنْہُ کَثِیْرًا فِی الصَّحِیْحَیْنِ وَھُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ابوبکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے نام میں علماء کا اختلاف ہے۔اکثر کہتے ہیں: وہ جو ان کی کنیت ہے وہی ان کا نام ہے اور بعض کا کہنا ہے: ان کا نام ''احمد'' ہے اور کچھ کا قول ہے کہ ان کا نام ''عتبہ'' ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' کچھ لوگوں کا کہنا ہے' ان کا نام ''شعبہ'' ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے اور کچھ لوگوں کا کہنا ہے' ان کا نام ''سالم'' ہے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے حضرت ''ابن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کا انتقال ۱۹۳ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: بعض لوگوں نے کہا ہے: ان کا نام ''محمد بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔بعض نے کہا ہے، ان کا نام مطرف ہے، یہ عظیم امام تھے۔ان کی کنیت تھی، لیکن ان کا نام نہیں لیا جاتا تھا، صحیحین میں ان کی بہت ساری روایات موجود ہیں،

یہ ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(147)اِسْرَائِیْل بْنُ یُوْنُسِ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقِ السَّبِیْعِی

وَاِسْمُ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَمْرُوْبْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِیُّ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ جَدَّهٗ اَبَا اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیَّ وَسَمَّاكَ ابْنَ حَرْبٍ وَمَنْصُوْرَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنَ الْمُهَاجِرِ وَسُلَیْمَانَ الْاَعْمَشَ رَوٰی عَنْهُ وَكِیْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیْ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی وَاَبُوْ نُعَیْمِ الْفَضْلُ بْنُ دُكَیْنٍ وَجَمَاعَةٌ یَطُوْلُ ذِكْرُهُمْ وُلِدَ سَنَةَ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ سَتِّیْنَ وَمِائَةٍ وَقِیْلَ اِحْدٰی وَسِتِّیْنَ وَقِیْلَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَسِتِّیْنَ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ اِسْرَائِیْلُ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ وَكَوْنِهٖ مِنْ اَعْلَامِ اَئِمَّةِ الْحَدِیْثِ وَشُیُوْخِ الشَّیْخَیْنِ صَاحِبَیِ الصَّحِیْحَیْنِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ مِنْ شُیُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ

حضرت ''اسرائیل بن یونس بن ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''

ابواسحاق کا نام ''عمرو بن عبداللہ ہمدانی'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے دادا حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم الفضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت (جن کا نام ذکر کرنا طوالت کا باعث بن جائے گا) سے سماع کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۱۰۰ ہجری میں ہوئی، اور ان کا انتقال ۱۶۰ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ان کا انتقال ۱۶۱ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۱۶۲ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اسرائیل نے اپنی جلالت قدر کے اور متبحر ائمہ حدیث میں سے ہونے کے باوجود اور صحیحین کے شیوخ کے شیوخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ اور یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(147)اَبَانُ بْنُ اَبِیْ عَیَّاشٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ اِبْنُ فَیْرُوْزَ اَبُوْ اِسْمَاعِیْلَ الْبَصْرِیُّ ثُمَّ قَالَ كَانَ شُعْبَةُ سِیْءَ الرَّاْیِ فِیْهِ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ اَصْحَابِ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ

الْمَسَانِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''ابان بن ابی عیاش رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ ابن فیروز ابو اسماعیل بصری ہیں۔ پھر کہا: حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے بارے میں اچھی رائے نہیں رکھتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کے کبار شاگردوں میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے روایات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(148) اَيُّوْب بْنُ هَانِئ

يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(149) اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ ظَبِيَةَ

يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''احمد ابن ابی ظبیہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(150) اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مِلْحَانَ

يرْوِىْ عنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ المسانِيدِ

حضرت ''اسماعیل بن ملحان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(151)اِسْمَاعِیْلُ النَّسَوِیُّ

یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل نسوی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(152)اِسْمَاعِیْلُ بَیَاعِ السَّابِرِیُّ

یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَیْضاً فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن بیاع سابری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(153)اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَلْبَانَ

یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسماعیل بن علبان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(154)اَخْضَرُ بْنُ حُکَیْمٍ

یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اخضر بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(155)اَلْیَسَعُ بْنُ طَلْحَةَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''یسع بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(156)اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعِیْدٍ

یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ابراہیم بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(157)اَبْیَضُ بْنُ الْاَغَرُّ

یَرْوِیْ اَیْضاً فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ الْعَشَرَةُ مِنْ اَیُّوْبَ بْنِ هَانِیْ اِلَی الْاَبْیَضِ بْنِ الْاَغَرِّ مَا وَجَدْتُّهُمْ فِیْ تَارِیْخِ الْبُخَارِیْ وَلَا فِیْ تَارِیْخِ الْخَطِیْبِ وَالْحَافِظِ ابْنِ النَّجَّارِ فَلَعَلَّهُمْ مَا دَخَلُوْا بَغْدَادَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''ابیض بن الاغر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ایوب بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے لے کر حضرت ''ابیض بن اغر رحمۃ اللہ علیہ'' تک دس محدثین ہیں، مجھے تاریخ بخاری اور تاریخ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن نجار کی تاریخ میں ان کا کہیں ذکر نہیں ملا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ بغداد نہ آئے ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(158)اِسْحَاق بْنُ بَشْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ اَبُوْ حُذَیْفَةَ الْبُخَارِیْ

(قَالَ) الْخَطِیْبُ وُلِدَ بِبَلْخَ فَاسْتَوْطَنَ بُخَارٰی فَنُسِبَ اِلَیْهَا وَهُوَ صَاحِبُ کِتَابِ الْمُبْتَدَأِ وَکِتَابِ الْفُتُوْحِ وَحَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ یَسَارٍ وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَیْجٍ وَسَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ وَمُقَاتِلِ بْنِ سُلَیْمَانَ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَخَلْقٍ مِنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الْعِلْمِ

قَالَ الْخَطِیْبُ رَوٰی عَنْهُ جَمَاعَةٌ مِنَ الْخُرَاسَانِیِّیْنَ وَقَالَ اَقْدَمَهُ هَارُوْنُ الرَّشِیْدُ بَغْدَادَ فَحَدَّثَ بِهَا مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''اسحاق بن بشر بن محمد بن عبداللہ بن سالم ابوحذیفہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ بلخ میں پیدا ہوئے، بخاریٰ کے اندر رہائش پذیر رہے تو اسی کی طرف منسوب ہوگئے۔ یہ مبتدا، کتاب کے مصنف ہیں اور فتوح کتاب کے مصنف ہیں، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''عبدالملک بن جریج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن ابی عروبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مقاتل بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے ائمہ اہل علم سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان سے خراسان کے محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے اور فرمایا: ان سب سے مقدم ہارون الرشید ہیں، بغداد کے اندر انہوں نے درسِ حدیث دیا اور ان کا انتقال ۲۰۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ بَعْضِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

ان مسانید کے بعض اصحاب کا ذکر

(159)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقِ بْنِ مُوْسٰی بْنِ مِهْرَانَ

اَبُوْ نُعَیْمٍ الْحَافِظِ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الرَّابِعِ الْاَصْفَهَانِیْ سبط مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ الْفَرْیَابِیْ الزَّاهِدِ قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اِبْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ تَاجُ الْمُحَدِّثِیْنَ وَاَحَدُ الْاَعْلَامِ وَمَنْ جَمَعَ لَهُ الْعُلُوُّ فِی الرِّوَایَةِ وَالْحِفْظِ وَالْفَهْمِ وَالدِّرَایَةِ وَکَانَ تُشَدُّ اِلَیْهِ الرِّحَالُ وَتُهَاجَرُ اِلٰی بَابِهِ الرِّجَالُ وَاَمْلَا فِیْ کُتُبِ الْحَدِیْثِ کُتُبًا سَارَتْ فِی الْبِلَادِ وَانْتَفَعَ بِهَا الْعِبَادُ وَامْتَدَّتْ اَیَّامُهٗ حَتّٰی اَلْحَقَ الْاَحْفَادُ بِالْاَجْدَادِ وَسَمِعَ فِیْ بَلَدِهٖ اَبَاهُ وَاَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ فَارِسٍ وَاَبَا الْقَاسِمِ بْنِ سُلَیْمَانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَیُّوْبَ الطَّبْرَانِیْ وَاَبَا الشَّیْخِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ حَسَّانَ وَالْقَاضِیْ اَبَا اَحْمَدَ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْغَسَّالِ وَاَبَا بَکْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ هَیْثَمٍ الْاَنْبَارِیْ وَاَبَا الْحُسَیْنِ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰی الْحَافِظَ وَاَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْیَقْطِیْنِیْ وَاَبَا بَکْرٍ اَحْمَدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانَ الْقَطِیْعِیَّ وَاَبَا الْحَسَنِ عَلِیَّ بْنَ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِیْ وَاَبَا حَفْصِ بْنِ شَاهِیْنَ وَخَلْقًا ذَکَرَهُمْ اِبْنُ النَّجَّارِ قَالَ وَسَمِعَ بِالْبَصْرَةِ خَلْقًا غَیْرَهُمْ وَبِتُسْتَرَ وَجُرْجَانَ وَنَیْسَابُوْرَ وَسَائِرِ الْبِلَادِ وَرَوٰی عَنْهُ الْاَئِمَّةُ الْاَعْلَامُ وَقَالَ سُئِلَ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ فِیْ رَجَبٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ فِیْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ ثَلَاثِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِیْنَ سَنَةً وَسِتَّةِ اَشْهُرٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الرَّابِعِ الَّذِیْ ذَکَرْنَاهُ فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق بن موسیٰ بن مہران ابونعیم حافظ رحمۃ اللہ علیہ

ان کی کنیت ''ابونعیم'' ہے، چوتھی مسند ان کی ہے، یہ اصفہانی ہیں، یہ محمد بن یوسف فریابی الزاہد کے نواسے ہیں۔ حضرت ''حافظ

ابوعبداللہ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ تاج المحدثین ہیں اور بڑے علماء میں سے ہیں۔ اور جن کے لئے روایت حفظ، فہم اور درایت کے اندر بلندی حاصل ہے اور ان کی جانب لوگ سفر کر کے آیا کرتے تھے۔ اور ان کو دروازے تک لوگ چھوڑ کر آیا کرتے تھے۔ انہوں نے حدیث کے موضوع پر کافی کتابیں لکھی ہیں۔ مختلف شہروں میں سفر کیا ہے اور جو کتابیں مختلف شہروں میں پھیل گئی ہیں لوگوں کو اس سے فائدہ ہوا ہے۔ اور ان کی زندگی طویل ہے یہاں تک کہ انہوں نے پوتوں کو دادا سے ملایا۔ انہوں نے اپنے شہر کے اندر اپنے والد حضرت ''ابومحمد بن عبداللہ بن جعفر بن احمد بن فارس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم بن سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوشیخ عبداللہ بن محمد بن جعفر بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابواحمد محمد بن احمد بن ابراہیم بن سلیمان غسال رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر محمد بن جعفر بن ہیثم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسین محمد بن مظفر بن موسیٰ الحافظ رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''ابوجعفر محمد بن حسن بن علی یقطینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر احمد بن جعفر بن حمدان قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحسن علی بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ہے حضرت ''ابن نجار نے رحمۃ اللہ علیہ'' ان سب کا ذکر کیا ہے۔

آپ فرماتے ہیں: بصرہ کے اندر انہوں نے ان کے علاوہ اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے، تستر اور جرجان اور نیشاپور اور باقی تمام علاقوں میں بھی حدیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے بڑے بڑے اماموں نے روایت کی ہے۔ اور ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: میں ۳۳۶ ہجری میں پیدا ہوا، ان کا انتقال ماہِ محرم کے اندر ۴۳۰ ہجری میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر ۹۳ اور ۶ ماہ تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں چوتھی مسند ان کی ہے، ان کا ذکر ہم نے اول کتاب میں کر دیا ہے

(160) اَحْمَد بْنُ مُحَمَّدِبْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِیْ اَبُوْ بَکْرِ الْکَلَاعِیْ

صَاحِبُ الْمُسْنَدِ التَّاسِعِ الَّذِیْ ذَکَرْنَاهُ فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هٰذَا الْمُسْنَدِ یُنْسَبُ اِلٰی اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِیْ وَالظَّاهِرُ اَنَّهٗ یَرْوِیْهِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ خَالِدِ الْوَهْبِیِّ وَاِنَّمَا جَمَعَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ الْوَهْبِیُّ وَرَوَاهُ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوَاهُ عَنْهُ خَالِدُ ابْنُ خَلِیْ وَعَنْهُ اِبْنُهٗ مُحَمَّدٌ وَعَنْهُ اِبْنُهٗ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِیْ فَلِهٰذَا یُنْسَبُ اِلَیْهِ بِحُکْمِ الرِّوَایَةِ لَا بِحُکْمِ الْجَمْعِ لِاَنَّهٗ لَیْسَ فِیْهِ حَدِیْثٌ مِنْ غَیْرِ رِوَایَةِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ الْوَهْبِیِّ لَوْ کَانَ مِنْ جَمْعِ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ لَوَرَدَ فِیْهِ حَدِیْثٌ بِرِوَایَةِ غَیْرِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ الْوَهْبِیِّ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَقَدْ مَرَّتْ تَرْجَمَةُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ الْوَهْبِیِّ فِیْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ فِی الْمُحَمَّدِیِّیْنَ

حضرت ''امام احمد بن محمد بن خالد بن خلی ابوبکر الکلاعی رحمۃ اللہ علیہ''

ہم نے اول کتاب میں بھی ذکر کر دیا تھا کہ ان کی نویں مسند ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ مسند ''احمد بن محمد بن خالد بن خلی'' کی جانب منسوب ہے اور ظاہر یہ ہے کہ انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا کے ذریعے حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اس کو حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے جمع کیا تھا اور اس کو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا تھا اور ان سے حضرت ''خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''احمد بن محمد بن خالد بن خلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ اس لئے روایت کے لحاظ سے حکم ان کی جانب منسوب کیا جاتا ہے، جمع کرنے کے لحاظ سے نہیں، کیونکہ اس کے اندر حضرت ''محمد بن خالد الوہبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے سوا اور کسی کی روایت نہیں ہے۔ اگر یہ مسند ''احمد بن محمد بن خالد'' کی جمع کی ہوئی ہوتی تو اس کے اندر کوئی ایک حدیث تو حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے علاوہ کسی اور راوی کی ہوتی۔ واللہ اعلم۔ محمد بن خالد وہبی کے حالات زندگی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان اصحاب میں گزر چکے ہیں جن کا نام ''محمد'' ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَایِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(161) اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اِسْحَاقَ الطِّبْرِیُّ الْمُقْرِیُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَحَدُ الشُّهُوْدِ الْعُدُوْلِ بِبَغْدَادَ- وَشَهِدَ بِالْکُوْفَةِ- وَالْبَصْرَةِ- وَمَکَّةَ- وَالْمَدِیْنَةِ- وَالشَّامِ- وَاَمَّ فِی الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِی الْمَوْسَمِ - وَکَانَ یَکْتُمُ مَوْلِدَهٗ وَقِیْلَ اِنَّهٗ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''ابراہیم بن احمد بن محمد بن عبداللہ ابواسحاق طبری مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے یہ بغداد کے عادل گواہوں میں سے ایک ہیں اور انہوں نے کوفہ کے اندر، بصرہ کے اندر، مکہ، مدینہ اور شام کے اندر گواہی دی ہے اور مسجد حرام میں حج کے ایام میں امامت کی ہے، یہ اپنی پیدائش کو چھپاتے تھے۔ ایک قول کے مطابق ان کی ولادت ۳۲۴ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۳۹۳ ہجری میں ہوا

(162) اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْحَرَبِیُ

اَصْلُهٗ مِنْ مَرْوَ اَلْاِمَامُ الْمُتْقِنُ الْمَعْرُوْفُ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ الْفَضْلَ اِبْنَ دُکَّیْنٍ وَعَفَّانَ بْنَ مُسْلِمٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ صَالِحٍ وَعَلِیَّ بْنَ الْجَعْدِ وَاِبْنَ حُبَیْشٍ وَجَمَاعَةً یَطُوْلُ ذِکْرُهُمْ رَوٰی عَنْهُ الْقَاضِیْ اَبُوْ الْحَسَنِ عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْنَانِیُ وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ وَاَبُوْ بَکْرِ بْنُ مَالِكٍ الْقَطِیْعِیُّ وَجَمَاعَةٌ وَکَانَ اِمَامًا فِی الْعِلْمِ رَاْسًا فِی الزُّهْدِ عَارِفًا بِالْفِقْهِ بَصِیْرًا بِالْاَحْکَامِ حَافِظًا لِلْحَدِیْثِ وَاللُّغَةِ صَنَّفَ کُتُبًا کَثِیْرَةً مِنْهَا

(غَرِيْبُ الْحَدِيْثِ) وُلِدَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِى عَنْ اَشْيَاخِهٖ عَنْ اَصْحَابِ اَبِى حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِى حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِى هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن اسحاق بن ابرہیم بن بشر بن عبداللہ ابواسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی پیدائش ''مرو'' میں ہوئی، یہ مضبوط حافظے والے امام تھے، مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے جن کا ذکر یہاں طوالت کا باعث بن جائے گا۔

ان سے حضرت ''قاضی ابوالحسن عمر بن حسن اشنانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ یہ علم کے اندر ایک امام تھے اور عبادت اور زہد کے اندر پہنچے ہوئے تھے، فقہ کے عارف تھے، احکام کی بصارت رکھنے والے تھے، حدیث اور لغت کے حافظ تھے، انہوں نے بہت ساری کتابیں لکھی ہیں ان میں سے ایک غریب الحدیث ہے۔ ان کی ولادت ۱۹۸ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۲۸۵ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ اپنے اشیاخ کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور اس اسناد کے ہمراہ مروی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

[163] اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سُرَيْجٍ اَبُوْ اِسْحَاقُ الْبَاقِلَانِى

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَرْسِيِّ وَاَبِىْ قَلَابَةَ يَزِيْدِ بْنِ الْهَيْثَمِ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْهُ الْحَافِظُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ وَغَيْرُهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بنی علی بن حسن بن سلیمان بن سریج ابواسحاق باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''احمد بن عبداللہ برسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقلابہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یزید بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''حافظ محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے حدیث روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(164)اِبْرَاهِيْم بْنُ مُحَمَّدِالْمَهْدِیْ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَنْصُوْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ

بُوْيِعَ لَهُ بِبَغْدَادَ بَعْدَ مَقْتَلِ مُحَمَّدِ الْاَمِيْنِ ابْنِ الرَّشِيْدِ لَمَّا دَعَا الْمَامُوْنُ عَلِيَّ بْنَ مُوْسَى الرَّضِيَ وَجَعَلَهُ وَلِيَ الْعَهْدِ غَضِبَ لِذٰلِكَ بَنُوْ الْعَبَّاسِ مَخَافَةَ اَنْ يَّخْرُجَ الْاَمْرُ مِنْ اَيْدِيْهِمْ فَبَايَعُوْا اِبْرَاهِيْمَ ابْنَ الْمَهْدِيِّ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَخَلَعَ نَفْسَهُ وَاخْتَفٰى سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَقَدِمَ الْمَامُوْنُ بَغْدَادَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَاَخَذَ اِبْرَاهِيْمَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ وَعَفَا عَنْهُ الْمَامُوْنُ وَلَمْ يَزَلْ مُعَظَّماً مُكَرَّماً حَتّٰى مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَصَلّٰى عَلَيْهِ الْمُعْتَصِمُ بِاللّٰهِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاِنَّمَا ذَكَرْنَاهُ لِاَنَّ لَهُ ذِكْرًا فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن محمد مہدی بن عبداللہ منصور بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب رحمۃ اللہ علیہ''

محمد الامین ابن رشید کے قتل کے بعد بغداد کے اندران کی بیعت ہوئی، جب مامون نے ابن موسیٰ رضی پر دعویٰ کیا اور اس کو ولی عہد بنایا، اس کی وجہ سے بنوعباس غصے میں آ گئے، کیونکہ ان کو یہ خطرہ تھا کہ اب حکومتی معاملات ان کے ہاتھ سے نکل جائیں گے، تو انہوں نے ابراہیم بن مہدی کی بیعت کی، یہ ۱۸۲ ہجری کا واقعہ ہے، انہوں نے اپنی جان چھڑائی اور ۱۸۳ ہجری میں روپوش ہو گئے۔ مامون بغداد میں آیا اور ابراہیم کو ۱۹۰ ہجری میں پکڑ لیا، مامون نے ان کو معاف کر دیا اور یہ مسلسل ان کی تعظیم و توقیر کرتے رہے۔ یہاں تک ۲۲۴ ہجری میں ان کا انتقال ہو گیا، معتصم باللہ امیر المؤمنین نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ہم نے ان کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ ان مسانید کے اندر ان کا ذکر موجود ہے۔

(165)اِبْرَاهِيْم بْنُ اِسْحَاقِ بْنِ الْقَيْسِ اَبُوْ اِسْحَاقَ الزُّهْرِيُّ الْقَاضِيُ الْكُوْفِيُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَلِيَ قَضَاءَ مَدِيْنَةِ الْمَنْصُوْرِ بَعْدَ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ سَمِعَ جَعْفَرَ بْنَ عَوْنِ الْعُمَرِيَّ وَاَحْمَدَ بْنَ مَنْصُوْرِ السَّكُوْنِيَ وَيَعْلَى بْنَ عُبَيْدِ الطَّنَافِسِيَ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي الدُّنْيَا وَشُعَيْبُ بْنُ مُحَمَّدِالذَّارِعُ وَيَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِيْبُ كَانَ ثِقَةً خَيِّرًا صَالِحاً مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''ابراہیم بن اسحاق بن قیس ابواسحاق زہری قاضی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''احمد بن محمد ابن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعد منصور مدینہ منورہ کے منصب قضا پر فائز ہوئے۔ انہوں نے حضرت ''جعفر بن عون عمری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور سکونی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعلی بن عبید طنافسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابوبکر ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعیب بن محمد دارع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ

بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ ثقہ تھے، نیک تھے، بھلائی والے تھے اور ان کا انتقال ۲۷۹ ہجری میں ہوا۔

(166)اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مَخْلَدٍ اَبُوْ اِسْحَاقَ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْبَاقِرْحِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ يَحْيٰى بْنَ الْعَبَّاسِ الْقَطَّانِ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمْ مِنْهُمْ اَحْمَدُ ابْنُ كَامِلِ الْقَاضِيْ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ صَالِحاً ثِقَةً كَتَبْنَا عَنْهُ تُوُفِّيَ سَنَةَ عَشْرٍ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَدُفِنَ بِقُرْبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''ابراہیم بن مخلد بن جعفر بن مخلد ابواسحاق المعروف باقرحی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن یحییٰ بن عباس قطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے احادیث روایت کی ہیں، ان کا نام بھی ذکر کیا ہے اور ان میں حضرت ''احمد بن کامل قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' بھی ہیں۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ صالح تھے، ثقہ تھے۔ہم نے ان سے احادیث لکھی ہیں۔ان کا انتقال ۴۱۰ ہجری میں ہوا اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قریب ان کو دفن کیا گیا۔

(167)اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ اَيُّوْبَ اَبُوْ اِسْحَاقَ

سَمِعَ اَبَا نُعَيْمٍ وَالْقَعْنَبِيْ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مِنْهُمْ يَحْيٰى الْحَمَّانِيْ تُوُفِّيَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''ابراہیم بن ولید بن ایوب ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قعنبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے جن کا نام خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ان کے اندر حضرت ''یحییٰ الحانی رحمۃ اللہ علیہ'' بھی ہیں۔ان کا انتقال ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

(168)اِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَجِيْحِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ اَبُوْ الْهَيْثَمِ الْفَقِيْهُ الْكُوْفِيُّ

اَنْزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ جَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ الْقَاضِيْ اَبُوْ الْحَسَنِ الْجَرَّاحِيْ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظِ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةَ وَحُمِلَ اِلَى الْكُوْفَةِ وَقُبِرَ بِهَا وَكَانَ فَقِيْهاً وَلَا يَتَقَدَّمُهُ اَحَدٌ)

حضرت ''ابراہیم بن نجیح بن ابراہیم بن محمد بن حسن ابو ہیثم فقیہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے، وہاں پر ایک جماعت سے درس حدیث لیا، ان سے حضرت ''قاضی ابوالحسن جراحی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۱۳ ہجری میں ہوا۔ ان کو کوفہ لے جایا گیا، وہاں پر ان کی تدفین ہوئی، یہ فقیہ تھے اور کوئی ان سے آگے نہیں تھا۔

(169) اِبْرَاهِيْم بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ مُوْسَى السَّامِرِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَرَوٰى حَدِيْثًا مُسْنَدًا ذُكِرَهُ فِيْهِ

حضرت ''ابراہیم بن منصور بن موسیٰ سامری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور ایک مسند حدیث روایت کی ہے جس کے اندر ان کا ذکر ہے۔

(170) اِبْرَاهِيْم بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اِسْحَاقَ قَاضِيْ قَزْوِيْنَ

قَالَ الْخَطِيْبُ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجًّا وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ جَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَالْمُعَافٰى بْنُ زَكَرِيَّا الْقَاضِيْ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ

حضرت ''ابراہیم بن احمد بن عبداللہ ابواسحاق قاضی قزوین رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ حج کرنے کے لئے گئے اور بغداد آئے، وہاں پر محدثین کی ایک جماعت سے درسِ حدیث لیا، ان سے حضرت ''محمد بن المظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''معافیٰ بن زکریا قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

(171) اِبْرَاهِيْم بْنُ الْحُسَيْنِ الْهَمْدَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَخُ اَبِيْ مَيْسَرَةَ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْهَمْدَانِيُّ وَرَدَ بَغْدَادَ حَاجًّا وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ الْوَهْبِيِّ وَعَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عِصَامٍ الْجُرْجَانِيِّ رَوٰى عَنْهُ مَحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الطَّبْرَانِيُّ

حضرت ''ابراہیم بن حسین ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''ابومیسرہ محمد بن حسین ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔ یہ حج کرنے کے لئے آئے تو پھر بغداد کے اندر ٹھہرے، وہاں پر حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالحمید بن عصام جرجانی

رحمۃ اللہ علیہ''، سے درسِ حدیث لیا اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم طبرانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(172)اِبْرَاهِيْم بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الزَّاهِدِ الصَّفَارِ اَبُوْ اِسْحَاقَ

لَمْ يَذْكُرْهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكَاَنَّهٗ لَمْ يَرِدْ بَغْدَادَ وَهُوَ مِنْ اَئِمَّةِ بُخَارٰى يَرْوِيْ عَنْهُ الْاُسْتَاذُ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِيُّ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابراہیم بن اسماعیل الزاہد صفار ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر نہیں کیا ہے، یوں لگتا ہے یہ بغداد میں آئے نہیں، یہ بخاریٰ کے ائمہ میں سے ہیں، ان سے استاذ حضرت ''ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان مسانید میں ان کی روایت موجود ہے۔

(173)اَلنَّاصِرُ لِدِيْنِ اللّٰهِ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبُو الْعَبَّاسِ بْنِ اَبِيْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ الْمُسْتَضِيْءُ بِاللّٰهِ

اِبْنِ الْاِمَامِ اَبِي الْمُظَفَّرِ يُوْسُفَ بْنِ الْمُسْتَنْجَدِ بِاللّٰهِ اِبْنِ الْاِمَامِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ الْمُقْتَفِيْ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِبْنِ الْاِمَامِ اَبِي الْعَبَّاسِ مُحَمَّدِ بْنِ ذَخِيْرَةِ الدِّيْنِ اِبْنِ الْاِمَامِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَائِمِ بِاَمْرِ اللّٰهِ اِبْنِ الْاِمَامِ اَبِي الْعَبَّاسِ اَحْمَدِ الْقَادِرِ بِاللّٰهِ اِبْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْمُقْتَدِرِ بِاللّٰهِ جَعْفَرِ بْنِ الْمُعْتَضِدِ بِاللّٰهِ اَحْمَدِ بْنِ الْمُوَفَّقِ اَبِيْ اَحْمَدِ بْنِ الْمُتَوَكِّلِ عَلَى اللّٰهِ بْنِ الْمُعْتَصِمِ بِاللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ هَارُوْنَ الرَّشِيْدِ بْنِ مُحَمَّدِ الْمَهْدِيْ بْنِ الْمَنْصُوْرِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بُوْيِعَ لَهٗ بِالْخِلَافَةِ بَعْدَ مَوْتِ وَالِدِهٖ مُسْتَهَلَّ ذِي الْقَعْدَةِ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ

وَسِنُّهٗ يَوْمَئِذٍ ثَلَاثٌ وَّعِشْرُوْنَ سَنَةً قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكَانَتْ بَيْعَةٌ مُبَارَكَةٌ فِي الْعَالَمِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَزَالَ عَنْهُمُ الْغَلَاءَ وَالْوَبَاءَ اللَّذَيْنِ كَانَا عَمَّا الْبِلَادَ وَالْعِبَادَ وَكَثُرَتِ الْاَمْطَارُ وَظَهَرَ الْخِصْبُ وَخُطِبَ لَهٗ عَلٰى مَنَابِرِ الْاِسْلَامِ شَرْقًا وَغَرْبًا وَدَانَ لَهُ اَجِلَّةُ الْمُلُوْكِ وَالسَّلَاطِيْنِ وَدَخَلَ فِيْ طَاعَتِهٖ مَنْ كَانَ مِنَ الْمُتَغَلِّفِيْنَ وَبَلَغَتْ دَعْوَتُهٗ اِلٰى اَقْصَى بِلَادِ الصِّيْنِ وَبِلَادِ الْاُنْدَلُسِ تُوُفِّيَ لَيْلَةَ الْاَحَدِ سَلَخَ شَهْرَ رَمَضَانَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَسِتِّ مِائَةٍ وَكَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهٖ سِتًّا وَّاَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَاَحَدَ عَشَرَ شَهْرًا وَبَلَغَ مِنَ الْعُمُرِ سَبْعًا وَّسِتِّيْنَ سَنَةً وَشَهْرَيْنِ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى لِيْ شُيُوْخِيْ عَنْهُ الْمُسْنَدَ الثَّانِيْ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ناصر لدین اللہ امیر المؤمنین ابوالعباس بن ابومحمد حسن المستضی ء باللہ رحمۃ اللہ علیہ''۔

ان کا نسب یوں ہے ''بن امام ابوالمظفر بن یوسف بن مستنجد باللہ بن امام ابوعبداللہ محمد المقتفی لامر اللہ بن امام ابو العباس محمد بن ذخرۃ الدین بن الامام ابو جعفر عبداللہ القائم بامر اللہ بن الامام ابو العباس احمد القادر باللہ بن اسحاق بن المقتدر باللہ جعفر بن المعتضد باللہ احمد بن موافق ابواحمد بن المتوکل علی اللہ بن معتصم باللہ محمد بن ہارون الرشید بن محمد المہدی بن المنصور ابوجعفر عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب''

۵۷۵ ہجری میں ان کے والد کی وفات کے بعد خلافت کے لئے ان کی بیعت کی گئی، اس وقت ان کی عمر ۲۳ برس تھی۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' جہان کے اندر یہ بہت بیعت مبارکہ تھی اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے مہنگائی اور وہ وباء دور کردی اور یہ دونوں باتیں لوگوں میں اور شہروں میں عام ہو چکی تھیں۔ برسات بہت زیادہ ہوئی اور سبزہ اگ آیا اور اسلام کے منبروں پر مشرق اور مغرب میں ان کے لئے خطبے ہوئے اور بڑے بڑے بادشاہوں اور سلاطین نے ان کو دیانت دار قرار دیا اور جتنے بھی بعد میں لوگ رہ گئے تھے سب ان کی اطاعت میں داخل ہو گئے اور ان کی دعوت اندلس اور چین کے انتہائی علاقوں تک پہنچ گئی۔ ان کا انتقال ہفتے کی رات کو ہوا، ماہِ رمضان مبارک گزر رہا تھا، یہ ۶۲۲ ہجری کی بات ہے، ان کی مدت خلافت ۴۶ برس اور ۱۱ مہینے ہے ان کی عمر ۶۷ برس ۲ مہینے اور ۲۱ دن تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: میرے شیوخ نے مجھے ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں اور ان مسانید میں سے دوسری مسند کے اندر ان کی روایات موجود ہیں۔

(174) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلَ بْنِ هَلَالِ بْنِ اَسَدٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰه

اِمَامُ الْمُحَدِّثِيْنَ وَالْمُنَاضِلُ عَنِ السُّنَّةِ وَالصَّابِرُ فِي الْمِحْنَةِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَرْوَزِيُّ الْاَصْلِ قَدِمَتْ اُمُّهٗ بَغْدَادَ وَهِيَ حَامِلٌ بِهٖ فَوُلِدَتْ بِبَغْدَادَ وَطَلَبَ الْعِلْمَ وَسَمِعَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُلَيَّةَ وَالْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ اِدْرِيْسَ الشَّافِعِيْ وَمُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ غُنْدَرٍ وَوَكِيْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَاَبَا مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرِ وَجَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ اَيْضاً جَمَاعَةٌ كَثِيْرَةٌ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَهُوَ اِبْنُ سَبْعِيْنَ سَنَةً رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''احمد بن حنبل بن ہلال بن اسد ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

امام المحدثین اور سنت کو مضبوطی سے تھامنے والے اور مشقتوں میں صبر کرنے والے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اصل میں مروزی ہیں۔ ان کی والدہ بغداد آ گئی تھیں۔ اس وقت یہ حمل سے تھیں، بغداد کے اندر انہوں نے ان کو جنم دیا، انہوں نے وہاں پر علم حاصل کیا، حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن

جعفر غندر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو معاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ ان سے بھی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے، ان کا انتقال ۲۴۱ ہجری میں ہوا، ان کی عمر ۷۰ برس تھی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور ان کی یہ مرویات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(175)اَحْمَد بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْبَزَّارُ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ النَّقُوْرِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ بْنِ حَنَّانَةَ وَعَلِيَّ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَعَلِيَّ بْنَ عُمَرَ الْحَرَبِيَّ وَاَبَا طَاهِرٍ الْمُخَلَّصِ

(قَالَ) الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُ ابْنَ النَّقُوْرِ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ جُمَادَى الْاُوْلٰى سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمَاتَ فِيْ رَجَبَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''امام احمد بن عبداللہ بن احمد ابوالحسین بزار المعروف ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو القاسم بن حنانہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عمر حربی ابو طاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے اور میں نے حضرت ''ابن نقور رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے فرمایا: ۸۱ ہجری ماہِ جمادی الاولیٰ میں۔ ان کا انتقال چار سو ۴۷ ہجری میں ہوا۔

(176)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ غَالِبٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْخَوَارَزْمِيُّ الْمَعْرُوْفُ بِالْبُرْقَانِيْ

بَالَغَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَزْكِيَتِهٖ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ وَقَالَ لَمْ نَرَ فِيْ شُيُوْخِنَا اَتْقَنَ مِنْهُ حَافِظًا لِلْقُرْآنِ عَارِفًا بِالْفِقْهِ وَسَاَلْتُ الْاَزْهَرِيَّ هَلْ رَاَيْتَ فِي الشُّيُوْخِ اَتْقَنَ مِنَ الْبُرْقَانِيْ فَقَالَ لَا فَقَالَ سَمِعَ الْبُرْقَانِيُّ بِبَلَدِهٖ يَعْنِيْ خَوَارِزْمَ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ بْنِ حَمْدَانَ النَّيْسَابُوْرِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَسَّانِيِّ وَاَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَبَّابٍ الْخَوَارِزْمِيِّيْنَ وَوَرَدَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرِ بْنِ الْقَاسِمِ الْبُنْدَارَ وَاَبَا عَلِيِّ بْنِ الصَّوَّافِ وَجَمَاعَةً قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ وُلِدْتُّ فِيْ آخِرِ سَنَةِ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَوَّلَ يَوْمٍ مِنْ رَجَبَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''امام احمد بن محمد بن احمد بن غالب ابوبکر خوارزمی المعروف برقانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی تعریف وثناء میں بہت مبالغہ کیا ہے اور کہا ہے' ہم نے اپنے شیوخ میں ان سے زیادہ حافظے والا ان سے زیادہ قرآن کا حافظ اور فقہ کا عارف نہیں دیکھا۔

میں نے حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا' کیا آپ نے حضرت ''برقانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ مضبوط حافظے والا کوئی شیخ دیکھا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے کہا: انہوں نے اپنے شہر یعنی خوارزم میں حضرت ''برقانی ابوالعباس بن حمدان نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن علی حسانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ابراہیم بن حباب خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ بغداد آئے اور حضرت ''محمد بن جعفر بن قاسم بندار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن صواف رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میری پیدائش ۳۳۶ ہجری کے آواخر میں ہوئی اور ان کا انتقال بدھ کے دن یکم رجب المرجب چار ۴۲۵ ہجری میں ہوا۔

(177) اَحْمَد بْنُ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دَوْسَتِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّار

وَيُقَالُ الْعَلَّافُ قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ جَعْفَر الطِّبْرِیْ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ الْقَطَّانِ وَاَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ سَعْدِ الدَّوْرِیْ وَجَمَاعَةٍ وَكَانَ مُكْثِرًا مِنَ الْحَدِيْثِ كَتَبَ عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْخَلَالِ وَالْحَسَنِ بْنِ طَاهِرِ الدَّقَّاقِ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْاَزْهَرِیْ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ الْاَشْنَانِیْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اِبْنَ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ يَقُوْلُ وُلِدتُّ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف بن محمد بن دوست ابوعبداللہ البزار رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کا نام ''علاف'' ہے۔ خطیب کہتے ہیں: انہوں نے حضرت ''محمد بن جعفر طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عبداللہ بن عباس قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن ابوسعد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے روایت کی ہے۔ یہ بہت زیادہ احادیث روایت کرنے والوں میں ہیں۔ ان سے حضرت ''حسن بن محمد بن خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن طاہر دقاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کتابت حدیث کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے حضرت ''محمد بن احمد اشنانی رحمۃ اللہ علیہ'' کو، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: میری پیدائش ۳۲۳ ہجری میں ہوئی، ان کا انتقال ۴۰۷ ہجری میں ہوا۔

(178)اَحْمَدُ الْخَطِیْب بْنُ عَلِیّ بْنِ ثَابِتِ بْنِ اَحْمَدِ بْنِ مَهْدِیْ الْخَطِیْبِ اَبُوْ بَکْرِ الْحَافِظِ صَاحِبُ تَارِیْخِ بُخَارِیْ وَبَغْدَادَ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ وُلِدَ بِقَرْیَةٍ مِنْ اَعْمَالِ نَهْرِ الْمَلِكِ بِهَنِیْقِیَّا وَکَانَ اَبُوْهُ یَخْطُبُ بِدَرَبِ رَیْحَانَ وَنَشَاَ هُوَ بِبَغْدَادَ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ شُیُوْخِهَا وَرَحَلَ اِلَی الْبَصْرَةِ -وَسَمِعَ بِهَا وَرَحَلَ اِلٰی خُرَاسَانَ- وَسَمِعَ بِهَا مِنْ اَصْحَابِ ابْنِ الْاَصَمِّ وَسَمِعَ بِالْعِرَاقِ - ثُمَّ عَادَ اِلٰی بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنْ شُیُوْخِهِ الْبَاقِیْنَ بِهَا- ثُمَّ خَرَجَ اِلَی الشَّامِ وَکَانَ یَتَرَدَّدُ صَوْبَ دِمَشْقَ وَبَیْتَ الْمَقْدَسِ ثُمَّ عَادَ اِلَی بَغْدَادَ فِیْ آخِرِ عُمُرِهٖ وَاَقَامَ بِهَا اِلٰی آخِرِ عُمُرِهٖ وَحَدَّثَ بِهَا بِالتَّارِیْخِ وَغَیْرِ ذٰلِكَ مِنْ مُصَنَّفَاتِهٖ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ لَهٗ سِتٌّ وَّخَمْسُوْنَ مُصَنَّفاً مِنْهَا تَارِیْخُ بَغْدَادَ مِائَةٌ وَسِتَّةُ اَجْزَاءَ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ قَالَ الْقَزَازُ قَالَ لَنَا الْخَطِیْبُ وُلِدْتُّ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ فِیْ ذِیْ الْحَجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّسِتِّیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد خطیب بن علی بن ثابت بن احمد بن مہدی خطیب ابوبکر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تاریخ بخاریٰ اور تاریخ بغداد کے مصنف ہیں۔ حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' نہر الملک کے اعمال کی ایک بستی ہے، جس کا نام ''ہنیقیا'' ہے، وہاں پیدا ہوئے، ان کے والد درب ریحان میں خطیب تھے، انہوں نے بغداد کے اندر پرورش پائی اور وہاں پر اپنے شیوخ سے سماع کیا، پھر بصرہ چلے گئے، وہاں پر سماع کیا، پھر خراسان چلے گئے اور وہاں پر حضرت ''ابن اصم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے سماع کیا، پھر عراق چلے گئے اور پھر بغداد لوٹ کر آ گئے، جو شیوخ وہاں پر باقی رہ گئے تھے، ان سے سماع کیا، پھر شام کی طرف چلے گئے اور یہ دمشق اور بیت المقدس میں آتے جاتے رہتے تھے۔ اپنی آخری عمر میں بغداد میں آ گئے اور آخری عمر تک وہیں پر ٹھہرے رہے۔ وہاں پر تاریخ بیان کی اور اس کے علاوہ دیگر مصنفات کا درس دیا۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کی ۵۶ تصنیفات ہیں ان میں تاریخ بغداد ہے اس کی ۱۰۶ جلدیں ہیں۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: قزاز نے کہا ہے' ہمیں خطیب نے بتایا ہے کہ میں ۳۹۲ ہجری میں پیدا ہوا اور ان کا انتقال ۴۶۳ ہجری ماہِ ذی الحج میں ہوا۔

(179)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّلْتِ بْنِ الْمُغْلَسِ الْحِمَانِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْ ثَابِتِ ابْنِ مُحَمَّدٍ الزَّاهِدِ وَاَبِیْ نُعَیْمٍ الْفَضْلِ بْنِ دُکَّیْنٍ وَعَفَّانَ بْنِ مُسْلِمٍ وَجَمَاعَةٍ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ عَمْرِو بْنُ السِّمَاكِ وَاَبُوْ عَلِیِّ بْنُ الصَّوَّافِ وَاَبُوْ الْفَتْحِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِیْبُ وَبَعْضُ النَّاسِ یَقُوْلُوْنَ اَحْمَدُ بْنُ الصَّلْتِ یَضَعُ الْاَحَادِیْثَ قَالَ الْخَطِیْبُ تُوُفِّیَ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن صلت بن مغلس حمانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت'' ثابت بن محمد زاہد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت''ابوعمرو بن سماک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابوعلی بن صواف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابوفتح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: کچھ لوگ کہتے ہیں' احمد بن صلت احادیث گھڑا کرتا تھا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۰ ہجری میں ہوا۔

(180) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْمُقْرِئُ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ مَرْوَزِيُّ الْاَصْلِ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِيُ

حضرت ''احمد بن محمد بن بشر بن علی بن محمد بن جعفر ابوبکر مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ بھی اصل کے لحاظ سے مروزی ہیں، انہوں نے حضرت'' محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

(181) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَجْلَانَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الْكُوْفِيُ الْهَمْدَانِيُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عُقْدَةَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ جَدُّهٗ عَجْلَانَ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيُ وَقَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْفَضْلِ الْفَتُوْرِيُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ الْغَنِيِّ الْحَافِظِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الْوَزِيْرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ الدَّارَقُطْنِيُ يَقُوْلُ اَجْمَعَ اَهْلُ الْكُوْفَةِ اَنَّهٗ لَمْ يَرَ مِنْ زَمَنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اِلَى زَمَنِ اَبِى الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ اَحْفَظَ مِنْهُ وَقَالَ عَنِ الدَّارِقُطْنِيُ اَيْضاً كَانَ اِبْنُ عُقْدَةَ يَعْلَمُ مَا عِنْدَ النَّاسِ وَلَا يَعْلَمُ النَّاسُ مَا عِنْدَهٗ قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعْتُ اَبَا الطَّيِّبِ اَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ هَرْثَمَةَ يَقُوْلُ كُنَّا بِحَضْرَةِ اَبِى الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ وَبِجَنْبِهٖ هَاشِمِيٌّ وَعِنْدَهٗ حُفَّاظُ الْحَدِيْثِ قَالَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَنَا اُحَدِّثُكُمْ ثَلَاثَ مِائَةِ اَلْفِ حَدِيْثٍ مِنْ اَهْلِ بَيْتِ هٰذَا دُوْنَ غَيْرِهِمْ وَضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلَى ظَهْرِ الْهَاشِمِيُ قَالَ الْخَطِيْبُ وَرَدَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ بِهَا مِنْ جَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ ثُمَّ قَدِمَ فِيْ آخِرِ عُمُرِهٖ وَحَدَّثَ عَنْ قُدَمَاءِ الْمَشَايِخِ وَسَمَّاهُمْ وَرَوٰى عَنْهُ الْحُفَّاظُ الْاَكَابِرُ كَاَبِيْ بَكْرٍ الْجُرْجَانِيُ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيُ الْجُرْجَانِيُ وَاَبِى الْقَاسِمِ الطَّبْرَانِيُ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ وَاَبِى الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِيُ وَاَبِى جَعْفَرٍ بْنِ شَاهِيْنَ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ

قَالَ الْخَطِيْبُ اِبْنُ عُقْدَةَ لَقَبُ اَبِی الْعَبَّاسِ لُقِبَ بِذٰلِكَ لِتَعْقِيْدِهٖ بَيْنَ الصَّرْفِ وَالنَّحْوِ وَكَانَ يُعَلِّمُ الْقُرْآنَ وَالْاَدَبَ فِی الْكُوْفَةِ وَقَالَ كَانَ الْحُفَّاظُ اِذَا تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ شَرَطُوْا اَنْ لَا يَخْرُجُوْا مِنْ اَحَادِيْثِ اَبِی الْعَبَّاسِ بْنِ عُقْدَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ اَبُو الْعَبَّاسِ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَدَارُ اَكْثَرِ اَحَادِيْثِ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ عَلٰی اَبِی الْعَبَّاسِ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيِّ الْكُوْفِيِّ اِبْنِ عُقْدَةَ الْحَافِظِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن سعید بن عبدالرحمٰن بن ابراہیم بن زیاد بن عبداللہ بن عجلان ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ

ان کی کنیت ''ابوعقدہ'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کے دادا عجلان جو کہ عبدالرحمٰن بن سعید ہمدانی کے آزاد کردہ ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''محمد بن فضل فتوری رحمۃ اللہ علیہ'' کو سنا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''عبدالغنی الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کو بیان کرتے سنا ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''وزیر رحمۃ اللہ علیہ'' کو سنا، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ کہتے ہیں' اہل کوفہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے زمانے سے لے کر حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے تک ان سے زیادہ حافظے والا کوئی شخص نہیں ہے اور حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بھی یہ بات موجود ہے کہ حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' وہ سب جانتے ہیں جو لوگوں کے پاس موجود ہے۔ لیکن لوگ وہ سب نہیں جانتے جو حضرت ''ابن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوطیب احمد بن حسن بن ہرثمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے سنا ہے' وہ کہتے ہیں' ہم حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس موجود تھے اور ان کے پاس ایک ہاشمی موجود تھے، اور ان کے پاس حفاظ الحدیث موجود تھے، حضرت ''ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس ہاشمی کی پشت تھپکاتے ہوئے کہا: میں تمہیں اس گھر والوں کے حوالے سے تین لاکھ حدیثیں سنا سکتا ہوں جو کسی اور گھر والوں کی نہیں ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں۔ پھر اپنی آخری عمر میں واپس آ گئے اور اپنے قدیم مشائخ سے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے۔ ان سے بڑے بڑے حفاظ نے روایت حدیث کی ہے مثلاً حضرت ''ابوبکر جرجانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عدی جرجانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم طبرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت ہے جن کا نام خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' عقدہ حضرت ''ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد کا لقب ہے۔ ان کا یہ لقب اس لئے پڑا کہ انہوں نے صرف اور نحو میں گرہ لگا دی تھی، یہ کوفہ میں قرآن اور ادب کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ اور انہوں نے یہ فرمایا ہے' حفاظ جب حدیث کا آپس میں مباحثہ کرتے تو یہ شرط رکھ لیتے تھے کہ حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیثوں سے باہر نہیں نکلیں گے۔ خطیب

بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۳۲ ہجری میں ہوااوران کی پیدائش ۲۴۰ ہجری کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید کی اکثر احادیث کا مدار حضرت ''ابوالعباس احمد بن محمد بن سعید ہمدانی کوفی ابن عقدہ الحافظ رحمۃ اللہ علیہ'' پر ہے۔

(182)اَحْمَد بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَيْرُوْنَ بْنِ اِبْرَاهِيْم اَبُو الْفَضْلِ الْبَاقِلَانِیْ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْكَثِيْرَ بِنَفْسِهٖ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ اَبَا عَلِیٍّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَشْرَانَ وَاَبَا بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبِ الْخَوَارَزْمِی الْبُرْقَانِیْ وَبِشْرَبْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّوْمِیْ وَاَبَا عَمْرٍو عُثْمَانَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ وَخَلْقاً وَرَوٰی عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ بَكْرِ الْخَطِيْبُ وَهُوَ اَسَنُّ مِنْهُ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیْ وَاَبُو الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُّ وَاِسْمَاعِيْلُ ابْنُ اَبِیْ سَعِيْدِ الصُّوْفِیُّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیُّ وَابْنُ اَخِيْهِ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ خَيْرُوْنَ وَقَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ قَرَاْتُ بِخَطِّ اَبِی الْفَضْلِ بْنِ خَيْرُوْنَ قَالَ وُلِدْتُّ فِیْ جُمَادَی الْاٰخِرَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِ مِائَةٍ وَتُوُفِّیَ فِیْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ فِیْ رَجَبَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن حسن بن خیرون بن ابراہیم ابوالفضل باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے بہت سارے محدثین کو بذاتِ خود سنا ہے پھر فرمایا: انہوں نے حضرت ''ابوعلی الحسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن غالب خوارزمی برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن عبداللہ رومی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعمرو عثمان بن محمد بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''حافظ ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' (یہ ان سے بڑے ہیں، انہوں) نے روایت کی ہے، حضرت ''محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن ابی سعید صوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے بھتیجے حضرت ''ابومنصور محمد بن عبدالملک بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ابوالفضل بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' کی تحریر میں پڑھا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں چار ۴۰۶ ہجری جمادی الاخری میں پیدا ہوا، ان کا انتقال ماہِ رجب ۴۸۸ ہجری میں ہوا۔

(183)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَلِیٍّ الْقَصَرِیُ

ذَكَرَهُ اِبْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ وَكَنَّاهُ اَبَا الْحُسَيْنِ وَقَالَ اَنَّهٗ مِنْ شُيُوْخِ اَبِیْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ قَالَ

ذَكَرَهُ فِيْ مُعْجَمِ شُيُوْخِهٖ وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْبَتِّيْ مِنْ اَهْلِ قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ ثُمَّ قَالَ وَكَانَ صَدُوْقاً حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَلِيٍ وَرَوٰى عَنْهُ لَنَا مُسْنَداً

حضرت ''احمد بن محمد بن علی قصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے'ان کی کنیت ''ابوالحسین'' ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابوبکر احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔انہوں نے کہا ہے'انہوں نے اپنے شیوخ کے معجم میں ان کا ذکر کیا ہے۔اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے'حضرت ''احمد بن محمد بن علی بن حسن المعروف ابن البتی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ اہل قصر ابن ہبیرہ میں سے ہیں۔پھر کہا ہے' یہ صدوق تھے۔،مجھے حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور انہوں نے ہمارے لئے ان کے حوالے سے مسند احادیث بھی روایت کی ہیں۔

(184)اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ سُرَيْجِ الْفَقِيْهُ الشَّافِعِيُّ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الْقَاضِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اِمَامُ صَاحِبِ الشَّافِعِيْ صَنَّفَ الْكُتُبَ الْكَثِيْرَةَ وَحَدَّثَ بِالْيَسِيْرِ عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ مُحَمَّدِ الزَّعْفَرَانِيْ وَاَبِيْ يَحْيٰى مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْعَطَّارِ وَعَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ اِبْنِ اَشْكَابٍ وَمَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَبَلَغَ عُمُرُهٗ سَبْعاً وَّخَمْسِيْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن عمر بن سریج فقیہ شافعی ابوالعباس قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد تھے،امام تھے،انہوں نے بہت ساری کتابیں لکھی ہیں اور حضرت ''حسن بن محمد زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''ابو یحییٰ محمد بن سعید عطار رحمۃ اللہ علیہ'' سے،حضرت ''علی بن حسن ابن اشکاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں،بغداد کے اندر ۳۰۶ ہجری میں فوت ہوئے ہیں،ان کی عمر ۵۷ برس تھی۔

(186)اَحْمَدُ بْنُ عُمَرِ ابْنِ زَوْجِ الْحُرَّةِ اِبْنِ عَلِيٍّ اَبُو الْحُسَيْنِ النَّهْرَوَانِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا حَفْصِ بْنِ الزَّيَّاتِ وَالْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ جَعْفَرٍ وَاَبَا بَكْرِ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْحَسَنِ الدَّارَقُطْنِيْ قَالَ كَتَبْتُ عَنْهُ بِالنَّهْرَوَانِ وَبَغْدَادَ وَكَانَ صُدُوْقاً اَدِيْباً حَسَنَ الْمُذَاكَرَةِ مَلِيْحَ الْمَحَاضَرَةِ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''احمد بن عمر ابن زوج الحرہ ابن علی ابوالحسین نہروانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''ابوحفص بن زیات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے فرمایا ہے میں نے ان سے نہروان میں اور بغداد میں حدیث لکھی ہے، یہ صدوق تھے، ادیب تھے، اور اچھی گفتگو کرنے والے تھے اور حاضر دماغ تھے۔ میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے فرمایا: میری پیدائش ۳۶۸ ہجری میں ہوئی ہے اور بغداد کے اندر ان کا انتقال ہوا ۴۴۵ ہجری میں۔

(186) اَحْمَد بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُوْنَصْرَةٍ يُعْرَفُ بِالشَّاهِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ الْمَرْوَزِيُّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ عِيْسَى الْمَالِيْنِيْ وَكَانَ ثِقَةً

حضرت ''احمد بن حسن بن محمد ابونصرہ رحمۃ اللہ علیہ''

جن کو ''شاہی'' کے نام سے پہچانا جاتا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ مروزی ہیں اور بغداد میں آئے تھے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''علی بن عیسیٰ مالینی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا، یہ ثقہ تھے۔

(187) اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ حَاتِمٍ الْمَرْوَزِيِّ وَرَوٰى عَنْ اَبِي الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ بْنِ مُوْسٰى الْحَافِظِ مُسْنَدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مَنْ جَمَعَهُ ثُمَّ رَوَى الْحَدِيْثَ مُسْنَداً اِلٰى اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ''احمد بن یحییٰ بن ابراہیم المرزوی ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، یہ حج کرنے کے لئے آئے اور بغداد بھی آئے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''عبدالعزیز بن حاتم مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور انہوں نے حضرت ''ابوالحسین محمد بن مظفر بن موسیٰ حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند انہوں نے جمع کی، پھر انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک سند بیان کر کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک سند بیان کی ہے۔

(188) اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ

وَهُوَ الشَّرِيْفُ اِبْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى بْنِ جَعْفَرِ الْمُتَوَكِّلِ بْنِ الْمُعْتَصِمِ بْنِ الرَّشِيْدِ بْنِ الْمَهْدِيْ بْنِ

الْمَنْصُوْرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَبُو السَّعَادَاتِ اَلْمُتَوَكِّلُ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هٰكَذَا رَاَيْتُ نَسَبَهٗ بِخَطِّ يَدِهٖ وَكَانَ يَسْكُنُ التُّرْبَةَ بِالْجَانِبِ الْغَرْبِيِّ وَيُصَلِّيْ اِمَاماً فِيْ قُبَّةِ الْكَرْخِيْ وَسَمِعَ الشَّرِيْفَ اَبَا الْغَنَائِمِ وَعَبْدَ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَامُوْنِ وَاَبَا جَعْفَرَ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلِمَةَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ ابْنَ اَحْمَدَ وَاَبَا بَكْرِ الْخَطِيْبَ وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن احمد بن عبدالواحد بن احمد بن محمد بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''شریف بن محمد بن عیسیٰ بن جعفر المتوکل بن معتصم بن رشید بن مہدی بن منصور ابن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب ابوسعادات متوکل'' ہیں۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، میں نے اسی طرح ان کے ہاتھ کی تحریر میں ان کا نسب دیکھا ہے ۔ یہ تربہ کی غربی جانب رہا کرتے تھے اور حضرت ''امام کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' خیمہ کے اندر نماز پڑھایا کرتے تھے ۔انہوں نے حضرت ''شریف ابوغنائم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم علی ابن احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کی پیدائش ۴۴۱ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۲۱ ہجری میں ہوا۔

(187)اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ سَيَّارِ بْنِ مَعَارِكِ اَبُوْ بَكْرِ الرَّمَادِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّزَّاقِ بْنَ هَمَّامٍ وَاَبَا النَّضْرِ هَاشِمَ بْنَ الْقَاسِمِ وَعَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَاَبَا حُذَيْفَةَ الْمَهْدِيَّ وَيَحْيٰى بْنَ بُكَيْرٍ وَجَمَاعَةً وَقَدْ رَحَلَ وَصَنَّفَ وَرَوٰى عَنْهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقِ الْقَاضِيْ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِيْ وَيَحْيَى بْنُ صَاعِدٍ وَالْقَاضِي الْمُحَامِلِيْ قَالَ اِبْنُ اَبِيْ حَاتِمِ الرَّازِيْ كَتَبْتُ عَنْهُ مَعَ اَبِيْ وَكَانَ اَبِيْ يُوَثِّقُهٗ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن منصور بن سیار بن معارک ابوبکر رمادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونضر ہاشم بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحذیفہ مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے ۔انہوں نے سفر بھی کئے ہیں، کتابیں بھی لکھی ہیں۔ان سے حضرت ''اسماعیل بن اسحاق قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد القاضی محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے راویت کی ہے۔حضرت ''ابن ابی حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے اپنے والد کے ہمراہ روایت کی ہے، اور میرے والد اس کو ثقہ قرار دیا کرتے تھے۔ان کی ولادت ۱۸۲ ہجری میں ہوئی اور

ان کی وفات ۲۶۵ ہجری میں ہوا۔

(190)اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ حَمْدَانِ بْنِ مَالِكِ الْقَطِيْعِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ يَسْكُنُ قَطِيْعَةَ الدَّقِيْقِ وَاِلَيْهَا نُسِبَ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ اِسْحَاقَ الْمُزَنِيَّ وَاِسْحَاقَ ابْنَ الْحَسَنِ الْحَرَبِيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمْ ثُمَّ قَالَ وَكَانَ كَثِيْرُ الْحَدِيْثِ وَرَوٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ الْمُسْنَدَ وَالتَّارِيْخَ وَالزُّهْدَ وَالْمَسَائِلَ وَرَوٰى عَنْهُ الدَّارُقُطْنِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ الْبُرْقَانِيُّ الْخَوَارَزْمِيُّ وَجَمَاعَةٌ وَخَرِفَ فِيْ آخِرِ عُمُرِهٖ فَمَا يَدْرِيْ مَا يُقْرَأُ عَلَيْهِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن جعفر بن حمدان بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے ذکر کیا ہے قطیعۃ الدقیق میں رہا کرتے تھے، انہی کی طرف ان کو منسوب کیا گیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن اسحاق مزنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن حسن حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی نے ان سب کے نام لکھے ہیں۔

پھر کہا ہے یہ کثیر الحدیث تھے، اور انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے مسند لکھی ہے اور تاریخ اور زہد اور مسائل لکھے ہیں، ان سے حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر برقانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ آخری عمر میں ان کا ذہنی توازن بگڑ گیا تھا، ان کو پتا نہیں چلتا تھا کہ ان کے پاس کیا پڑھا جا رہا ہے۔ ان کا انتقال ۳۶۸ میں ہوا۔

(191)اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْمُحَلِّيِّ الْبَزَّازُ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهِ الْكَبِيْرِ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَخِيْهِ اَبِيْ نَصْرِ بْنِ الْمُحَلِّيِّ عَنِ الْقَاضِيْ اَبِي الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمُهْتَدِيْ بِاللّٰهِ وَاَبِي الْغَنَائِمِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْمَأْمُوْنِ وَاَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَسْلَمَةَ وَاَبِيْ عَلِيٍّ مُحَمَّدِ بْنِ وِشَاحٍ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ اِبْنُ النَّجَّارِ وَقَالَ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خُسْرُو الْبَلْخِيُّ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''احمد بن علی بن محمد بن احمد بن محلی بزار ابو مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کبیر کے اندر اپنی اسناد کے ہمراہ اپنے بھائی حضرت ''ابونصر بن محلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''قاضی ابوالحسین محمد بن علی بن مہتدی باللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم عبدالصمد بن علی بن مامون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجعفر محمد بن احمد بن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی محمد بن وشاح رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے، جن کا نام حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے اور کہا ہے ان کی پیدائش ۴۵۳ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال پانچ ۵۲۵ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو البلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے جو کہ ان مسانید میں سے دسویں مسند کے مؤلف ہیں۔

(192) اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اِسْحَاقَ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِی اَلْفَقِيْهِ عَلٰی مَذْهَبِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا

قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ الْقَاضِیْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّيْمَرِیْ صَارَ التَّدْرِيْسُ بَعْدَ الْكَرْخِیْ اِلٰی اَصْحَابِهٖ فَمِنْهُمْ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِیُّ وَكَانَ شَيْخَ الْجَمَاعَةِ وَكَانَ اَبُو الْحَسَنِ الْكَرْخِیْ جَعَلَ التَّدْرِيْسَ لَهٗ حِيْنَ فَلِجَ وَجَعَلَ الْفَتْوٰی اِلٰی اَبِیْ بَكْرِ الدَّامَغَانِیْ وَكَانَ يَقُوْلُ مَا جَاءَنَا اَحْفَظُ مِنْ اَبِیْ عَلِیٍّ قَالَ الصَّيْمَرِیْ تُوُفِّیَ اَبُوْ عَلِيٍّ الشَّاشِیْ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن اسحاق ابوعلی شاشی الفقیہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ امام اعظم رضی اللہ عنہ کے مذہب کے فقیہ ہیں۔ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہیں پر درس حدیث دیا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''قاضی ابوعبداللہ صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، حضرت ''کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعد تدریس ان کے ساتھیوں کی طرف گئی، ان میں حضرت ''ابوعلی شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ اپنی جماعت کے شیخ تھے، حضرت ''ابوالحسن کرخی رحمۃ اللہ علیہ'' کو جب فالج کا اٹیک ہوا، تو انہوں نے تدریس ان کے سپرد کر دی اور فتویٰ حضرت ''ابوبکر دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے سپرد کیا، وہ کہا کرتے تھے، ہمارے پاس حضرت ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ مضبوط حافظے والا کوئی نہیں آیا۔ حضرت ''صیمری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، حضرت ''ابو علی شاشی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۴۴ ہجری میں ہوا۔

(193)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَصْرِ بْنِ بَحْتَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَالِحٍ اَبُوْ الْعَبَّاسِ الذُّهْلِیُ قَاضِی الْبَصْرَةِ وَوَاسِطٍ وَغَیْرِهِمَا مِنَ الْبِلَادِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ یَعْقُوْبَ ابْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الدَّوْرَقِیْ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرَمِیْ وَمَحْمُوْدٍ بْنِ خِدَاشٍ وَرَوٰی عَنْهُ الدَّارُقُطْنِیْ وَالْمُعَافٰی بْنُ زَکَرِیَّا الْجَرِیْرِیْ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَعِشْرِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن نصر بن بحتر بن عبداللہ بن صالح ابوالعباس ذہلی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بصرہ اور واسط اور دیگر کئی شہروں کے قاضی رہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''یعقوب بن ابراہیم بن دورقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ مخرمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمود بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''دارِقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معافی بن زکریا جریری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۲۲ ہجری میں ہوا۔

(194)اَحْمَدُ بْنُ عِیْسَی بْنِ جَمْهُوْرٍ الْخَشَّابُ

قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْ عُمَرِ بْنِ شَبَّةَ قَالَ وَفِیْ اَحَادِیْثِهٖ غَرَائِبُ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَاَرْبَعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''احمد بن عیسیٰ بن جمہور خشاب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عمر بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے اور فرمایا ہے' ان کی احادیث کے اندر غرائب ہیں۔ ان کا انتقال ۳۴۴ ہجری میں ہوا۔

(195)اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحَسَنِ الْمُقْرِیُ

یَرْوِیْ عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنِ اِبْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خُسْرُو الْبَلْخِیُ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''احمد بن قاسم بن حسن مقری رحمۃ اللہ علیہ''

ان سے حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین ابن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' (جنہوں نے ان مسانید میں سے دسویں مسند تالیف کی ہے) روایت کی ہے۔

(196)اَحْمَدُ بْنُ صَالِحِ الْمِصْرِیُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ هُوَ طِبْرِیُّ الْاَصْلِ قَدِمَ بَغْدَادَ جَالَسَ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ وَتَذَاکَرَ الْعِلْمَ وَکَتَبَ کُلُّ وَاحِدٍ عَنْ صَاحِبِهٖ وَکَانَ یُثْنِی عَلَیْهِ قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَ عَنْهُ الْاَئِمَّةُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْبُخَارِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ السِّجِسْتَانِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی الذُّهْلِیُّ وَیَعْقُوْبُ بْنُ سُفْیَانَ وَنُظَرَاؤُهُمْ وُلِدَ سَنَةَ سَبْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن صالح مصری ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ خاندان کے لحاظ سے طبری ہیں۔ یہ بغداد میں آ گئے تھے۔ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہمراہ بیٹھتے رہے اور علم کا مذاکرہ کرتے تھے، اور ان میں سے ہر ایک نے اپنے صاحب کے واسطے سے کتاب لکھی ہے اور وہ اس کی تعریف کیا کرتے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: انہوں نے ائمہ حدیث سے احادیث روایت کی ہے مثلاً حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوداؤد سجستانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یحییٰ الذہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے جلیل القدر محدثین سے۔ ان کی ولادت ۱۷۰ ہجری میں ہوئی ہے۔ اور ان کا انتقال ۲۴۸ ہجری میں ہوا۔

(197)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُوْ عَلِیٍّ الْکِنْدِی

قَالَ الْخَطِیْبُ هُوَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْجَلَّاحِ الْکُوْفِیُّ سَکَنَ مِصْرَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ نُعَیْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْجَرَّاحِ رَوٰی عَنْهُ الْقَاضِیُ الْحُسَیْنِ الْاَنْطَاکِیُ وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْاَنْبَارِیُ

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن محمد ابوعلی کندی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ ''ابن جلاح'' کے نام سے مشہور ہیں، یہ کوفی ہیں اور یہ مصر کے اندر رہائش پذیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور ان سے حضرت ''قاضی حسین انطاکی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسحٰق بن ابراہیم انباری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

(198)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِیَادٍ اَبُوْ جَعْفَرِ الْحَدَّادِ الْبَغْدَادِی

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ اَبَا نُعَیْمِ الْفَضْلَ بْنَ دُکَیْنٍ وَعَفَّانَ بْنَ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُقْدَةَ قَالَ وَکَانَ ثِقَةً مُثْبِتاً مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبداللہ بن زیاد ابو جعفر الاحداد بغدادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابو نعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد ابو العباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' یہ ثقہ تھے، مثبت تھے۔ ان کا انتقال ۲۷۵ ہجری میں ہوا۔

(199) اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ السُّكَّرِیُّ اَلْبَغْدَادِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ یُوْسُفَ الْقَاضِیْ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَاسِیْنَ قَالَ الْخَطِیْبُ رَوٰی عَنْ هٰذَا الشَّیْخِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِیْدٍ فَسَمَّاهُ اَحْمَدَ بْنَ عِیْسَی بْنِ الْحَسَنِ وَسَمَّاهُ غَیْرُهُمْ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسٰی

حضرت ''احمد بن عبد الجبار سکری بغدادی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: انہوں نے حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبد الملک بن محمد بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ان سے شیخ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے اور ان کا نام حضرت ''احمد بن عیسیٰ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' رکھا ہے اور دیگر محدثین نے ان کو حضرت ''احمد بن محمد بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' قرار دیا ہے۔

(200) اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَّارِدِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَطَّارِدِ بْنِ حَاجِبِ بْنِ زُرَارَةَ التَّمِیْمِیُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْعُطَارِدِیِّ كُوْفِیٌّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِیْسَ الْاَوْدِیِّ وَوَكِیْعٍ وَاَبِیْ مُعَاوِیَةَ الضَّرِیْرِ وَیُوْنُسَ بْنِ بُكَیْرٍ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِی الدُّنْیَا وَاَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِیُّ وَالْمُحَامِلِیُّ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبد الجبار عطاردی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ حضرت ''احمد بن عبد الجبار بن احمد بن محمد بن عمر بن عطارد بن حاجب بن زرارہ تیمی المعروف عطاردی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، کوفی ہیں۔ بغداد آئے تھے، وہاں پر حضرت ''عبداللہ بن ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو معاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یونس بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ان سے حضرت ''ابو بکر بن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو القاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال

سن ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

(201)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَيُّوب

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ جَدِّهٖ زِيَادٍ وَعَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ مَنْصُوْرٍ الطُّوْسِيِّ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ (مَاتَ) سَنَةَ عَشَرٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍرَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن زیاد بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے اپنے دادا حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''محمد بن منصور طوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ان کا انتقال ۳۱۰ ہجری میں ہوا۔

(202)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادِ الْقَطَّانُ اَبُوْ سَهْلٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ كُوْفِيُّ الْاَصْلِ سَكَنَ دَارَ الْقُطْنِ حَدَّثَ عَنْ جَمَاعَةٍ سَمَّاهُمْ وَعَنْ مُحَمَّدِبْنِ الْجَهْمِ وَخَلْقٍ كَثِيْرٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْحَسَنِ بْنِ رَوْزَبَةَ وَاَبُوْ عَلِيِّ بْنِ شَاذَانِ وَجَمَاعَةٌ وَكَانَ صَدُوْقاً اَدِيْباً مَاتَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن عبداللہ بن زیاد قطان ابوسہل رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ نسب کے لحاظ سے کوفی ہیں۔دارقطن کے اندر آ کر رہے تھے،اور محدثین کی ایک جماعت سے انہوں نے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس پوری جماعت کے نام بھی لکھے ہیں۔اور انہوں نے حضرت ''محمد بن جہم رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور دیگر بہت سارے محدثین سے روایت کی ہے۔ان سے حضرت ''ابوحسن بن روزبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہیں۔یہ صدوق تھے،ادیب تھے۔ان کا انتقال ۳۵۰ ہجری میں ہوا۔

(203)اَحْمَدُ بْنُ حَارِثِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ النَّيْسَابُوْرِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ قِيْلَ اَنَّهٗ مَرْوَزِيٌّ سَكَنَ نَيْسَابُوْرَ وَحَدَّثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْعَبْدِيُّ وَاَبِيْ عَامِرِ الْعَقَدِيُّ وَاَبِيْ دَاوُدِ الطَّيَالَسِيُّ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّيَالَسِيُّ وَمَكِّيُّ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَجَمَاعَةٍ وَرَدَ بَغْدَادَ حَاجّاً فِيْ اَيَّامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَحَدَّثَ بِهَا كَتَبَ عَنْهُ اَحْمَدُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

حضرت ''احمد بن حارث بن عبداللہ بن سہل ابوعبداللہ زاہد نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' کہا گیا ہے' یہ ''مروزی'' ہیں، نیشاپور میں رہے۔ اور انہوں نے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ولید عبدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عامر عقدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو داؤد طیالسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ طیالسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث روایت کی ہے۔ یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایام میں حج کرنے آئے تو بغداد میں آئے اور وہاں پر حدیث شریف کا درس دیا۔ ان سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث لکھی ہے۔

(203)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلْفَةَ اَبُوْ طَاهِرٍ السَّلْفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مُحَدِّثٌ وَفَقِيْهٌ وَشَيْخُ زَمَانِهٖ بِاَصْبَهَانَ سَمِعَ الرَّئِيْسَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ اَحْمَدَ الثَّقَفِيَّ وَاَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مَنْصُوْرِ بْنِ عَلَّانٍ الْكَرْخِيَّ وَاَبَا نَصْرٍ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ وَاَبَا الْفَتْحِ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سَعْدِ الْحَافِظَ وَاَبَا سَعْدٍ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُطَرِّزَ وَاَبَا عَلِيٍّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ الْحَدَّادَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ اَسْنَةَ الْكَاتِبَ وَخَلْقاً سِوَاهُمْ وَسَافَرَ اِلٰى بَغْدَادَ فِيْ شَانِهٖ وَسَمِعَ بِهَا اَبَا الْخَطَّابِ نَصْرَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ النَّصْرِ الْقَارِئَ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ السَّرِيِّ وَاَبَا الْمُعَافٰى ثَابِتَ بْنَ بُنْدَارِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْبَقَّالَ وَاَبَا الْحَسَنِ الْمُبَارَكَ بْنَ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيَّ وَاَبَا بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنَ عَلِيٍّ الطَّرَابُلُسِيَّ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ الرِّبْعِيَّ وَخَلْقاً كَثِيْرًا سِوَاهُمْ وَسَافَرَ اِلَى الْحِجَازِ وَسَمِعَ بِمَكَّةَ - وَالْمَدِيْنَةِ - وَالْكُوْفَةِ - وَوَاسِطٍ - وَالْبَصْرَةِ - وَخُوْزِسْتَانَ وَنَهَاوَنْدَ - وَهَمْذَانَ - وَسَاوَةَ الرَّيِّ - وَقَزْوِيْنَ - وَزَنْجَانَ - وَدَخَلَ بِلَادَ اَذْرَبِيْجَانَ - وَطَافَهَا اِلٰى اَنْ وَصَلَ اِلٰى دَرْبَنْدَ - وَكَتَبَ بِهٰذِهِ الْبِلَادِ عَنْ شُيُوْخِهَا ثُمَّ دَخَلَ الْجَزِيْرَةَ - وَسَمِعَ بِنَصِيْبِيْنَ - وَغَيْرِهَا وَمَضٰى اِلَى الشَّامِ - وَدَخَلَ دِمَشْقَ وَسَمِعَ بِهَا كَثِيْراً - ثُمَّ دَخَلَ دِيَارَ مِصْرَ فَاَحْيٰى بِهَا الْحَدِيْثَ وَقَرَاَ عَلٰى مَشَائِخِهَا وَسَمِعَ جَمَاعَةً بِاِفَادَتِهٖ وَسَكَنَ الْاِسْكَنْدَرِيَّةَ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ وَكَانَ حَافِظاً مُتْقِناً حُجَّةً نَبِيْلاً وَعَمَّرَ حَتّٰى اَلْحَقَ الصِّغَارَ بِالْكِبَارِ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْقَادِرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّهَاوِيُّ الْحَافِظُ فِيْمَا شَافَهَنِيْ بِهٖ وَاَذِنَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ ثُمَّ بَحْرَانَ - قَالَ شَيْخُنَا اَبُوْ طَاهِرٍ السَّلْفِيُّ سَمِعَ الْحَدِيْثَ بِاَصْبَهَانَ مِنْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ اِلٰى سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَسَافَرَ اِلٰى بَغْدَادَ فَاَقَامَ بِهَا يَسْمَعُ اِلٰى سَنَةِ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَسَافَرَ اِلَى الْكُوْفَةِ وَاَقَامَ بِهَا مُدَّةً يَسْمَعُ ثُمَّ حَجَّ وَرَجَعَ اِلٰى بَغْدَادَ فَاَقَامَ بِهَا اِلٰى سَنَةِ خَمْسِ مِائَةٍ يَقْرَءُ الْحَدِيْثَ وَالنَّحْوَ وَالْفِقْهَ وَاللُّغَةَ وَسَمِعَ بِقِرَاءَتِهٖ الْحُفَّاظِ الْكِبَارِ كَالْحَافِظِ يَحْيٰى بْنِ مَنْدَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرِ السَّمْعَانِيِّ وَاَبِيْ نَصْرٍ الْاَصْبَهَانِيِّ وَغَيْرِهِمْ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مَوْلِدُهٗ بَعْدَ السَّبْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَوَفَاتُهٗ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ مِنْ شَهْرِ رَبِيْعٍ الْآخِرِ سَنَةَ سِتٍّ

وَسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ بَعْدَ الزِّيَادَةِ عَلَى الْمِائَةِ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَوَّلُ سَمَاعِهٖ سَنَةَ خَمْسٍ وَثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ قَبْلَ بُلُوْغِ الْعِشْرِيْنَ

حضرت ''احمد بن محمد بن ابراہیم بن سلفہ ابوطاہر سلفی اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے یہ محدث تھے، اپنے زمانے کے فقیہ تھے، اصبہان کے اندر شیخ تھے۔ انہوں نے رئیس حضرت ''ابوعبداللہ القاسم بن فضل بن احمد ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن منصور بن علان کرخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر عبدالرحمٰن بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفتح احمد بن محمد بن احمد بن سعد حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعد محمد بن محمد بن محمد مطرز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسن بن علی حداد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن عبدالقادر بن اسۃ الکاتب رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے علاوہ بہت سارے محدثین سے حدیث پاک کا سماع کیا ہے۔ انہوں نے بغداد کی جانب سفر کیا ہے اور وہاں پر حضرت ''ابو الخطاب نصر بن محمد بن نصر قاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن علی بن احمد بن سری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمعافی ثابت بن بندار بن ابراہیم بقال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی طرابلسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو القاسم علی بن حسین ربعی رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے علاوہ بہت سارے محدثین سے حدیث کا سماع کیا، پھر یہ حجاز کی جانب سفر کر کے گئے اور مکہ، مدینہ، کوفہ، واسط، بصرہ، خوزستان، نہاوند، ہمدان، ساوۃ الری، قذوین، زنجار، چلے گئے اور وہاں کے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ یہ آذربائیجان کے علاقے میں آئے اور وہاں پر مختلف علاقوں میں گھومتے رہے یہاں تک کہ ''دربند'' تک پہنچے اوران علاقوں میں وہاں کے شیوخ سے حدیث لکھی، پھر یہ جزیرہ میں گئے اور نصیبین اور وہاں کے شیوخ سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر یہ شام میں چلے گئے، دمشق کے اندر داخل ہوئے اور وہاں پر بہت سارے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مصر کے علاقوں میں گئے اور وہاں جا کر حدیث کو زندہ کیا اور وہاں کے مشائخ کو حدیثیں سنائیں اور وہاں سے ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا اور اپنی وفات تک اسکندریہ کے اندر ٹھہرے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ حافظ تھے، متقن تھے، حجت تھے، صاحب فضیلت تھے۔ ان کو لمبی عمر ملی یہاں تک کہ انہوں نے چھوٹوں اور بڑوں کو جمع کر دیا (یعنی ان کی حیات میں ان کی اولادوں کی اولادوں کی بھی اولادیں جوان ہوگئی تھیں)۔ اور آپ فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''عبدالقادر بن عبداللہ رہاوی حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، جب ان کی مجھ سے بالمشافہ ملاقات ہوئی تھی۔ انہوں نے حران میں اپنے حوالے سے روایت کی اجازت بھی دی۔ کہتے ہیں' میرے شیخ حضرت ''ابوطاہر سلفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث کا سماع اصبہان میں کیا۔ یہ ۴۸۸ ہجری سے ۴۹۳ تک کی بات ہے، پھر یہ بغداد کے اندر گئے اور وہاں پر ٹھہرے رہے اور وہاں پر ۴۹۹ ہجری تک حدیث کا سماع کیا اور پھر کوفہ کی جانب چلے گئے، وہاں پر ایک مدت تک ٹھہرے رہے اور حدیث کا سماع کرتے رہے اور پھر حج کیا اور بغداد کی جانب لوٹ کر آ گئے وہاں پر ۵۰۰ ہجری تک قیام کیا۔ حدیث، نحو، فقہ اور لغت پڑھایا کرتے تھے، پھر انہوں نے اپنی قرأت بڑے بڑے حفاظ مثلاً حضرت ''حافظ یحییٰ بن مندہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن منصور سمعانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اوران جیسے دیگر محدثین کو سنائی۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، ۴۷۰ ہجری کے بعد ان کی پیدائش ہے اور ان کی وفات جمعرات کو ربیع الثانی کے مہینے میں ۵۷۶ ہجری میں ہے۔ ان کی عمر ۱۰۰ سال سے زیادہ ہو چکی تھی، ان کا سب سے پہلا حدیث کا سماع ۴۸۵ ہجری کا ہے اور انہوں نے ۲۰ سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے حدیث بیان کرنا شروع کر دی تھی۔

(205)اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الصُّوْفِی اَلْخَوَارَزْمِیُ اَلْخَیُوْفِیُ نَجْمُ الدِّیْنِ اَلْکُبْرٰی اَبُوْ الْجَنَابِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَیْخُ شُیُوْخِ الطَّرِیْقَةِ وَبُرْهَانُ الْحَقِیْقَةِ اِمَامُ اَئِمَةِ الْحَدِیْثِ فِیْ زَمَانِهٖ وَهُوَ شَیْخِیُ الَّذِیْ اَرْوِیْ اَکْثَرَ الْاُصُوْلِ عَنْهُ سَمِعْتُ عَلَیْهِ بِخَوَارَزْمِ مِنْ سَنَةِ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ اِلٰی سَنَةِ سَبْعَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ وَهُوَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعَ بِخَوَارَزْمِ اَلشَّیْخَ ظَهِیْرَ الدِّیْنِ اَبَا مُحَمَّدٍ مَحْمُوْدَ بْنَ عَبَّاسِ بْنِ اَرْسَلَانَ وَنَجْمَ الدِّیْنِ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ الْجَوْزَقَانِیَّ وَشَمْسَ الدِّیْنِ اَبَا الْفَضَائِلِ مُحَمَّدَ ابْنَ فَضْلِ اللّٰهِ السَّلَاوِیَ وَسَمِعَ بِخُرَاسَانَ وَالْعِرَاقَ خَلْقًا مِنْهُمْ اَبُوْ سَعِیْدٍ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ وَمُؤَیَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الطُّوْسِیُّ وَاَبُوْ الْحَسَنِ مَسْعُوْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَالُ وَاَبُوْ الْمَکَارِمِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اللَّبَّانِ وَاَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحُسَیْنُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الْفَرَاءُ وَدَخَلَ بَغْدَادَ فَسَمِعَ مِشَائِخَهَا- وَدَخَلَ بِلَادَ الشَّامِ فَسَمِعَ اَیْضًا مَشَائِخَهَا - وَدَخَلَ الْاِسْکَنْدَرِیَّةَ وَلَازَمَ اَبَا طَاهِرٍ السِّلَفِیَّ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّیْنَ وَسَمِعَ عَلَیْهِ اَکْثَرَ مَسْمُوْعَاتِهٖ وَقَدْ جَمَعَ مَشَایِخَهٗ فِیْ مُجَلَّدَاتٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ اِسْتَشْهَدَ بِخَوَارِزْمَ فِیْ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ ثَمَانَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عمر بن محمد بن عبداللہ صوفی خوارزمی خیوفی نجم الدین کبریٰ ابوالجناب رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ طریقت کے شیوخ کے شیخ ہیں، برہان الحقیقت ہیں، اپنے زمانے میں حدیث کے ائمہ کے امام ہیں، میرے بھی شیخ ہیں، میں نے اکثر اصول انہی سے پڑھے ہیں۔ میں نے خوارزم کے اندر ۶۱۳ ہجری سے ۶۱۷ ہجری تک ان سے سماع کیا اور انہوں نے خوارزم کے اندر شیخ حضرت ''ظہیر الدین ابو محمد محمود بن عباس بن ارسلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نجم الدین محمد بن علی جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شمس الدین ابو الفضائل محمد ابن فضل اللہ سلاوی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے خراسان اور عراق کے اندر وہاں کے بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے مثلاً حضرت ''ابو سعید عبداللہ ابن عمر صفار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مؤید بن علی طوسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الحسن مسعود بن محمد جمال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو المکارم احمد بن محمد بن محمد بن لبان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو محمد الحسین بن مسعود فراء رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بغداد کے اندر گئے اور وہاں کے مشائخ سے سماع کیا۔ شام کے علاقے میں گئے اور وہاں کے مشائخ سے سماع کیا۔ اسکندریہ میں گئے اور حضرت ''لازم ابو طاہر سلفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس سن ۶۶ ہجری میں رہے اور ان کی اکثر مسموعات سے سماع کیا اور اپنے مشائخ کو متعدد جلدوں میں جمع کیا۔ یہ ۶۱۸ ہجری کو ربیع الاول میں خوارزم میں شہید

ہوئے۔

(206)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ اَبُوْ عَلِیٍّ الصَّیْرَفِیُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْاُسُوْسِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الزُّبَیْرِ الْکُوْفِیَّ وَعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ الْخُرَاسَانِیَّ وَقَالَ تُوُفِّیَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ الْاُسُوْسِیْ سَنَۃَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن محمد بن علی ابوعلی صیرفی المعروف سوسی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''علی بن محمد بن زبیر کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن اسحاق بن ابراہیم خراسانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور فرمایا: حضرت ''ابوعبداللہ سوسی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۹۴ ہجری میں ہوا۔

(207)اَحْمَدُ بْنُ تَمِیْمٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ ذَکَرَہُ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ الثَّلَاجِ اَنَّہُ کَانَ یَنْزِلُ فِیْ جَوَارِ مُحَمَّدِ بْنِ مَخْلَدٍ وَاَنَّہُ حَدَّثَہُ عَنْ مُوْسَی بْنِ اِسْحَاقَ الْاَنْصَارِیِّ

حضرت ''احمد بن تمیم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے، وہ حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے پڑوس میں رہتے تھے اور انہوں نے حضرت ''موسیٰ بن اسحاق انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث بیان کی ہیں۔

(208)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ بْنِ سُلَیْمَانَ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰہِ الشَّیْبَانِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ ھُوَ جَدُّ اَبِیْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ شَاھِیْنَ لِاُمِّہٖ سَمِعَ الرَّبِیْعَ بْنَ ثَعْلَبٍ وَعَبْدَ اللّٰہِ بْنَ مُطِیْعٍ وَمُجَاھِدَ بْنَ مُوْسَی وَاَبَا ھَمَّامٍ السَّکُوْنِیَّ وَالْحَسَنَ بْنَ الصَّبَاحِ وَجَمَاعَۃً ثُمَّ قَالَ قَالَ ابْنُ شَاھِیْنَ قَالَ اَبِیْ مَاتَ جَدِّیْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ سَنَۃَ اِحْدٰی وَثَلَاثِ مِائَۃٍ

حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف بن سلیمان ابوعبداللہ شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ حضرت ''ابوحفص عمر بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' کے نانا تھے، انہوں نے حضرت ''ربیع بن ثعلب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مطیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مجاہد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوہمام سکونی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ پھر کہا: حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میرے والد نے کہا ہے' میرے دادا حضرت ''احمد بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۳۰۱ ہجری میں ہوا۔

(209)اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّبَاطِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ وَكِيْعَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَعُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ بْنَ يَزِيْدَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَلِيَ قَضَاءَ سَرْخَسَ - ثُمَّ وَرَدَ نَيْسَابُوْرَ وَاَقَامَ بِهَا اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَمَاتَ بَعْدَ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَسَبْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِيَادٍ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''احمد بن سعید بن ابراہیم ابوعبداللہ رباطی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون بن یزید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، حضرت ''سرخس رحمۃ اللہ علیہ'' کے مسند قضاء پر فائز رہے، پھر نیشاپور میں آئے اور وہاں پر اپنی وفات تک رہائش پذیر رہے۔ ان کا انتقال ۲۷۳ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(210)اَحْمَد بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرٍ اَلْمَعْرُوْفُ بِالْعَتِيْقِيْ

سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ اَحْمَدَ ابْنِ جَعْفَرٍ الْجَزَرِيَّ وَجَمَاعَةً قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ صَدُوْقاً ثِقَةً وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''احمد بن محمد بن احمد بن منصور المعروف عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن احمد بن جعفر جزری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک پوری جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ صدوق تھے، ثقہ تھے۔

❁ میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے فرمایا: میری پیدائش ۳۶۸۷ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۴۴۱ ہجری میں ہوا۔

(211)اَحْمَدُ بْنُ دَاوٗدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مَاهَانَ اَبُوْ يَزِيْدَ السُّخْتِيَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَوَّارٍ الْبَغْوِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْسُفَ اَخِيْ عِصَامٍ الْبَلْخِيِّ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ وَاَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَتِيْقِيُّ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

تعالیٰ

حضرت ''احمد بن داؤد بن یزید بن ماہان ابو یزید سختیانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ بغداد کے اندر رہے اور وہاں پر حضرت ''حسن بن سوار بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''عصام بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ان سے حضرت ''عبدالصمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد عتیقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے۔

(212)اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ شُعَيْبِ بْنِ صَالِحِ بْنِ الْحُسَيْنِ اَبُوْ مَنْصُوْرٍ

مِنْ اَهْلِ بُخَارٰى سَمِعَ صَالِحَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَحَامِدَ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ حَوْشَبَ الْبُخَارِيِّيْنَ وَزَكَرِيَا بْنَ يَحْيٰى وَمُحَمَّدَ بْنَ جَرِيْرٍ الطَّبَرِيَّ قَالَ الْخَطِيْبُ اِسْتَوْطَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''احمد بن محمد بن شعیب بن صالح بن حسین ابو منصور رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل بخاریٰ میں سے ہیں۔انہوں نے حضرت ''صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حامد بن سہل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حوشب بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور اپنی وفات تک وہیں پر درسِ حدیث دیا۔ان کا انتقال ۳۲۵ ہجری میں ہوا، ان کی پیدائش ۲۸۰ ہجری کی ہے۔

(213)اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِيُّ الصَّيْرَفِيُّ اَبُوْ سَعِيْدٍ الْكَتَبِيُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الطُّيُوْرِيِّ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَخُ اَبِي الْحُسَيْنِ الْمُبَارَكِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ وَكَانَ اَصْغَرَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْآنَ بِالرِّوَايَاتِ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْخَيَّاطِ وَاَبِيْ عَلِيٍّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْبَنَا وَسَمِعَ الْكَبِيْرَ بِاِفَادَةِ اَخِيْهِ مِنْ اَبِيْ طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدَانَ وَاَبِيْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْخَلَالِ وَاَبِيْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ الْبَرْمَكِيِّ وَاَبِي الطَّيِّبِ طَاهِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّبَرِيِّ وَاَبِيْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيِّ وَاَبِي الْفَضْلِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيِّ وَاَبِي الْفَتْحِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَرَ الدَّارَقُطْنِيِّ وَاَبِي الْحَسَنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَيْضَاوِيِّ وَاَبِيْ طَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ بْنِ الْقَارِيْ وَاَبِي الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ خَيْرُوْنَ وَجَمَاعَةٍ (رَوٰى) عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ نَاصِرِ بْنِ الْمُعَمَّرِ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَنْصَارِيُّ

وَاَبُو الْمُظَفَّرِ اَحْمَدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمَدِیْ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ وَشَیْخَانَا اَبُو الْقَاسِمِ ذُو الزَّیْنِ بْنِ کَامِلٍ الْخَفَّافِ وَیَحْیَی بْنُ اَسْعَدِ بْنِ یُوْنَسِ الْخَبَازِ وَهُوَ آخِرُ مَنْ حَدَّثَ عَنْهُ وَکَانَ صَدُوْقًا صَحِیْحَ السِّمَاعِ دَلَالاً فِی الْکُتُبِ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَثَلاَثِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''احمد بن عبدالجبار بن احمد بن قاسم بن احمد مروزی صیرفی ابوسعید کتبی المعروف ابن طیوری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوالحسین مبارک بن عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، یہ چھوٹے تھے۔انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن علی خیاط رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی الحسن بن احمد بن البنا رحمۃ اللہ علیہ'' سے مختلف روایات میں قرآن پاک پڑھا ہے اور بڑے بھائی حضرت ''ابوطالب محمد بن عبدان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق ابراہیم بن عمر بن احمد برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو طیب طاہر بن عبداللہ طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفضل محمد بن عبیداللہ بن محمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفتح عبدالملک بن عمر دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن محمد بن محمد بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب محمد بن علی بن قاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین محمد بن احمد بن خیرون رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''محمد بن ناصر بن معمر مبارک بن احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمظفر احمد بن احمد بن حمدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث روایت کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے کہ ہمارے شیخ حضرت ''ابوالقاسم ذوالزین بن کامل خفاف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن اسعد بن یونس خباز رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے روایت کرنے والے سب سے آخری محدث ہیں، یہ صدوق تھے، صحیح السماع تھے اور کتابوں کی رہنمائی کرنے والے تھے۔ان کی پیدائش ۴۳۴ ہجری میں ہوئی، اور ان کا انتقال ۶۱۷ ہجری میں ہوا۔

---

(214)اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَدَّادٍ الْبَاقَلاَنِی الْکَرَخِیْ اَبُوْ طَاهِرٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ کَانَ مِنْ اَعْیَانِ شُیُوْخِ وَقْتِهٖ بِالْمَعْرِفَةِ وَکَثْرَةِ الرِّوَایَةِ وَالزُّهْدِ وَالْعِبَادَةِ وَسَمِعَ الْکَثِیْرَ وَحَدَّثَ بِهٖ وَرَوَی الْکُتُبَ الْمُطَوَّلاَتِ وَصَنَّفَ تَارِیْخاً بِالسِّنِیْنَ وَذَکَرَ فِیْهِ الْحَوَادِثَ وَالْوَفَاةَ اتِ، قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَدْ نَقَلْتُ مِنْهُ کَثِیْرًا اِلٰی هٰذَا الْکِتَابِ سَمِعَ اَبَا عَلِیِّ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ ابْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرَانِ وَاَبَا بَکْرٍ الْبَرْقَانِیْ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ اِسْمَاعِیْلِ الْمَحَامِلِیْ وَرَوَیٰ عَنْهُ اَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیْ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرُو الْبَلْخِی صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''احمد بن حسن بن احمد بن حسن بن محمد بن خداد باقلانی کرخی ابوطاہر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' یہ اپنے شیوخ کے منظور نظر تھے، اپنے وقت کے معرفت، کثرت روایت، زہد اور عبادت کے حوالے سے اپنے شیوخ کے منظور نظر تھے، بہت ساری احادیث سنی ہیں اور روایت بھی کی ہیں، بڑی بڑی کتابیں روایت کی ہیں اور کئی سال تک تاریخ لکھی ہے، اور اس کے اندر حوادث و واقعات بھی لکھے ہیں اور وفاتیں بھی لکھی ہیں۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، میں نے ان سے بہت ساری کتابیں نقل کی ہیں، یہ کتاب بھی نقل کی ہے، انہوں نے حضرت ''ابوعلی الحسن بن علی ابن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن عبداللہ بن حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابو قاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے راویت کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''ابوعبداللہ الحسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے جو کہ ان مسانید میں دسویں مسند کے مؤلف ہیں۔

(215) اِسْمَاعِیْل بْنُ حَمَّادِ بْنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ حَمَّادٍ وَقِیْلَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِالْجَانِبِ الشَّرْقِیْ وَلَّاهُ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الرَّشِیْدَ بَعْدَ اَنْ عَزَلَ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیَّ فَاَقَامَ مُدَّةً ثُمَّ صَرَفَهٗ وَوَلِیَ قَضَاءَ الْبَصْرَةِ ثُمَّ عَزَلَهٗ اَیْضاً یَحْیٰی بْنُ اَکْثَمَ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَا وَلِیَ الْقَضَاءَ مِنْ لَّدُنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلَی الْیَوْمِ اَعْلَمَ مِنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ قَالَ الْخَطِیْبُ وَهُوَ اَحَدُ الْفُقَهَاءِ عَلٰی مَذْهَبِ جَدِّهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِیْهِ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ وَعُمَرَ بْنِ ذَرٍّ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ وَالْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ وَاَبِیْ شِهَابٍ الْحَنَّاطِ وَرَوٰی عَنْهُ غَسَّانُ بْنُ الْمُفَضَّلِ الْغَلَابِیُّ وَعُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الثَّقَفِیُّ وَسَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَسْكَرِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ تُوُفِّیَ فِیْ سَنَةِ اِثْنَتَیْ عَشْرَةَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت 'اسماعیل بن حماد بن امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ان کی کنیت ''ابوحماد'' اور ایک قول کے مطابق ''ابوعبداللہ'' ہیں، یہ جانب شرقی میں مسند قضاء کے والی تھے اور ''محمد بن ہارون الرشید رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کو معزول کر کے، ان کو وہاں کا قاضی بنایا تھا، یہ ایک مدت تک وہاں پر رہے، پھر ان کو معزول کر دیا، وہاں سے ان کو بصرہ کی قضاء کے منصب پر بھیج دیا، پھر ان کو حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے معزول کر دیا تھا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے لے کر آج تک حضرت ''اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ صاحب علم مسند قضاء پر کوئی فائز نہیں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ اپنے دادا کے مذہب کے فقہاء میں سے ایک تھے، یہ اپنے والد سے حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''عمر بن ذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوشہاب حناط رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

ان سے حضرت ''غسان بن مفضل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''غلابی عمر بن ابراہیم ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سہل بن عثمان عسکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' ان کا انتقال ۲۱۲ ہجری میں ہوا۔

(216) اِسْحَاقُ بْنُ اَبِیْ اِسْرَائِیْلِ اِبْرَاهِیْمُ

كُنْيَةُ اِسْحَاقَ اَبُوْ يَعْقُوْبَ مَرْوَزِیُّ الْاَصْلِ رَوَىٰ عَنْ زَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ وَسَمِعَ عَبْدَ الْقُدُّوْسِ بْنِ حَبِيْبِ الشَّامِیَّ وَحَمَّادَ ابْنَ زَيْدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ جَابِرٍ الْيَمَامِیَّ وَعَبْدَ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيْدٍ وَهِشَامَ بْنِ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِیَّ وَسُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُوْ يَحْيٰى صَاعِقَةُ وَيَعْقُوْبُ بْنُ شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِیُّ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَقِيْلَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَقِيْلَ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''اسحاق بن ابواسرائیل ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابویعقوب'' ہے، یہ نسب کے لحاظ سے ''مروزی'' ہیں، انہوں نے حضرت ''زائدہ بن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ حضرت ''عبدالقدوس بن حبیب شامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جابر یمامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوارث بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن یوسف صنعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''ابویحییٰ صاعقہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۴۵ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۲۵۰ ہجری میں ہوا۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے' ۲۴۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(217)اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمَةَ اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ الزِّيَادِيِّ وَاَحْمَدِ ابْنِ ثَابِتِ الْجَحْدَرِيِّ وَيُوْسُفَ بْنِ مُوْسَى الْقَطَّانِ وَيَحْيٰى بْنِ مُعَلَّى بْنِ مَنْصُوْرٍ وَاَبِيْ حَاتِمِ الرَّازِيِّ رَوٰى عَنْهُ جَمَاعَةٌ صَنَّفَ الْمُسْنَدَ وَاسْتَوْطَنَ بَغْدَادَ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''اسحاق بن عبداللہ بن ابراہیم بن عبداللہ بن سلمہ ابو یعقوب کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہاں پر حضرت ''محمد بن زیاد زیادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ثابت جحدری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یوسف بن موسیٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معلی بن منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے۔

❁ ان سے محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ اور انہوں نے مسند تصنیف کی ہے اور اپنی وفات تک بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے۔ ان کا انتقال ۳۰۷ ہجری میں ہوا۔

(218)اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَاتِمِ الْاَنْبَارِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَحَدَّثَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ سَعِيْدٍ وَرَوٰى عَنْهُ اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ عُقْدَةَ الْكُوْفِيُّ

حضرت ''اسحاق بن ابراہیم بن حاتم انباری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور حضرت ''سوید بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ان سے حضرت ''ابوالعباس احمد بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

(219)اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ اَبُو الْعَبَّاسِ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اَخُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْهِ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ زَوْجِ الْحُرَّةِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْوَرَّاقُ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''اسحاق بن محمد بن مروان ابوالعباس رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن جعفر بن محمد بن رحمۃ اللہ علیہ'' مروان کے بھائی ہیں، اہل کوفہ میں سے ہیں۔ بغداد میں آئے تھے، وہاں پر اپنے والد کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔

ان سے حضرت ''محمد بن زوج حر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت

کی ہے۔ان کا انتقال ۳۱۳ ہجری میں ہوا۔

(220)اِدْرِیْسُ بْنُ عَلِیٍّ الْمُؤَدِّبُ

ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَکَانَ ثِقَةً مَأْمُوْنًا

حضرت ''ادریس بن علی مؤدب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے۔ کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۳۰۲ ہجری میں ہوئی ہے۔اور ان کا انتقال ۳۹۳ ہجری میں ہوا ہے۔ یہ ثقہ تھے، مامون تھے۔

(221)اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْاَشْعَثِ اَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُّ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُو الْفَرَجِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَوْزِیُّ وُلِدَ شَیْخُنَا اَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیُّ بِدِمَشْقَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَسَمِعَ مِنْ مَشَائِخِهَا وَقَدِمَ بَغْدَادَ وَسَمِعَ مِنَ الْبَغَوِیِّ وَالصَّیْرَفِیْنِیِّ وَابْنِ الْمَسْلَمَةِ وَخَلْقٍ کَثِیْرٍ وَکَانَ ثِقَةً تَقِیًّا اَمْلَا بِجَامِعِ الْمَنْصُوْرِ زِیَادَةً عَلٰی ثَلَاثِ مِائَةِ مَجْلِسٍ وَکَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِیُّ یَقُوْلُ لَا اَعْدِلُ بِهٖ اَحَدًا مِنْ شُیُوْخِ خُرَاسَانَ وَعِرَاقَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَثَلَاثِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ عَنِ اثْنَتَیْنِ وَثَمَانِیْنَ سَنَةً وَثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''اسماعیل بن احمد بن عمر ابن اشعث ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابوالفرج بن عبدالرحمٰن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمارے شیخ حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' دمشق کے اندر ۴۵۴ ہجری میں پیدا ہوئے۔وہاں کے مشائخ سے حدیث کا سماع کیا اور پھر بغداد آئے اور حضرت ''بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صیرفینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن مسلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا۔ یہ ثقہ تھے، تقی تھے۔ جامع منصور کے اندر ۳۰۰ سے زیادہ مجالس میں حدیث کی املاء کروائی۔حضرت ''ابوالعلاء ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کہا کرتے تھے' خراسان اور عراق کے شیوخ میں سے کوئی بھی ان جیسا نہیں ہے۔ان کا انتقال ۵۳۶ ہجری میں ہوا، ان کی عمر ۸۲ سال اور ۳ مہینے تھی۔

بَابُ الْبَاءِ

(222)بِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ اَبُوْ عَبْدِ الْکَرِیْمِ وَیُقَالُ اَیْضاً اَبُوْ عَمْرٍو وَیُقَالُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ مَوْلَیٰ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حضرت ''بلال بن رباح رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے، ان کی کنیت ''ابوعبدالکریم'' ہے، ایک قول کے مطابق ''ابوعمرو'' ہے، اور ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن ہیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں۔

---

(223)بَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ کُنْیَتُہٗ اَبُوْ عَمَّارَۃَ الْاَنْصَارِیُّ اَلْحَارِثِیُّ نَزَلَ بِالْکُوْفَۃِ قَالَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ قَالَ حَدَّثَنَا الْبَرَّاءُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَۃَ غَزْوَۃً قَالَ الْبُخَارِیْ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ عَنْ زُھَیْرٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَّاءِ قَالَ اسْتُصْغِرْتُ اَنَا وَابْنُ عُمَرَ یَوْمَ بَدْرٍ

حضرت ''براء بن عازب رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' ان کی کنیت ''ابوعمارہ'' ہے۔ آپ انصاری ہیں، حارثی ہیں آپ کوفہ میں رہائش پذیر رہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے، آپ فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ۱۵ غزوات میں شرکت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت براء رضی اللہ عنہ کا بیان نقل کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: جنگ بدر کے موقع پر میں اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما چھوٹے تھے۔

(224)بُرَيْدَةُ بْنُ حُصَيْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْاَعْرَجِ

مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَكَنَ الْمَدِيْنَةَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلَى الْبَصْرَةِ ثُمَّ خَرَجَ مِنْهَا اِلَى خُرَاسَانَ وَمَاتَ بِمَرْوَ سَمِعَ مِنْهُ اِبْنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَسُلَيْمَانُ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ مَاتَ اَبِيْ بِمَرْوَ فَدُفِنَ بِالْحِصْنِ وَهُوَ قَائِدُ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَنُوْرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ مَاتَ مِنْ اَصْحَابِيْ بِبَلْدَةٍ فَهُوَ قَائِدُهُمْ وَنُوْرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ مَاتَ فِيْ خِلَافَةِ يَزِيْدَ وَقَالَ غَيْرُهٗ مِنْ اَصْحَابِ التَّوَارِيْخِ مَاتَ بِمَرْوَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''بریدہ بن حصیب بن عبداللہ بن حارث بن اعرج رضی اللہ عنہ''

ان کا شمار رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں ہے، یہ مدینہ منورہ میں رہائش پذیر رہے، پھر یہ بصرہ میں تشریف لے گئے پھر وہاں سے خراسان چلے گئے اور مرو نامی علاقے میں ان کا انتقال ہوا۔ان سے ان کے دونوں بیٹوں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر لکھا ہے' حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میرے والد ''مرو'' میں فوت ہوئے ،وہاں کے قلعہ میں ان کی تدفین ہوئی اور یہ قیامت کے دن اہل مشرق کے قائد ہونگے اوران کا نور ہونگے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ'' کہتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ میں سے جو شخص جس شہر میں مرے گا وہ قیامت کے دن اس شہر والوں کا قائد بھی ہوگا اوران کے لئے نور بھی ہوگا

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' یہ یزید کے دورِ حکومت میں فوت ہوئے اور دیگر مؤرخین نے کہا ہے' یہ ۶۲ یا ۶۳ ہجری میں ''مرو'' نامی علاقے میں فوت ہوئے۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُمُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مِنَ التَّابِعِيْنَ

ان تابعین کا ذکر، جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(225)بَهْزُ بْنُ حُكَيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَاَبُوْ عَاصِمٍ وَمَرْوَانُ وَابْنُ الْمُبَارَكِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بہز بن حکیم بن معاویہ بن حیدہ قشیری بصری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت''

ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مروان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(227)بَيَانُ بْنُ بِشْرٍ اَبُوْ بِشْرٍ الْكُوْفِيُّ الْاَحْمَسِيُّ اَلْمُعَلِّمُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَنَساً وَالْمُغِيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بیان بن بشر ابو بشر کوفی احمسی معلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت انس اور مغیرہ رضی اللہ عنہما سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(227)بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هَلَالٍ الْمُزَنِيُّ اَلْبَصْرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَاَنَساً وَقَالَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ يَعْنِيْ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بکر بن عبداللہ بن عمرو بن ہلال مزنی بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''انس رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کا انتقال ۱۰۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ مِنْ اَصْحَابِہٖ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(228)بَکْرُ بْنُ خُنَیْسٍ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ بَدْرِ الْحَلَبِیِّ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بکر بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو بدر حلبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(229)بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ بْنِ لَاحِقٍ اَبُوْ اِسْمَاعِیْلَ الْبَصْرِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ مِنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِیْ ھِنْدٍ وَقَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْبُوْبٍ اَنَّہٗ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بشر بن مفضل بن لاحق ابواسماعیل بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''داؤد ابن ابی ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور کہا ہے' مجھے حضرت ''محمد بن محبوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۲۷ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(230)بُکَیْر بْنُ مَعْرُوْفٍ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ قَالَ اَبُوْ مُعَاذٍ قَاضِیْ نَیْسَابُوْرَ قَالَ اَحْمَدُ لَیْسَ بِہٖ بَاْسٌ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بکیر بن معروف رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابو معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' نیشاپور کے قاضی تھے، حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'' لیس بہ باس '' (یہ مراتب تعدیل میں سے ایک مرتبہ ومقام ہے، حافظ ابن معین کے نزدیک اس سے مراد ثقہ ہے، دیگر اہل علم کے نزدیک بھی یہ الفاظ تعدیل کے لئے ہیں، لیکن ثقہ سے کمتر ہیں اور اس راوی کی حدیث حسن کے درجہ میں ہوگی، معجم: ۳۳۳)

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(231)بِلَالُ بْنُ اَبِیْ بِلَالٍ مَرْدَاسٌ الْفَزَارِیُّ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ قَالَ اِسْحَاقُ عَنْ جَرِیْرٍ عَنْ لَیْثٍ عَنْ بِلَالِ الْفَزَارِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَلْاِسْلَامُ بَدَاَ غَرِیْبًا قَالَ الْبُخَارِیُّ مُرْسَلٌ وَرَوَی الْبُخَارِیُّ عَنْ عَلِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَسْبَاطٍ عَنِ السُّدِّیِّ عَنْ بِلَالِ بْنِ مَرْدَاسٍ عَنْ شَہْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اُمِّ سَلْمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلُ بَیْتِیْ فَاَذْھِبْ عَنْھُمُ الرِّجْسَ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ مَعَ اَنَّہٗ شَیْخُ شَیْخِ الْبُخَارِیِّ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بلال بن ابی بلال مرداس فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے۔ اور کہا ہے' حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''بلال فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' اسلام غریب حالت میں شروع ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''علی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''اسباط رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''سدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''بلال بن مرداس رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''شہر بن حوشب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں تو ان سے ناپاکی کو دور فرما دے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ الشیوخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(232)بِشر بْنُ زِيَادٍ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بشر بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(233)بَشَارٌ بْنُ قِيْرَاطٍ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بشار بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(234)بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْكَلَاعِى الْحَضْرَمِىُّ اِبْنُ الْقَاسِمِ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ بُحَيْرَ بْنَ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ زِيَادِ الْاَلْهَانِىَّ قَالَ الْبُخَارِىُّ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ مُوْسٰى عَنْ رَابِحٍ الْكُوْفِىِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ بَقِيَّةُ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ فَبَقِيَّةُ اَحَبُّ اِلَىَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''بقیہ بن ولید ابومحمد کلاعی حضرمی ابن القاسم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''بحیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زیاد الہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''رابح کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے فرمایا: جب حضرت ''بقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' جمع ہو جائیں تو میری نگاہ میں حضرت ''بقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' زیادہ محبوب ہیں۔ انہوں نے فرمایا: ان کا انتقال ۱۷۷ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل کے اندران کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(235)بِشْرُ بْنُ مُوْسٰی بْنِ صَالِحٍ اَبُوْ عَلِیٍّ الْاَسَدِیّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ مِنْ رَوْحِ بْنِ عُبَادَةَ حَدِیْثاً وَاحِداً وَمِنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الْمَدَنِیْ حَدِیْثاً وَاحِداً وَسَمِعَ الْکَثِیْرَ مِنْ هَوْذَةَ بْنِ خَلِیْفَةَ وَخَلَّادِ بْنِ یَحْیٰی وَاَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِیْ وَخَلْفِ ابْنِ الْوَلِیْدِ وَاَبِیْ نُعَیْمٍ الْفَضْلِ بْنِ دُکَیْنٍ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمُ الْخَطِیْبُ وَقَالَ وُلِدَ سَنَةَ تِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَرُبَمَا قَالَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''بشر بن موسیٰ بن صالح ابوعلی اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''روح بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے اور حضرت ''حفص بن عمر مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے اور حضرت ''ہوذہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس جماعت کے نام بھی ذکر کئے ہیں۔ اور کہا ہے' ان کی پیدائش ۱۹۰ ہجری کی ہے اور ایک قول کے مطابق ۱۹۱ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۲۸۸ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں سے روایت لی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(236)بَشْرُ بْنُ الْوَلِیْدِ الْقَاضِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ بِشْرُ بْنُ الْوَلِیْدِ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ الْوَلِیْدِ الْکِنْدِیْ سَمِعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سُلَیْمَانَ وَحَمَّادَ بْنَ زَیْدٍ وَصَالِحاً الْمُرِیَّ وَشَرِیْکاً وَعَبْدَ اللّٰهِ وَاَبَا یُوْسُفَ الْقَاضِیَ قَالَ الْخَطِیْبُ وَکَانَ اَحَدَ اَصْحَابِ اَبِیْ یُوْسُفَ وَاَخَذَ الْفِقْهَ عَنْهُ رَوٰی عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بْنِ اَبَانَ وَاَحْمَدُ ابْنُ الْقَاسِمِ الْبُرْتِیْ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِیْ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْیُنٍ وَکَانَ جَمِیْلَ الْمَذْهَبِ حَسَنَ الطَّرِیْقَةِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِعَسْکَرِ الْمَهْدِیْ فِیْ جَانِبِ بَغْدَادَ الشَّرْقِیْ لَمَّا عَزَلَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیْ وَذٰلِكَ سَنَةَ سِتٍّ وَمِائَتَیْنِ فَاَقَامَ عَلٰی وِلَایَتِهٖ سَنَتَیْنِ ثُمَّ عَزَلَ وَوَلِیَ قَضَاءَ مَدِیْنَةِ الْمَنْصُوْرِ فِیْ سَنَةِ عَشْرٍ فَلَمْ یَزَلْ یَتَوَلّٰی اِلٰی اَنْ صُرِفَ عَنْهُ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَمِائَتَیْنِ قَالَ الْخَطِیْبُ شَکَا یَحْیَی بْنُ اَکْثَمَ اِلَی الْمَاْمُوْنِ وَقَالَ اِنَّهٗ لَا یَنْفُذُ قَضَائِیْ

وَكَانَ يَحْيَى قَدْ غَلَبَ عَلَى الْمَأْمُوْنِ فَاَقْعَدَهُ مَعَهُ فِيْ مَسْنَدِهٖ وَدَعَا بِشْرَ بْنَ الْوَلِيْدِ فَقَالَ لَهُ يَحْيَى يَشْكُوْكَ وَيَقُوْلُ اِنَّكَ لَا تَنْفُذُ قَضَاءَهُ فَقَالَ بِشْرٌ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ سَاَلْتُ عَنْهُ بِخُرَاسَانَ فَلَمْ يَحْمَدْ فِيْ بَلَدِهٖ وَجَوَارِهٖ فَصَاحَ بِهِ الْمَأْمُوْنُ وَقَالَ اُخْرُجْ فَلَمَّا خَرَجَ قَالَ يَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ سَمِعْتَهُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاصْرِفْهُ عَنِ الْقَضَاءِ فَقَالَ الْمَأْمُوْنُ لَمْ يُرَاقِبْنِيْ فِيْكَ فَكَيْفَ اَصْرِفُهُ فَلَمْ يَعْزِلْهُ قَالَ الْخَطِيْبُ وَرَوٰى بِاِسْنَادِهٖ اِلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيْ قَالَ كُنَّا نَكُوْنُ عِنْدَ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَكَانَ اِذَا وَرَدَتْ عَلَيْهِ مَسْئَلَةٌ مُشْكِلَةٌ يَقُوْلُ هَاهُنَا اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَيُقَالُ بِشْرٌ فَيَقُوْلُ اَجِبْ فِيْهَا فَاَجَبْتُ فَيَقُوْلُ التَّسْلِيْمُ لِلْفُقَهَاءِ سَلَامَةٌ فِي الدِّيْنِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ يُصَلِّيْ كُلَّ يَوْمٍ مِائَتَيْ رَكْعَةٍ وَكَانَ يُصَلِّيْهَا بَعْدَمَا فَلَجَ وَقَالَ مَاتَ بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْقَاضِيْ الْمَفْلُوْجُ صَاحِبُ اَبِيْ يُوْسُفَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَبَلَغَ عُمُرُهٗ سَبْعًا وَتِسْعِيْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''بشر بن ولید بن خالد ابوالولید کندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صالح مری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں۔ اور ان سے فقہ بھی حاصل کی ہے۔

ان سے حضرت ''احمد بن ولید بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن قاسم برتی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو القاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن جعفر بن اعین رحمۃ اللہ علیہ''، نے روایت کی ہے۔ یہ بڑے جمیل المذہب تھے اور طریقت کو اچھی طرح جاننے والے تھے۔ مشرقی بغداد میں مہدی کے لشکر میں ۲۰۶ کو جب ''محمد بن عبدالرحمٰن مخزومی رحمۃ اللہ علیہ'' کو معزول کر دیا گیا تھا تو ان کو منصب قضاء سونپ دی گئی۔ ۲ سال تک یہ اپنی مسند پر فائز رہے پھر ان کو معزول کر دیا گیا اور ان کو مدینۃ المنصور کے منصب قضا پر ۲۱۰ ہجری میں فائز کر دیا گیا۔ پھر یہ مسلسل وہاں کے قاضی رہے اور ۲۱۳ ہجری کو وہاں سے ان کو معزول کر دیا گیا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے مامون کو شکایت لگائی اور کہا: یہ میرے فیصلے نافذ نہیں کرتے۔ اور ''یحییٰ'' مامون پر غالب تھا۔ اس نے اس کو اپنی مسند پر بٹھا لیا اور حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' کو بلایا اور کہا: یحییٰ تمہاری شکایت کر رہا ہے اور کہتا ہے' آپ اس کے فیصلے نافذ نہیں کرتے۔ حضرت ''بشر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: امیر المؤمنین! میں نے اس سے خراسان میں پوچھا لیکن پورے شہر میں اور اس کے قرب و جوار میں بھی کسی نے اس کی تعریف نہیں کی۔ اس بات پر مامون چیخ پڑا اور کہا: نکل جا۔ جب وہ نکل گئے تو حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ نے اس کی بات سنی ہے؟ آپ اس کو منصب قضاء سے فارغ کر دیں۔ مامون نے کہا: تیرے معاملے میں اس نے میرا لحاظ نہیں کیا ہے میں اس کو کس طرح معزول کر دوں تو اس نے معزول نہ کیا۔

"خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت "بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ" تک پہنچا کر کہا ہے، ہم حضرت "سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ" کے پاس تھے ان کے پاس جب کوئی مشکل مسئلہ آتا تو کہتے یہاں پر حضرت "امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے ایک "بشر" نامی شاگرد موجود ہیں، ان سے جا کر جواب لے۔ میں جا کر ان سے جواب لیتا تو وہ کہتے: مسائل فقہاء کے سپرد کرنا دین میں سلامتی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں، حضرت "بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ" ہر دن ۲۰۰ رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ اور فالج ہو جانے کے بعد بھی ان کا یہ معمول جاری رہا اور فرمایا: حضرت "بشر بن ولید قاضی رحمۃ اللہ علیہ" جن کو فالج ہو چکا تھا، یہ حضرت "امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ" کے شاگرد تھے۔ ان کا انتقال ۲۸۸ ہجری میں ہوا، ان کی عمر اس وقت ۹۷ برس تھی۔

(237) بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَلْفِ بْنِ خَالِدِ بْنِ رَاشِدِ بْنِ الضَّحَّاكِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ عَمْرٍو ابْنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَاضِيُ الْكُوْفِيُ

قَالَ الْخَطِيْبُ نَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ كُرَيْبٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَلَاءِ وَهَارُوْنَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَطِيْعِيِّ وَاَبُوْ عَمْرِو بْنِ حَيْوَةَ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنَ وَيُوْسُفُ الْقَوَّاسُ وَعَلِيِّ بْنِ عِيْسَى الْوَزِيْرِ وَغَيْرِهِمْ وَكَانَ ثِقَةً وَكَانَ مِنَ الْمُعَمَّرِيْنَ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاعِظُ اَخْبَرَنَا بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيْ وَمَا كَتَبْتُ عَنْ شَيْخٍ اَسَنَّ مِنْهُ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ بَلَغَ مِائَةً وَسِتَّ عَشْرَةَ سَنَةً قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ وَحَكَى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهِ اَنَّهُ قَالَ رَكِبْتُ مَعَ اَبِيْ اِلَى عَامِلٍ لِلْمَامُوْنِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ وَرَكِبْتُ اِلَى الْوَزِيْرِ يَعْنِيْ عَلِيَّ بْنِ عِيْسَى سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت "بدر بن ہیثم بن خلف بن خالد بن راشد بن ضحاک بن نعمان بن عمرو بن نعمان بن منذر رحمۃ اللہ علیہ

یہ قاضی ہیں، کوفی ہیں، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ بغداد میں آئے اور یہاں پر انہوں نے حضرت "ابو کریب محمد بن علاء رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ہارون بن اسحاق قطیعی رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابو عمرو بن حیوہ رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "ابو حفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "یوسف قواس رحمۃ اللہ علیہ"، حضرت "علی بن عیسیٰ وزیر رحمۃ اللہ علیہ" اور دیگر محدثین کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور یہ ثقہ تھے اور یہ معمرین (جن کی عمریں بہت لمبی ہوئیں، ان) میں سے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، حضرت "عمر بن احمد واعظ رحمۃ اللہ علیہ" کہتے ہیں، ہمیں حضرت "بدر بن ہیثم قاضی رحمۃ اللہ علیہ" نے یہ بات بتائی ہے اور میں نے اس سے زیادہ عمر رسیدہ بزرگ سے کوئی حدیث نہیں لکھی ہے، مجھے یہ بات پہنچی ہے، ان کی عمر ۱۱۶ برس تھی۔ اور ان کا انتقال ۳۱۷ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ہمراہ یہ حکایت بھی بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں، میں ۲۱۵ ہجری کو اپنے والد کے ہمراہ مامون کے ایک گورنر کے پاس گیا، اور میں ۳۱۵ ہجری کو وزیر یعنی حضرت "علی بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ" کے پاس گیا۔

بَابُ التَّاءِ

(238)تَمِيْمُ بْنُ اَوْسِ الدَّارِىُ صَحَابِىُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَرَوٰى عَنْهُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يَبْلُغُ هٰذَا الدِّيْنُ مَا بَلَغَ اللَّيْلُ وَقَالَ هُوَ اَخُ اَبِىْ هِنْدِ الدَّارِىِ نَزَلَ الشَّامَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِىْ هٰذَا الْكِتَابِ

حضرت ''تمیم بن اوس داری صحابی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور اپنی اسناد کے ہمراہ روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دین وہاں تک پہنچ جائے گا جہاں تک رات پہنچتی ہے۔ اور فرمایا: وہ حضرت ''ابو ہند داری رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں شام میں رہائش پذیر رہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اس کتاب میں ان کا ذکر موجود ہے۔

---

(239)تميم بنُ سَلْمَةِ السلمي الكوْفى منَ التابعينَ

ذَكَرَهُ البخارِىُ فىْ تَارِيْخِهٖ قَالَ رَاٰى عبدَ اللّٰهِ بنِ الزُبيرِ رَضىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَسَمِعَ مِنْهُ الْاَعْمَشُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''تمیم بن سلمہ سلمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں ان کا تذکرہ موجود ہے۔

---

(240)تَمَامُ بْنُ مِسْكِيْنٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَلَمْ يَذْكُرْهُ الْبُخَارِىُ وَلَا الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخَيْهِمَا

حضرت ''تمام بن مسکین رحمۃ اللہ علیہ

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید کے اندر ان کا ذکر بھی موجود ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔

---

(141) تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ لَهٗ ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ فِيْهَا وَلَمْ يَذْكُرَاهُ فِيْ تَارِيْخَيْهِمَا

حضرت تمیم بن منتصر رحمۃ اللہ علیہ

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کا ذکر بھی ان مسانید میں موجود ہے اور یہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی روایات ان مسانید میں ذکر کی گئی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کی کتابوں میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔

بَابُ الثَّاءِ

(241)ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَاسٍ صَحَابِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَرَوٰى حَدِيْثاً مُسْنَداً عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ نِعْمَ الرَّجُلُ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ نِعْمَ الرَّجُلُ ثَابِتُ ابْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَاسٍ قَالَ قَاتَلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ حَتّٰى قُتِلَ فِيْ عَهْدِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ

حضرت ''ثابت بن قیس بن شماس صحابی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے ایک مسند حدیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے روایت کی ہے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر بہت اچھا آدمی ہے، عمر بہت اچھا آدمی ہے، ابوعبیدہ بہت اچھا آدمی ہے، اسید بن حضیر بہت اچھا آدمی ہے، ثابت بن قیس بن شماس (رضی اللہ عنہم اجمعین) بہت اچھا آدمی ہے۔

آپ فرماتے ہیں' جنگِ یمامہ کے دن انہوں نے جنگ میں حصہ لیا اور حضرت ابوصدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں شہید ہوئے

-

(243)ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ اللَّيْثِيُّ وَقِيْلَ الْخُشَنِيُّ صَحَابِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ اللَّيْثِيُّ لَهٗ صُحْبَةٌ وَرَوٰى عَنْهُ اَنَّهٗ اَسَرَّهُ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌ قَالَ وَقِيْلَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَهُوَ اَصَحُّ

حضرت ''ثعلبہ بن حکم لیثی رضی اللہ عنہ''

اور ایک قول کے مطابق یہ خشنی ہیں، صحابی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''ثعلبہ بن حکم لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے ان کے بارے میں مروی ہے' ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے گرفتار کرلیا تھا اور یہ نوجوان تھے، آپ فرماتے ہیں' یہ بھی کہا گیا ہے' یہ موقع جنگِ حنین کا ہے اور یہ زیادہ درست ہے۔

(244)ثَابِتُ بْنُ اَبِیْ بُنْدَارِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ بُنْدَارٍ اَبُوْ الْمَعَالِیْ الدَّیْنُوْرِیْ

قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ النَّجَّارِ كَانَ جَدُّهٗ اِبْرَاهِیْمُ حَمَامِیاً بِدَیْنُوْرَ فَسُمِّیَ حَمَامِیّاً وَكَانَ یَسْكُنُ سُوْقَ مَارِسْتَانَ مِنْ بَغْدَادَ فَسَمِعَ الْكَثِیْرَ وَكَتَبَ بِخَطِّهٖ سَمِعَ اَبَا عَلِیٍّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ غَالِبِ الْبُرْقَانِیْ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ الصَّیْرَفِیَّ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ اِبْنَیْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الْمَلِكِ ابْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرَانَ وَجَمَاعَةً وَرَوٰی عَنْهُ اِبْنُهٗ یَحْیٰی وَاَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِیْ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِیْ وَابْنُ خُسْرُو الْبَلَخِیْ وُلِدَ سَنَةَ عَشَرَةَ وَاَرْبَعَ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَتِسْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''ثابت بن ابی بندار بن ابراہیم بن بندار ابوالمعالی دینوری رضی اللہ عنہ''

حضرت ''حافظ ابوعبداللہ بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کے حضرت ''دادا ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' دینور میں حمامی تھے۔ انہی کی وجہ سے ان کو ''حمامی'' کہا جاتا ہے۔ یہ بغداد کے مارستان کے بازار میں رہتے تھے۔ انہوں نے بہت سارے بزرگوں سے احادیث کا سماع کیا ہے اور اپنے ہاتھ سے یہ سب کچھ لکھا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد بن غالب برقانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبداللہ بن احمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالملک بن محمد بن عبداللہ بن بشران رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت ہے جن سے انہوں نے سماع کیا ہے۔ ان سے ان کے بیٹے حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۱۰ ہجری کی ہے، ان کی وفات ۴۹۸ ہجری میں ہے۔

بَابُ الْجِيْمِ

(245)جَرِيْرٌ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ نَزَلَ الْكُوْفَةَ قَالَ الْبُخَارِيُّ (اَخْبَرَنَا) اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَمَّا دَنَوْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اَنَخْتُ رَاحِلَتِيْ وَحَلَّلْتُ عِيْبَتِيْ فَلَبِسْتُ حُلَّتِيْ فَدَخَلْتُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ

حضرت ''جریر بن عبداللہ ابوعمرو بجلی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ کوفہ کے اندر رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے کہا ہے' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''یونس بن ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے، انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''کثیر بن عبداللہ بن عمرو بن عوف رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''جریر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ خبر دی ہے، وہ فرماتے ہیں' جب میں مدینہ کے قریب آیا تو میں نے اپنی سواری کو بٹھالیا اور اپنا سامان والا صندوق کھولا اور اپنا قیمتی لباس پہنا اور پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے۔

(246)جَابِرٌ بْنُ سَمُرَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ السَّوَائِيُّ نَزَلَ الْكُوْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَاحِ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ

حضرت ''جابر بن سمرۃ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''جابر بن سمرہ سوائی رضی اللہ عنہ'' کوفہ میں رہائش پذیر رہے۔ آپ بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''محمد بن صباح رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''سماک رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں' میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ۱۰۰ سے زیادہ مرتبہ بیٹھا ہوں۔

(247)جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ حَضَرَ قِتَالَ اَهْلِ النَّهْرَوَانِ مَعَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰی خَبَرَهُمْ ثُمَّ رَوَاهُ الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ

حضرت ''جندب بن عبداللہ الازدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ اہل کوفہ میں سے ہیں، یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نہروان والی جنگ میں شریک ہوئے تھے اور وہاں کے حالات روایت کئے ہیں، پھر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں کی اسناد کے ہمراہ اس کو روایت کیا ہے۔

(248)جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

کُنْیَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِیُّ قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَسَمِعَ مِنْهُ مَالِكٌ وَالثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعِیْنَ وَمِائَةٍ وَوُلِدَ بِالْحِجَازِ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ

(یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے، آپ ہاشمی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ان کا انتقال ۱۴۰ ہجری میں ہوا۔ اور یہ ۸۰ ہجری میں حجاز میں پیدا ہوئے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(249)جَعْفَرُ بْنُ اَبِیْ طَالِبِ الطَّیَّارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هَاجَرَ اِلَی الْحَبَشَةِ ثُمَّ هَاجَرَ اِلَی الْمَدِیْنَةِ وَقُتِلَ یَوْمَ مُؤْتَةٍ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''جعفر بن ابوطالب طیار رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے' انہوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی تھی، اور جنگ موتہ میں ان کا انتقال ہوا۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

ان تابعین کا ذکر جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

(250)جَبْلَةُ بْنُ سُحَیْمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ کُوْفِیٌّ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ رَوٰی عَنْهُ مِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ یَحْیَی الْقَطَّانُ ثِقَةٌ کَانَ سُفْیَانُ وَشُعْبَةُ یُوَثِّقَانِهٖ

(یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جبلہ بن سحیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے، یہ کوفی ہیں، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''یحییٰ بن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ ثقہ ہیں۔اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ثقہ قرار دیا کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(251)جَوَّابُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ جَوَّابُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ التَّیْمِیُّ الْاَعْوَرُ الْکُوْفِیُّ سَمِعَ یَزِیْدَ بْنَ شَرِیْكٍ وَالْمَعْرُوْرَ بْنَ سُوَیْدٍ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیُّ وَمِسْعَرٌ وَقَالَ سُفْیَانُ رَاَیْتُهٗ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جواب بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جواب بن عبداللہ تیمی اعور کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یزید بن شریک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معروف بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابواسحاق شیبان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے ان کی زیارت بھی کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(252)جَامِعُ بْنُ اَبِیْ رَاشِدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ جَامِعُ بْنُ اَبِیْ رَاشِدِ الصَّیْرَفِیُّ الْكُوْفِیُّ اَخُو الرَّبِیْعِ رَوٰی عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ وَزَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَرَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَقَالَ جَامِعٌ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَعْیُنٍ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جامع بن ابوراشد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے،اور کہا ہے' حضرت ''جامع بن ابوراشدصیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ کوفی ہیں،یہ حضرت ''ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں،انہوں نے حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور فرمایا ہے: حضرت ''جامع بن ابوراشد رحمۃ اللہ علیہ'' میری نگاہ میں حضرت ''عبدالملک بن اعین رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ محبوب ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(253)جُوَیْبِرُ بْنُ سَعِیْدٍ الْكُوْفِیُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ جُوَیْبِرُ بْنُ سَعِیْدٍ الْبَلْخِیُّ یَعْنِی الْاَصْلَ الْمُفَسِّرَ صَاحِبُ الضَّحَّاكِ قَالَ لِیْ عَلِیٌّ قَالَ یَحْیٰی كُنْتُ اَعْرِفُ جُوَیْبِرَ ثِقَةً یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جویبر بن سعید کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جویبر بن سعید بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں،یعنی بلخی الاصل ہیں اور مفسر ہیں،حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں۔حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں حضرت ''جویبر رحمۃ اللہ علیہ'' کوثقہ سمجھتا ہوں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(254)جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ اَبُوْ صَخْرٍ الْمَحَارِبِیُّ كُوْفِیٌّ سَمِعَ طَارِقَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْاَسْوَدَ بْنَ هِلَالٍ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانَ عَشْرَةَ وَمِائَةً وَسَمِعَ حَمَّادَ بْنَ زَیْدٍ بِالْبَصْرَةِ وَسَمِعَ

صَفْوَانَ ابْنَ حَرْبٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جامع بن شداد ابوصخر محاربی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں انہوں نے حضرت ''طارق بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسود بن ہلال رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۱۸ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے بصرہ میں سماع کیا ہے اور حضرت ''صفوان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے بنی روایات نقل کی ہیں۔

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے اصحاب کا ذکر

(255)جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ الْعَامِرِىُّ الْكُوْفِىُّ سَمِعَ قَتَادَةَ وَحَجَّاجاً سَمِعَ مِنْهُ عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جنادہ بن سلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''جنادہ بن سلم عامری رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عمران بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(256)جَارُوْدُ بْنُ يَزِيْدَ اَبُوْ عَلِىٍّ الْعَامِرِىُّ النَّيْسَابُوْرِىُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ جَارُوْدُ بْنُ يَزِيْدَ النَّيْسَابُوْرِىُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ وَكَانَ اِبْنُ اُسَامَةَ يَرْمِيْهِ بِالْكِذْبِ يَرْوِىْ عَنْ بَهْزٍ وَعُمَرَ بْنِ ذَرٍّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جارود بن یزید ابوعلی عامری نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا ذکر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جارود بن یزید نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' منکر الحدیث ہیں اور حضرت ''ابن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو جھوٹا قرار دیا کرتے تھے اور حضرت ''بہز رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن زر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجو ہیں۔

---

(257)جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الضَّبِّىُّ الْكُوْفِىُّ الرَّازِىُّ سَمِعَ مَنْصُوْرَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَقِيْلَ ثَمَانٍ وَقَالَ قَالَ جَرِيْرٌ وُلِدْتُّ سَنَةَ مَاتَ الْحَسَنُ سَنَةَ عَشْرَةٍ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''جریر بن عبدالحمید ابوعبداللہ ضبی کوفی رازی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۸۷ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۸۸ ہجری میں ہوا۔ اور آپ نے فرمایا: حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میری پیدائش ۱۱۰ میں ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(258)جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ حُرَيْثٍ اَبُوْ عَوْنٍ الْمَخْزُوْمِىُّ الْكُوْفِىُّ الْقُرَشِىُّ الْحُرَيْثِىُّ قَالَ قَالَ عَبْدُ الصَّمَدِ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَتَيْنِ سَمِعَ اَبَا الْعُمَيْسِ وَيَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ وَبَكِيْتَ ابْنَ اَبِىْ وَائِلٍ يُقَالُ عَنْ عَلِىٍّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''جعفر بن عون رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''جعفر بن عون بن جعفر بن عمرو بن حریث ابوعون مخزومی، کوفی، قرشی، حریثی رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۲۰۷ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''ابوالعمیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''بکیت بن ابی وائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' سے بھی سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(259) جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ السَّتْکِیُّ الْبَصْرِیُّ سَمِعَ اَبَا رَجَاءَ وَابْنَ سِیْرِیْنَ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ لِیْ ابْنُ مَحْبُوْبٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''جریر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ابونصر ازدی، ستکی، بصری، نے حضرت ''ابو رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''ابن محبوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۷۰ ہجری میں ہوا

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت قدر کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(260) جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِیْدِ الْبَاقِلَانِیْ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ کُنْیَتُهٗ اَبُو الْفَضْلِ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِیْ وَعَلِیِّ بْنِ دَاوُدَ الْقَبْطَرِیِّ وَاَحْمَدَ ابْنِ الْوَلِیْدِ النَّحَّامِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ الْاَسْکَافِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحٍ الْمَدَائِنِیْ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ بَکْرِ بْنُ مَالِكٍ الْقَطِیْعِیُّ وَعَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنِ جَعْفَرٍ الْجَرَمِیُّ وَاَبُوْ الْفَضْلِ الزُّهْرِیُّ وَابْنِ شَاهِیْنَ وَیُوْسُفَ الْقَوَاسِ

مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''جعفر بن محمد بن احمد بن ولید باقلانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوالفضل'' ہے، انہوں نے حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن داؤد قبطری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ولید نحام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد اسکافی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن رواح مدائنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوبکر بن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن جعفر جرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفضل زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یوسف قواس رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے ،ان کا انتقال ۳۲۵ میں ہوا۔

(261) جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ السَّكَنِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَارُ الْقَبْطَرِيُّ قَالَ ذَكَرَهُ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ الثَّلَاجِ وَقَالَ حَدَّثَ فِيْ سَنَةِ ثَمَانٍ وَعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَرْفَةَ

حضرت ''جعفر بن محمد بن حسن بن ولید بن سکن رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ صفار قبطری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں ،ان کا ذکر حضرت ''ابو القاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے ۳۲۸ ہجری میں حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔

(262) جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سَهْلِ الْحَافِظِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الدَّقَّاقُ الدَّوْرِيُّ اَلْحَافِظُ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمَذِيِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْعَلَّافُ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيِّ وَنَحْوِهِمْ فِي الطَّبْقَةِ وَرَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَابْنُ الْغَطْرِيْفِ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''جعفر بن علی بن سہل حافظ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابومحمد دقاق دوری رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابواسماعیل ترمذی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن زکریا علاف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن اسحاق حربی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دوسرے محدثین سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن غطریف رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان کا انتقال ۳۳۰ میں ہوا۔

(263)جَعْفَرٌ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدِ الْقَاسِمِ بْنِ سَلَامٍ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ

حضرت ''جعفر بن محمد ابو محمد وراق رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، ان کا انتقال ۱۷۱ میں ہوا۔

(264)جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُوْ مُحَمَّدٌ الْمُقْرِیُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ السِّرَاجِ

سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِیْ عَلِیٍّ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاذَانَ وَاَبِی الْقَاسِمِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ شَاهِيْنِ وَاَبِیْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ الْخَلَالِ وَاَبِیْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عُمَرَ الْبَرْمَكِیِّ وَاَبِی الْحُسَيْنِ عَلِیِّ بْنِ عُمَرَ الْقَزْوِيْنِیْ وَاَبِی الْقَاسِمِ الْمُحْسِنِ بْنِ عَلِیٍّ التَّنُوْخِیْ وَاَبِیْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ الْجَوْهَرِیْ وَجَمَاعَةٍ ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِيْخِهٖ قَالَ وَسَافَرَ اِلٰی مَكَّةَ وَسَمِعَ بِهَا جَمَاعَةً وَدَخَلَ الشَّامَ فَسَمِعَ بِدِمَشْقَ اَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بْنِ اَحْمَدَ الْكَتَانِیَّ وَاَبَا بَكْرٍ الْخَطِيْبَ وَتَوَجَّهَ اِلٰی مِصْرَ فَسَمِعَ بِهَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الضَّرَّابِ وَاَبَا اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ سَعِيْدٍ الْحَبَّالَ وَغَيْرَهُمَا وَكَتَبَ الْكَثِيْرَ رَوٰی عَنْهُ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ خُسْرَو الْبَلْخِیْ فِیْ مُسْنَدِهٖ وَهُوَ الْعَاشِرُ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْحَافِظُ وُلِدَ سَنَةَ سِتَّ عَشْرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''جعفر بن احمد بن حسین بن احمد بن جعفر ابو محمد مقری المعروف ابن سراج رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے بہت ساری احادیث حضرت ''ابوعلی حسن بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم عبیداللہ بن عمر بن احمد بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن عمر برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین علی بن عمر قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم محسن بن ولی تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے روایت کی ہیں۔ ان کا ذکر حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کیا اور کہا ہے' یہ مکہ مکرمہ میں سفر کر کے گئے اور وہاں پر محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا، پھر یہ شام میں گئے اور وہاں پر حضرت ''ابومحمد عبدالعزیز بن احمد کتانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے دمشق میں سماع کیا، پھر یہ مصر گئے اور وہاں پر حضرت ''ابومحمد الحسن بن عبدالعزیز بن ضراب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق ابراہیم بن سعید حبال رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ دیگر محدثین سے سماع کیا ہے اور ان کے علاوہ بہت ساری احادیث بھی روایت کی ہیں۔

ان سے حضرت ''حافظ ابوعبداللہ حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر روایات درج کی ہے، یہ ان مسانید میں دسویں مسند ہے۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۴۱۶ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۰۰ ہجری میں ہوا۔

بَابُ الْحَاءِ

(265)اَلْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْهَاشِمِیُّ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ كَانَ بَیْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ طُهْرٌ وَاحِدٌ مَاتَ الْحَسَنُ سَنَةَ اِحْدٰی وَخَمْسِیْنَ وَقَدْ مَضٰی مِنْ اِمَارَةِ مُعَاوِیَةَ عَشْرُ سِنِیْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابو محمد ہاشمی رضی اللہ عنہ'' نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کیا ہے اور کہا ہے' حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک طہر کا فاصلہ تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا انتقال ۵۱ ہجری میں ہوا۔ اس وقت حضرت ''معاویہ رضی اللہ عنہ'' کی امارت کے دس سال گزر چکے تھے۔

(266)اَلْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ

قَالَ الْبُخَارِیُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَاشِمِیُّ وَرَوٰی بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی عَاصِمِ بْنِ كُلَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِی الْمَنَامِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِابْنِ عَبَّاسٍ (رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا) فَقَالَ ذَكَرْتُ الْحُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ حِیْنَ رَاَیْتَهٗ فَقُلْتُ نَعَمْ وَاللّٰهِ ذَكَرْتُ تَلْفِتُهٗ حِیْنَ یَمْشِیْ قَالَ اِنَّا كُنَّا نُشَبِّهُهٗ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قُتِلَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَهُوَ اِبْنُ سَبْعٍ وَخَمْسِیْنَ سَنَةً وَقَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ قُتِلَ وَهُوَ اِبْنُ ثَمَانٍ وَّخَمْسِیْنَ سَنَةً

حضرت ''امام حسین بن علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابو عبداللہ ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد حضرت ''عاصم بن کلیب رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر ان سے والد سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب کے اندر دیکھا اور اس بعد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ اس خواب کا تذکرہ کیا تو انہوں نے کہا: آپ نے جب حضرت ''حسین بن علی رضی اللہ عنہ'' کو دیکھا تھا تو کیا آپ کو ان کا چہرہ یاد ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں اللہ کی قسم! جب وہ چلتے تھے تو ہم پیچھے مڑ مڑ کر ان کو دیکھتے تھے، انہوں نے کہا: ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جیسا قرار دیا کرتے تھے۔

عاشورہ کے دن آپ شہید ہوئے، ان کی عمر ۵۸ برس تھی۔ حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد اور پھر اپنے دادا سے روایت کیا ہے' جب آپ کی شہادت ہوئی تو اس وقت آپ کی عمر ۵۸ برس تھی۔

(267)حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبَسِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هَاجَرَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَمَاتَ بَعْدَ عُثْمَانَ بِاَرْبَعِيْنَ يَوْماً رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ''حذیفہ بن یمان ابوعبداللہ عبسی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب ہجرت کی تھی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چالیس دن بعد ان کا انتقال ہوا تھا۔

(268)حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ شَاعِرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيُّ النَّجَّارِيُّ الْخَزْرَجِيُّ الْمَدَنِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ''

یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شاعر تھے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوعبدالرحمٰن'' ہے، یہ انصاری، نجاری، خزرجی، مدنی ہیں۔

(269)حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَقِيْلَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ مِنَ الْهِجْرَةِ وَكَانَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ تَحْتَ خُنَيْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ هٰكَذَا قَالَ قَتَادَةُ وَقَالَ عُقَيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ خُنَيْسٌ وَكَذَا قَالَهٗ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِفَتْحِ الْخَاءِ وَكَسْرِ النُّوْنِ وَالْاَوَّلُ اَصَحُّ رَوٰى عَنْهَا اَخُوْهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَجَمَاعَةٌ تُوُفِّيَتْ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ

ام المومنین سیدہ ''حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا''

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۳ ہجری میں ان سے نکاح کیا اور ایک قول کے مطابق ۲ ہجری میں اور اس سے پہلے یہ خنیس بن حذافہ سہمی کے نکاح میں تھیں۔ حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہی بیان کیا ہے۔

حضرت ''عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کیا ہے' ان کا نام ''خُنَیس'' ہے۔ حضرت ''یونس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ''خَنِیس'' ذکر کیا ہے۔ پہلا زیادہ درست ہے۔ سیدہ ''حفصہ رضی اللہ عنہا'' سے ان کے بھائی حضرت ''عبداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ آپ کا انتقال ۴۵ ہجری میں ہوا۔

(270)اَلْحَسَنُ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ الْبَصَرِیْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ هُوَ الْحَسَنُ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ الْبَصَرِیُّ اَبُوْ سَعِیْدٍ وَاِسْمُ اَبِی الْحَسَنِ یَسَارٌ مَوْلٰی زَیْدِ بْنِ ثَابِتِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ عَشْرٍ وَمِائَةٍ قَالَ شَرِیْكٌ بْنُ مُوْسٰی سَمِعْتُ الْحَسَنَ یَقُوْلُ وُلِدْتُ لِسَنَتَیْنِ بَقِیَتَا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ اَنَا یَوْمُ الدَّارِ اِبْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً اَنْظُرُ اِلٰی ضَحَكِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''حسن بن ابوحسن بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''حسن بن ابوالحسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوسعید'' ہے۔ ابوالحسن کا نام ''یسار'' ہے۔ یہ حضرت ''زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۰ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''شریک بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' جب میری پیدائش ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کے ابھی دوسال رہتے تھے اور کہا: میں ''یوم الدار'' کو ۱۴ سال کا تھا۔ میں نے حضرت ''طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ'' کی زیارت کی ہے۔

(271)حُمَیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْیَرِی الْبَصَرِیُّ الْفَقِیْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ كَانَ حُمَیْدٌ اَعْلَمُ اَهْلِ الْبَصْرَةِ قَبْلَ مَوْتِهٖ بِعِشْرِیْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن حمیری بصری فقیہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حمید رحمۃ اللہ علیہ'' پورے اہلِ بصرہ میں سب سے بڑے عالم ہیں، حضرت ''امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی وفات سے بیس سال پہلے بات کہی تھی۔

(272)حَارِثُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ بْنِ اَبِیْ ذُبَابِ الدَّوْسِیُّ الْحِجَازِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی بَعَثَهٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مُصَدِّقًا وَسَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ رَوٰی عَنْهُ یَزِیْدُ بْنُ هُرْمُزَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حارث بن مغیرہ بن ابوذباب دوسی حجازی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ان کو زکوٰۃ وصول کرنے کی ذمہ داری دے کر بھیجا

تھا، انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''یزید بن ہرمز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(273)اَلْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰی عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحَسَنِ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''حسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(274)اَلْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَعُبَیْدَ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ رَافِعٍ سَمِعَ مِنْهُ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ وَالزُّهْرِیُّ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حسن بن محمد بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبیداللہ بن ابی رافع رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(275)اَلْحَسَنُ بْنُ سَعْدٍ بْنِ مَعْبَدٍ مَوْلَی عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ الْهَاشِمِی الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ رَوٰی عَنْهُ الْمَسْعُوْدِیُّ وَعُتْبَةُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِاللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن سعد بن معبد رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، ہاشمی ہیں، کوفی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عتبہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(276)اَلْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّلَمِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ رَوٰى عَنِ ابْنِ كَثِيْرٍ وَيَرْوِىْ عَنْهُ قَتَادَةُ رَحِمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(277)اَلْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ اللَّيْثِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ رَوٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ رَوٰى عَنْهُ عِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِىُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عبداللہ بن مالک بن حویرث لیثی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے، اپنے دادا سے روایت کیا ہے' اور ان سے حضرت ''عمران بن ابان واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(278)حُمَيْدُ بْنُ قَيْسٍ الطَّوِيْلُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ صَفْوَانَ مَوْلَى بَنِيْ اَسَدٍ ابْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى الْاَعْرَجُ الْمَكِّيُّ بْنُ قُرَيْشٍ اَخُ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعَ مُجَاهِدًا وَعَطَاءً رَوٰى عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَالثَّوْرِيُّ وَقَالَ كُنَّاهُ ابْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حمید بن قیس طویل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ صفوان بنی اسد بن عبدالعزیٰ اعرج مکی بن قریش کے آزاد کردہ ہیں، یہ ''عمر بن قیس'' کے بھائی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطا رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان کی کنیت ''ابوالاسود'' ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(279)حَمَّادُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ حَمَّادُ بْنُ مُسْلِمٍ سَمِعَ اَنَسًا وَاِبْرَاهِيْمَ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ مَوْلَى اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ كَنَّاهُ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ الْبُخَارِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرَاهِيْمَ يَقُوْلُ لَقَدْ سَاَلَنِيْ هٰذَا يَعْنِيْ حَمَّادًا مِثْلَ مَا سَاَلَنِيْ جَمِيْعُ النَّاسِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ اُسْتَاذُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَزِمَهٗ اِلٰى آخِرِ عُمُرِهٖ وَاَخَذَ مِنْهُ الْفِقْهَ وَهُوَ اَخَذَهٗ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيِّ وَاِبْرَاهِيْمُ اَخَذَهٗ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَهُمْ اَخَذُوْهُ مِنْ فُقَهَاءِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَاَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''حماد بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''انس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابراہیم رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔ یہ حضرت ''ابو

موسیٰ رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ تھے، آپ کہتے ہیں' ان کی کنیت ''ابواسماعیل'' تھی اور ان کی کنیت ''موسیٰ بن اسماعیل'' نے رکھی تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ حضرت ''شعبہ بن حجاب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' اس نے یعنی حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھ سے اسی طرح سوال کیا ہے جس طرح تمام لوگوں نے سوال کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے استاذ ہیں، آخری عمر میں یہ ان کے ساتھ رہے ہیں، اور ان سے فقہ حاصل کی ہے اور انہوں نے حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے فقہ حاصل کی ہے اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگردوں سے حاصل کی ہے۔ اور انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فقیہ صحابہ کرام سے حاصل کی ہے یعنی حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''، امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(280) حَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلَى اِمْرَاَةٍ مِنْ كِنْدَةَ قَالَ وَقَالَ مَعْقَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ اَبَا جُحَيْفَةَ وَرَاَى زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ سَمِعَ مِنْهُ شُعْبَةُ وَمَنْصُوْرٌ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حکم بن عتیبہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ کندہ کی ایک خاتون کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''معقل بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ کوفی ہیں۔

انہوں نے حضرت ''ابو جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی زیارت کی ہے اور ان سے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۵ ہجری میں ہوا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(281)حَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰن

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ خَالُ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ سَلْمَةَ وَسَالِمٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَ عُمَرُ بْنُ عَلِیٍّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ حَدَّثَنَا اِبْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ طَرِیْقِ مَکَّةَ وَالْمَدِیْنَةِ فَقَالَ یُوْشِكُ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْکُمْ اَهْلُ الْیَمَنِ کَاَنَّهُمْ قِطَعُ سَحَابٍ خِیَارُ مَنْ فِی الْاَرْضِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ ''ابن ابی ذئب'' کے ماموں ہے اور انہوں نے حضرت ''ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عمر بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، اپنے ماموں حضرت '' حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن جبیر بن مطعم رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد کے واسطے سے بیان کیا ہے وہ بیان کرتے ہیں' ہم مکہ اور مدینہ کے راستے میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس کچھ یمنی لوگ آئیں گے یہ اس طرح ہوتے ہیں گویا کہ بادلوں کے ٹکڑے ہوں، وہ روئے زمین پر سب سے افضل ہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(282)حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ اَرْطَاةَ الْکُوْفِیُّ النَّخْعِیُّ سَمِعَ عَطَاءَ وَرَوٰی عَنْهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِیُّ قَالَ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ کَانَ شُعْبَةُ یُدَلِّسُهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہیں' حضرت ''ابوارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں، نخعی ہیں، انہوں نے حضرت ''عطا رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' تدلیس کیا کرتے تھے۔

---

(282)حَبِيْبُ بْنُ اَبِىْ عَمْرَةِ الْقَصَّابِ

يُعَدُّ فِى الْكُوْفِيِّيْنَ وَرَوَى الْبُخَارِىُّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبیب بن ابی عمرۃ القصاب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ ان سے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(284)حَبِيْبُ بْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ حَبِيْبُ بْنُ قَيْسِ بْنِ دِيْنَارٍ اَبُوْ يَحْيَى الْكُوْفِىُّ مَوْلًى لِبَنِىْ اَسَدٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَابْنَ عُمَرَ سَمِعَ مِنْهُ الْاَعْمَشُ وَالثَّوْرِىُّ وَعَطَاءُ بْنُ اَبِىْ رَبَاحٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ عَلِىٍّ مَاتَ فِىْ رَمَضَانَ سَنَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبیب بن ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''حبیب بن قیس بن دینار ابو یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں ،بنی اسد کے آزاد کردہ ہیں، انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے،ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء بن ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابوبکر بن ابی علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'ان کا انتقال ۱۱۷ ہجری کو ماہِ رمضان میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(285)حُكَيْمُ بْنِ جُبَيْرٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ حُكَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ الْاَسَدِىُّ رَوٰى عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَاِبْرَاهِيْمَ وَرَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ قَالَ كَانَ شُعْبَةُ يَتَكَلَّمُ فِيْهِ قَالَ كَانَ اَبُوْهُ مَوْلًى لِبَنِىْ اُمَيَّةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حکیم بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حکیم بن جبیر اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کلام کیا جاتا تھا۔ آپ کہتے ہیں' ان کے والد بنی امیہ کے آزاد کردہ تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ شُیُوْخُ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شیوخ روایت کرتے ہیں

(286)حَارِثُ بْنُ سُوَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ عَائِشَةَ التَّیْمِیُّ الْکُوْفِیُّ یَرْوِیْ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ التَّیْمِیُّ اِنْ کَانَ الرَّجُلُ مِنَ الْحَیِّ لَیَجِیْءُ الْحَارِثَ ابْنَ سُوَیْدٍ فَیَسْکُتُ فَیَدْخُلُ بَیْتَهٗ

حضرت ''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابو عائشہ'' ہے، یہ تیمی ہیں، کوفی ہیں۔ یہ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابراہیم تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' اگر قبیلے کا کوئی شخص حضرت ''حارث بن سوید رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آتا اور ان کو گالی دیتا تو یہ چپ رہتے اور (خاموشی سے) اپنے گھر چلے جاتے۔

(287)حِمْرَانُ بْنُ اَبَانَ

مَوْلٰی عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلْقُرَشِیُّ اَلْاُمَوِیُّ اَلْمَدَنِیُّ سَمِعَ عُثْمَانَ سَمِعَ مِنْهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ وَعَطَاءُ بْنُ یَزِیْدَ وَاَبُوْ سَلْمَةَ وَجَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ وَمَعَاذُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالْحَسَنُ وَالْوَلِیْدُ قَالَ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَمَنْ رَوٰی عَنْهُ فَلَمْ یَذْکُرْ سِمَاعًا

حضرت ''حمران بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، قرشی ہیں، اموی ہیں، مدنی ہیں۔ انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے سماع

کیا ہے۔ ان سے حضرت ''عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوسلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معاذ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ولید رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور ان سے جن لوگوں نے روایت کی ہے ان کا ذکر سماع کے لفظ ساتھ ذکر نہیں کیا۔

(288) حِبَّةُ الْعُرَنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حِبَّةُ بْنُ جَوَيْنِ الْعَرَنِيُّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ سَلْمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ وَثَابِتُ بْنُ جُرْمَزٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ سَلْمَةَ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبہ عرنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر حضرت ''حبہ بن جوین عرنی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر کیا ہے۔ یہ کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثابت بن جرمز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ابوسلمہ کے واسطے سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(289) حَرَقُوْسُ بْنُ بِشْرٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَرَقُوْشُ بِالشِّيْنِ اَبُوْ بِشْرٍ قَالَ وَيُقَالُ حَرَقُوْصُ بِالصَّادِ رَوٰى عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ الْهَيْثَمُ بْنُ بَدْرٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حرقوش بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' اور کہا ہے' یہ ''حرقوش بن ابوبشر'' حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کو ''حرقوس'' بھی کہا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ہیثم بن بدر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی حضرت ہیثم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کردہ احادیث ان

مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(290)حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ اَبُوْ اِسْمَاعِیْلَ الْاَزْرَقُ مَوْلٰی آلِ جَرِیْرِ بْنِ حَازِمٍ اَلْجَهْضَمِیُّ الْاَزْدِیُّ الْبَصْرِیُّ سَمِعَ ثَابِتاً وَاَیُّوْبَ قَالَ قَالَ اِبْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَمِائَةٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ اَخْبَرَنَا عَمَّارٌ قَالَ اِبْنُ الْمُبَارِكِ

اَیُّهَا الطَّالِبُ عِلْماً ... أیتِ حَمَادَ بْنَ زَیْدٍ

وَاقْتَبِسْ عِلْماً بِحِلْمٍ ... ثُمَّ قَیِّدْهُ بِقَیْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ سُلَیْمَانُ بْنُ حَارِثٍ قَالَتْ اُمُّ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ اَوْ عَمَّتُهٗ قَالَتْ اِحْدَاهُمَا وُلِدَ فِیْ زَمَنِ سُلَیْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ وَقَالَتِ الْاُخْرٰی فِیْ زَمَنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ قَالَ قَالَ سُلَیْمَانُ بَیْنَ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ وَبَیْنَ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ سَنَةً اَوْ سَنَتَانِ فِی الْمَوْلِدِ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ یَرْوِی الْكَثِیْرَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''حماد بن زید ابو اسماعیل ازرق رحمۃ اللہ علیہ'' آل جریر بن حازم جہضمی، ازدی، بصری کے آزاد کردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ''ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''عمار رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ خبر دی ہے' حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''اے علم کے طلبگار تو حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آ اور اس سے علم، حلم کے سمیت حاصل کر پھر اس کو محفوظ کر لے''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابونعمان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ام حماد بن زید اور ان کی پھوپھی میں سے ایک کہتی ہیں کہ یہ سلیمان بن عبدالملک کے دورِ حکومت میں پیدا ہوئے اور دوسری کہتی ہیں: حضرت ''عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں پیدا ہوئے۔آپ کہتے ہیں' سلیمان نے کہا ہے' حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' کے درمیان پیدائش کے حوالے سے ایک یا دو سال کا فرق ہے

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان لوگوں میں سے ہیں کہ جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ

بہت ساری احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(291)حَمَّادُ بْنُ أُسَامَةَ اَبُوْ أُسَامَةِ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ وَهِشَام بْنَ عُرْوَةَ نَسَبَهٗ قُتَيْبَةُ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَمِائَتَيْنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن اسامہ ابواسامہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، ان کا نسب حضرت ''قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے اور ان کی وفات ۲۰۱ ہجری میں ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(292)حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ النَّصِيْبِيُّ

مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ رَوٰى عَنْ سُوَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن زید نصیبی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ منکر الحدیث ہیں، یہ حضرت ''سوید بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(293)حَمَّادُ بْنُ يَحْيٰى

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَمَّادُ بْنُ يَحْيٰى اَبُوْ بَكْرٍ الْاَبَحُّ قَالَ اِبْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ اِبْنِ مَهْدِيٍّ كَانَ مِنْ شُيُوْخِنَا

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حماد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حماد بن یحییٰ ابو بکر الابح ہیں۔ حضرت ''ابن ابی اسود

رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں کہا' یہ ہمارے شیوخ میں سے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(294)حَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ اَلْكُوْفِيُّ سَمِعَ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ قَالَ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيِّ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ هُوَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ وَجَدُّهٗ صَالِحُ بْنُ حَيِّ الْهَمْدَانِيُّ وَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ صَالِحِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ حَيَّانَ وَحَيٌّ لَقَبُ مُسْلِمٍ وَهُوَ مِنْ ثَوْرِ هَمْدَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ كَنَّاهُ شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ وَكِيْعٌ وُلِدَ سَنَةَ مِائَةٍ وَقَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حسن بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں، انہوں نے حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''عبدالواحد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صالح بن حی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کا بیان نقل کیا ہے، وہ کہتے ہیں' یہ حضرت ''حسن بن صالح بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور ان کے دادا حضرت ''صالح بن حی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

حضرت ''حسن بن صالح بن صالح بن مسلم بن حیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''حی'' مسلم کا لقب ہے، یہ ہمدان کے محققین میں سے تھے، یہ حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کی کنیت حضرت ''شعیب بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی پیدائش ۱۰۰ ہجری میں ہوئی ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۶۸ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(295)اَلْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ اَلْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى بُجَيْلَةَ يَرْوِيْ عَنِ الْحَكَمِ وَقَالَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّضْرَ بْنَ شُمَيْلٍ عَنْ شُعْبَةَ اَفَادَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَمَّارَةَ قَالَ اَحْسِبُهٗ قَالَ سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْ حَفِظَهٗ قَالَ

قَالَ يَحْيٰى بْنُ بُكَيْرٍ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حضرت ''حسن بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابومحمد'' ہے یہ بجیلہ کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''احمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے کہا ہے' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''نضر بن شمیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنا ہے، وہ حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' حضرت ''حسن بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے علم دیا ہے، وہ کہتے ہیں' میرا گمان یہ ہے کہ حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے اپنے حافظے کے طور پر یہ حدیث بیان کی ہے' وہ فرماتے ہیں' حضرت ''یحییٰ بن بکیر رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۵۳ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(296) حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ حَفْصُ بْنُ غِيَاثِ بْنِ طَلْقِ بْنِ مُعَاوِيَةَ اَبُوْ عُمَرَ النَّخْعِىُّ كُوْفِىٌّ سَمِعَ الْاَعْمَشَ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ كِبَارِ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَرَوٰى عَنْهُ كَثِيْرٌ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حفص بن غیاث بن طلق بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نخعی ہیں، کوفی ہیں۔ ان کی کنیت ''ابوعمر'' ہے۔ انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ آپ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۹۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے کبار شاگردوں میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(297) حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ

قَالَ الْبُخَارِىُّ حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ الْكُوْفِىُّ سَكَنَ الْمَدِيْنَةَ سَمِعَ بِشْرَ بْنَ مُهَاجِرٍ وَهِشَامَ بْنَ

عُرْوَةَ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَعَنْهُ اِسْحَاقُ وَابْنُ مَعِيْنٍ وَقُتَيْبَةُ قَالَ اَبُوْ ثَابِتٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ مَاتَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِتِسْعِ لَيَالٍ مَضَيْنَ مِنْ جُمَادَى الْاُوْلٰى سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَرْوِىْ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حاتم بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''حاتم بن اسماعیل کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو اسماعیل'' ہے، یہ مدینہ منورہ میں رہتے رہے۔انہوں نے حضرت ''بشر بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''ابوثابت محمد بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۷ ہجری جمادالاولیٰ ۱۰ رمضان جمعہ کی رات کو ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(298)حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْكِرْمَانِيُّ

سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ مَسْرُوْقٍ وَيُوْنُسَ ابْنَ يَزِيْدَ وَعَاصِمَ الْاَحْوَلَ سَمِعَ مِنْهُ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسان بن ابراہیم الکرمانی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''یونس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''عاصم الاحول رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''علی بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(299)حَمْزَةُ بْنُ حَبِيْبٍ الْمُقْرِئُ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ حَمْزَةُ بْنُ حَبِيْبٍ اَبُوْ عَمَّارَةَ الزِّيَاتُ الْقَارِئُ الْكُوْفِىُّ مَوْلٰى بَنِىْ تَيْمِ اللّٰهِ بْنِ رَبِيْعَةَ يَرْوِىْ عَنِ الْاَعْمَشِ وَحُمْرَانَ سَمِعَ مِنْهُ وَكِيْعٌ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ كَثِيْرًا فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حمزہ بن حبیب مقری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حمزہ بن حبیب ابوعمارہ زیات قاری رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی۔ یہ بنی تیم اللہ بن ربیعہ کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(300)حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ اَبُوْ عَوْفٍ الرَّوَاسِيُّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَالْحَسَنَ بْنَ الْحَسَنِ وَسَلْمَةَ بْنَ نَبِيْطٍ سَمِعَ مِنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حمید بن عبدالرحمٰن بن حمید ابوعوف رواسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلمہ بن نبیط رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(301)اَلْحَسَنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيُّ الْكُوْفِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ اَوْ نَحْوِهَا سَمِعَ اِسْرَائِيْلَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن حسن بن عطیہ عوفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے' فرمایا ہے' ان کا انتقال ۲۱۱ ہجری یا اس کے قریب ہوا ہے۔ انہوں نے حضرت ''اسرئیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

(302)حُكَيْمُ بْنُ زَيْدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَمِعَ عَمْرًا يَعْنِيْ اِبْنَ دِيْنَارٍ وَابْنَ اَبِيْ لَيْلٰى رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ قَاضِيْ مَرْوَ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ يَرْوِيْ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حکیم بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے۔فرمایا ہے' انہوں نے عمرو یعنی حضرت'' ابن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مقاتل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ مرو کے قاضی تھے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(303)اَلْحَسَنُ بْنُ الْفَرَّاتِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهِ الْحَسَنُ بْنُ الْفُرَاتِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّيْمِيُّ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُهُ زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفَرَاتِ وَوَكِيْعٌ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ يُعَدُّ فِي الْكُوْفِيِّيْنَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْكَثِيْرُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حسن بن فرات ابن ابی عبدالرحمٰن تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور یہ حضرت ''ابن ابی ملیکہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کا کوفیین میں شمار ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ بہت ساری احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(304)حَبَّانُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ الْكُوْفِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ بَيَّاعُ الْاَنْمَاطِ سَمِعَ سُوَيْدَ بْنَ غَفْلَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَرَوٰى عَنْهُ مَنْصُوْرٌ وَالثَّوْرِيُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حبان بن سلیمان جعفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے، یہ غالیچے بیچا کرتے تھے۔ انہوں نے حضرت ''سوید بن غفلہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(305)حُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيْدِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيْدِ اَبُوْ عَلِيٍّ النَّيْسَابُوْرِيُّ الْقُرَشِيُّ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسین بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے، یہ حضرت ''حسین بن ولید ابوعلی نیشاپوری قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ ان کا انتقال ۲۰۳ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(306)حَسَنُ بْنُ الْحُرِّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حَسَنُ بْنُ الْحُرِّ الْكُوْفِيُّ اَبُوْ الْحَكَمِ النَّخَعِيُّ اَوِ الْجُعْفِيُّ سَمِعَ الشَّعْبِيَّ وَالْقَاسِمَ بْنَ الْمُخَيْمِرَةِ وَحَبِيْبَ بْنَ اَبِيْ ثَابِتٍ وَقَالَ كَنَّاهُ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ وَزُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ وَحُمَيْدُ الرَّوَّاسِيُّ قَالَ هُوَ خَالُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن حر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' یہ حضرت ''حسن بن حر کوفی ابوالحکم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ ''جعفی'' ہیں۔

انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حبیب بن ابوثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔ ان سے حضرت ''محمد بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہیر بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حمید رواسی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ حضرت ''حسین بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ماموں تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(307) حُرَيْثُ بْنُ نَبْهَانَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حُرَيْثُ بْنُ نَبْهَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ وَالْاَعْمَشِ (اَلْجَرَمِىُّ) نَسَبَهٗ مُسْلِمٌ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حریث بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' یہ حضرت ''حریث بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اعمش جرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(308) حَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حَسَنُ بْنُ بِشْرٍ وَزَادَ الْخَطِيْبُ فَقَالَ حَسَنُ بْنُ بِشْرِ بْنِ سَلْمِ بْنِ

الْمُسَيَّبِ اَبُوْ عَلِيّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ زُهَيْرً اَوْ مُعَافٰى مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْد

حضرت ''حسن بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' یہ حضرت ''حسن بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کچھ اضافہ کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''حسن بن بشر بن مسلم بن مسیّب ابوعلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''زہیر یا معافی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۲۱ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(309) حُسَيْنُ بْنُ عَلْوَانَ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حُسَيْنُ بْنُ عَلْوَانَ بْنِ قُدَّامَةَ اَبُوْ عَلِيّ الْكَلْبِيُّ كُوْفِيُّ الْاَصْلِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ وَسُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ عِيْسٰى الصَّفَّارُ وَغَيْرُهُمْ ثُمَّ ذَكَرَ مَا قِيْلَ فِيْهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْد

حضرت ''حسن بن علوان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''حسین بن علوان بن قدامہ ابوعلی کلبی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ کوفہ میں پیدا ہوئے اور بغداد میں رہے اور وہاں پر حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے احادیث بیان کی ہیں اور ان سے حضرت ''ابوابراہیم ترجمانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسماعیل بن عیسیٰ صفار رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔ اس کے بعد خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے بارے میں مزید اقوال نقل کئے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی ان لوگوں میں سے ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(310) حَسَنُ بْنُ رَشِيْدٍ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حَسَنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلِ بْنِ رَشِيْدٍ يَرْوِىْ عَنْ اَبِيْهِ وَاَبُوْهُ يَرْوِىْ عَنْ سُفْيَانَ

وَمَالِكٍ وَجَمَاعَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن رشید رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور فرماتے ہیں' یہ حضرت ''حسن بن اسماعیل بن رشید رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان کے والد نے حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک پوری جماعت سے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(311)اَلْحَسَنُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

هُوَ اَيْضاً مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مَعْرُوْفٌ عِنْدَ اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ

حضرت ''حسن بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ اور یہ اصحاب حدیث کے ہاں بہت مشہور و معروف شخصیت ہیں۔

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ اَصْحَابِ بَعْضِ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

ان مسانید کے بعض اصحاب کا ذکر

(312)اَلْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اَبُوْ عَلِيٍّ اللُّؤْلُؤِىّ

صَاحِبُ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ السَّابِعِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلَى الْاَنْصَارِ حَدَّثَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ الْقَاضِىْ وَمُحَمَّدُ ابْنُ شُجَاعٍ الثَّلْجِىُّ وَشُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ الصَّيْرَفِىُّ قَالَ هُوَ كُوْفِىٌّ نَزَلَ بَغْدَادَ قَالَ الْخَطِيْبُ تُوُفِّىَ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمَائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فَجُعِلَ مَكَانَهٗ عَلَى الْقَضَاءِ اَلْحَسَنُ بْنُ زِيَادِ اللُّؤْلُؤِىّ وَقَالَ لَمَّا تَوَلّٰى الْقَضَاءَ لَمْ يُوَفَّقْ وَكَانَ حَافِظَ لِقَوْلِ اَصْحَابِهٖ فَبَعَثَ اِلَيْهِ دَاوٗدُ الطَّائِىُّ وَيْحَكَ اِنَّكَ لَمْ تُوَفَّقْ لِلْقَضَاءِ وَاَرْجُوْ اَنْ يَّكُوْنَ هٰذَا لِخَيْرٍ اَرَادَهُ اللّٰهُ بِكَ فَاسْتَعْفِ فَاسْتَعْفٰى وَاسْتَرَاحَ قَالَ الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰى مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ زِيَادٍ يَقُوْلُ كَتَبْتُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِثْنَى عَشَرَ اَلْفَ حَدِيْثٍ كُلُّهَا يَحْتَاجُ اِلَيْهَا الْفُقَهَاءُ قَالَ

قَالَ الطَّحَاوِیُّ مَاتَ الْحَسَنُ بْنُ اَبِیْ مَالِكٍ وَالْحَسَنُ بْنُ زِیَادٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمَائَتَیْنِ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْهِمَا

حضرت حسن بن زیاد ابوعلی لؤلوی رحمۃ اللہ علیہ

یہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہیں اور انہوں نے ان مسانید میں سے ساتویں مسند تالیف کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، یہ انصار کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن سماعہ قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''محمد بن شجاع ثلجی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں' یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، بغداد میں رہائش پذیر رہے

خطیب بغدادی نے کہا ہے' حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۷۴ ہجری میں ہوا۔ ان کی جگہ پر مسند قضاء پر حضرت ''حسن بن زیاد لولوی رحمۃ اللہ علیہ'' کو فائز کیا گیا۔ اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' جب یہ قضاء کی مسند پر بیٹھے تو اس کو نبھا نہ سکے۔ یہ اپنے اصحاب کے اقوال کے حافظ تھے، حضرت ''داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی جانب یہ پیغام بھیجا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تم قضاء کو نبھا نہ سکے اور میں امید رکھتا ہوں کہ یہ آپ کے لئے خیر ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کے ذریعے آپ کے ساتھ خیر کا ارادہ کیا ہے، تم استعفیٰ دے دو۔ تو انہوں نے استعفیٰ دے دیا اور اپنی جان چھڑائی۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد حضرت ''محمد بن سماعہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' میں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے ۱۲۰۰۰ حدیثیں نقل کی ہیں، سب کی سب فقہاء کی ضرورت ہیں۔

حضرت ''امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حسن بن ابو مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' دونوں کا انتقال ۲۰۴ ہجری میں ہوا۔

---

(313) حَمَّادُ بْنُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ

هُوَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الثَّالِثِ عَشَر وَقَدْ ذَكَرْنَاهُ فِیْ اَوَّلِ الْكِتَابِ وَهُوَ اِمَامٌ فِیْ عِلْمِ الْحَدِیْثِ وَالْفِقْهِ ثِقَةٌ عَدْلٌ وَثَّقَهُ اَصْحَابُ الْحَدِیْثِ

حضرت ''حماد بن ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے تیسری مسند تالیف کی ہے، ہم نے کتاب کے شروع میں ان کا ذکر کر دیا تھا، یہ حدیث اور فقہ کے امام تھے، ثقہ تھے اور عادل تھے اور اصحاب حدیث نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔

---

(314) اَلْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خِسْرَو الْبَلْخِیّ

صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْعَاشِرِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْد قَالَ الْحَافِظُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ النَّجَّارِ فِیْ

تَارِيْخِهٖ بَعْدَمَا ذَكَرَ نَسَبَهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ السِّمْسَارِ الْحَنَفِيُّ مُفِيْدُ اَهْلِ بَغْدَادِ فِيْ وَقْتِهٖ سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مَالِكِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْبَانِيَاسِيِّ وَاَبِي الْغَنَائِمِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ الدِّقَاقِ وَاَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ مُحَمَّدِبْنِ الْخَطِيْبِ الْاَنْبَارِيِّ وَاَبِيْ يُوْسُفَ عَبْدِ السَّلَامِ وَاَبِيْ مُحَمَّدٍ الْقَزْوِيْنِيِّ وَاَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ قُرَيْشٍ وَاَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حُمَيْدِ الْبَزَّازِ وَاَبِي الْخَطَّابِ نَصْرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرِ الْقَارِيْ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَحْمَدَ ابْنِ مُحَمَّدِبْنِ طَلْحَةَ وَاَبِي الْبَرَكَاتِ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ نَفِيْسٍ وَاَبِيْ شُجَاعٍ فَارِسِ بْنِ الْحُسَيْنِ الذُّهْلِيِّ وَالنَّقِيْبِ اَبِي الْفَوَارِسِ طَرَّادِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيِّ وَغَيْرِهِمْ وَاَكْثَرَ عَنْ اَصْحَابِ عَلِيِّ بْنِ شَاذَانَ وَاَبِي الْقَاسِمِ بْنِ بِشْرَانَ وَاَبِيْ طَالِبِ ابْنِ غَيْلَانَ وَاَبِي الْقَاسِمِ التَّنُوْخِيِّ وَاَبِيْ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِيِّ وَاَمْثَالِهِمْ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ وَبَالَغَ فِي الطَّلَبِ حَتّٰى سَمِعَ مِنْ طَبَقَةٍ دُوْنَ هٰؤُلَاءِ وَكَتَبَ الْكَثِيْرَ مِنَ الْكُتُبِ لِنَفْسِهٖ وَلِغَيْرِهٖ وَكَانَ مُفِيْدٌ لِلْغُرَبَاءِ وَجَمَعَ مُسْنَداً لِاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقَالَ مَاتَ فِيْ سَابِعِ شَوَالٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسین بن محمد بن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ''

ان مسانید میں سے دسویں مسند انہوں نے تالیف کی ہے۔ حضرت ''ابوعبداللہ محمد بن محمود بن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا نسب بیان کرنے کے بعد کہا ہے' حضرت ''ابوعبداللہ سمسار حنفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ اپنے وقت کے اندر اہل بغداد میں سب سے زیادہ عالم تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ مالک بن احمد بن علی بانیاسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالغنائم محمد بن ابوعثمان دقاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالحسن علی بن محمد بن محمد خطیب انباری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یوسف عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو محمد قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن حسین بن قریش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد بن حمید بزاز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوخطاب نصر بن احمد بن نصر قاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن احمد ابن محمد بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات احمد بن عثمان بن احمد بن نفیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوشجاع فارس بن حسین زہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نقیب ابوفوارس طراد بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''علی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے بہت سارے بزرگوں کے شاگردوں سے احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے احادیث کی طلب کے اندر بہت جدوجہد کی، یہاں تک کہ ان کے علاوہ بھی بہت بڑے طبقے سے احادیث کا سماع کیا ہے اور اپنے لئے اور دوسروں کے لئے حدیث کی بہت ساری کتابیں لکھی ہیں، یہ غریب احادیث والوں کے لئے بہت مفید ہیں اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی بھی ایک مسند جمع کی ہے اور حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ان کا انتقال ۵۷۶ ہجری میں ہوا۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ
اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(315)اَلْحَسَنُ بْنُ حَسَنِ بْنِ شَاذَانَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهِ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ شَاذَانَ بْنِ مِهْرَانَ اَبُوْ عَلِیٍّ الْبَزَّازِ وُلِدَ لَیْلَةَ الْخَمِیْسِ لِاثْنَتَیْ عَشْرَةَ لَیْلَةً خَلَتْ مِنْ رَبِیْعٍ الْاَوَّلِ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ قَالَ کَذٰلِكَ رَاَیْتُهُ بِخَطِّ وَالِدِهٖ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ اَحْمَدَ الدَّقَّاقَ وَاَحْمَدَ بْنَ سُلَیْمَانِ الْعَبَادَانِیَّ وَاَحْمَدَ ابْنَ سُلَیْمَانَ النَّجَّادِ وَحَمْزَةَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدَّهَانَ وَاَحْمَدَ بْنَ عُثْمَانَ بْنِ الْاٰدَمِیِّ وَعَبْدَ الصَّمَدِ ابْنَ عَلِیٍّ وَجَعْفَرَ الْخُلْدِیَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اِسْحَاقَ الْبَغَوِیَّ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِیْبُ ثُمَّ قَالَ کَتَبْنَا عَنْهُ وَکَانَ صَدُوْقًا وَکَانَ یُتَّهَمُ بِالْکَلَامِ عَلٰی مَذْهَبِ الْاَشْعَرِیِّ وَکَانَ مَشْهُوْرًا بِشُرْبِ النَّبِیْذِ اِلٰی اَنْ تَرَکَهُ فِیْ آخِرِ عُمُرِهٖ مَاتَ مُسْتَهِلَّ مُحَرَّمٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّعِشْرِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حسن بن حسن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: حضرت ''حسن بن احمد بن ابراہیم بن محمد بن شاذان بن مہران ابوعلی البزاز رحمۃ اللہ علیہ''۔ ۳۴۵ ہجری کو ۱۲ ربیع الاول جمعرات کی رات میں پیدا ہوئے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' میں نے ان کے والد کی تحریر میں، اسی طرح دیکھا ہے۔

انہوں نے حضرت ''عثمان بن احمد بن دقاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن سلیمان عبادانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن سلیمان نجاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حمزہ بن محمد دہان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عثمان بن آدمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالصمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جعفر خلدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن اسحاق بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی ایک پوری جماعت سے روایت کی ہے، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے' ہم نے ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ صدوق تھے اور ان کو حضرت ''امام ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب پر کلام کے بارے میں متہم کیا جاتا تھا۔ یہ نبیذ پینے کے حوالے سے مشہور تھے لیکن آخری عمر میں انہوں نے چھوڑ دیا تھا، جب ان کا انتقال ہوا تو ۴۲۶ ہجری ماہِ محرم کا چاند نظر آیا تھا۔

(316)اَلْحَسَنُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ الْمُغِیْرَةِ اَبُوْ عَلِیٍّ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ ذَرٍّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهِ (اَلثَّعَالَبِیُّ) مِنْ اَهْلِ الْجَانِبِ الشَّرْقِیِّ سَمِعَ اَبَا بَکْرِ الشَّافِعِیَّ وَاَحْمَدَ بْنَ یُوْسُفَ بْنَ خَلَّادٍ وَاَبَا سَعِیْدِ بْنَ رَمِیْحٍ النَّسَوِیَّ وَاَحْمَدَ ابْنَ جَعْفَرِ بْنَ سَالِمٍ الْحَنْبَلِیَّ وَسَعْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ الصَّیْرَفِیَّ وَعَلِیَّ

بْنَ هَارُوْنَ السِّمْسَار وَمُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرٍ الدَّقَاقَ قَالَ سَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدتُّ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسن بن حسین بن عباس بن فضل بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعلی'' ہے، اور یہ ابن ذر کے نام سے مشہور ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں' جانب شرقی والوں میں سے انہوں نے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن یوسف بن خلاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید بن رمیح نسوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن جعفر بن سالم حنبلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعد بن محمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن ہارون سمسار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جعفر دقاق رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا: میری پیدائش ۳۴۶ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۴۳۱ ہجری میں ہوا۔

(317) اَلْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ حَارِثُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ اَبِیْ اُسَامَةَ وَقَالَ اِسْمُ اَبِیْ اُسَامَةَ زَاهِدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ بْنِ شَمَاسِ بْنِ حَنْظَلَةَ ابْنِ عَامِرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةِ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ تَمِيْمٍ قَالَ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ عَاصِمٍ وَيَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَعَبْدَ الْوَهَّابِ بْنَ عَطَاءٍ وَاَبَا النَّضْرِ هَاشِمَ بْنَ الْقَاسِمِ وَرَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ عُمَرَ الْوَاقِدِیَّ وَجَمَاعَةً رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِی الدُّنْيَا وَمُحَمَّدُ بْنُ جَرِيْرٍ الطَّبَرِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ خَلْفٍ وَوَكِيْعٌ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمْ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ سَنَةَ سِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ قَالَ وَبَلَغَ مِنَ الْعُمُرِ سِتًّا وَّتِسْعِيْنَ سَنَةً

حضرت ''حارث بن ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں' حضرت ''حارث بن محمد بن ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور کہا ہے' حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''زاہد بن یزید بن علی بن سائب بن شماس بن حنظلہ بن عامر بن حارث بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم'' ہے۔ انہوں نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونضر ہاشم بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''روح بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عمر واقدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابوبکر ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جریر طبری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن خلف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کیا ہے، ان کے نام خطیب بغدادی نے ذکر کئے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' ان کا انتقال ۲۶۰ ہجری میں ہوا۔ اور ان کی عمر ۹۶ برس تھی۔

(318)حَسَنُ بْنُ الْخَلاَلِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْخَلاَلُ يُعْرَفُ بِالْحَلْوَانِيِّ سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَعَبْدَ الرَّزَّاقِ بْنَ هَمَّامٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ وَاَبَا اُسَامَةَ وَزَيْدَ بْنَ الْحَبَّابِ وَاَبَا عَاصِمِ النَّبِيْلَ وَعَفَّانَ بْنَ مُسْلِمٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عِيْسٰى الطَّبَاعِ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَرَبِيُّ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن خلال رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''حسن بن علی ابو محمد خلال رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حلوانی کے نام سے مشہور تھے۔انہوں نے حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زید بن حباب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عاصم نبیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عفان بن مسلم، محمد بن عیسیٰ طباع رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن ابراہیم حرب رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(319)حَسَنُ بْنُ اَبِي الْاَحْوَصِ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حَسَنُ بْنُ عُمَرَ ابْنِ اَبِي الْاَحْوَصِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُمَرَ ابْنِ اَبِي الْاَحْوَصِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَفِيْفِ بْنِ صَالِحٍ مَوْلٰى عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدِ الثَّقَفِيِّ وَيُكَنّٰى اَبَا الْحَسَنِ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهِمَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ وَجَمَاعَةٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَكَانَ ثِقَةً قَالَ مَاتَ سَنَةَ ثَلاَثِ مِائَةٍ بِبَغْدَادَ وَحُمِلَ اِلَى الْكُوْفَةِ وَدُفِنَ بِهَا

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حسن بن ابو احوص رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں' اور کہا ہے' حضرت ''حسن بن عمر بن ابو احوص ابراہیم بن عمر ابن ابی احوص ابراہیم بن عمر عفیف بن صالح عروہ بن مسعود ثقفی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ تھے، ان کی کنیت ''ابو الحسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہے، ان کا تعلق اہل کوفہ سے ہے، بغداد میں رہائش پذیر رہے اور وہاں پر اپنے والد کے واسطے سے حضرت ''احمد بن

عبداللہ بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث روایت کی ہے۔ان سے حضرت ''ابو بکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ ثقہ تھے۔ان کا انتقال بغداد میں ۳۰۰ ہجری میں ہوا اور ان کو کوفہ کی طرف اٹھا کر لے جایا گیا وہاں پر ان کو دفن کیا گیا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں، ان کی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(320)حَسَن بْنُ غِيَاثٍ

ذَكَرَهُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَرَوٰى حَدِيْثاً بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ مُوْسَى الْجَلُوْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِبْنِ عَبَّاسٍ عَنِ التِّمْتَامِ يَحْيَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رُزِقْتُ وَلَداً قَطُّ وَلَا وَلَدَ فِي الْحَدِيْثِ اِلٰى آخِرِهٖ وَقَدْ مَرَّ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ

حضرت ''حسن بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے اور انہوں نے ایک حدیث ان کی اسناد کے ہمراہ ذکر کی ہے اور وہ یہ ہے: حضرت ''محمد بن موسیٰ جلودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''محمد بن عباس رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''تمتام یحییٰ بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے وہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' ایک انصاری شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس اولاد نہیں ہے۔اس کے بعد پوری حدیث بیان کی اور یہ حدیث کتاب کے آغاز میں گزر چکی ہے۔

(321)اَلْحَسَنُ بْنُ الصَّبَاحِ اَبُوْ عَلِيٍّ الْبَزَّارُ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَاحِ اَبُوْ عَلِيٍّ الْبَزَّارُ سَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ وَمَعْنَ بْنَ عِيْسٰى وَاَبَا مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرَ وَحَجَّاجَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَاَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِئَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَاَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ وَهُوَ آخِرُ مَنْ حَدَّثَ عَنِ الْمُحَامِلِيِّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِي الْكَثِيْرَ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسن بن صباح ابوعلی بزار رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے' حضرت ''حسن بن صباح ابوعلی بزار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معن بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومعاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حجاج بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، اوران سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسماعیل ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ وہ آخری محدث ہیں جنہوں نے حضرت ''محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے واسطے سے امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' ان کا انتقال ۲۴۹ ہجری میں ہوا۔

(322) اَلْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةَ بْنِ زَيْدٍ الْعَبَدِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ عَيَّاشٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ وَعِيْسَى بْنَ يُوْنُسَ وَمَرْوَانَ بْنَ شُجَاعٍ وَهِشَامَ بْنَ بَشِيْرٍ وَاِسْمَاعِيْلَ بْنَ عُلَيَّةَ وَاَبَا حَفْصٍ الْاَبَارَ وَجَمَاعَةً مِنْهُمْ حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ وَيَحْيَى بْنُ سَلِيْمٍ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةٍ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ حُكَيْمٍ سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ وَسُئِلَ كَمْ تُعَدُّ مِنَ السِّنِيْنِ قَالَ مِائَةٌ وَّعَشَرَةٌ لَمْ يَبْلُغْ اَحَدٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا السِّنَّ غَيْرِىْ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِالْخَلَالُ وُلِدَ الشَّافِعِيُّ وَبِشْرُ بْنُ الْحَارِثِ وَخَلْفُ بْنُ هِشَامٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمَائَةٍ وَمَاتَ الشَّافِعِيُّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَتَيْنِ وَمَاتَ بِشْرٌ سَنَةَ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَاتَ خَلْفُ بْنُ هِشَامٍ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَاتَ الْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

حضرت ''حسن بن عرفہ بن زید عبدی رحمۃ اللہ علیہ''۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عیسیٰ بن یونس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مروان بن شجاع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص ابار رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ ان میں سے حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ اوران سے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ناجیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور پوری ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''احمد

بن محمد بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو سنا ہے، ان سے پوچھا گیا، ان کی عمر کتنی تھی؟ انہوں نے کہا: ۱۱۰ سال۔ اہل علم میں اس عمر تک میرے سوا کوئی نہیں پہنچا۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے: حسن بن محمد خلال نے کہا ہے' حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''بشر بن حارث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سب کی پیدائش ۱۵۰ ہجری میں ہوئی۔ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' ۲۰۴ ہجری میں فوت ہوئے، حضرت بشر بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۲۷ ہجری میں ہوا۔ حضرت '' خلف بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۲۹ ہجری میں ہوا اور حضرت '' حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ۲۵۹ ہجری میں فوت ہوئے۔

(323)حُسَيْنُ بْنُ شَاكِرٍ وَهُوَ حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَاكِرٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ اَبُوْ عَلِيٍّ السَّمَرْقَنْدِيُّ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْمُنْذِرِ وَمُحَمَّدِ بْنِ مِهْرَانَ وَمُحَمَّدِ ابْنِ رَمِيْحٍ الْمُقْرِئِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَوْنِ الْقَوَّاسِ وَاَحْمَدِ بْنِ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِيِّ وَغَيْرِهِمْ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ وَغَيْرُهُمْ قَالَ الْخَطِيْبُ كَانَ مَوْلَى دَاوٗدَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَصْبَهَانِيِّ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسین بن شاکر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ عبداللہ بن شاکر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ حضرت ''ابوعلی سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، بغداد میں رہائش پذیر رہے، حضرت ''ابراہیم بن منذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مہران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن رمیح مقری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عمر بن عون قواس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حفص بن عبداللہ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین کے حوالے سے انہوں نے احادیث بیان کی ہیں اور ان سے حضرت ''محمد بن سلیمان باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، اور دیگر محدثین نے احادیث روایت کی ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ حضرت ''داؤد بن علی اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ تھے، ان کا انتقال ۲۸۳ ہجری میں ہوا۔

(324)حُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمُحَامِلِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ هُوَ حُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ سَعِيْدِ ابْنِ اَبَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِيْ الضَّبِّيُّ الْمُحَامِلِيُّ سَمِعَ يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانِ وَاَبَا هِشَامٍ الرَّفَاعِيَّ وَيَعْقُوْبَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيَّ وَالْحَسَنَ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَّاتِ وَعَمْرِو بْنِ عَلِيٍّ الْفَلَّاسَ وَمُحَمَّدَ بْنَ الْمُثَنّٰى وَجَمَاعَةً مِنْهُمْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَزِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ وَخَلْقاً مِنْ هٰذِهِ الطَّبْقَةِ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْجُعَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ الْمُحَامِلِيَّ يَقُوْلُ وُلِدْتُّ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، یہ حضرت ''اسماعیل بن سعید بن ابان، ابوعبداللہ قاضی، ضبی، محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

انہوں نے حضرت ''یوسف بن موسیٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو ہشام رفاعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن ابراہیم دورقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن علی فلاس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے جن میں سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زیاد بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقہ کے بہت سارے محدثین شامل ہیں۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن عمر جعانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''محمد بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، میں نے حضرت ''حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، میں ۲۳۵ ہجری میں پیدا ہوا۔ ان کا انتقال ۳۳۰ ہجری میں ہوا۔

(325) حُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّلْمَانِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حَسَنُ بْنُ جَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدِبْنِ جَعْفَرِ بْنِ دَاوٗدَ بْنِ الْحَسَنِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ السَّلْمَانِيُّ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدِ الْجَرَمِيَّ وَاَبَا حَفْصِ بْنِ الزَّيَاتِ وَعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدِبْنِ لُؤْلُؤٍ وَاَبَا بَكْرِ الْاَبْهَرِيِّ وَاَبَا الْحَسَنِ الدَّارِقُطْنِيِّ وَاَبَا حَفْصِ بْنِ شَاهِيْنِ قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ كَانَ ثِقَةً مَأْمُوْناً مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسین بن جعفر سلمانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے، حضرت ''حسن بن جعفر بن محمد بن جعفر بن داؤد بن حسن ابو عبداللہ سلمانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوسعید جرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن زیادت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن محمد بن لولو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر ابہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، میں نے بھی ان سے احادیث لکھی ہیں، یہ ثقہ تھے، مامون تھے۔ ان کا انتقال ۴۴۶ ہجری میں ہوا۔

(326) حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثِ بْنِ الْحَسَنِ ابْنِ ثَابِتِ بْنِ عَطِيَّةَ اَبُوْ عَمَّارَةَ مَرْوَزِيٌّ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجاً وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ وَالْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى السِّيْنَانِيِّ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسَى السِّيْنَانِيِّ وَغَيْرِهٖ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ

الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''حسین بن حریث رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: حضرت ''حسین بن حریث بن حسن بن ثابت بن عطیہ ابو عمارہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حج کرنے آئے اور بغداد آئے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''عبد بن ابی حازم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کیں، ان کے حوالے سے حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان کا انتقال ۲۴۴ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ ایسی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(327) حُسَیْنُ بْنُ حَسَنِ بْنِ عَطِیَّةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ جُنَادَةَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَوْفِیُّ مِنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ سَمِعَ سَمَاعاً کَثِیْرًا قَدِمَ بَغْدَادَ فَوَلَّوْهُ قَضَاءَ الشَّرْقِیَّةِ بَعْدَ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ ثُمَّ نَقَلَ مِنَ الشَّرْقِیَّةِ اِلَی عَسْکَرِ الْمَهْدِیِّ فِیْ خِلَافَةِ هَارُوْنَ ثُمَّ عُزِلَ قَالَ ثُمَّ نَزَلَ بَغْدَادَ حَتّٰی مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حسین بن حسن بن عطیہ بن سعد بن جنادہ ابوعبداللہ عوفی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہلِ کوفہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے، حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے انہوں نے بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے۔ یہ بغداد میں آئے، انہوں نے ان کو حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعد شرقی علاقے کی مسند قضاء پر فائز کر دیا پھر ان کو شرقیہ سے ''عسکر مہدی'' کی جانب بھیج دیا۔ یہ حضرت ''ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' کے دورِ حکومت کی بات ہے۔ پھر ان کو معزول کر دیا گیا۔ پھر یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے یہاں تک کہ ۱۸۲ ہجری میں فوت ہو گئے۔

(328) حُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِی الصَّیْمَرِیُّ صَاحِبُ مَنَاقِبِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَکَنَ بَغْدَادَ وَکَانَ اَحَدُ الْفُقَهَاءِ الْمَذْکُوْرِیْنَ مِنْ فُقَهَاءِ الْعِرَاقِ حَسَنَ الْعِبَارَةِ جَیِّدَ النَّظْرِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِالْمَدَائِنِ اَوَّلاً ثُمَّ وَلِیَ الْقَضَاءَ فِیْ آخِرِهٖ بِرُبْعِ الْکَرْخِ وَلَمْ یَزَلْ یَتَقَلَّدُهٗ اِلٰی حِیْنِ وَفَاتِهٖ وَحَدَّثَ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ الْمُفِیْدِ الْجُرْجَانِیِّ وَاَبِیْ بَکْرِ بْنِ شَاذَانَ وَاَبِیْ حَفْصِ بْنِ شَاهِیْنَ وَغَیْرِهٖ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ کَتَبْتُ عَنْهُ وَکَانَ صَدُوْقاً مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِحْدٰی وَخَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ

مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''حسین بن علی بن محمد بن جعفر ابوعبداللہ قاضی صیمری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' مناقب انہوں نے جمع کئے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور فقہاء عراق میں سے تھے۔ ''حسن العبارة'' تھے، جید النظر تھے، اور مدائن میں پہلے مسند قضاء پر فائز ہوئے پھر ربع الکرخ میں آخری عمر میں مسند قضاء پر فائز رہے اور یہ وفات تک وہاں کے فرائض منصبی ادا کرتے رہے۔ حضرت ''بوبکر مفید جرجانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، اور دیگر محدثین سے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' میں نے ان سے احادیث لکھی ہیں اور یہ صدوق تھے۔ ان کا انتقال ۴۳۶ ہجری میں ہوا، ان کی پیدائش ۳۵۱ ہجری کی ہے۔

(329)اَلْحُسَیْنُ بْنُ یُوْسُفَ اَبُوْ عَلِیٍّ الْمَدِیْنِیُّ

حَدَّثَ بِبَغْدَادَ عَنْ هَاشِمِ بْنِ مَخْلَدٍ

حضرت ''حسین بن یوسف ابوعلی المدینی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے بغداد میں حضرت ''ہاشم بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا ہے۔

(330)اَلْحُسَیْنُ بْنُ یُوْسُفَ بْنِ عَلِیٍّ اَبُوْ عَلِیٍّ الصَّیْرَفِیُّ

حَدَّثَ عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ هَارُوْنَ الْخَلَالِ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ مِنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ الْفَرَّاتِ وَغَیْرُهٗ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَخَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ فِیْ سَنَةِ ثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ

حضرت ''حسین بن یوسف بن علی ابوعلی صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''احمد بن محمد بن ہارون خلال رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: ان سے حضرت ''محمد بن عباس بن فرات رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۵۲ ہجری میں ہوا اور ان کی پیدائش ۲۸۰ ہجری کی ہے۔

(331)حُمَیْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ مَالِكِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ الْحَسَنِ اللَّخْمِیُّ الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ بَشِیْرٍ وَحَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ وَمُصْعَبِ بْنِ الْمِقْدَامِ وَحَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ وَغَیْرِهِمْ رَوٰی عَنْهُ الْبَاغِنْدِیُّ وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمَّادِ الْقَاضِیْ وَالْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْمُحَامِلِیُّ

حضرت ''حمید بن ربیع بن محمد بن مالک بن محمد بن عبداللہ ابوالحسن لخمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: یہ بغداد میں آئے اور حضرت ''ہشام بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین کے حوالے سے احادیث بیان کیں۔ اوران سے حضرت ''باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن حماد قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن اسماعیل محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

(332)حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْن

اَبُو الْفَرَجِ الْمُقْرِئ يُعْرَفُ بِابْنِ عَلاَنَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ الشَّافِعِيِّ وَحَبِيْبِ بْنِ الْحَسَنِ الْقَزَّازِ وَابْنِ مَالِكِ الْقَطِيْعِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَبْهَرِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُظَفَّرِ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ شَاذَانَ قَالَ الْخَطِيْبُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ سِمَاعُهٗ صَحِيْحاً وَمَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''حسین بن عبداللہ بن احمد بن حسین ابوالفرج مقری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''ابن علانہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے پہچانے جاتے تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: انہوں نے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حبیب بن حسن قزاز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ ابہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' میں نے بھی ان سے احادیث لکھی ہیں اوران سے سماع صحیح تھا۔ ان کا انتقال ۴۲۰ ہجری میں ہوا۔

(333)حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ مَعْقَلٍ اَبُوْ الْفَضْلِ النَّيْسَابُوْرِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مُحَمَّدِبْنِ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ نَصْرٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ وَمَا عَلِمْتُ مِنْهُ اِلَّا خَيْراً

حضرت ''حسین بن محمد بن بن معقل ابوالفضل نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''محمد بن حفص بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی اوران سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہیں اورآپ نے فرمایا ہے' میں ان کے بارے میں خیر ہی جانتا ہوں۔

(334)اَلْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ مُطِيْعٍ الْبَلَخِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ حَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ مُطِيْعٍ الْبَلَخِيُّ حَدَّثَ

عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ وَبَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ وَعُبَادِ بْنِ كَثِيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ وَاِبْرَاهِيْمِ بْنِ نَبْهَانَ وَاِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ وَاَبِيْ حَنِيْفَةَ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُفْيَانِ الثَّوْرِيِّ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ وَجَمَاعَةٌ مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ فَقِيْهاً بَصِيْرًا بِالرَّاْيِ وَوَلِيَ قَضَاءَ بَلْخَ وَقَدِمَ بَغْدَادَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَحَدَّثَ بِهَا وَرَوٰى بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِي الْقَاسِمِ بْنِ رَزِيْنٍ وَكَانَ مِنْ تَلَامِذَةِ اَبِيْ مُطِيْعٍ قَالَ قَدِمْتُ بَغْدَادَ مَعَ اَبِيْ مُطِيْعٍ فَاسْتَقْبَلَهُ اَبُوْ يُوْسُفَ وَنَزَلَ عَنْ دَابَّتِهٖ وَاَخَذَ بِيَدِهٖ فَدَخَلَا الْمَسْجِدَ وَاَخَذَا فِي الْمُنَاظَرَةِ وَقَالَ قَالَ اِبْنُ الْمُبَارَكِ اَبُوْ مُطِيْعٍ الْبَلْخِيُّ لَهُ الْمِنَّةُ عَلٰى جَمِيْعِ اَهْلِ الدُّنْيَا مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ قَالَ اِبْنُهٗ وَهُوَ اِبْنُ اَرْبَعٍ وَّثَمَانِيْنَ سَنَةً وَقَالَ وَلِيَ الْقَضَاءَ وَعُمُرُهٗ سِتَّ عَشَرَةَ سَنَةً

حضرت ''حکم بن عبداللہ ابو مطیع بلخی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے' حضرت ''حکم بن عبداللہ بن سلمہ بن عبدالرحمٰن ابو مطیع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ہشام بن حسان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بکر بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عباد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسرائیل بن یونس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے حضرت ''احمد بن منیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور اہل خراسان کی ایک جماعت نے راویت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' یہ فقیہ تھے اور اپنی رائے پر بصارت رکھنے والے تھے۔ بلخ کے مسند قضاء پر فائز رہے اور کئی مرتبہ بغداد تشریف لائے اور یہاں پر حدیث بیان کی اور انہوں نے اپنی اسناد حضرت ''ابوالقاسم بن رزین رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے۔ یہ حضرت ''ابو مطیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگردوں میں سے تھے۔ وہ فرماتے ہیں' میں حضرت ''ابو مطیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہمراہ بغداد آیا اور حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا استقبال کیا اور اپنی سواری سے نیچے اترے اور ان کا ہاتھ تھاما دونوں مسجد کے اندر چلے گئے اور وہاں پر انہوں نے مناظرہ شروع کیا اور کہا ہے' ابن مبارک کہتے ہیں: حضرت ''ابو مطیع بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کا جمیع اہل دنیا پر احسان ہے۔ ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔ آپ فرماتے ہیں: ان کے بیٹے نے کہا ہے' ان کی عمر ۸۴ برس تھی اور یہ بھی کہا ہے' یہ جب مسند قضاء پر فائز ہوئے تو اس وقت ان کی عمر ۱۶ برس تھی۔

(335) حُسَيْنُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَنْطَاكِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حُسَيْنُ بْنُ حُسَيْنِ ابْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْطَاكِيُّ قَاضِي النُّعْمَانِيَّةِ قَالَ يُعْرَفُ بِابْنِ الصَّابُوْنِيِّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ حَمْدٍ اَحْمَدَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ وَاَحْمَدَ بْنِ عَيَّاشٍ الرَّمْلِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ وَالدَّارُقُطْنِيُّ وَاَبُوْ حَفْصٍ ابْنُ شَاهِيْنَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ عَشَرَةَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''حسین بن حسین انطا کی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے' حضرت ''حسین بن حسین بن حمید بن عبدالرحمٰن ابوعبداللہ انطا کی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ نعمانیہ کے قاضی تھے۔ان کو''ابن صابونی'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ بغداد میں آئے تھے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابوحمد احمد بن مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عیاش رملی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان سے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۳۱۹ ہجری میں ہوا۔

بَابُ الْخَاءِ

(336)خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ يُوْنُسَ عَنْ اِبْنِ شَهَابٍ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ خُزَيْمَةُ هُوَ الَّذِيْ اَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهٗ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قِيْلَ اَنَّهٗ قُتِلَ بِصِفِّيْنَ مَعَ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' ہمیں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عمارہ بن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے' یہ وہ شخص ہیں جن کی گواہی کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو کے برابر قرار دیا تھا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ کہا گیا ہے کہ ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہمراہی میں جنگِ صفین میں شہید کیا گیا۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ

ان محدثین کا ذکر جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

(337)خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ شُعْبَةُ مَالِكُ بْنُ عَرْفَطَةَ قَالَ وَهُوَ وَهْمٌ وَقَالَ سَمِعَ عَبْدَ خَيْرٍ وَسَمِعَ مِنْهُ زَائِدَةُ وَمِسْعَرٌ وَشَرِيْكٌ وَقَالَ قَالَ اَبُوْ عَوَانَةَ مَرَّةً خَالِدُ بْنُ عَلْقَمَةَ وَمَرَّةً مَالِكُ ابْنُ عَرْفَطَةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَلَى اللَّفْظِ الصَّحِيْحِ وَالْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خالد بن علقمہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' حضرت ''خالد بن علقمہ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''امام

بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''مالک بن عرفطہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ وہم ہے اور کہا ہے: انہوں نے حضرت ''عبد خیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت '' زائدہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت '' شریک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: ایک مرتبہ حضرت ''خالد بن علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام لیا ہے اور ایک مرتبہ حضرت ''مالک بن عرفطہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے صحیح لفظ، حفظ اور اتقان کے ہمراہ ان مسانید کے اندر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث موجود ہیں۔

(338)خَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ خَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ الْكُوْفِيّ مَوْلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ اِبْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَشْرَبُ نَبِيْذَ التَّمْرِ ثُمَّ تَرَكَهٗ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''خالد بن سعید کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''ابن مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔

پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت '' یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت '' سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''خالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے' حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کھجوروں کا نبیذ پیا کرتے تھے پھر اس کو چھوڑ دیا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(339)خَصِيْفُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ عَوْنٍ

وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِبْنُ يَزِيْدَ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ ثُمَّ قَالَ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَاِسْرَائِيْلُ كَنَّاهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عُبَيْدٍ عَنْ غِيَاثِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ خُصَيْفِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبِيْ عَوْنٍ فَقَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَوْلَى عُمَرَ اَوْ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت خصیف بن عبدالرحمٰن بن ابوعون رحمۃ اللہ علیہ

ایک قول کے مطابق ابن یزید ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' کہ انہوں نے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ہماری مراد حضرت ''محمد بن محمد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''غیاث بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''خصیف بن عبدالرحمٰن ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ اور انہوں نے کہا ہے، وہ ان کا انتقال ۱۳۷ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' یا حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں، قرشی ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(340) خَالِدُ بْنُ عُبَيْدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ اَنَّهٗ سَمِعَ خَالِدَ بْنَ عُبَيْدٍ يَقُوْلُ اِنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

خالد بن عبید

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' ہمیں حضرت ''یحییٰ بن واضح رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں: حضرت ''خالد بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، انہوں نے اپنے حضرت ''والد رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث سنی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(341) خَالِدُ بْنُ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ

يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خالد بن عراک بن مالک رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ الَّذِیْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(342)خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ مَوْلٰی مُزَیْنَةَ سَمِعَ الْمُغِیْرَةَ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ عَلٰی سِمَاعِ خَالِدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ لَا اُجِیْزُهٗ وَسِمَاعُ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ عَطَاءٍ صَحِیْحٌ وَقَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ یَزِیْدٍ اَبُوْ الْهَیْثَمِ وَقِیْلَ اَبُوْ اَحْمَدَ الْوَاسِطِیُّ الطَّحَّانُ مَوْلٰی مُزَیْنَةَ سَمِعَ بَیَانَ بْنَ بِشْرٍ وَمُغِیْرَةَ بْنَ مِقْسَمٍ وَحُصَیْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَدَاوٗدَ بْنَ اَبِیْ هِنْدٍ وَسُهَیْلَ بْنَ اَبِیْ صَالِحٍ رَوٰی عَنْهُ وَکِیْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَعَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْخَطِیْبُ ثُمَّ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ الْحَافِظُ قَالَ سَمِعْتُ الطَّبْرَانِیَّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبِیْ یَقُوْلُ خَالِدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِیُّ مِنْ اَفَاضِلِ الْمُسْلِمِیْنَ اِشْتَرٰی نَفْسَهٗ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ وَتَصَدَّقَ بِوَزْنِ نَفْسِهٖ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فِضَّةً وَقَالَ وُلِدَ خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِیُّ سَنَةَ سِتَّ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ وَرَوَی الْخَطِیْبُ عَنْ خَلِیْفَةَ بْنِ خَیَّاطٍ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ یَرْوِی الْکَثِیْرَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ مِنْ شُیُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''خالد بن عبداللہ واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' یہ مزینہ کے آزاد کردہ تھے، انہوں نے حضرت ''مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''خالد کے عطا بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کو میں ثابت نہیں مانتا تاہم حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' کا حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع صحیح ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''خالد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن یزید ابو ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''۔ اور ایک قول کے مطابق حضرت ''ابواحمد واسطی طحان رحمۃ اللہ علیہ'' یہ مزینہ کے آزاد کردہ تھے۔ انہوں نے حضرت ''بیان بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مغیرہ بن مقسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حصین بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''داؤد بن ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سہیل بن ابی

صالح رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے سماع کیا ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے۔ پھر کہا ہے' ہمیں حضرت ''ابونعیم حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے کہا ہے، کہ میں نے حضرت ''طبرانی رحمۃ اللہ علیہ'' کو سنا ہے، انہوں نے کہا ہے' میں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''خالد بن عبداللہ واسطی افاضل رحمۃ اللہ علیہ'' مسلمین میں سے تھے۔ انہوں نے چار مرتبہ اپنی ذات کو خریدا اور چار مرتبہ اپنے وزن کے برابر چاندی صدقہ کی۔ اور کہا: حضرت ''خالد بن عبداللہ واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۱۱۶ ہجری کی ہے اوران کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ''خلیفہ بن خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے: ان کا انتقال ۱۸۲ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ وہ محدث ہیں کہ ان مسانید میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی کثیر احادیث موجود ہیں اور یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(343)خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ خَالِدُ بْنُ خِدَاشِ بْنِ عَجْلَانَ اَبُوْ الْهَيْثَمِ الْمُهَلَبِيُّ

مَوْلَىٰ آلِ الْمُهَلَّبِ بْنِ اَبِيْ صَفْرَةَ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَالْمُغِيْرَةِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمَهْدِيِّ بْنِ مَيْمُوْنَ وَحَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَاَبِيْ عَوَانَةَ وَصَالِحٍ الْمُرِّيِّ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ ثُمَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَلِيْلاً وَيَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِهٖ كَثِيْرًا فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدِ بْنِ حَنْبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت ''خالد بن خداش رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے' حضرت ''خالد بن خداش بن عجلان ابوالہیثم مہلبی رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ آل مہلب بن ابوصفرہ، اہل بصرہ کے آزاد کردہ تھے، بغداد میں رہائش پذیر رہے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مغیرہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مہدی بن میمون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عوانہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صالح مری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان کی ہیں اوران سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے احادیث روایت کی ہیں۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے اور پھر کہا: ان کا انتقال ۲۲۳ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے قلیل روایات نقل کی ہیں اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے بہت احادیث روایت کی ہیں اور وہ ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(344)خَالِدُ بْنُ سُلَيْمَانَ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ خَالِدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَنْصَارِيُّ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَمَّاكِ بْنِ خَرْشَةٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ اَبَا دُجَانَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِخْتَلَفَ يَوْمَ اُحُدٍ الْحَدِيْثَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَاِذَا هُوَ شَيْخُ شَيْخِ الْبُخَارِيِّ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خالد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے: حضرت ''خالد بن سلیمان انصاری رحمۃ اللہ علیہ''۔ پھر کہا ہے' ہمیں حضرت ''محمد بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''خالد بن سلیمان بن عبداللہ بن خالد بن سماک بن خرشہ رحمۃ اللہ علیہ'' اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں' حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ جنگ احد میں شریک ہوئے تھے۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیخ ہیں اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(345)خَلْفُ بْنُ خَلِيْفَةِ بْنِ صَاعِدِ بْنِ بَرَامٍ اَبُوْ اَحْمَدَ الْاَشْجَعِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ رَاَى عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ الصَّحَابِيَّ وَهُوَ اِبْنُ سِتِّ سِنِيْنَ مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ مِائَةِ سَنَةٍ وَسَنَةٍ ثُمَّ قَالَ كَانَ اَوَّلُ اَمْرِهٖ بِالْكُوْفَةِ ثُمَّ اِنْتَقَلَ اِلٰى وَاسِطٍ ثُمَّ اِنْتَقَلَ اِلٰى بَغْدَادَ وَقَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مُحَارِبَ بْنَ دِثَارٍ وَاَبَا مَالِكِ الْاَشْجَعِيِّ وَالْعَلَاءَ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَرَوٰى عَنْهُ هُشَيْمٌ ابْنُ بَشِيْرٍ وَسُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَاِذَا هُوَ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خلف بن خلیفہ بن صاعد بن برام ابواحمد اشجعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ'' صحابی کی زیارت کی ہے اور اس وقت ان کی عمر چھ برس تھی، ۱۸۱ ہجری کو بغداد کے اندر ان کا انتقال ہوا۔ ان کی عمر ۱۰۱ سال تھی۔ پھر کہا: شروع شروع میں یہ کوفہ کے اندر رہے پھر واسط کی جانب منتقل ہو گئے اور پھر بغداد چلے گئے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مالک اشجعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علاء بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ہشیم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سریج بن نعمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن ابوعباس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قتیبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے سماع کیا ہے خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا ذکر بھی کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(346) خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ اَبُو الْحَجَّاجِ الْخُرَاسَانِیُّ الضَّبْعِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ عَنْهُ زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ تَرَکَهٗ وَکِیْعٌ وَکَانَ یُدَلِّسُ عَنْهُ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ صَحِیْحُ حَدِیْثِهٖ عَنْ غَیْرِهٖ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خارجہ بن مصعب ابوالحجاج خراسانی ضبعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' ان سے حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان کے حوالے سے حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو چھوڑ دیا تھا اور کہا تھا: یہ ان کے حوالے سے تدلیس کرتے تھے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کے علاوہ باقی محدثین سے روایت کردہ ان کی احادیث صحیح ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(347)خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَاصٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ یُعَدُّ فِیْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خارجہ بن عبداللہ بن سعد بن ابی وقاص رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے ان کو اہل مدینہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(348)خَاقَانُ بْنُ الْحَجَّاجِ

مِنْ كِبَارِ الْعُلَمَاءِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خاقان بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ''

یہ کبار علماء سے تعلق رکھتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(349)خَلْفُ بْنُ یَاسِیْنَ بْنِ مَعَاذِ الزِّیَاتِ

مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خلف بن یاسین بن معاذ زیات رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(350)خُوَیْلُ الصَّفَّارُ وَقِیْلَ خُوَیْلِدُ الصَّفَّارُ

وَقَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ خَلَّادُ الصَّفَّارُ اَبُوْ مُسْلِمٍ الْكُوْفِیُّ رَوٰی عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ وَسِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ یَرْوِیْ عَنْهُ عَمْرٌو الْعَبْقَرِیُّ قَالَ كَنَّاهُ حَسُوْنُ الْخَفِیْفِ وَهُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خویل صفار اور ایک قول کے مطابق خویلد صفار رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' یہ حضرت ''خلاد صفار ابو مسلم کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''عمرو عبقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور کہتے ہیں: ان کو ''حسون الخفیف'' کہا جاتا تھا اور یہ ان محدثین میں سے ہیں، جن کی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(351) خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بُكَيْرٍ السُّلَمِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ نَافِعاً سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ الْوَلِيْدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ وَوَكِيْعٌ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''خالد بن عبدالرحمٰن بن بکیر سلمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوالولید ہشام بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ

ان کے بعد کے محدثین کا ذکر

(352) خَالِدُ بْنُ صُبَيْحٍ الْخَيْلَانِيُّ الشَّامِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ ثَوْرٍ رَوٰى عَنْهُ صَفْوَانُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خالد بن صبیح الخیلانی شامی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ثور رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور ان سے حضرت ''صفوان رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ وہ محدث ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(353)خَالِدُ بْنُ خَلِيِّ الْكَلَاعِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ هُوَ قَاضِيْ حِمْصٍ سَمِعَ عَنِ ابْنِ حَرْبٍ
يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ جَدُّ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ خَالِدِ بْنِ خَلِيِّ الْكَلَاعِيِّ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ التَّاسِعِ وَيَرْوِيْ اَحَادِيْثَهٗ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدِ الْوَهْبِيِّ صَاحِبِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ''خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حمص کے قاضی تھے اور انہوں نے حضرت ''ابن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے

یہ حضرت ''احمد بن محمد بن خالد بن خلی کلاعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے دادا ہیں، نویں مسند انہی کی جمع کردہ ہے اور انہوں نے اپنی احادیث حضرت ''محمد بن خالد وہبی رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں) سے روایت کی ہیں۔

(354)خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ خَلَّادُ بْنُ يَحْيَى اَبُوْ مُحَمَّدٍ كُوْفِيٌّ سَمِعَ مِسْعَرَ اَوِ الثَّوْرِيِّ سَكَنَ مَكَّةَ وَمَاتَ بِهَا قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَّمِائَتَيْنِ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''خلاد بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: حضرت ''خلاد بن یحییٰ ابومحمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ مکہ کے اندر رہائش پذیر رہے اور تقریباً ۲۱۳ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ وہ محدث ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(355)خَلْفُ بْنُ هِشَامِ الْمُقْرِي

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ خَلْفُ بْنُ هِشَامِ بْنِ ثَعْلَبٍ قَالَ وَيُقَالُ خَلْفُ بْنُ هِشَامِ بْنِ طَالِبِ بْنِ عُمَرَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْبَزَّارُ الْمُقْرِئُ سَمِعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَحَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ وَاَبَا عَوَانَةَ وَخَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبَا شِهَابٍ الْحَنَّاطِ رَوٰى عَنْهُ عَبَّاسُ الدَّوْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْجَهْمِ وَاَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ خَيْثَمَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ وَاَبُوْ بَكْرِ ابْنُ اَبِي الدُّنْيَا وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ

اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''خلف بن ہشام مقری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں: حضرت ''خلف بن ہشام بن ثعلب رحمۃ اللہ علیہ'' اور کہا ہے یہ بھی کہا جاتا ہے: حضرت ''خلف بن ہشام بن طالب بن عمر ابو محمد بزار مقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید ابو عوانہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خالد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو شہاب حناط رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جہم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن ابی خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو بکر ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۲۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ وہ محدث ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کی ہے اور ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(356) خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَلِیٍّ الْخَالِدِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ مِنْ اَهْلِ هِرَاةٍ تَفَقَّهَ بِهَا وَسَمِعَ الْحَدِیْثَ وَكَانَ یَفْهَمُ طُرُقاً مِنَ الْحَدِیْثِ وَقَدِمَ بَغْدَادَ فِیْ اَیَّامِ اَبِیْ اِسْحَاقَ وَتَفَقَّهَ عَلَیْهِ وَسَمِعَ مِنْ شُیُوْخِ ذٰلِكَ الْوَقْتِ وَرَوٰی عَنْهُ هِبَةُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَتَوَجَّهَ اِلَی الْبَصْرَةِ فَاَدْرَكَهُ اَجَلُهٗ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''خالد بن عبداللہ ابو علی خالدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: یہ اہل عراق میں سے ہیں، وہاں پر انہوں نے فقہ حاصل کی اور حدیث کا سماع کیا۔ یہ حدیث کے طرق کو بہت سمجھتے تھے۔ حضرت ''ابو اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایام میں بغداد آئے اور ان سے فقہ (کی تعلیم) حاصل کی اور اس وقت کے شیوخ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے حضرت ''ہبۃ اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ پھر یہ بصرہ چلے گئے اور وہاں پر ان کا انتقال ہوا۔

بَابُ الدَّالِ

(357)دَاوُدُ بْنُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اَخُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

لَهُ ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَاخْتَلَفُوْا هَلْ رَاٰى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَمْ لَا

حضرت ''داؤد بن زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

یہ حضرت ''عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے بھائی ہیں۔ان مسانید میں ان کا بھی ذکر ہے اور اس بارے میں اختلاف ہے کہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے یا نہیں

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(358)دَاوُدُ بْنُ نُصَيْرٍ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الطَّائِيُّ

زَاهِدُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ بَعْدَ الثَّوْرِيِّ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ عَلِيٌّ وَقَالَ اِبْنُ دَاوُدَ مَاتَ اِسْرَائِيْلُ وَدَاوُدُ الطَّائِيُّ فِيْ اَيَّامٍ وَاَنَا بِالْكُوْفَةِ قَالَ وَقَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ سِتِّيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ وَسُلَيْمَانَ الْاَعْمَشَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى وَرَوٰى عَنْهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ وَمُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ دَاوُدُ مِمَّنِ اشْتَغَلَ بِالْعِلْمِ وَدَرْسِ الْفِقْهِ وَتَفَقَّهَ ثُمَّ اِخْتَارَ بَعْدَ ذٰلِكَ الْعُزْلَةَ وَآثَرَ الْاِنْفِرَادَ وَالْخَلْوَةَ وَلَزِمَ الْعِبَادَةَ وَاجْتَهَدَ فِيْهَا اِلٰى آخِرِ عُمُرِهٖ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَكَانَ دَاوُدُ الطَّائِيُّ مِمَّنْ عَلِمَ وَتَفَقَّهَ وَكَانَ يَخْتَلِفُ اِلٰى اَبِيْ حَنِيْفَةَ حَتّٰى يَعُدُّوْ فِي الْكَلَامِ قَالَ وَاَخَذَ حَصَاةً يَوْماً فَخَذَفَ بِهَا اِنْسَاناً فَقَالَ لَهُ يَعْنِيْ اَبَا حَنِيْفَةَ يَا اَبَا سُلَيْمَانَ قَدْ طَالَ لِسَانُكَ وَطَالَتْ يَدُكَ قَالَ فَاخْتَلَفَ بَعْدَ ذٰلِكَ سَنَةً لَا يَسْاَلُ وَلَا يُجِيْبُ فَلَمَّا عَلِمَ اَنَّهُ يَصْبِرُ بِمَا عُزِمَ عَمَدَ اِلٰى كُتُبِهٖ فَغَرَقَهَا فِي الْفُرَاتِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى الْعِبَادَةِ وَقَالَ لَمْ يَكُنْ فِيْ حَلْقَةِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَرْفَعَ صَوْتاً مِنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ ثُمَّ اِنَّهُ ~~تَوَسَّدَ~~ وَاعْتَزَلَهُمْ وَقَدْ اَطْنَبَ الْخَطِيْبُ وَغَيْرُهُ فِيْ ذِكْرِ فَضَائِلِهٖ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَجْلَاءِ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ یَرْوِیْ عَنْهُ الْکَثِیْرُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''داؤد بن نصر ابوسلیمان طائی رحمۃ اللہ علیہ''

اس امت کے زاہد تھے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعد فوت ہوئے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' مجھے حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے اور حضرت ''ابن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ'' ایک ہی دور میں فوت ہوئے۔ میں اس وقت کوفہ میں تھا۔ وہ کہتے ہیں: حضرت ''ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۶۰ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مصعب بن مقدام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ حضرت ''داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' ان علماء میں سے تھے جو علم، درسِ فقہ اور تفقہ میں مشغول رہے اور پھر اس کے بعد انہوں نے گوشہ نشینی اختیار کر لی اور گوشہ نشینی کو ہی ترجیح دی اور عبادت میں مشغول رہے اور اپنی آخری عمر میں انہوں نے اجتہاد کیا۔

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''علی المدینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''داود طائی رحمۃ اللہ علیہ'' ان میں سے ہیں جنہوں نے علم حاصل کیا، فقہ حاصل کی اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اکثر اختلاف کرتے ہیں یہاں تک کہ کلام کے اندر کبھی زیادتی بھی کر جاتے ہیں اور کہا ہے' ایک دن انہوں نے کنکریاں پکڑیں اور ایک آدمی کو ماریں اور اس کو کہا: اے ابوحنیفہ! یا یہ۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے کہا: اے ابوسلیمان! تیری زبان بہت لمبی ہوگئی ہے اور تیرا ہاتھ بھی بہت کھل گیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: اس کے بعد ایک سال تک ان کا اختلاف رہا، نہ وہ سوال کرتے تھے اور نہ کوئی جواب دیتے تھے اور جب پتا چل گیا کہ یہ صبر کرنے والے ہیں تو اپنی کتابیں اٹھائیں اور ان کو فرات کے اندر ڈبو دیا۔ اور پھر عبادت کی جانب مصروف ہو گئے۔ اور کہا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حلقہ میں حضرت ''داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ بلند آواز والا کوئی شخص نہیں تھا، پھر انہوں نے زہد اختیار کر لیا اور گوشہ نشینی اختیار کر لی اور ان کے فضائل میں خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر مورخین نے بڑی طوالت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اجلاء اصحاب میں سے ہیں اور ان مسانید میں ان کی کثیر روایات موجود ہیں۔

(359)دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَكِّيُّ الْعَطَّارُ اَبُوْ سُلَيْمَانَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ جُرَيْجٍ وَابْنَ خُثَيْمٍ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارِكِ وَابْنُ يُوْنُسَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَيَرْوِيْ هُوَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَيْضاً فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد بن عبدالرحمٰن مکی عطار ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن خثیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود بھی ہیں۔

---

(360)دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ وَقَالَ فِيْ تَرْجَمَةِ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ اِسْمُ اَبِيْ هِنْدٍ دِيْنَارٌ مَوْلٰى بِشْرِ الْبَصَرِيِّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَنَّهٗ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ وَتَقَدُّمِهٖ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد بن زبرقان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''داؤد بن ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''داؤد بن ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' کے حالات زندگی میں انہوں نے حضرت ''ابو ہند دینار مولیٰ بشر بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت قدر کے باوجود اور اپنی بزرگی کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(361)دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ بِسُوْءٍ وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ بْنِ قَحْذَمِ بْنِ

سُلَيْمَانِ بْنِ ذَكْوَانَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الطَّائِيّ الْبَصْرِيّ نَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ شُعْبَةَ وَحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَهَمَّامِ بْنِ يَحْيَى وَصَالِحِ الْمُرِيّ وَالْهَيْثَمِ وَحَمَّادٍ وَمُقَاتِلِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَاِسْمَاعِيْلِ بْنِ عَيَّاشٍ وَهَيَّاجِ ابْنِ بِسْطَامٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُنَادِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ يَزِيْدَ الْجَصَّاصُ وَالْحَسَنُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ وَغَيْرُهُمْ قَالَ الْخَطِيْبُ عَنِ الدَّوْرِيّ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ مَعِيْنٍ وَذَكَرَ دَاوٗدَ بْنَ الْمُحَبِّرِ فَاَحْسَنَ عَلَيْهِ الثَّنَاءَ وَذَكَرَهُ بِالْخَيْرِ وَقَالَ مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سِتٍّ وَّمِائَتَيْنِ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد بن محبر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا اچھا ذکر نہیں کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''داؤد بن محبر بن قحذم بن سلیمان بن ذکوان ابوسلیمان طائی بصری رحمۃ اللہ علیہ''۔ بغداد کے اندر رہتے تھے اور وہاں پر حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہمام بن یحییٰ صالح مری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مقاتل بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہیاج بن بسطام رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث بیان کی ہیں۔ ان سے حضرت ''محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ منادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن یزید جصاص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن ابی اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کو کہتے ہوئے سنا ہے، انہوں نے حضرت ''داؤد بن محبر رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر کیا اور ان کے لئے اچھے کلمات کہے ہیں اور ان کی تعریف کی ہے اور کہا ہے: ان کا انتقال بغداد کے اندر ۲۰۶ ہجری کو ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدِهِمْ مِنَ الْمَشَايِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر

(362)دَاوٗدُ بْنُ رَشِيْدِ الْخَوَارَزْمِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ دَاوٗدُ بْنُ رَشِيْدٍ اَبُو الْفَضْلِ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ خَوَارَزْمِيٌّ بَغْدَادِيُّ الدَّارِ سَمِعَ اَبَا الْمَلِيْحِ الرَّقِّيَّ وَاِسْمَاعِيْلَ بْنَ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيّ وَالْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ وَشُعَيْبَ بْنَ اِسْحَاقَ وَهِشَامَ بْنَ بَشِيْرٍ

وَاِسْمَاعِيْلَ بْنَ عُلَيَّةَ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ وَرَوٰى عَنْهُ جَمَاعَةٌ مِنَ الْكِبَارِ قَالَ الْخَطِيْبُ كَانَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ يُوَثِّقُهُ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد بن بشیر خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں' حضرت ''داؤد بن رشید ابوالفضل مولیٰ بنی ہاشم خوارزمی بغدادی دار رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو المليح رقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن جعفر مدنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے جن کا خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے نام بھی ذکر کیا ہے۔ اوران سے کبار محدثین کی ایک جماعت نے راویت کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ثقہ قرار دیا کرتے تھے اوران کا انتقال ۲۳۹ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(363) دَاوٗدُ بْنُ عُلَيَّةَ

هُوَ اَخُوْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَهْمِ بْنِ مِقْسَمٍ الْاَسَدِيِّ الْبَصْرِيِّ وَعُلَيَّةُ اُمُّهُمَا نُسِبَا اِلَيْهَا

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''اسماعیل بن ابراہیم بن سہم بن مقسم اسدی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں اور حضرت ''علیہ'' ان کی والدہ ہیں یہ اپنی والدہ کی طرف منسوب تھے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اوراس انداز میں روایت کی گئی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(364)دَاوٗدُ السِّمْسَارُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ دَاوٗدُ بْنُ نُوْحٍ اَبُوْ سُلَيْمَانَ اَلْمَعْرُوْفُ بِالسِّمْسَارِ حَدَّثَ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيْدٍ وَحَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقِ الصَّاغَانِيِّ وَالْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''داؤد سمسار رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں' یہ حضرت ''داؤد بن نوح ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' جو سمسار کے نام سے مشہور ہیں۔انہوں نے حضرت ''عبدالوارث بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔اور ان سے حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حارث بن ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۲۸ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

بَابُ الذَّالِ

(365)اَبُوْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اِسْمُہٗ جُنْدُبُ بْنُ جَنَادَۃَ الْغِفَارِیُّ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ مَاتَ فِیْ زَمَنِ عُثْمَانَ بِالرَّبْذَۃِ وَھَاجَرَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَھُوَ حِجَازِیٌّ وَرَوٰی اَبُوْ عِیْسَی التِّرْمَذِیُّ فِیْ جَمَاعَۃٍ بِاِسْنَادِہٖ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِنْ ذِیْ لِھْجَۃٍ اَصْدَقَ وَلَا اَوْفٰی مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَشْبَہَ عِیْسَی بْنَ مَرْیَمَ وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ کَالْحَاسِدِ لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَنَعْرِفُ ذٰلِکَ لَہٗ فَقَالَ نَعَمْ فَاعْرِفُوْہُ لَہٗ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ان کا نام جندب بن جنادہ غفاری ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت عثمان کے دورِ حکومت میں ربذہ کے اندر ان کا انتقال ہوا۔ یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب ہجرت کر کے آئے تھے اور یہ حجازی تھے۔

حضرت ''ابوعیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ایک جماعت کے اندر اپنی اسناد کے ہمراہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کیا ہے' آپ نے فرمایا: چشم فلک نے روئے زمین پر ابوذر سے زیادہ سچا آدمی نہیں دیکھا، یہ عیسیٰ ابن مریم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ مشابہت رکھنے والا ہے۔ حضرت عمر بن خطاب نے ان پر رشک کرتے ہوئے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا: ہم یہ فضیلت ان کو بتادیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ تو ان لوگوں نے ان کو یہ فضیلت بتادی۔

---

(366)ذَرٌّ اَلْعِمْرَانِیُّ

اَلْقَاصُّ کَانَ اِذَا سُئِلَ عَنْ مَسْئَلَۃٍ یَسْاَلُ اَبَا حَنِیْفَۃَ وَسَاَلَتْ اُمُّ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ اَبَا حَنِیْفَۃَ عَنْ مَسْئَلَۃٍ فَاَجَابَھَا فَقَالَتْ لَا اُرِیْدُ الْجَوَابَ اِلَّا عَنْ ذَرِّ الْقَاصِ فَذَھَبَ بِھَا اِلَیْہِ فَسَاَلَہٗ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ فَقَالَ عَلِّمَنِی الْجَوَابَ حَتّٰی اُجِیْبَھَا فَعَلَّمَہٗ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ الْجَوَابَ فَاَجَابَھَا بِہٖ رَوٰی عَنْہُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ذر عمرانی قاص رحمۃ اللہ علیہ''

یہ خطیب تھے، لیکن جب کبھی ان سے کوئی مسئلہ پوچھا جاتا تو یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھتے۔ اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی والدہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے مسئلہ پوچھتی تو وہ ان کو جواب دیا کرتے تھے۔ آپ فرماتی: میں جواب نہیں چاہتی مگر یہ ذر قاص کی طرف سے ہے اور پھر ان کی جانب پیغام بھیج دیتے اور حضرت ''امام اعظم ابو

حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے پوچھتے تو وہ کہتے، مجھے جواب سکھایئے تا کہ میں اس کا جواب دوں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو جواب سکھاتے تو وہ جواب دیتے۔ انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(367)ذَرّ بْنِ زِيَادِ الْمَدَنِيّ

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ يَرْوِىْ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْحَنِيْفَةَ حَدِيْثاً وَاحِداً وَهُوَ يَرْوِيْهِ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّهُ قَالَ التَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ وَقَدْ مَرَّ فِى الْمَسَانِيْدِ

حضرت ذر بن زیاد مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں اور امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے اور وہ حدیث امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے واسطے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ ''گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جس نے گناہ کیا ہی نہیں'' اور مسانید کے اندر یہ گزر چکی ہے۔

(368)ذَاكِرُ بْنُ كَامِلِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عُمَرَ الْخَفَّافُ اَبُوْ الْقَاسِمِ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِىْ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ طَالِبِ بْنِ اَبِىْ طَاهِرٍ جَارُنَا بِالظَّفْرِيَّةِ أَسْمَعُهُ اَخُوْهُ اَبُوْ بَكْرِ الْمُبَارِكِ بْنِ كَامِلٍ فِىْ صِغَرِهٖ اِلٰى اَنْ كَبُرَ وَتَلَيْنُ بِهٖ فَسَمِعَ مِنْ اَبِىْ مُحَمَّدٍ سَعْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَاَبِىْ سَعْدٍ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّيْرَفِيّ وَاَبِىْ طَالِبٍ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ يُوْسُفَ وَاَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِى بْنِ اَحْمَدَ وَاَبِىْ عَلِيّ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ اِسْحَاقَ وَاَبِىْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ وَاَبِى الْقَاسِمِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ السَّمَرْقَنْدِىّ وَاَبِىْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِىْ بْنِ مُحَمَّدِالْاَنْصَارِىّ وَكَانَ اُمِّياً لَا يَحْسُنُ الْكِتَابَةَ دِيناً يَاْكُلُ مِنْ كَسْبِ يَدِهٖ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ فِىْ رَجَبٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ حَدَّثَنِىْ عَنْهُ جَمَاعَةٌ صَاحِبُ أُسْتَاذِ الدَّارِ مُحَىِّ الدِّيْنِ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَوْزِىّ وَاِبْرَاهِيْمِ بْنِ الْجَبَرِ وَمُحَمَّدِ بْنِ السَّبَّاكِ وَيُوْسُفِ بْنِ عَلِيّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَغَيْرِهِمْ

حضرت ''ذاکر بن کامل بن حسین بن محمد بن عمر خفاف ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''ابوالقاسم بن ابوعمر بن ابو طالب بن ابو طاہر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ ظفریہ کے اندر ہمارے پڑوسی رہے ہیں، انہوں نے اپنے بھائی حضرت ''ابوبکر مبارک بن کامل رحمۃ اللہ علیہ'' سے اپنے بچپن سے بڑھاپے تک سماع کیا ہے اور ان کے ساتھ نرمی اختیار کی ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابومحمد بن سعداللہ بن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعد احمد بن عبدالجبار بن احمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب عبدالقادر بن محمد بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عبداللہ محمد بن عبدالباقی بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن احمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم اسماعیل بن احمد بن عمر سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی بن محمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ یہ امی تھے، لکھ نہیں سکتے تھے اور یہ نیک آدمی تھے اور اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتے تھے۔ ۵۰۰ ہجری میں ان کی پیدائش ہوئی ہے اور ماہِ رجب المرجب میں ۵۵۱ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: استاذ الدار حضرت ''محی الدین یوسف بن عبدالرحمٰن جوزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن جبر محمد بن سباک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یوسف بن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے ان سے مجھے حدیث روایت کی ہے۔

بَابُ الرَّاءِ

(369)رَافِعُ بْنُ خُدَيْجٍ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ الْحَارِثِيُّ الْاَنْصَارِيُّ الْاَوْسِيُّ الْمَدَنِيُّ

رَوَى الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰى سَالِمٍ اَنَّهٗ مَاتَ فِيْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عُتْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اِبْنِ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَسْفِرُوْا بِالصُّبْحِ

حضرت رافع بن خدیج ابوعبداللہ حارثی انصاری اوسی مدنی رضی اللہ عنہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اپنی اسناد حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' پہنچا کر روایت کیا ہے ان کا انتقال حضرت معاویہ کے دورِ حکومت میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں، مجھے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، وہ کہتے ہیں، مجھے حضرت ''عبدالعزیز بن محمد بن عتبہ بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ حضرت ''ابن رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''صبح کی نماز دن روشن کر کے پڑھا کرو''۔

---

(370)رِبْعِي بْنُ حِرَاشٍ الْعَبَسِيُّ الْكُوْفِيُّ

رَوٰى عَنْ عُمَرَ وَحُذَيْفَةَ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْهُ مَنْصُوْرٌ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ رَاَيْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ رَجُلاً اَعْوَرَ صَلّٰى عَلَيْهِ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِيْ وِلَايَةِ عُمَرِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَقَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشِ بْنِ حَجَرِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَذَكَرَ نَسَبَهٗ اِلٰى عَدْنَانَ الْعَبَسِيُّ الْكُوْفِيُّ رَوٰى عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ وَاَبِيْ بَكْرَةَ وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ حَدَّثَ عَنْهُ الشَّعْبِيُّ وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ وَمَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ وَاَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ وَغَيْرُهُمْ وَكَانَ ثِقَةً هُوَ اَخُوْ مَسْعُوْدٍ وَرَبِيْعِ اِبْنَيْ حِرَاشٍ وَرَدَ الْمَدَايِنَ مَارًّا فِيْ حَيَاةِ حُذَيْفَةَ وَبَعْدَهٗ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ اَبُوْ مُسْلِمٍ صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَجَلِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ تَابِعِيٌّ ثِقَةٌ وَيُقَالُ اَنَّهٗ لَمْ يَكْذِبْ قَطُّ قَالَ قَالَ عَلِيُّ ابْنُ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ رِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''ربعی بن حراش عبسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''حذیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے اسی طرح حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے ان سے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، وہ کہتے ہیں حضرت ''سعید بن عبید ثقفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ''ربعی بن حراش رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا، ان کی ایک آنکھ ضائع تھی، حضرت ''عبدالحمید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے دورِ حکومت میں ان کی نماز جنازہ پڑھی۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے یہ حضرت ''ربعی بن حراش بن حجر بن عمر بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ اور ان کا نسب حضرت ''عدنان عبسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' تک ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ''، حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ''، حضرت ''حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابوبکرہ رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عمران بن حصین رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے۔

ان سے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومالک الاشجعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

یہ ثقہ تھے، یہ حضرت ''مسعود رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ربعی حراش رحمۃ اللہ علیہ'' کے دونوں بیٹوں کے بھائی ہیں، یہ حضرت حذیفہ کی حیات میں بھی اور ان کے بعد بھی مدائن آئے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے حضرت ''ابومسلم صالح بن محمد بن عبداللہ عجلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے وہ کہتے ہیں مجھے میرے والد نے بتایا ہے وہ کہتے ہیں حضرت ''ربعی بن حراش رحمۃ اللہ علیہ'' تابعی ہیں اور ثقہ ہیں اور ایک قول کے مطابق انہوں نے کبھی بھی جھوٹ نہیں بولا اور انہوں نے کہا ہے حضرت علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے حضرت ''ربعی بن حراش رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۰۴ ہجری میں ہوا۔

---

(371)رَبِيْعَةُ الرَّاْيِ بْنِ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

وَاسْمُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَرُوْخٌ مَوْلَى آلِ الْمُنْكَدِرِ التَّيْمِىُّ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَالسَّائِبَ وَعَامَةَ التَّابِعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ رَوٰى عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ وَشُعْبَةُ وَاللَّيْثُ وَغَيْرُهُمْ وَكَانَ فَقِيْهاً صَالِحاً حَافِظاً لِلْحَدِيْثِ قَالَ اَخَذَ عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ قَالَ قَالَ سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَا رَاَيْتُ اَعْلَمَ مِنْ رَبِيْعَةِ الرَّاْىِ فَقِيْلَ لَهُ وَلاَ الْحَسَنُ وَابْنُ سِيْرِيْنَ فَقَالَ وَلاَ الْحَسَنُ وَابْنُ سِيْرِيْنَ قَالَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلاَثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ حَكٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ حِكَايَةً فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ربیعہ رائی بن ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام فروخ ہے، یہ آل منکدر تیمی کے آزاد کردہ ہیں، انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ،

حضرت ''سائب رضی اللہ عنہ'' اور اہل مدینہ کے عام تابعین سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے، یہ فقیہ تھے، صالح تھے، حافظ الحدیث تھے۔ کہتے ہیں: ان سے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث لی ہیں اور حضرت ''سوار بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: میں نے حضرت ''ربیعہ الرائے رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ علم والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔ ان سے کہا گیا: حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' بھی نہیں؟ انہوں نے کہا: حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' بھی نہیں۔ کہتے ہیں: ان کا انتقال ۱۳۶ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے ایک حکایت بھی نقل کی ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

ان محدثین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(372) رَبَاحُ الْکُوْفِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ رَوٰی عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَکِ وَاِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''رباح کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے راویت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے احادیث روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(373) رَبَاحُ بْنُ زَیْدٍ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ رَبَاحُ بْنُ زَیْدٍ الصَّنْعَانِیُّ وَقَالَ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ خَالِدٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی رَوٰی عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَکِ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''رباح بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''رباح بن زید صنعانی رحمۃ اللہ علیہ''۔ اور حضرت ''

ابراہیم بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: ان کا انتقال ۱۸۷ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۸۱ برس تھی۔ حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(374)رَبِیْعُ بْنُ سَبُرَةَ بْنِ مَعْبَدِ الْجُهَنِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ رَوٰی عَنْهُ الزُّهْرِیُّ وَاللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ وَابْنَاهُ عَبْدُ الْعَزِیْزِ وَعَبْدُ الْمَلِكِ وَعَبْدُ الْعَزِیْزُ بْنُ عُمَرَ وَعَمْرُو بْنُ اَبِیْ عَمْرٍو

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِیْنَ یَرْوِیْ عَنْهُ بَعْضُ شُیُوْخِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ربیع بن سبرہ بن معبد جہنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے دونوں بیٹوں حضرت ''عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ کبار تابعین میں سے ہیں، ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ نے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فصلٌ فیمنْ رَوٰی عنِ الْاِمامِ اَبیْ حَنِیْفَةَ فیْ هٰذِهِ المسانِیدِ

ان محدثین کا ذکر جنہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(375)رَبِیْعُ بْنُ یُوْنُسَ اَبُو الْفَضْلِ حَاجِبُ الْمَنْصُوْرِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ كَانَ الرَّبِیْعُ حَاجِبَ الْمَنْصُوْرِ ثُمَّ صَارَ وَزِیْرَهٗ ثُمَّ حَجَبَ الْمَهْدِیَّ وَهُوَ الَّذِیْ بَایَعَ الْمَهْدِیَّ وَخَلَعَ عِیْسٰی بْنَ مُوْسٰی وَوَلَدُهُ الْفَضْلُ بْنُ الرَّبِیْعِ حَجَبَ هَارُوْنَ وَمُحَمَّدٌ الْمَخْلُوْعُ وَابْنُهُ عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ حَجَبَ مُحَمَّدَ الْاَمِیْنَ اَیْضاً وَقَالَ الْخَطِیْبُ فَعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ الرَّبِیْعِ حَاجِبٌ اِبْنُ حَاجِبٍ ابْنِ حَاجِبٍ وَمَاتَ الرَّبِیْعُ فِیْ اَوَّلِ سَنَةِ سَبْعِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ربیع بن یونس ابوالفضل حاجب منصور رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے حضرت ''ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' ''منصور'' کے دربان تھے، پھر یہ ان کے وزیر ہو گئے اور پھر ''مہدی'' کے دربان بنے اور یہ وہ شخص ہیں جنہوں نے ''مہدی'' کی بیعت کی تھی اور حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کی بیعت توڑ دی تھی اور ان کے بیٹے حضرت ''فضل ابن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ حضرت ''ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' کے دربان تھے اور حضرت ''محمد مخلوع رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس کا بیٹا حضرت ''عباس بن فضل امین رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھی دربان رہے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ حضرت ''عباس بن فضل بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حاجب بن حاجب بن حاجب ہیں اور ان کا انتقال ۱۷۰ ہجری میں ماہِ ربیع الاول میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(376) رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْحَارِثِ اَبُوْ مُحَمَّدِ التَّمِيْمِيُّ الْحَنْبَلِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مِنْ اَبِيْهِ وَعَمِّهٖ وَاَبِيْ عُمَرَ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ مَحْمُوْدِ بْنِ مَهْدِيٍّ وَاَبِي الْحُسَيْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الْوَاعِظِ وَاَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْحَمَّامِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْمُحَامِلِيِّ وَاَبِيْ عَلِيٍّ بْنِ شَاذَانَ وَجَمَاعَةً رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ سُلَيْمَانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَافِظِ الْاَصْفَهَانِيُّ وَاَمْثَالُهٗ وُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''رزق اللہ بن عبدالوہاب بن عبدالعزیز بن حارث ابومحمد تیمی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ انہوں نے اپنے والد اور چچا سے سماع کیا ہے حضرت ''ابو عمر عبدالواحد بن محمود بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین احمد بن محمد واعظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن علی بن احمد بن عمر حمامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ احمد بن عبداللہ بن حسین محاملی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابومسعود سلیمان بن ابراہیم حافظ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے روایت کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۰۰ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۴۸۸ ہجری میں ہے۔

بَابُ الزَّاءُ

(377)زَيْدُ بْنُ ثَابِتِ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَقِيْلَ اَبُوْ خَارِجَةَ الْاَنْصَارِيُّ الْخَزْرَجِيُّ الْمَدَنِيُّ رَوَى الْبُخَارِيُّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَقْدِمَهُ الْمَدِيْنَةَ فَعَجِبَ لِيْ فَقِيْلَ غُلَامٌ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ قَرَاَ مِمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ بَعْضَ عَشْرَةِ سُوْرَةٍ قَالَ فَاسْتَقْرَاَنِيْ فَقَرَاْتُ وَقَالَ لِيْ تَعَلَّمْ لِيْ كِتَابَ الْيَهُوْدِ فَاِنِّيْ لَا آمَنُ الْيَهُوْدَ عَلٰى كِتَابِيْ فَتَعَلَّمْتُ فِيْ نِصْفِ شَهْرٍ حَتّٰى كُنْتُ اَكْتُبُ لَهٗ اِلَى الْيَهُوْدِ وَاَقْرَاُ لَهٗ اِذَا كَتَبْتُ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍ يَوْمَ مَاتَ زَيْدٌ هٰكَذَا ذِهَابُ الْعُلَمَاءِ دُفِنَ الْيَوْمَ عِلْمٌ كَثِيْرٌ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' ہے اور کہا گیا ہے' حضرت ''ابو خارجہ انصاری خزرجی مدنی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ آئے اور انہوں نے میرے لئے تعجب کیا اور کہا گیا: یہ بنی نجار کا لڑکا ہے اور آپ پر نازل شدہ قرآن میں سے دس سے زیادہ سورتیں اس نے پڑھی ہوئی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے سناؤ۔ میں نے پڑھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لئے یہودیوں کی زبان سیکھو کیونکہ میں اپنے خطوط کے حوالے سے یہودیوں پر مطمئن نہیں ہوں۔ میں نے پندرہ دن کے اندر ان کی زبان سیکھ لی اور یہودیوں کی جانب میں ہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطوط لکھا کرتا تھا اور جب میں لکھ لیتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنایا کرتا تھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا ہے' جس دن حضرت زید رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو کہا: اس طرح علم جائے گا، اس طرح علماء کے جانے سے، اس طرح علماء جائیں گے، آج بہت زیادہ علم دفن کر دیا گیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے: ان کا انتقال ۵۴ ہجری میں ہوا۔

(378)زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ شَرَاحِيْلَ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَيُقَالُ اِنَّهٗ مِنْ كَلْبٍ مِنَ الْيَمَنِ قَالَ قُتِلَ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَوَى الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيْخِ بِاِسْنَادِهٖ اِلَى اِبْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ مَا كُنَّا نَقُوْلُ اِلَّا زَيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى (اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَائِهِمْ)

حضرت زید بن حارثہ بن شراحیل بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ۔

یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے۔ کہا جاتا ہے: یہ یمن کے قبیلہ قلب سے تعلق رکھتے ہیں یہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہی (جنگ موتہ) میں شہید ہو گئے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں، ہم ان کو حضرت ''زید بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کہا کرتے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرما دی:

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ

''انہیں ان کے باپ ہی کا کہہ کر پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ ٹھیک ہے''۔ (ترجمہ کنز الایمان، امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

(379)زَيْدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ وَيُقَالُ كُنْيَتُهٗ اَبُو الْحُسَيْنِ هُوَ اَخُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَضَائِلُهٗ وَمَنَاقِبُهٗ اَجَلُّ مِنْ اَنْ تُحْصٰى وَقَدْ اَخْبَرَ عَنْهُ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى مَا رَوٰى عَنْهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ اِنَّهُ الشَّهِيْدُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ وَالْقَائِمُ بِالْحَقِّ مِنْ وَلَدِيْ اِمَامُ الْمُجَاهِدِيْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْحَدِيْثَ اِلٰى آخِرِهٖ اِسْتُشْهِدَ فِيْ اَيَّامِ هِشَامِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ وَقَدْ لَقِيَهٗ اَبُوْ حَنِيْفَةَ وَجَرٰى بَيْنَهُمَا مَقَالٌ ذَكَرْنَاهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زید بن حسین بن علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہم

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''عبدالرحمٰن بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور کہا جاتا ہے، ان کی کنیت ''ابوالحسین'' ہے۔ یہ حضرت ''محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہم کے بھائی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کے فضائل اور مناقب شمار سے باہر ہیں اور ان کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بے شمار روایات موجود ہیں۔ اللہ بہتر جانتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا ہے: یہ میری اولاد میں سے شہید ہیں اور میری اولاد میں سے

حق پر قائم رہیں گے، یہ امام المجاهدین ہیں اور قائد الغر محجلین ہیں یہ حدیث آخر تک۔ یہ حضرت ''ہشام بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں شہید ہوئے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے ملاقات بھی ہوئی تھی اور ان کے درمیان ایک بحث بھی ہوئی تھی ہم نے ان کا ذکر ان مسانید میں کر دیا ہے۔

(380)زَیْدُ بْنُ صَوْحَانِ الْعَبْدِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ عَائِشَةَ وَقَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَخُ صَعْصَعَةَ وَسَیْحَانِ اِبْنَیْ صَوْحَانَ مِنْ عَبْدِ الْقَیْسِ نَزَلَ الْکُوْفَةَ وَرَوٰی عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ وَائِلٍ شَقِیْقُ بْنُ سَلْمَةَ الْاَسْدَیُّ وَجَمَاعَةٌ رَوَی الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی رَجُلٍ سَبَقَتْ بَعْضُ اَعْضَائِهٖ اِلَی الْجَنَّةِ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی زَیْدِ بْنِ صَوْحَانَ قَالَ وَقَدْ قُطِعَتْ بَعْضُ اَعْضَائِهٖ فِیْ جِهَادِهٖ مَعَ الْمُشْرِکِیْنَ وَعُمِّرَ بَعْدَ ذٰلِكَ طَوِیْلاً حَتّٰی قُتِلَ یَوْمَ الْجَمَلِ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ فَقَالَ لَا تَغْسِلُوْا عَنِّیْ دَماً فَاِنِّیْ اُخَاصِمُهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

حضرت ''زید بن صوحان عبدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے ان کی کنیت ''ابوعائشہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، حضرت ''صعصہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سیحان رحمۃ اللہ علیہ'' یہ دونوں حضرت ''صوحان رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹوں کے بھائی ہیں، ان کا تعلق عبدالقیس سے ہے، یہ کوفہ کے اندر رہائش پذیر رہے۔

انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اور حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابووائل شقیق بن سلمہ اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ہمراہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو شخص ایسے آدمی کو دیکھنا چاہتا ہو، جس بعض اعضاء پہلے جنت میں چلے گئے ہیں وہ حضرت ''زید بن صوحان رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھ لے''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کے بعض اعضاء مشرکین کے ساتھ جہاد میں کٹ گئے تھے اور اس کے بعد طویل عمر گزاری اور پھر جنگ جمل کے اندر ۳۶ ہجری میں شہید ہوئے، آپ نے کہا تھا: میرا خون مجھ سے نہ دھونا کیونکہ میں اسی خون کی بدولت ان کے ساتھ قیامت کے دن مقابلہ کروں گا۔

(381)زَیْدُ بْنُ اَسْلَمَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ اُسَامَةَ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ الْعَدَوِیُّ الْقُرَشِیُّ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ قَالَ

الْبُخَارِیُّ اَخْبَرَنَا زَیْدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْمُنْذِرِ اَخْبَرَنَا زَیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهٗ تُوُفِّیَ فِی السَّنَةِ الَّتِیْ اِسْتَخْلَفَ فِیْهَا اَبُوْ جَعْفَرٍ فِی الْعَشْرِ الْاَوَّلِ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ابواسامہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ تھے عدوی تھے، قرشی تھے، انہوں نے حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''زید بن ابراہیم بن منذر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''زید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، ان کا انتقال اس سال میں ہوا تھا جس سال حضرت ''ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ'' خلیفہ بنے تھے۔ یہ ۱۳۶ ہجری ذی الحج کے پہلے عشرے کی بات ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ مِنَ التَّابِعِیْنَ وَغَیْرِهِمْ

ان تابعین کا ذکر، جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(382) زَیْدُ بْنُ اَبِیْ اُنَیْسَةَ الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَکَنَ الرَّهَا مِنْ بَلَادِ الْجَزِیْرَةِ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ سِتٍّ وَّثَلَاثِیْنَ سَنَةً

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت زید ابن ابی انیسہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: یہ جزیرہ کے ''رہا'' نامی علاقے میں رہے ہیں۔ ان کا انتقال ۱۲۴ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۳۶ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(383)زَيْدُ بْنُ الْحَارِثِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ زَيْدُ الْحَارِثِيّ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ رَوَى عَنْهُ مَنْصُوْرٌ وَالثَّوْرِيُّ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الاِمَامُ اَبُوْحَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زید بن حارث رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت '' زید الحارثی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(384)زَيْدُ بْنُ الْوَلِيْدِ

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

یہ تابعین میں سے ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(385)زِيَادُ بْنُ عَلَاقَةَ الثَّعْلَبِيُّ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اُسَامَةَ بْنَ شَرِيْكٍ وَجَرِيْرًا اَوِ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ قَالَ قَالَ اِبْنُ مَعِيْنٍ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ مَالِكٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زیاد بن علاقہ ثعلبی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے :اور کہا ہے' انہوں نے حضرت اسامہ بن شریک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جریری رحمۃ اللہ علیہ'' یا حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے ۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت '' ابن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت ''ابو مالک رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

(386)زِيَادُ بْنُ مَيْسَرَةَ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِى رَبِيْعَةَ الْقُرَشِىُّ الْمَدَنِىُّ

قَالَ الْبُخَارِىُّ عَنْ مَالِكٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَلْزَمُ زِيَادَ بْنَ اَبِىْ زِيَادٍ قَالَ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فِى الْجُمُعَةِ قَالَ الْبُخَارِىُّ وَعَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عِمْرَانَ اَخْبَرَنَا اِبْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ مَوْلٰى اِبْنِ عَيَّاشٍ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ طَلْحَةَ عَلٰى اَنَسٍ فِى الصَّلَاةِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زیاد بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعہ قرشی مدنی کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے امام مالک کے حوالے سے بیان کیا ہے' حضرت عمر بن عبدالعزیز زیاد بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کو لازم پکڑتے تھے۔ انہوں نے کہا ہے: انہوں نے جمعہ کے دن حضرت انس بن مالک سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''عبدالعزیز بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ''ابن وہب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، وہ کہتے ہیں حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ حضرت ''زیاد بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' مولیٰ ابن عیاش کے حوالے سے بیان کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں اور حضرت ''عبداللہ بن ابی طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت انس کے پاس نماز پڑھنے کے لئے گئے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(387) زِيَادُ بْنُ كُلَيْبٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ مَعْشَرَ التَّمِيْمِىُّ الْكُوْفِىُّ يَرْوِىْ عَنْ اَبِيْهِ وَاِبْرَاهِيْمَ قَالَ عَنْ حُرَيْثٍ اَنَّهٗ مَاتَ بَعْدَ طَلْحَةَ بْنِ مَصْرَفٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''زیاد بن کلیب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت حضرت ''ابومعشر تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہے۔

یہ اپنے والد سے اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حریش کے حوالے سے

بیان کیا ہے، ان کا انتقال حضرت طلحہ بن مصرف رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ہوا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے۔

(388)زِيَادُ بْنُ حُدَيْرٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ زِيَادُ بْنُ حُدَيْرٍ الْاَسَدِيُّ الْكُوْفِيُّ اَبُوْ الْمُغِيْرَةِ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعَ مِنْهُ الشَّعْبِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ زِيَادُ بْنُ حُدَيْرٍ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ شَيْخِهٖ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زیاد بن حدیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، حضرت ''زیاد بن حدیر اسدی کوفی ابوالمغیرہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''بشر بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' وہ کہتے ہیں' حضرت ''مطلب بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں' حضرت ''حفص بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' وہ کہتے ہیں' حضرت ''زیاد بن حدیر رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو عبدالرحمٰن'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے شیخ کے واسطے سے ان سے احادیث روایت کی ہیں اور وہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(389)زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ مَرْيَمَ الْاَسَدِيُّ سَمِعَ عُمَرَابْنَ الْخَطَّابِ وَعَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَوٰى عَنْهُ اِبْرَاهِيْمُ وَعَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ وَالشَّعْبِيُّ وَعِيْسٰى بْنُ عَاصِمٍ وَعَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ وَغَيْرُهُمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَنْ شُيُوْخِهٖ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''حضرت زر بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے، ان کی کنیت ''ابومریم'' ہے، یہ اسدی ہیں۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عیسیٰ بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے شیوخ کے واسطے سے، ان سے روایات کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(390)زُبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الزُّبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ اَبُوْ عَدِيٍّ الْعَجَلَانِيُّ وَيُقَالُ الْيَامِيُّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَاِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَبِشْرُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَصْبَهَانِيُّ مَاتَ بِالرَّيِّ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ زُبَيْرُ بْنُ عَدِيٍّ اَدْرَكْتُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَوْ كُلِّفَ اَحَدٌ مِنْهُمْ اَنْ يَّشْتَرِيَ لَحْماً بِدِرْهَمٍ لَمْ يُحْسِنْ اَنْ يَّشْتَرِيَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زبیر بن عدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے: حضرت ''زبیر بن عدی ابوعدی عجلانی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ یامی کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''بشر بن حسن اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۳۱ ہجری کو ''ری'' علاقے میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''زبیر بن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ۱۸ صحابہ کرام کی زیارت کی ہے، اگر ان میں سے کسی ایک کو ایک درہم کے بدلے گوشت خریدنے کا پابند کیا جائے تو وہ صحیح طریقے سے نہیں خرید سکتے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(391)زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الْهَمْدَانِيُّ الْجُهَنِيُّ

سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَعَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ رَحَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقُبِضَ وَاَنَا فِي الطَّرِيْقِ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِي الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْهُ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زید بن وہب ابوسلیمان ہمدانی جہنی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت عمر بن خطاب، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''زید بن وہب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سفر کر کے گیا، میں ابھی راستے میں تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے اور ان کے واسطے سے حضرت ''ابوذر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے اور وہ روایت ان مسانید میں موجود ہیں۔

(392)زَيْدُ بْنُ خُلَيْدَةَ اَلسُّكَرِيُّ اَلْكُوْفِيّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ وَالِدُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ الشَّعْبِيُّ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ خُلَيْدَةَ السُّكَرِيُّ اَنَّهٗ لَقِيَ هَرِمَ بْنَ حَيَّانَ الْعَبْدِيَّ وَابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ شُيُوْخِهٖ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدِيْثًا فِي السَّلَمِ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زید بن خلیدہ سکری کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے والد ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' مجھے حضرت ''زید بن خلیدہ سکری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کی ملاقات حضرت ''ہرم بن حیان عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہوئی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ سے انہوں نے حضرت ''ابن مسعود سے بیع سلم میں ایک حدیث روایت کی ہے اور وہ ان مسانید میں موجود ہے۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرنے والے آپ کے اصحاب کا ذکر

(393)زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ ابْنُ خَالِدٍ اَبُوْ يَحْيٰى الْهَمْدَانِيُّ الْكُوْفِيُّ الْاَعْمٰى سَمِعَ الشَّعْبِيَّ وَاَبَا اِسْحَاقَ وَسِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَوَكِيْعٌ وَابْنُهٗ يَحْيٰى قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اَبُوْ نَعِيْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ اَنَّهٗ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ وَتَقَدُّمِهٖ وَكَوْنِهٖ مِنْ شُيُوْخِ شُيُوْخِ صَاحِبَيِ الصَّحِيْحَيْنِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ الْكَثِيْرَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

زکریا بن ابی زائدہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابن خالد ابو یحییٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی ہیں یہ

نابینا تھے۔انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، اوران کے بیٹے حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں ان کا انتقال ۱۴۸ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: جلالت قدر کے باوجود اور اپنے مقدم ہونے کے باوجود اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ ہونے کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری روایات نقل کی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(394)زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ اِبْنُ الرَّجِيْلِ بْنِ زُهَيْرِ بْنِ خَيْثَمَةِ اَلْجُعْفِيُّ اَبُوْ خَيْثَمَةِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيَّ سَمِعَ مِنْهُ يَحْيٰى بْنُ آدَمَ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلِ بْنِ دُكَّيْنٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَنَّهٗ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ فِي الْعِلْمِ وَكَوْنِهٖ شَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَيَرْوِيْ عَنْهُ كَثِيْرًا فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زہیر بن معاویہ بن حدیج بن رجیل بن زہیر بن خیثمہ جعفی ابوخیثمہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابواسحاق ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: علم میں ان کی جلالت قدر کے باوجود اور حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیخ ہونے کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اوران مسانید میں ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ کثیر روایات موجود ہیں۔

(395)زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ اَبُو الصَّلْتِ اَلثَّقَفِيُّ اَلْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ قَيْسٍ وَاَبَا اِسْحَاقَ وَمَنْصُوْرًا سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا اِبْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ بْنِ دَاوُدَ اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ زَائِدَةَ الرَّازِيُّ قُلْتُ لِسُفْيَانَ أُرِيْدُ اَنْ آتِيَ الْكُوْفَةَ فَمَنْ اَسْمَعُ قَالَ عَلَيْكَ بِزَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ وَابْنِ عُيَيْنَةَ قُلْتُ اَبُوْ بَكْرِ ابْنُ عَيَّاشٍ قَالَ اِنْ اَرَدْتَّ التَّفْسِيْرَ فَعِنْدَهٗ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ هٰذِهِ الْعُلُوْمِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زائدہ بن قدامہ ابوصلت ثقفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''عمر بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسحاق

رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''ابن ابی اسود بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''عثمان بن زائدہ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: میں کوفہ آنا چاہتا ہوں تو وہاں آ کر میں کس سے سماع کروں؟ انہوں نے کہا: تم حضرت ''زائدہ بن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس جانا ۔میں نے کہا: حضرت ''ابوبکر عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ انہوں نے کہا: اگر آپ تفسیر لینا چاہتے ہیں تو ان کے پاس ضرور جائیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان علوم کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(396)زَافِرُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمَانَ الْاَیَادِیُّ اَلْقُوْهِسْتَانِیُّ قَاضِیْ سَجِسْتَانَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ كَانَ یَخْتَلِفُ اِلَی الْكُوْفَةِ فِی التِّجَارَةِ ثُمَّ اِنْتَقَلَ اِلٰی بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ وَاِسْرَائِیْلَ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَشُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَیْجٍ وَعَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِیْ رَوَّادٍ رَوٰی عَنْهُ یَعْلَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَخَلْفُ بْنُ تَمِیْمٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَرَّاحِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِیُّ وَیَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''زافر بن ابوسلیمان ایادی قوہستانی سجستان کے قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ تجارت کے حوالے سے اکثر کوفہ آیا کرتے تھے پھر یہ بغداد چلے گئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''لیث ابن ابی سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت '' اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالملک بن جریج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن ابو رواد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''یعلیٰ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن تمیم، عبداللہ بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مقاتل مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(397)زَیْدُ بْنُ الْحَبَّابِ بْنِ الْحَسَنِ اَلتَّیْمِیُّ اَلْعَكَلِیُّ اَلْكُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَمِالَكَ بْنَ مِغْوَلٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَشُعْبَةَ وَابْنَ اَبِیْ ذِئْبٍ

رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَيَحْيَى الْحِمَّانِيّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةٍ وَاَمْثَالُهُمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَتِهٖ وَكَوْنِهٖ شَيْخِ اَحْمَدَ وَاَمْثَالِهٖ يَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ حَنِيْفَةَ كَثِيْرًا فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

حضرت ''زید بن حباب بن حسن تیمی عکلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن وہب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابو شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ اپنی بزرگی کے باوجود اور حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے بزرگوں کے شیخ ہونے کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں اکثر موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں۔

(398) زُبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدِ الْهَاشِمِیُّ الْقُرَشِیُّ رَوٰی عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ وَصَفْوَانِ بْنِ سُلَيْمٍ رَوٰی عَنْهُ جُوَيْبِرُ بْنُ حَازِمٍ وَابْنُ الْمُبَارَكِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِیْ كَثِيْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زبیر بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے: اور کہا ہے' حضرت ''زبیر بن ہاشمی قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبیداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صفوان بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اور ان سے حضرت ''جویبر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ان محدثین میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کثیر روایات کی ہیں اور ان کی روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(399) زَكَرِيَّا بْنُ اَبِی الْعُتَيْكِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ هُوَ ابْنُ الْحُكَيْمِ سَمِعَ اَبَا مَعْشَرَ وَالشَّعْبِیَّ وَحَمَّادَ رَوٰی عَنْهُ هُشَيْمٌ وَحَسَّانُ بْنُ

حَسَّانٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ رَوٰی اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِی الْعُتَیْكِ عَنْ اَبِیْ مَعْشَرٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ لَا اَدْرِیْ اَهُوَ اَخُوْهُ اَمْ لَا یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''زکریا ابن ابی عتیک رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''ابو معشر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ہشیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسان بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سلیمان بن ابو عتیک رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ابومعشر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: مجھے یہ معلوم نہیں ہے کہ یہ ان کے بھائی ہیں یا نہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدِهِمْ مِنَ الْمَشَائِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر

(400)زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ اَبُوْ خَیْثَمَةَ اَصْلُهُ مِنْ نَسَا مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ سَمِعَ ابْنَ عُیَیْنَةَ وَیَحْیَی الْقَطَّانِ وَقَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنِ ابْنِ عُیَیْنَةَ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنِ بِشْرٍ وَاِسْمَاعِیْلَ بْنِ عُلَیَّةَ وَجَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِیْدِ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِیْسَ وَالْوَلِیْدِ بْنِ مُسْلِمٍ وَاَبِیْ مُعَاوِیَةَ الضَّرِیْرِ وَوَكِیْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ وَمُوْسَی بْنُ هَارُوْنَ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِی الدُّنْیَا وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ زُهَیْرٍ وُلِدَ اَبِیْ زُهَیْرُ بْنُ حَرْبٍ سَنَةَ سِتِّیْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعٍ وَّسَبْعِیْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ شَیْخُ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَاَمْثَالِهِمَا

حضرت ''زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابوخیثمہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ ''نسا'' میں پیدا ہوئے تھے۔ بغداد میں ۲۳۴ ہجری میں فوت ہوئے۔ انہوں نے حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ'' سے

سماع کیا ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے: یہ بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے ہیں، وہاں پر انہوں نے حضرت'' ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ابراہیم بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''اسماعیل بن علیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت'' عبداللہ بن ادریس ولید بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابو معاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان کے حوالے سے احادیث روایت کی ہے۔اور ان سے حضرت''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت''مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت''موسیٰ بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت''ابوبکر بن ابو دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت''احمد بن زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت''ابوزہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' ۲۶۰ ہجری میں پیدا ہوئے اور ۳۴۲ ہجری میں وفات ہوئی۔ان کی عمر ۸۲ برس تھی۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ''اور ان جیسے جلیل القدر محدثین کے شیخ ہیں۔

(401)زُفَرُ بْنُ الْهُذَيْلِ الْعَنْبَرِيُّ أَبُو الْهُذَيْلِ

صَاحِبُ الْإِمَامِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عُظَمَاءِ الْمُجْتَهِدِيْنَ قَيَّاسُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ الشِّيْرَازِيُّ فِيْ طَبَقَاتِ الْفُقَهَاءِ وُلِدَ سَنَةَ عَشَرَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ وَلَهُ ثَمَانٍ وَّأَرْبَعُوْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ وَقَدْ جَمَعَ بَيْنَ الْعِلْمِ وَالْعِبَادَةِ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْحَدِيْثِ وَهُوَ قَيَّاسُ أَصْحَابِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنَاقِبُهُ أَجَلُّ وَأَكْثَرُ مِنْ أَنْ تُحْصٰى وَمَنْ وَقَفَ عَلٰى مَذْهَبِهٖ وَمَأْخَذِهٖ فِي الْفِقْهِ عَرَفَ قَدْرَهُ

يَقُوْلُ أَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ كَثِيْرًا عَنِ الْإِمَامِ أَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت''زفر بن ہذیل عنبری ابو ہذیل رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شاگرد ہیں اور عظیم مجتہدین میں سے ہیں اور اس امت کے صاحب قیاس ہیں۔

حضرت''ابواسحاق شیرازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے طبقات الفقہاء کے اندر کہا ہے، ان کی پیدائش ۱۱۰ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۱۵۸ ہجری میں ہوا اور ان کی عمر ۴۸ برس تھی۔

حضرت''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: انہوں نے علم اور عبادت دونوں میں حصہ شامل کیا ہے یہ اصحاب الحدیث میں سے تھے اور حضرت''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب قیاس میں سے تھے اور ان کے مناقب بہت زیادہ اور شمار سے زیادہ ہیں اور جو ان کے مذہب سے واقف ہے اور فقہ کے اندر ان کے ماخذ سے واقف ہے وہی ان کی قدر کو زیادہ جانتا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری روایات کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(402)زَيَادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَاتِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ الْفُرَاتِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ جَدِّهٖ يَرْوِيْ عَنْهُ الْحَكَمُ ابْنُ الْمُبَارَكِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''زیاد بن حسن بن فرات بن ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد اور اپنے دادا سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''حکم بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان مسانید میں روایات کی ہیں

(403)زَيْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ زَيْدَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدَانَ الْكَاتِبُ يَرْوِيْ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَيُّوْبَ الطُّوْسِيِّ وَاَحْمَدَ بْنِ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ ابْنِ مُوْسَى النَّيْسَابُوْرِيِّ اَحَادِيْثَ مُسْتَقِيْمَةٍ رَوٰى عَنْهُ الدَّارُقُطْنِيْ وَابْنُ شَاهِيْنَ وَاَبُو الْقَاسِمُ بْنُ الثَّلَاجِ قَالَ وَذَكَرَ ابْنُ الثَّلَاجِ اَنَّهٗ سَمِعَ مِنْهُ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''زیدان بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے حضرت ''زیدان بن محمد بن زیدان کاتب''۔

انہوں نے حضرت ''زیاد بن ایوب طوسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے صحیح احادیث روایت کی ہیں اور ان سے دارقطنی، حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''ابن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے انہوں نے ان سے ۳۲۳ ہجری میں سماع کیا۔

(404)زَاهِرُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ الشَّحَامِيُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ الْمُسْتَمِلِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَسْمَعَهٗ وَالِدَهٗ فِيْ صِبَاهُ عَنْ اَبِيْ سَعْدٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَرْوَرِيِّ وَاَبِيْ عُثْمَانَ سَعِيْدِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ اَحْمَدَ السَّجْزِيِّ وَاَبِي الْقَاسِمِ ابْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ هَوَازِنَ الْقُشَيْرِيِّ وَاَبِيْ عُثْمَانَ سَعِيْدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِالْعَيَّارِ وَاَبِيْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْبَيْهَقِيِّ وَسَمِعَ هُوَ بِنَفْسِهٖ مِنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الْمَشَائِخِ وَحَدَّثَ بِالْكَثِيْرِ بِخُرَاسَانَ وَالْعِرَاقِ وَقَدِمَ بَغْدَادَ حَاجًّا سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ بِهَا سَمِعَ مِنْهُ اَبُو الْفَضْلِ بْنُ نَاصِرٍ وَاَبُو الْمَعْمَرِ الْاَنْصَارِيُّ وَجَمَاعَةٌ بِاَصْبَهَانَ وَنَيْسَابُوْرَ وَهَبَّادَ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ بِنَيْسَابُوْرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَدُفِنَ بِمَقْبَرَةِ يَحْيٰى ابْنِ يَحْيٰى

حضرت ''زاہر بن طاہر بن محمد بن احمد بن یوسف شحامی ابوالقاسم مستملی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے حضرت ''ابوسعید بن محمد بن احمد سجزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سجزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالکریم بن ہوازن قشیری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعثمان سعید بن احمد بن محمد عیار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن حسین بیہقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔انہوں نے بذات خود مشائخ کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے اور خراسان اور عراق میں بہت ساری احادیث بیان کی ہیں اور پھر حج کرنے کے لئے گئے تو بغداد آئے یہ ۵۲۵ ہجری کی بات ہے وہاں پر انہوں نے حدیث بیان کی۔وہاں پر ان سے حضرت ''ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو المعمر انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''اصبہان رحمۃ اللہ علیہ'' جیسے محدثین کی ایک جماعت نے سماع کیا ہے اور نیشاپور اور بغداد کے محدثین نے سماع کیا ہے۔ان کی پیدائش ۴۴۶ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال نیشاپور کے اندر ۵۳۳ ہجری میں ہوا۔اور حضرت ''یحییٰ بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قبرستان میں ان کو دفن کیا گیا۔

(405)زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ اَبُو الْيَمَنِ تَاجُ الدِّيْنِ الْكِنْدِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مِنْ سَاكِنِيْ دَارِ الْخِلَافَةِ وُلِدَ بِبَغْدَادَ وَاَسْلَمَهٗ وَالِدُهٗ فِيْ صِغَرِهٖ اِلَى الشَّيْخِ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقْرِئِ سِبْطِ الشَّيْخِ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ الْخَيَّاطِ فَلَقَّنَهُ الْقُرْآنَ وَجَوَّدَهٗ عَلَيْهِ ثُمَّ حَفِظَ الْقِرَاءَاتِ الْعَشَرَةِ وَعُمْرُهٗ عَشْرُ سِنِيْنَ ثُمَّ اَنَّهٗ قَرَاَهُ عَلٰى مَنْ هُوَ اَعْلٰى اِسْنَادًا كَاَبِي الْقَاسِمِ هِبَةُ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ وَاَمْثَالُهٗ ثُمَّ اَنَّهٗ اَشْغَلَهُ بِاللُّغَةِ وَالنَّحْوِ وَاَمَرَهُ بِمُلَازَمَةِ الشَّرِيْفِ اَبِي السَّعَادَاتِ وَاَبِيْ مَنْصُوْرٍ الْجَوَالِقِيِّ حَتّٰى بَرَعَ فِيْ ذٰلِكَ وَاَسْمَعَهُ الْحَدِيْثَ الْكَثِيْرَ مِنَ الْمَشَائِخِ الْكِبَارِ كَاَبِيْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيِّ الْاَنْصَارِيِّ وَاَبِي الْقَاسِمِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الْجَرِيْرِيِّ وَاَبِيْ مَنْصُوْرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقَزَّازِ وَاَبِي الْقَاسِمِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ السَّمَرْقَنْدِيِّ وَاَبِي الْبَرَكَاتِ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْاَنْمَاطِيِّ وَاَبِي

الْفَتْحِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَيْضَاوِيِّ وَغَيْرِهِمْ وَقَرَأَ هُوَ الْكَثِيْرَ عَلَى الْمَشَائِخِ ثُمَّ اِنَّهٗ سَافَرَ مِنْ بَغْدَادَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَدَخَلَ هَمْدَانَ وَاَقَامَ سِنِيْنَ يَتَفَقَّهُ عَلٰى مَذْهَبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَحَجَّ وَالِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَمَاتَ فِي الطَّرِيْقِ فَبَلَغَهُ الْخَبَرُ فَعَادَ اِلٰى بَغْدَادَ وَاَقَامَ بِهَا مُدَّةً ثُمَّ تَوَجَّهَ اِلَى الشَّامِ وَاتَّصَلَ بِالْمَلِكِ فَرَخْ شَاه بْنِ اَيُّوْب اَخِيْ صَلَاحِ الدِّيْنِ مَلِكُ الشَّامِ وَمِصْرَ فَنَالَ مِنْهُ مَنْزِلَةً وَاسْتَوْزَرَهٗ ثُمَّ مَاتَ فَرَخْ شَاه وَاتَّصَلَ بِاَخِيْهِ تَقِيُّ الدِّيْنِ صَاحِبُ حَمَّاه ثُمَّ اَنَّهٗ سَكَنَ فِيْ آخِرِ عُمُرِهٖ دِمَشْقَ وَرَحَلُوْا اِلَيْهِ مِنَ الْآفَاقِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَسِتِّ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَخَمْسٍ وَّمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''زید بن حسن بن زید بن حسن ابوالیمن تاج الدین کندی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ دارالخلافہ میں رہنے والوں میں سے تھے، یہ بغداد کے اندر پیدا ہوئے اوران کے والد بچپن میں ہی ان کو حضرت ''شیخ ابومحمد عبداللہ بن علی مقری رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ شیخ ابومنصور الخیاط رحمۃ اللہ علیہ'' کے پوتے ہیں ان کے سپرد کر دیا تھا، انہوں نے ان کو قرآن حفظ کروایا اوران کو تجوید پڑھائی اور پھر قرآت عشرہ یاد کروائیں، اس وقت ان کی عمر صرف دس برس تھی، پھر انہوں نے ان کے سامنے قرآن پڑھا جو اسناد کے حوالے سے ان سے بھی اعلیٰ تھے۔ مثلاً حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اوران جیسے دیگر قراء۔ پھر انہوں نے ان کو لغت اور نحو میں مشغول کر دیا۔ اوران کو ابو سادات اور حضرت ''ابومنصور جوالقی رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ رہنے کا حکم دیا یہاں تک کہ وہ اس کے اندر بھی ماہر ہو گئے پھر انہوں نے بہت ساری احادیث کا کبار مشائخ سے سماع کیا ہے مثلاً حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن احمد جریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمنصور عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالواحد قزاز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم اسماعیل بن احمد بن عمر سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالفتح عبداللہ بن محمد بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین اورانہوں نے بہت سارے مشائخ سے احادیث پڑھی ہیں پھر یہ ۵۴۳ ہجری میں بغداد سے سفر کر گئے اور ہمدان چلے گئے اور وہاں پر کئی سال ٹھہرے رہے پھر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کی فقہ حاصل کرتے رہے ان کے والد نے ۵۴۴ ہجری میں حج کیا راستے میں ان کا انتقال ہو گیا، ان کو خبر پہنچی تو یہ بغداد واپس آ گئے اور ایک مدت تک وہیں پر قیام پذیر رہے۔ پھر ملک شام چلے گئے اور وہاں پر بادشاہ فرخ شاہ بن ایوب جو کہ صلاح الدین کے بھائی تھے ان کے ساتھ رہے، ملک شام اور مصر میں رہے، پھر ان سے ان کو بڑا مرتبہ ملا وانہوں نے ان کو اپنا وزیر بنالا پھر فرخ شاہ کا انتقال ہو گیا تو یہ ان کے بھائی حضرت ''تقی الدین جوان کی جراہ گاہ کے نگران تھے، ان کے ساتھ رہے پھر یہ اپنی آخری عمر میں دمشق کے اندر رہائش پذیر رہے اوران کی جانب دور دراز سے لوگ سفر کر کے آتے تھے۔ ان کا انتقال ۶۱۳ ہجری میں ہوا ان کی پیدائش ۵۲۰ ہجری کی ہے۔

بَابُ السِّيْنِ

(406)سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَاصٍ

هُوَ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ اَبُوْ وَقَاصٍ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقَ وُهَيْبٌ الْقُرَشِیُّ الزُّهْرِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ شَهِدَ بَدْرًا قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰی عَنِ ابْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ (قَالَ اَخْبَرَنِیْ) هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَاصٍ يَقُوْلُ مَا اَسْلَمَ اَحَدٌ اِلَّا فِیْ الْيَوْمِ الَّذِیْ اَسْلَمْتُ فِيْهِ وَمَكَثْتُ سَبْعَةَ اَيَّامٍ وَاِنِّیْ لَثَالِثُ الْاِسْلَامِ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ فِیْ اَيَّامِ مُعَاوِيَةَ بَعْدَمَا مَضٰی مِنْهَا عَشَرَ سَنِيْنَ

حضرت ''سعد بن وقاص یہ سعد بن مالک ابووقاص بن ابواسحاق وہیب قرشی زہری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' یہ جنگِ بدر میں شریک ہوئے تھے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، حضرت ''ابراہیم بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، انہوں نے حضرت ''ابوزائدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطہ سے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ہاشم بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''سعید بن مسیّب کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' حضرت ''سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' جو بھی اسلام لایا وہ اسی دن اسلام لایا جس دن میں اسلام لایا تھا میں نے صرف سات دن انتظار کیا تھا، میں تیسرے نمبر اسلام لایا تھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ ان کا انتقال حضرت معاویہ کی حکومت کے گزرنے کے دس سال بعد ہوا۔

---

(407)سُلَيْمَانُ بْنُ رَبِيْعَةَ التَّمِيْمِیّ الْبَاهِلِیّ

قَالُوْا لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ (اَخْبَرَنَا) وَكِيْعٌ عَنْ عَفِيْرٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ سَمِيْعٍ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِيْنِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ اِخْتَلَفْتُ اِلٰی سُلَيْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ حِيْنَ قَدِمَ عَلٰی قَضَاءِ الْكُوْفَةِ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا لَا يَاْتِيْهِ فِيْهَا خَصْمٌ

حضرت ''سلیمان بن ربیعہ تمیمی باہلی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو رسول رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر

کیا ہے، مجھے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن سمیع رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''مسلم البطین رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: میں حضرت ''سلیمان بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس کئی مرتبہ گیا جب وہ کوفہ کی مسند قضاء پر فائز ہوئے تھے میں چالیس دن ان کے پاس جاتا رہا ان کے پاس کوئی مقدمہ نہیں آیا تھا۔

(408)سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَاتَ بَعْدَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَمَاتَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ وَيُقَالُ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ سَنَةَ سِتِّيْنَ قَالَ الْاَوَّلُ فِيْ اِسْنَادِهٖ نَظْرٌ

حضرت ''سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بعد ان کا وصال ہوا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ۵۸ ہجری میں ہوا۔ ان کی کنیت ''ابو عبدالرحمٰن'' ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ایک قول کے مطابق ان کا انتقال ۵۹ ہجری میں ہوا اور بعض نے کہا ہے: ۶۰ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: پہلی روایت کی اسناد پر نظر ثانی ہونی چاہئے۔

(409)سَبْرَةُ بْنُ مَالِكٍ

لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ (حَدَّثَنَا) مُحَمَّدٌ (اَخْبَرَنَا) حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْرِ عَمَّنْ حَدَّثَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ سَبْرَةَ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

حضرت ''سبرہ بن مالک رضی اللہ عنہ''

ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ہمیں حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''حیوہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''محمد بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ حضرت ''زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں، وہ ایک محدث کے واسطے سے، حضرت ''جبیر بن نفیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت سبرہ بن مالک رضی اللہ عنہ کے واسطے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔

(410)سَبِيْعَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ

لَهَا صُحْبَةٌ وَرَوَتْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَدِيْثاً فِي الْعِدَّةِ

حضرت ''سبیعہ بنت حارث رضی اللہ عنہا

ان کو بھی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہے۔

انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے عدت کے بارے میں ایک حدیث روایت کی ہے۔

(411)سَعْدُ بْنُ عُبَادَةٍ اَبُوْ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ الْخَزْرَجِيُّ الْمَدَنِيُّ

شَهِدَ بَدْرًا قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلَى بَنِيْ هَاشِمٍ (اَخْبَرَنَا) سَعِيْدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عُقَيْلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ سَيِّدُ الْاَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ اَعْظَمُ مِنْ يَوْمِ النَّحْرِ وَفِيْهِ خَمْسُ خِصَالٍ (خُلِقَ) فِيْهِ آدَمُ (وَفِيْهِ) اُهْبِطَ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَى الْاَرْضِ (وَفِيْهِ) تُوُفِّيَ آدَمُ (وَفِيْهِ) سَاعَةٌ لَا يَسْاَلُ الْعَبْدُ فِيْهَا رَبَّهٗ اِلَّا اَعْطَاهُ مَا لَمْ يَسْاَلْ حَرَاماً (وَفِيْهِ) تَقُوْمُ السَّاعَةُ

حضرت سعد بن عبادہ ابوثابت انصاری خزرجی مدنی رضی اللہ عنہ

یہ جنگِ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت سعد بن عبادہ کے واسطے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنوں کا سردار جمعہ کا دن ہے۔ یہ یوم نحر سے زیادہ عظمت والا ہے اس کے اندر پانچ خصوصیات ہیں۔

○اس کے اندر آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی، ○اسی کے اندر ان کو جنت سے زمین کی جانب اتارا گیا، ○اسی کے اندر آدم علیہ السلام کا انتقال ہوا، ○اسی کے اندر ایک ایسی گھڑی ہے کہ اس گھڑی میں بندہ اپنے رب سے جو کچھ بھی مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو عطا فرماتا ہے جب تک کہ وہ کسی حرام کا سوال نہ کرے اور ○اسی دن قیامت قائم ہوگی۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ التَّابِعِيْنَ

ان تابعین کا ذکر جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے

(412)سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبُوْ عُمَرَ الْقُرَشِيُّ الْمَدَنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ لِيْ الْحُسَيْنُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ صَخْرَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ اَنَّهٗ مَاتَ سَالِمٌ سَنَةَ سِتٍّ وَّمِائَةٍ

رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب ابوعمر قرشی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' مجھے حضرت ''حسین بن نافع رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صخرہ بن ربیعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بتایا ہے: حضرت سالم کا انتقال ۱۰۶ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(413)سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ اَبُوْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیُّ التَّمِيْمِیُّ الْكُوْفِیّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِیْ عَنْ عِكْرِمَةَ وَمُنْذِرٍ وَالشَّعْبِیِّ رَوٰی عَنْهُ اِبْنُهٗ سُفْيَانَ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اَحْمَدُ بَلَغَنِیْ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن مسروق ابوسفیان ثوری تمیمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منذر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: مجھے یہ اطلاع پہنچی ہے کہ ان کا انتقال ۱۲۸ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(414)سَلْمَانُ اَبُوْ حَازِمٍ مَوْلٰی عُنْزَةَ الْاَشْجَعِيَّةِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مِنْهُ الْاَعْمَشُ وَمَنْصُوْرٌ وَعَدِیٌّ وَعُبَيْدُ بْنُ كَيْسَانَ وَفُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ وَاَبُوْ مَالِكٍ الْكُوْفِیُّ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنَا سَعْدٌ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ سَمِعَ اَبَا حَازِمٍ قَالَ قَاعَدْتُّ اَبَا هُرَيْرَةَ خَمْسَ سِنِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَرَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ

حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلمان ابوحازم

یہ عنزہ اشجعیہ کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبید بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضیل بن غزوان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مالک کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی اسناد کے ہمراہ حضرت ''فرات القزاز رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' میں پانچ سال تک حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھتا رہا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(415)سُلَيْمَانُ بْنُ بَشَّارٍ صَاحِبُ الْمَقْصُوْرَةِ الْمَدَيْنِيّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ رَوٰى عَنْهُ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ وَابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن بشار رحمۃ اللہ علیہ''

یہ مقصورۃ المدینی کے صاحب ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان سے حضرت ''سلیمان بن بلال رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(416)سَلْمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ الْحَضْرَمِيُّ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ جُنْدُباً وَاَبَا جُحَيْفَةَ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَمَائَةٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ لَمْ يَكُنْ اَحَدٌ بِالْكُوْفَةِ اَثْبَتُ مِنْ اَرْبَعَةٍ مَنْصُوْرٌ وَاَبِيْ حُصَيْنٌ وَسَلْمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ وَعَمْرُو بْنُ مُرَّةَ وَكَانَ مَنْصُوْرٌ اَثْبَتُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلمہ بن کہیل حضرمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت جندب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوجحیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان کا انتقال ۱۲۱ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' مجھے حضرت ''عبداللہ بن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: کوفہ کے اندر چار لوگوں سے زیادہ معتبر عالم کوئی نہیں ہے۔ حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''ابوالحسین رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ''۔ اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اہل کوفہ میں سب سے زیادہ معتبر تھے

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(417) سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِیْ سُلَيْمَانَ اَبُوْ اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِیُّ مَوْلَاهُمُ الْكُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ قَالَ لِیْ اِبْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِیِّ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی اَوْ اِثْنَتَيْنِ وَاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن ابوسلیمان ابواسحاق شیبانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ مجھے حضرت ''ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بجلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بتایا ہے' حضرت ''سلیمان بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۴۲ یا ۱۴۱ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(418) سَلْمَةُ بْنُ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطِ بْنِ اَنَسٍ اَبُوْ فَرَاسٍ الْاَشْجَعِیُّ الْكُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَالضَّحَّاكَ كَنَّاهُ وَكِيْعٌ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلمہ بن نبیط بن شریط بن انس ابوفراس اشجعی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی کنیت رکھی تھی۔ ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(419)سَالِمُ بْنُ عَجْلاَنَ الْاَفْطَسُ الْجَرَزِیُّ مَوْلٰی مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانِ بْنِ الْحَکَمِ الْقُرَشِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قُتِلَ بِالشَّامِ صَبْرًا سَمِعَ سَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ نَسَبَهٗ عَلِیُّ بْنُ مُجَاهِدٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''سالم بن عجلان افطس جرزی

یہ محمد بن مروان بن حکم قرشی کے آزاد کردہ ہیں، امام بخاری نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، شام کے اندر ان کو گرفتار کر کے قتل کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے حضرت ''سعید بن جبیر سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور ان کا نسب حضرت ''علی بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(420)سُلَیْمَانُ بْنُ مِهْرَانِ الْاَعْمَشِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ کُنْیَتُهٗ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰی بَنِیْ کَاهِلٍ رَاٰی اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَسَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ وَاِبْرَاهِیْمَ وُلِدَ سَنَةَ سِتِّیْنَ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّاَرْبَعُوْنَ وَمِائَةٍ سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ وَاَبُوْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیُّ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا اَعْلَمُ اَحَداً یَعْلَمُ بِحَدِیْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَعْلَمُ مِنَ الْاَعْمَشِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''سلیمان بن مہران اعمش رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے۔ یہ بنی کاہل کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کی زیارت کی ہے ان کی پیدائش ۶۰ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۱۴۸ ہجری میں ہوا۔ ان سے حضرت ''امام ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''صدقہ بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کی

احادیث کو حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(421)سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدِ الْمُقْبَرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اِبْنُ اَبِىْ أُوَيْس يُنْسَبُ اِلٰى مَقْبَرَةٍ وَقَالَ غَيْرُهٗ اِسْمُ اَبِىْ سَعِيْدٍ كَيْسَانُ مَكَاتِبُ اِمْرَاَةٍ مِنْ بَنِىْ لَيْثٍ كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ سَعِيْدٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن ابوسعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''ابن ابی اویس رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ان کو مقبرہ کی جانب منسوب کیا جاتا ہے اور دیگر محدثین نے کہا ہے کہ حضرت ''ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''کیسان'' ہے۔ یہ بنی لیث کی ایک خاتون کے مکاتب تھے ان کی کنیت ''ابوسعید'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(422)سَعِيْدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ اَبُوْ سَعِيْدِ الْبَقَّالُ الْاَعْوَرُ

مَوْلَى حُذَيْفَةَ الْعَبْسِىُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعِكْرِمَةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن مرزبان ابوسعید بقال اعور رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت حذیفہ عبسی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت ''عکرمہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(423)سُلَيْمٌ مَوْلَى الشَّعْبِيِّ اَلْكُوْفِيُّ

يَرْوِيْ عَنِ الشَّعْبِيِّ سَمِعَ مِنْهُ وَكِيْعٌ وَرَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ دِيْنَارٍ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ
يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیم شعبی کے آزاد کردہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اوران سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔
ان سے حضرت ''محمد بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندراسی طرح ذکر کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••

(424)سِمَاكُ بْنُ حَرْبِ الْكُوْفِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ لِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُؤَمَّلٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ اَدْرَكْتُ ثَمَانِيْنَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ وَسُوَيْدَ بْنَ قَيْسٍ هُوَ اَخُوْ اِبْرَاهِيْمَ وَمُحَمَّدٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ
يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سماک بن حرب کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، مجھے حضرت ''محمد بن مومل رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے ۸۰ صحابہ کرام کی زیارت کی ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے حضرت جابر بن سمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سوید بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

•••••••••••••••••

(425)سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ هِشَامٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى وَالِبَةَ مِنْ بَنِيْ اَسَدٍ وَقَالَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ

جَرِيْرٍ عَنْ وَاصِلِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ قَالَ قُتِلَ سَعِيْدٌ وَهُوَ اِبْنُ تِسْعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ وَقَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ قُتِلَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ يُقَدِّمُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعِلْمِ سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ وَاِبْنَ عُمَرَ وَاِبْنَ الزُّبَيْرِ وَاَنَسًا وَاَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ رَوٰى عَنْهُ عَمْرُو بْنِ دِيْنَارٍ وَاَيُّوْبُ وَثَابِتٌ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ بَعْضُ شُيُوْخِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن جبیر بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ابوعبداللہ والبہ کے آزاد کردہ ہیں، ان کا تعلق بنی اسد سے ہے۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''واصل بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''عبداللہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے، حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ، قتل ہوئے، اس وقت ان کی عمر ۴۹ برس تھی۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کو ۹۵ ہجری میں قتل کیا گیا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''سفیان ثوری سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' کو علم کے معاملے میں حضرت ''ابراہیم پر مقدم رحمۃ اللہ علیہ'' رکھتے تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابن عباس، حضرت ''ابن عمر حضرت ''ابن زبیر حضرت انس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ نے ان سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(426) سَلْمَةُ بْنُ تَمَامٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّقَرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الشَّعْبِيَّ وَاِبْرَاهِيْمَ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ وَيُقَالُ شَقْرَةٌ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ عَمْرِو بْنِ تَمِيْمٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ بَعْضُ شُيُوْخِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلمہ بن تمام ابوعبداللہ شقری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن زید بصری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں اور ایک قول کے مطابق ان کو ''شقرہ'' کہا جاتا ہے، ان کا تعلق بنی حارث بن عمرو بن تمیم سے تھا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ایک شیخ نے ان سے احادیث روایت کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(427)سُلَيْمَانُ بْنُ بُرَيْدَةَ بْنِ حَصِيْبٍ الْاَسْلَمِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَوٰى عَنْهُ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ نُعَيْمٌ ابْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ حُصَيْبٍ مُحَمَّدٌ الْمَرْوَزِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَخِيْهِ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ وَكَانَا وُلِدَا فِيْ بَطْنٍ وَاحِدٍ عَلٰى عَهْدِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ بَعْضُ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن بریدہ بن حصیب اسلمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' وہ اپنے والد کے واسطے سے حضرت ''عمران بن حصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''نعیم بن حماد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابو حصیب محمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ہمیں بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ''عبداللہ بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ان کے بھائی حضرت ''سلیمان بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' یہ دونوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک ہی بطن سے پیدا ہوئے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ نے ان سے روایات کی ہیں اور ان کی روایات کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

ان محدثین کا ذکر جنہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(428)سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدِ الثَّوْرِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ لِيْ اَبُوْ الْوَلِيْدِ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ سَاَلْتُ مَالِكاً وَسُفْيَانَ فَاتَّفَقَا اَنَّهُمَا وُلِدَا فِيْ خِلَافَةِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ وَقَالَ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ مُرَّةَ

وَحُبَيْبَ بْنَ اَبِیْ ثَابِتٍ وَقَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ مَا رَاَيْتُ اَعْلَمَ مِنْ سُفْيَانَ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ مُوْسٰى بْنُ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَخَمْسِيْنَ يَقُوْلُ لِیْ اَحَدٌ وَسِتُّوْنَ سَنَةَ وَخَرَجَ سُفْيَانُ لِسَنَةِ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ مِنَ الْكُوْفَةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَالْمَقَامَاتُ وَالْمُعَادَاتُ الَّتِیْ بَيْنَ سُفْيَانَ وَاَبِیْ حَنِيْفَةَ مَشْهُوْرَةٌ وَهُوَ يَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ كَثِيْرًا مِنْهَا حَدِيْثُ الْمُرْتَدَّةِ وَلٰكِنْ كَانَ يُدَلِّسُ وَيَقُوْلُ فِی الرِّوَايَةِ عَنْهُ اَخْبَرَنَا الثِّقَةُ اَوْ بَعْضُ اَصْحَابِنَا وَلٰكِنْ ظَهَرَ اَنَّهٗ اَرَادَ بِهٖ اَبَا حَنِيْفَةَ فَاِنَّهٗ لَمَّا وَصَلَ اِلَى الْيَمَنِ رَوٰى حَدِيْثَ الْمُرْتَدَّةِ وَصَرَّحَ بِذِكْرِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فَعُلِمَ مِنْ ذٰلِكَ اَنَّهٗ كَانَ يُرِيْدُهٗ قَبْلَ ذٰلِكَ بِقَوْلِهٖ اَخْبَرَنَا بَعْضُ اَصْحَابِنَا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ جَمِيْعًا

حضرت ''سفیان بن سعید ثوری ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' مجھے حضرت ''ابوالولید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۶۱ ہجری میں ہوا۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا تو وہ دونوں اس بات پر متفق تھے کہ وہ دونوں حضرت ''سلیمان بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کے دورِ حکومت میں پیدا ہوئے۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عمرو بن مروہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' کا کہنا ہے' میں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ علم والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''موسیٰ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے' میں نے حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کو ۵۸ ہجری میں یہ کہتے ہوئے سنا تھا: میری عمر ۶۱ برس ہو چکی ہے اور حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کوفہ سے ۵۴ ہجری کو نکلے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے درمیان اختلافات بہت مشہور ہیں اور وہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت زیادہ احادیث روایت کرتے ہیں ان میں سے مرتدہ والی حدیث بھی ہے لیکن یہ تدلیس کیا کرتے تھے اور ایک روایت میں انہوں نے کہا ہے' ہمیں خبر دی ہے ثقہ نے یا ہمارے بعض اصحاب نے۔ لیکن ظاہر ہو چکا ہے کہ ان کی مراد حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' تھے کیونکہ جب وہ یمن میں پہنچے تو انہوں نے مرتدہ والی حدیث روایت کی اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکر صراحت کے ساتھ کیا تھا، اس سے پتا چلا کہ ''ہمارے بعض اصحاب نے خبر دی ہے'' ان لفظوں سے ان کی مراد حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہی ہوتے تھے۔

(429) سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰى بَنِیْ هِلَالٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَكَنَ مَكَّةَ وَقَالَ لِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ عَلِیُّ بْنُ الْمَدِيْنِیِّ قَالَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ وُلِدْتُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَةٍ وَجَالَسْتُ الزُّهْرِیَّ وَاَنَا اِبْنُ سِتَّ عشرةَ سَنَةً

وَشَهْرَيْنِ وَنِصْفاً قَدِمَ عَلَيْنَا الزُّهْرِيُّ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ وَخَرَجَ اِلَى الشَّامِ وَمَاتَ سَمِعَ مِنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَكِ وَهَمَّامٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ كَثِيْرًا فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سفیان بن عیینہ ابومحمد بنی ہلال رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' یہ مکہ مکرمہ میں رہائش پذیر رہے اور مجھے حضرت ''عبداللہ ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، ان کا انتقال ۱۹۸ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''علی بن المدینی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' میری ولادت ۱۰۷ ہجر میں ہوئی میں نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کی صحبت اختیار کی ہے، اس وقت میری عمر ۱۶ برس اور اڑھائی ماہ تھی۔ حضرت زہری رحمۃ اللہ علیہ'' ہمارے پاس ۱۲۳ ہجری میں آئے تھے، پھر یہ شام میں چلے گئے اور وہیں پر ان کا انتقال ہوا۔ ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت'' ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں اور وہ ان مسانید میں موجود ہیں۔

(430)سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عُرُوْبَةَ اَبُو النَّضْرِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ اِسْمُ اَبِىْ عُرُوْبَةَ مِهْرَانُ مَوْلٰى بَنِىْ عَدِيٍّ سَكَنَ الْبَصْرَةَ قَالَ عَبْدُ الصَّمَدِ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ كَتَبْتُ عَنْهُ بَعْدَمَا اِخْتَلَطَ حَدِيْثَيْنِ قَالَ سَمِعَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ حَدِيْثاً وَاحِدٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید ابن ابی عروبہ ابونضر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''ابوعروبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام مہران ہے' یہ بنی عدی کے آزاد کردہ ہیں۔ بصرہ میں رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۵۶ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے ان سے حدیث لکھی تھی جب کہ دو حدیثیں آپس میں مل گئیں تھیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: انہوں نے نضر بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے صرف ایک حدیث سنی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان مسانید میں روایات نقل کی ہیں۔

(431)سَعِيْدُ بْنُ اَوْسِ بْنِ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيُّ

صَاحِبُ النَّضْرِ ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَمِعَ شُعْبَةَ وَاِسْرَائِيْلَ وَاَبَا عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ عُبَيْدِ الْقَاسِمِ بْنِ سَلَامٍ وَاَبُوْ حَاتِمِ السَّجِسْتَانِيُّ وَاَبُوْ حَاتِمِ الرَّازِيُّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ وَلَهٗ ثَلَاثٌ وَّتِسْعُوْنَ بِالْبَصْرَةِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعد بن اوس بن ایوب انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ نضر کے صاحب ہیں۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''ابوعمرو بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحاتم سجستانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔آپ فرماتے ہیں کہ ان کا انتقال ۲۱۵ ہجری میں ہوا اور ان کی عمر ۹۳ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(432)سَعِيْدُ بْنُ سِنَانٍ اَبُوْ سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ يُقَالُ الْقُزْوَيْنِيُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن سنان اوسنان شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، ان کو قزوینی کہا جاتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(433)سَعِيْدُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ الْمِصْرِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْجُمَحِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ سَمِعَ يَحْيٰى بْنَ اَيُّوْبَ وَلَيْثاً وَمُحَمَّدَ بْنَ مُطَرِّفٍ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ عَلٰى اَنَّهٗ مَاتَ قَبْلَهٗ

حضرت ''سعید بن حکم ابن ابی مریم مصری ابومحمد جمحی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''یحیٰی بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مطرف رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے ان کا انتقال ۱۳۴ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پہلے انتقال کر گئے تھے۔

(434)سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ الثَّقَفِيُّ الْكُوْفِيُّ الْوَرَّاقُ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ يَرْوِىْ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن محمد ثقفی کوفی وراق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''یحیٰی بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(435)سَعِيْدُ بْنُ مُوْسٰى

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ وَرْدَانَ الْمِصْرِيُّ سَمِعَ هِشَاماً

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، حضرت ''سعید بن موسیٰ بن وردان مصری رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(436)سَعِيْدُ بْنُ سَلْمَةَ بْنِ هِشَامِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ الْأُمَوِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ فِيْهِ نَظْرٌ يَرْوِيْ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنَاكِيْر

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن سلمہ بن ہشام بن عبدالملک بن مروان بن حکم اموی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں حضرت ''اسماعیل بن امیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، اس پر نظر ثانی ہونی چاہئے۔ حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے اپنے والد کے واسطے سے دادا کے واسطے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے اور حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے ان کے والد کے ذریعے بھی ان کے دادا سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مناکیر ذکر کی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(437)سَعِيْدُ بْنُ الصَّلْتِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ الصَّلْتِ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ بَيْضَاءَ مُرْسَلٌ سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ رَوٰى عَنْهُ جَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْبُخَارِيُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سعید بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''سعید بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سہیل بن بیضاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، یہ مرسل ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابن عباس سے سماع کیا ہے اور ان سے ایک جماعت نے روایت کیا ہے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(438)سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْاَحْوَصِ الْاَزْدِي الْكُوْفِيّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ رَوٰى عَنْهُ شَبِيْبٌ وَسَمِعَ مِنْهُ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ يَزِيْدٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن عمرو بن احوص ازدی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ اور ان سے حضرت ''شبیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''یزید بن ابی یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے رویات لی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(439)سُلَيْمَانُ بْنُ مُسْلِمٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي الْمُعَلّٰى الْعَجَلِيُّ سَمِعَ اَبَاهُ اَصْلُهٗ كُوْفِيٌّ سَمِعَ مِنْهُ مُوْسٰى قَالَ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُسْلِمٍ الْعَجَلِيُّ اَخُوْ هَارُوْنَ رَاٰى الشَّعْبِيَّ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے: حضرت ''سلیمان بن ابی المعلی عجلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد سے سماع کیا ہے یہ اصلاً کوفی ہیں اور وہاں پر ان سے حضرت ''موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''سلیمان بن مسلم عجلی ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' کی زیارت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(440)سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ الْاَزْدِيُّ الْجَعْفَرِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ الْكُوْفِيُّ الْاَزْدِيُّ الْجَعْفَرِيُّ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ قَيْسٍ وَلَيْثًا

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن حیان ابو خالد احمر ازدی جعفری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابو خالد احمر کوفی ازدی جعفری رحمۃ اللہ علیہ''۔انہوں نے حضرت ''عمرو بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(441)سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخْعِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرٍو النَّخْعِيُّ اَبُوْ دَاوٗدَ الْكُوْفِيُّ مَعْرُوْفٌ بِالْكِذْبِ قَالَهٗ لِيْ اِبْنُ قُتَيْبَةَ وَمُحَمَّدُبْنُ اِسْحَاقَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ حَدِيْثاً وَاحِداً فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن عمرو بن عمر نخعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''سلیمان بن عمرو نخعی ابو داؤد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ جھوٹ میں مشہور تھے۔حضرت ''ابن قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بات کہی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک روایت نقل کی ہے اور وہ روایت ان مسانید میں موجود ہے۔

---

(442)سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الدِّمَشْقِيُّ قَاضِيْ دِمَشْقَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ ثَابِتَ بْنَ عَجْلَانَ وَحُصَيْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَيَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَهُوَ السَّلَمِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ قَالَ اَحْمَدُ مَتْرُوْكٌ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سوید بن عبد العزیز دمشقی قاضی دمشق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ثابت بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حصین بن عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ سلمی ہیں۔ان کی کنیت ''ابو محمد'' ہے۔حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ متروک ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

---

(443)سِنَانُ بْنُ هَارُوْنَ الْبُرْجَمِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فِيْ آخِرِ بَابِ سَنَانٍ بِالنُّوْنِ وَمَا وَقَعَ فِيْ بَعْضِ النُّسَخِ سَبَارٌ بِالْبَاءِ وَالرَّاءِ تَصْحِيْفٌ مِنَ الْكَاتِبِ قَالَ الْبُخَارِيُّ سَنَانُ بْنُ هَارُوْنَ البرجميُّ اَخُوْ سَيْفٍ يروِيْ عنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ وَرَوٰى عَنْهُ وَكِيْعٌ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سنان بن ہارون برجمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح اپنی تاریخ کے اندر نون کے باب میں سنان کے باب کے آخر میں ذکر کیا ہے اور بعض نسخوں میں جو ''سبار'' منقول ہے یہ کاتب کی غلطی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''سنان بن ہارون برجمی رحمۃ اللہ علیہ'' سیف کے بھائی نے حضرت ''حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(444)سَابِقُ الْبَرْبَرِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَابِقٌ الْبَرْبَرِيُّ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاَوْزَاعِيُّ يُعَدُّ فِي الشَّامِيِّيْنَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سابق البربری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''سابق البربری رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور ان کو شامیین میں شمار کیا جاتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(445)سَالِمُ بْنُ سَالِمٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَالِمُ بْنُ سَالِمٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ وَقِيْلَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَلْخِيُّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ

بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِیِّ وَاَبِیْ عِصْمَةَ نُوْحِ بْنِ اَبِیْ مَرْیَمَ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنِ طَهْمَانَ وَابْنَ جُرَیْجٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةَ وَغَیْرُهُمْ قَالَ دَخَلَ بَغْدَادَ فَشَنَعَ عَلٰی هَارُوْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ فَحَبَسَهُ وَکَانَ یَدْعُوْ فِیْ حَبْسِهٖ وَیَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ مَوْتِیْ فِیْ حَبْسِهٖ وَلَا تُمِتْنِیْ حَتّٰی اُلْحِقَ بِاَهْلِیْ فَمَاتَ هَارُوْنُ فَخَلَتْ عَنْهُ زُبَیْدَةُ فَخَرَجَ اِلَی الْحَجِّ فَرَاٰی فِیْ اَهْلِهٖ فَمَرِضَ فَاشْتَهٰی جَمَدًا فَاَبْرَدَتِ السَّمَاءُ فَجَمَعَتْ لَهٗ فَاَکَلَ وَمَاتَ وَقِیْلَ رَجَعَ اِلٰی خُرَاسَانَ فَمَاتَ بِهَا وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ عَلِیٍّ مَاتَ بِمَکَّةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''سالم بن سالم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''سالم بن سالم ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ''۔اور ایک قول کے مطابق حضرت ''ابوعبدالرحمٰن بلخی رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بغداد میں آئے تھے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر عمری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو عصمہ نوح بن ابومریم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے احادیث بیان کی ہیں۔ان سے حضرت ''محمد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے' یہ بغداد میں آئے اور انہوں نے ہارون امیر المؤمنین کے بارے میں نازیبا باتیں کہیں تو ان کو گرفتار کرلیا گیا اور یہ اپنی قید کے اندر یہ دعا مانگا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے ''اے اللہ میری موت قید کی حالت میں نہ کرنا اور تو مجھے موت نہ دینا یہاں تک کہ تو مجھے میرے گھر والوں تک پہنچا دے''۔ ہارون فوت ہوگیا تو زبیدہ نے ان کو آزاد کردیا، یہ حج کے لئے گئے تو اپنے گھر والوں سے ملے، اس کے بعد یہ بیمار ہوگئے انہوں نے برف کھانے کی خواہش کی تو آسمان ٹھنڈا ہوگیا اور آسمان سے برفباری ہوئی، انہوں نے وہ برف کھائی اور فوت ہوگئے اور ایک قول کے مطابق یہ خراسان میں واپس چلے گئے اور وہاں ان کا انتقال ہوا تھا۔حضرت ''احمد ابن علی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۱۹۴ ہجری میں مکہ مکرمہ میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(446)سَعِیْدُ بْنُ اَبِی الْجَهْمِ

مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَهُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَکَذٰلِكَ سُلَیْمُ بْنُ مُسْلِمٍ

حضرت ''سعید ابن ابی جہم رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی

احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔اسی طرح حضرت ''سلیم بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر

(447)سَعِیْدُ بْنُ اِسْرَائِیْلَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَعِیْدُ بْنُ اِسْرَائِیْلَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عُثْمَانَ مَرْوَزِیُّ الْاَصْلِ حَدَّثَ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ عِیْسٰی الْعَطَّارِ وَیَحْیٰی بْنِ اَیُّوْبَ الْعَابِدِ وَعَلِیِّ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ زِیَادٍ وَحَیَّانِ بْنِ مُوْسٰی الْمَرْوَزِیِّ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الصَّمَدِ الْکَشِّیُّ وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ الْحَکَمِ

حضرت ''سعید بن اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''سعید بن اسرائیل بن عبداللہ ابوعثمان مروزی رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ اصل میں مروزی ہیں،انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیسیٰ عطار رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''یحییٰ بن ایوب عابد رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''علی بن جعفر بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''حیان بن موسیٰ مروزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔اور ان سے حضرت ''عبدالصمد الکشی رحمۃ اللہ علیہ''اور حضرت ''جعفر بن محمد بن حکم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(448)سَعِیْدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ عَمْرٍو الْبَرْدَعِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَکَنَ طَرَّارَ وَقَدِمَ بَغْدَادَ حَاجاً سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحُسَیْنِ السَّامَانِیِّ النَّیْسَابُوْرِیِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ الْکَرَابِیْسِیِّ الْبَلْخِیِّ وَمُحَمَّدِ ابْنِ حَیَّانِ بْنِ الْاَزْهَرِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ یَاسِیْنَ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْوَرَّاقُ وَاَبُوْ الْحَسَنِ الدَّارَقُطْنِیُّ وَجَمَاعَةٌ سَمَّاهُمُ الْخَطِیْبُ قَالَ جَاءَ نَعْیُهُ مِنْ سَجِسْتَانَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَسِتِّیْنَ وَثَلَاثَ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''سعید بن قاسم بن علاء بن خالد ابوعمرو بردعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' یہ طرار کے اندر رہتے تھے اور پھر حج کرنے کے لئے آئے تو پھر بغداد میں آئے یہ ۳۵۰ ہجری کی بات ہے وہاں پر انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن حسین سامانی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''محمد بن جعفر کرابیسی بلخی رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''محمد بن حیان بن ازہر رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''احمد بن محمد بن یاسین رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔

ان سے حضرت ''محمد بن اسماعیل وراق رحمۃ اللہ علیہ''،حضرت ''ابوحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا نام ذکر کیا ہے اور خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا:۳۶۲ ہجری کو سجستان سے ان کی وفات کی اطلاع آئی۔

(449)سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ اَبُوْ الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الْعَتَكِيُّ الْبَصَرِيُّ سَمِعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَحَمَّادَ بْنِ زَيْدٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ الْمَدِيْنِيَّ وَشَرِيْكَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَحَدَّثَ عَنْهُ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَاِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَثَّقَهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَرَوٰى عَنْهُ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن داؤد ابوربیع زہرانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ عتکی ہیں، بصری ہیں۔انہوں نے حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن جعفر مدینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک ابن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔اور ان سے حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسحاق بن روھویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور حضرت ''مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی ان سے روایت لی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(450)سُلَيْمَانُ بْنُ بِشْرٍ هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ بِشْرِ بْنِ زِيَادٍ اَبُوْ اَيُّوْبَ الْمُقْرِيّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ حَدَّثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَحْمَدَ وَحَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ وَمَنْ بَعْدِهِمَا كَانَ حَافِظًا مُكْثِرًا قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا وَجَالَسَ الْحُفَّاظَ وَخَرَجَ اِلٰى اَصْفَهَانَ فَسَكَنَهَا وَانْتَشَرَ حَدِيْثُهٗ بِهَا وَهُوَ مِمَّنْ يَقْرُبُ بِاَحْمَدَ وَيَحْيٰى بْنِ مَعِيْنٍ قَالَ الْخَطِيْبُ قَالَ اَبُوْ عُبَيْدِ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ اِنْتَهَى الْعِلْمُ يَعْنِيْ عِلْمَ الْحَدِيْثِ اِلٰى اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَعَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَيَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ وَاَبِيْ بَكْرِ ابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ وَكَانَ اَحْمَدُ اَفْقَهَهُمْ وَكَانَ عَلِيٌّ اَعْلَمَهُمْ وَكَانَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ اَجْمَعَهُمْ لَهٗ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ اَحْفَظَهُمْ قَالَ اَبُوْ يَحْيٰى وَهُمْ اَوْ اَخْطَاَ اَبُوْ عُبَيْدٍ اَحْفَظُهُمْ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُوْنِيُّ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْحَافِظُ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ قَالَ الْخَطِيْبُ وَهُوَ وَهْمٌ وَالصَّوَابُ اَنَّهٗ مَاتَ بِالْبَصْرَةِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن بشر یہ سلیمان بن داؤد بن بشر بن زیاد ابوایوب مقری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ شاذ کونی کے نام سے مشہور ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عبیداللہ احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بعد کے محدثین سے احادیث روایت کی ہیں، یہ حافظ تھے اور بہت زیادہ احادیث روایت کی ہیں، بغداد میں آئے تھے اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا ہے اور حفاظ کے ہمراہ بیٹھتے رہے پھر اصفہان چلے گئے اور وہاں پر رہتے رہے اور وہاں پر درسِ حدیث دیا اور حدیث کو پھیلایا، یہ ان لوگوں میں سے ہیں جو حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' کے قرب میں رہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: علم ختم ہو گیا یعنی علمِ حدیث حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' تک اور حضرت ''علی بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' تک اور حضرت ''ابو بکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' تک۔ اور حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' ان سب سے زیادہ فقیہ تھے اور حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' ان سب سے زیادہ علم والے تھے، اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سب سے زیادہ احادیث جمع کی ہیں اور حضرت ''ابوبکر ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سب سے زیادہ حافظے والے تھے۔

حضرت ''ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: حضرت ''ابوعبید رحمۃ اللہ علیہ'' کو وہم ہوا ہے یا ان سے خطا ہوئی ہے سب سے زیادہ حافظے والے حضرت ''سلیمان بن داؤد شاذ کونی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: حضرت ''ابونعیم حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے: ان کا انتقال ۲۳۶ ہجری میں ہوا۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ وہم ہے۔ درست یہ ہے کہ ان کا انتقال ۲۳۴ ہجری بصرہ میں ہوا ہے اور یہ ۲۳۴ ہجری کی بات ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(451)سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ اَيُّوْبَ الْوَاشِحِيُّ الْبَصْرِيُّ سَمِعَ شُعْبَةَ وَجَرِيْرَ بْنَ حَازِمٍ وَالْحَمَّادِيْنَ وَمُبَارَكَ بْنَ فُضَالَةَ وَسَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ رَوٰى عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانُ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' یہ حضرت ''ابوایوب واشحی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت

''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مبارک بن فضالہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کی وفات ۲۲۴ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(452)سَهْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ اَبُوْ حُمَيْدِ اَلطِّبْرِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ يَاسِيْنِ اَلْهَرْوَيِّ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيْبٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَطِيْعِيُّ وَاَبُو الْقَاسِمِ بْنِ الثَّلَاجِ ثُمَّ رَوَى الْخَطِيْبُ عَنْهُ حَدِيْثَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فَقَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَلَاءِ الْوَاسِطِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَطِيْعِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ سَهْلُ بْنُ اَحْمَدَ بْنُ عُثْمَانَ اَلطِّبْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيْبٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بِشْرٍ الصَّفَّارُ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا الصَّبَاحُ بْنُ مَحَارِبٍ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّهٗ قَالَ يَوْماً لِاَصْحَابِهٖ لَا تَعْجَبُوْنَ مَرَرْتُ عَلٰى مِسْعَرٍ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت ''سہل بن احمد بن عثمان ابوحمید طبری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بغداد میں آئے تھے اور یہاں پر انہوں نے حضرت ''امام احمد بن محمد بن یاسین ہروی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔

ان سے حضرت ''محمد بن اسحاق قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک حدیث روایت کی ہے اور کہا ہے' ہمیں حضرت ''ابوالعلاء واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''محمد بن اسحاق قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوحمید سہل بن احمد بن عثمان طبری رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''ابوبشر صفار رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''علی بن حسن رازی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''صباح بن محارب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' آپ نے ایک دن اپنے اصحاب سے کہا: کیا تم تعجب نہیں کرتے ہو کہ میں حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس سے گزرا ہوں اور وہ حضرت ''قتادہ کے واسطے سے حضرت ''انس کے ذریعے یہ بیان کر رہے تھے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صفیہ کو آزاد کیا اور ان کی آزادی کو ان کا حق مہر قرار دیا۔

(453)سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سَهْلِ بْنِ شَهْرِيَارٍ اَبُوْ مُحَمَّدِ اَلْهِرَوِيُّ

سَكَنَ فِيْ قَرْيَةَ عَلٰى فَرْسَخٍ مِنَ الْاَنْبَارِ قَدِمَ بَغْدَادَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِهَا عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَحِفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ وَشَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ وَيَحْيٰى بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةٍ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَاَبِيْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرِ يَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَلَهٗ مِائَةِ سَنَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سوید بن سعید بن سہل بن شہریار ابو محمد ہروی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ایک بستی میں رہائش پذیر رہے جو انبار سے ایک فرسخ کے فاصلے پر تھی۔ یہ بغداد میں بھی آئے تھے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ یہاں پر انہوں نے حضرت ''مالک بن انس حفص بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن زکریا ابن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو معاویہ الضریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ان سے حضرت ''ابو علی معمری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۴۰ میں ہوا اور ان کی عمر ایک سو سال تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(454)سَوَادَةُ بْنُ عَلِيِ بْنِ جَابِرِ بْنِ سَوَادَةَ اَبُوْ الْحُسَيْنِ اَلْأَخْمِيْمِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ كُوْفِيٌّ اِبْنُ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ الْفَضْلِ بْنُ دُكَيْنٍ وَاَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ اَلْهَوِيُّ وَاَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ وَجَبَّارَةِ بْنِ الْمُغْلَسِ وَعُثْمَانِ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ الْحَافِظُ وَاَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدٍالْجَرَّاحُ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''سوادہ بن علی بن جابر بن سوادہ ابو الحسن اخمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ کوفی بن بنت عبداللہ بن نمیر ہیں۔ بغداد میں آئے تھے، یہاں پر انہوں نے حضرت ''ابو نعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عثمان نہدی ہوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''جبارہ بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان بن ابوشیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے درسِ حدیث دیا اور ان سے حضرت ''ابوطالب احمد بن نصر حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد بن محمد الجراح رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۸۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(455) سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُدَامَةَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِیّ الْقَاضِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ نَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِیْدٍ وَمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَیْمَانَ وَیَحْیَی بْنِ سَعِیْدِ الْقَطَّانِ وَجَمَاعَةٍ رَوَی عَنْهُ عَلِیُّ بْنُ سَعِیْدِ الرَّازِیُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ اِبْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ وَجَمَاعَةٌ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِالْجَانِبِ الشَّرْقِیِّ مِنْ بَغْدَادَ فِیْ سَنَةِ سَبْعٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''سوار بن عبداللہ بن قدامہ ابوعبداللہ عنبری قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ بغداد میں آئے تھے اور یہاں پر انہوں نے اپنے والد کے واسطے سے، حضرت ''وارث بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معتمر بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت کے حوالے سے درسِ حدیث دیا۔ ان سے حضرت ''علی بن سعید رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کیا ہے اور یہ بغداد کی مشرقی جانب کے مسند قضاء پر فائز رہے یہ ۲۳۷ ہجری کی بات ہے اور ان کا انتقال ۲۴۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

بَابُ الشِّيْنِ

(456)شُرَيْحُ بْنُ هَانِيّ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ كَعْبِ الْحَارِثِيّ

اَصْلُهُ مِنَ الْيَمَنِ وَهُوَ كُوْفِيٌّ سَمِعَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيّاً وَابْنَيْهِ وَعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ سَمِعَ مِنْهُ اِبْنُهُ الْمِقْدَامُ هٰكَذَا ذَكَرَ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ اَلْبُخَارِيُّ قَالَ الْقَاسِمُ بْنُ الْمُخَيْمَرَةِ مَا رَاَيْتُ حَارِثِيّاً اَفْضَلَ مِنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِيّ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ خَيْرًا رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''شریح بن ہانی بن یزید بن کعب حارثی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی اصل یمن سے ہے اور یہ کوفی ہیں۔انہوں نے امیرالمؤمنین حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور ان کے دونوں صاحبزادوں اور ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے سماع کیا ہے۔ان سے ان کے بیٹے مقدام نے سماع کیا ہے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔حضرت ''قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے حضرت ''شریح بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ بہتر کوئی حارثی نہیں دیکھا اور انہوں نے ان کی بہت تعریف کی ہے۔

---

(457)شُرَيْحُ بْنُ الْحَارِثِ اَبُوْ اُمَيَّةَ الْقَاضِيُّ الْكِنْدِيُّ حَلِيْفٌ لَهُمْ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسَبْعِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ سُفْيَانُ كَانَ عَلْقَمَةُ اَعْلَمَ مِنْ شُرَيْحٍ بِالْفَرَائِضِ وَالْفِقْهِ وَشُرَيْحٌ اَعْلَمَ بِالْقَضَاءِ رَوٰى عَنْهُ الشَّعْبِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ النَّخْعِيُّ قَالُوْا مَاتَ وَهُوَ اِبْنُ مِائَةٍ وَعِشْرِيْنَ سَنَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''شریح بن حارث ابوامیہ رحمۃ اللہ علیہ'' قاضی کندیان کے حلیف تھے

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۷۸ ہجری میں ہوا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرائض اور فقہ کے حوالے سے حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ علم رکھتے تھے اور شریح قضاء کا زیادہ علم رکھتے تھے۔ان سے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔کہتے ہیں: ۱۲۰ سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا۔

---

(458)شَقِيْقُ بْنُ سَلْمَةَ اَبُوْ وَائِلِ الْاَسَدِيُّ

اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ شَيْئاً سَمِعَ عُمَرَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ الْاَعْمَشُ قَالَ لِيْ اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْكَ بِشَقِيْقٍ فَاِنِّيْ اَدْرَكْتُ النَّاسَ وَهُمْ مُتَوَافِرُوْنَ وَاِنَّهُمْ لَيَعُدُّوْنَهٗ مِنْ خِيَارِهِمْ قَالَ لَمَّا مَاتَ اَبُوْ وَائِلٍ ضَرَبَ اَبُوْ بُرْدَةَ جَبْهَتَهٗ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ اَبُوْ بُرْدَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يَقُوْلُ اَدْرَكْتُ سَبْعَ سِنِيْنَ مِنْ سِنِّيْ الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت ''شقیق بن سلمہ ابووائل اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت تو پائی ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سماعت نہیں کی۔ انہوں نے حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' مجھے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا کہ تم حضرت ''شقیق رحمۃ اللہ علیہ'' کی خدمت میں رہا کرو کیونکہ میں نے لوگوں کو پایا ہے اور لوگ بہت زیادہ ہو گئے تھے اور لوگ ان کو سب سے اچھا سمجھتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں' جب حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ہوا تو ابو بردہ نے اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھا حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۰۴ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' مجھے حضرت ''احمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابو بکر بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' میں نے اپنی عمر میں سے سات سال جاہلیت میں پائے۔

---

(459)شَدَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ شَدَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَمَّارٍ مَوْلٰى مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ الْقُرَشِيُّ الْاَمَوِيُّ الدِّمَشْقِيُّ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ وَوَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ سَمِعَ مِنْهُ الْاَوْزَاعِيُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شداد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''شداد بن عبداللہ ابوعمار معاویہ بن ابوسفیان قرشی اموی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''واثلہ بن اسقع رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(460)شَدَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ رُوْبَةَ الْبَصَرِیّ

مِنَ التَّابِعِیْنَ ذَکَرَهُ طَلْحَةُ

حضرت ''شداد بن عبداللہ ابوروبہ بصری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں حضرت ''طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

ان محدثین کا ذکر جنہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(461)شَیْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ مُعَاوِیَةَ اَلتَّمِیْمِیُّ الْمُؤَدِّبُ اَلنَّحْوِیُّ اَلْبَصَرِیُّ سَکَنَ الْکُوْفَةَ زَمَاناً ثُمَّ اِنْتَقَلَ مِنْهَا اِلٰی بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنِ الْحَسَنِ الْبَصَرِیِّ وَقَتَادَةَ وَیَحْیٰی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَمَعَاذُ بْنُ مَعَاذِ الْعَنْبَرِیِّ وَیَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّیْنَ وَمِائَةٍ وَدُفِنَ فِیْ مَقَابِرِ الْخَیْزُرَانِ وَقَدْ وَثَّقَهُ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِمَّنْ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''شیبان بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''ابومعاویہ تمیمی، مودب نحوی بصری رحمۃ اللہ علیہ'' ۔ یہ کوفہ کے اندر ایک عرصے تک رہائش پذیر رہے پھر وہاں سے بغداد چلے گئے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' کی سند کے ساتھ حدیث بیان کی۔ ان سے حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''معاذ بن معاذ عنبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور ان کا انتقال ۱۶۴ ہجری میں بغداد میں ہوا۔ اور خیزران کے قبرستان میں ان کو دفن کیا گیا۔ حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(462)شُرَحْبِيْلُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ سَعِيْدِ الْخَطَمِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ كَذٰلِكَ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ مَوْلَاهُمُ الْمَدَنِيُّ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَجَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَوٰى عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَرَوٰى عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شرحبیل بن سعید ابوسعید خطمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ انصاری ہیں اور کہا ہے' ان کے آقا مدنی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''زید بن ثابت رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابوسعید نے روایت کی ہے۔

ان سے حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(463)شُرَحْبِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ شُرَحْبِيْلُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ حَامِدٍ الْخَوْلَانِيُّ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ وَاَبَاهُ سَمِعَ مِنْهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شرحبیل بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' حضرت ''شرحبیل بن مسلم بن حامد خولانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(464)شَيْبَةُ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْمَسَاوِرِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ شَيْبَةُ بْنُ الْمَسَاوِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ اللَّيْثِيَّ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَكَلَ لَحْماً وَخُبْزاً وَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ قَالَ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى عَنِ الْحَكَمِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيِّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ شَيْبَةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شیبہ بن عدی بن مساور رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت '' شیبہ بن مساور رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' حضرت ''عبیداللہ لیثی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں، انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا، کہ آپ نے گوشت اور روٹی کھائی اور نیا وضو کیئے بغیر نماز پڑھائی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ہمیں حضرت ''زکریا بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حکم بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''علی بن عبداللہ رازی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(465)شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ الْكُوْفِيُّ الْقَاضِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَدْرَكَ عُمَيْرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَسَمِعَ اَبَا اِسْحَاقَ مَنْصُوْرَ بْنِ الْمُعْتَمِرِ وَعَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ وَسِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ وَسَلْمَةَ بْنَ كُهَيْلٍ وَجُنْدُبَ بْنَ اَبِيْ ثَابِتٍ وَعَلِيَّ بْنَ الْاَقْمَرِ وَزَيْدَ الْيَمَانِيَّ وَعَاصِماً الْاَحْوَلَ وَغَيْرَهُمْ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَعَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ وَوَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ وَاِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ وَيَحْيَى الْحِمَانِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ وَغَيْرُهُمْ قَالَ وُلِدْتُّ بِخُرَاسَانَ بِبُخَارٰى فَحَمَلَنِيْ اِبْنُ عَمٍّ لَنَا حَتّٰى طَرَحَنِيْ عِنْدَ اِبْنِ عَمٍّ لِيْ بِنَهْرَ صَرْصَرٍ فَكُنْتُ اَجْلِسُ اِلٰى مُعَلِّمٍ حَتّٰى تَعَلَّمْتُ الْقُرْآنَ ثُمَّ قَدِمْتُ الْكُوْفَةَ فَكُنْتُ اَضْرِبُ اللَّبِنَ وَاَبِيْعُهٗ وَاَشْتَرِيْ دَفَاتِرَ وَطُرُوْساً وَاَكْتُبُ الْحَدِيْثَ وَالْعِلْمَ ثُمَّ طَلَّبْتُ الْفِقْهَ فَبَلَغْتُ مَا تَرٰى وَوَلَاهُ الْمَنْصُوْرُ قَضَاءَ الْكُوْفَةِ وَكَانَ بِهَا اِلٰى اَنْ عَزَلَهٗ هَارُوْنُ الرَّشِيْدِ وَمَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ اَوْ ثَمَانٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فُهُوَ شَيْخُ جَمَاعَةٍ مِنْ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شریک بن عبداللہ ابوعبداللہ نخعی کوفی قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے انہوں نے حضرت ''عمیر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کو پایا ہے اور حضرت ''ابو اسحاق منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جندب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن اقمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زید بن یمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عاصم احول رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عباد بن عوام رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق ازرق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر نے روایت کی ہے۔

آپ فرماتے ہیں: میں خراسان کے اندر بخاریٰ میں پیدا ہوا اور میرے چچا نے مجھے اٹھایا اور مجھے نہر صرصر کے پاس میرے چچا کے بیٹے کے پاس چھوڑ دیا، میں ان کے پاس ایک معلم کے پاس بیٹھا کرتا تھا، میں نے قرآن سیکھ لیا پھر میں کوفہ میں آ گیا وہاں پر میں اینٹیں بنا کر بیچا کرتا تھا اور اس کی کاپیاں اور رجسٹر خرید لیتا تھا اور حدیث اور علم لکھا کرتا تھا پھر میں نے فقہ کا علم حاصل کیا اور پھر میں اس مقام تک پہنچا جو اب دیکھ رہے ہیں۔ منصور نے ان کو کوفہ کے مسند قضا پر فائز کیا تھا اور یہ وہیں پر تھے کہ ہارون الرشید نے ان کو معزول کر دیا۔ ان کا انتقال ۱۷۸ یا ۱۷۷ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ایک جماعت کے شیخ ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(466) شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ الْوَرْدِ بْنِ بِسْطَامٍ الْعَتَكِيُّ مَوْلَاهُمْ

وَاسِطِيُّ الْاَصْلِ بَصَرِيُّ الدَّارِ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكَانَ رَاَى الْحَسَنَ وَابْنَ سِيْرِيْنَ وَسَمِعَ قَتَادَةَ وَيُوْنُسَ بْنَ عُبَيْدٍ وَاَيُّوْبَ وَخَالِدَ الْحَذَّاءِ وَعَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ وَاَبَا اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيِّ وَطَلْحَةَ بْنَ مُصَرِّفٍ وَعَمْرَو بْنَ مُرَّةَ وَمَنْصُوْرَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ وَسَلْمَةَ بْنَ كُهَيْلٍ وَخَلْقًا كَثِيْرًا مِنْ طَبَقَتِهِمْ رَوٰى عَنْهُ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ وَالْاَعْمَشُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَشَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ (قَالَ) الْخَطِيْبُ قَدِمَ شُعْبَةُ بَغْدَادَ مَرَّتَيْنِ وَقَالَ اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَرَّاقُ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوْلِيُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْمُبَرِّدُ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّقَاشِيُّ قَالَا اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَرَجِ الرِّيَاشِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ اِشْتَرَى اَخٌ لِشُعْبَةَ طَعَامًا لِلسُّلْطَانِ فَخَسِرَ هُوَ وَشُرَكَاؤُهٗ فَحُبِسَ عَلٰى سِتَّةِ آلَافِ دِيْنَارٍ بِحِصَّتِهٖ فَخَرَجَ شُعْبَةُ اِلَى الْمَهْدِيِّ لِيُكَلِّمَهٗ فِيْ اَخِيْهِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْشَدَنِيْ قَتَادَةُ

وَسَمَّاكُ بْنُ حَرْبٍ لِاُمَيَّةَ ابْنِ اَبِی الصَّلْتِ يَقُوْلُهُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَدْعَانَ

شعر

اَاَذْكُرُ حَاجَتِیْ اَمْ قَدْ كَفَانِیْ ... حَيَاؤُكَ اَنْ شيمتك الْحَيَاء

كَرِيْمٌ لاَ يعطله صباح ... عَنِ الْخُلُقِ الكريم ولا مساء

فأرضك أرض مكرمة ففيها ... بنو تيم وأنت لهم سماء

(فَقَالَ) لَهُ الْمَهْدِیُّ يَا اَبَا بِسْطَامَ لَا تَذْكُرْهَا فَقَدْ عَرَفْنَاهَا وَقَضَيْنَاهَا اِدْفَعُوْا اِلَيْهِ اَخَاهُ وَلَا تَلْزَمُوْهُ شَيْئاً قَالَ الْخَطِيْبُ وَهَبَ الْمَهْدِیُّ لِشُعْبَةَ ثَلَاثِيْنَ اَلْفَ دِرْهَمٍ فَقَسَّمَهَا وَاَقْطَعَهُ اَلْفَ جَرِيْبٍ بِالْبَصْرَةِ وَلَمْ يَجِد شَيْئاً يَطِيْبُ لَهُ فَتَرَكَهَا قَالَ مَاتَ شُعْبَةُ بِالْبَصْرَةِ سَنَةَ سِتِّيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ سَبْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَوُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَثَمَانِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَشُعْبَةُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی مَعَ اَنَّهُ شَيْخُ اَكْثَرِ شُيُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ يَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شعبہ بن حجاج بن ورد بن بسطام رحمۃ اللہ علیہ'' عتکی

ہ واسطی الاصل ہیں اور گھر کے لحاظ سے بصری ہیں۔ حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور انہوں نے حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' کی زیارت کی ہے، انہوں نے حضرت ''قتادہ یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خالد حذاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طلحہ بن مصرف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن مرۃ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے طبقے کے بہت سارے لوگوں سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحیٰی بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جعفر غندر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے یہ بغداد میں دو مرتبہ آئے اور انہوں نے کہا ہے: ہمیں حضرت ''مخلد بن علی بن مخلد وراق رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''احمد بن محمد بن عمران رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن یحیٰی صولی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''محمد بن یزید مبرد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عباس قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے اور وہ دونوں کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''عباس بن فرج ریاشی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت ''ابو عاصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی نے بادشاہ کے لئے طعام خریدا تو ان کو اور ان کے شرکاء کو خسارہ ہو گیا تو ان کے حصے میں ۶۰۰۰ دینار آئے جس کی وجہ سے ان کو گرفتار کر لیا گیا۔ حضرت شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس آئے تا کہ اپنے بھائی کے بارے میں ان سے کلام کریں، جب وہ ان کے پاس داخل ہوئے تو کہا :اے امیر المومنین مجھے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''امیہ ابن ابی صلت رحمۃ اللہ علیہ'' کے حضرت ''عبداللہ بن جدعان رحمۃ اللہ علیہ'' کے لئے کہے ہوئے یہ اشعار سنائے

کیا میں اپنی حاجت کا ذکر کروں یا مجھے تیرا حیاء ہی کفایت کرے گا۔ کہ حیاء تیری عادت ہے

تو ایسا کریم ہے کہ کسی صبح یا شام وہ مخلوق سے اپنی سخاوت کو معطل نہیں کرتا۔

تیری زمین باعزت زمین ہے ایک فقیہ ہے جو بنی تیم سے تعلق رکھتا ہے اور آپ ان کے لئے آسمان ہیں۔

''مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: اے ابو بسطام! اس کا ذکر مت کرو ہم اس کو پہچان چکے ہیں اور ہم نے اس کا فیصلہ کر دیا ہے اس کا بھائی اس کو واپس کر دو اور اس کے ذمے کوئی چیز مت ڈالو۔

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ''مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو تیس ہزار درہم دیئے انہوں نے وہ تقسیم کر دیئے اور ان کے لئے بصرہ کے اندر ایک ہزار جریب (ایک جریب دس ہزار ذراع کا ہوتا ہے) ان کے نام الاٹ کئے اور انہوں نے ایسی کوئی چیز نہ پائی جو ان کو اچھی لگے تو انہوں نے اس کو چھوڑ دیا۔

حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۶۰ ہجری کو بصرہ میں ہوا۔ ان کی عمر ۷۷ برس تھی اور ان پیدائش ۸۳ ہجری میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: شعبہ باوجود اس کے کہ بخاری اور مسلم کے اکثر شیوخ کے شیخ ہیں انہوں نے بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(467)شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ زُرَيْقِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ شَيْطَا الصَّرَيْفِيْنِيُّ الْقَاضِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مِنْ اَهْلِ وَاسِطٍ سَمِعَ يَحْيٰى بْنَ آدَمَ وَاَبَا أُسَامَةَ حَمَّادَ بْنَ أُسَامَةَ وَمُعَاوِيَةَ بْنَ هُشَيْمٍ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيّ وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْاَهْوَازِيُّ وَهِشَامُ بْنُ خَلْفٍ الدَّوْرِيُّ وَيَحْيَى بْنُ صَاعِدٍ وَالْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاَنْمَاطِيُّ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ الْقَاضِيّ وَالْقَاضِيُّ الْمُحَامِلِيّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْعَطَّارِ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شعیب بن ایوب بن زریق بن معبد بن شیطا صریفینی قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ اہل واسط میں سے ہیں، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسامہ حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معاویہ بن ہشیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن عبداللہ حضرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدان بن احمد اہوزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن خلف دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن احمد بن ربیع انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن حماد قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی محاملی رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''محمد بن مخلد عطار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۶۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: جلالت قدر کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(468)شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ اَبُوْ صَالِحٍ الْمَدَائِنِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مِنْ اَبْنَاءِ خُرَاسَانَ سَمِعَ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ وَزُهَيْرَ بْنَ مُعَاوِيَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيَّ وَكَامِلَ بْنَ الْعَلَاءِ رَوٰى عَنْهُ مُوْسَى بْنُ دَاوٗدَ الضَّبِّيُّ وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَاَمْثَالُهُمْ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ اَحَدُ الْمَذْكُوْرِيْنَ بِالْعِبَادَةِ وَالصَّلَاحِ وَالْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ مَاتَ شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخٌ اَكْثَرُ شُيُوْخِ صَاحِبَيِ الصَّحِيْحَيْنِ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شعیب بن حرب ابوصالح مدائنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے: یہ ابنائے خراسان میں سے ہیں، انہوں نے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہیر بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مسلم طائفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''کامل بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''موسیٰ بن داؤد ضبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے دیگر محدثین نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے یہ ان میں سے ایک ہیں جن کا ذکر عبادت، صلاح، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے حوالے سے کیا گیا ہے آپ فرماتے ہیں کہ حضرت ''شعیب بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور امام مسلم کے شیوخ میں سے اکثر کے یہ شیخ ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(469)شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِيُّ سَمِعَ الْاَوْزَاعِيَّ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شعیب بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے: حضرت ''شعیب بن اسحاق دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' سے

حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(470)شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ قَيْسٍ اَبُوْ بَكْرِ الْبَكْرِيُّ الْكُوْفِيُّ

سَكَنَ بَغْدَادَ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ بِهَا عَنْ قَابُوْسِ بْنِ اَبِيْ ظِبْيَانَ وَعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ وَمُغِيْرَةَ ابْنِ مِقْسَمٍ وَلَيْثِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ وَاَمْثَالِهِمْ رَوٰى عَنْهُ ابْنُهُ الْوَلِيْدُ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَيَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَاَبُوْ عُبَيْدُ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَامٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَاَمْثَالُهُمْ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّمَائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ اَكْثَرِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شجاع بن ولید بن قیس ابوبکر بکری کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔

یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں کہا ہے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''قابوس بن ابی ظبیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مغیرہ بن مقسم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث بن ابی سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین کے حوالے سے درس حدیث دیا۔

ان سے ان کے بیٹے حضرت ''ولید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبید قاسم بن سلام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۰۵ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے اکثر کے شیخ ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(471)شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ اَبُوْ عَمْرٍو الْفَزَارِيُّ مَوْلَاهُمْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَصْلُهٗ مِنْ خُرَاسَانَ يَرْوِيْ عَنْ شُعْبَةَ وَاِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ وَغَيْرِهِمْ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَيَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَمْثَالُهُمَا مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّمَائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ اَنَّهٗ شَيْخُ اَحْمَدَ وَيَحْيٰى وَشَيْخُ بَعْضِ شُيُوْخِهِمَا يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''شبابہ بن سوار ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ''

یہ فزاری ہیں، ان کے آزاد کردہ تھے، حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کی اصل خراسان سے ہے، انہوں نے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسرائیل بن یونس بن ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۰۶ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: باوجود اس کے کہ یہ امام احمد اور حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہیں اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ کے شیخ ہیں، انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات کی ہیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

بَابُ الصَّادِ

(473)صَخْرُ الْغَامِدِیُّ صَحَابِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهِ یُعَدُّ فِیْ اَهْلِ الْحِجَازِ یُقَالُ اِبْنُ وَدَاعَةٍ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اَبُوْ الْوَلِیْدِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ یَعْلٰی بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ حَدِیْدٍ عَنْ صَخْرِ الْغَامِدِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُكُوْرِهَا وَكَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِیَّةً بَعَثَهُمْ فِیْ اَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ تَاجِرًا یَبْعَثُ غِلْمَانَهٗ فِیْ اَوَّلِ النَّهَارِ وَكَثُرَ مَالُهٗ حَتّٰی لَا یَدْرِیْ اَیْنَ یَضَعُ مَالَهٗ

حضرت ''صخر غامدی صحابی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کو اہل حجاز میں شمار کیا جاتا ہے اور ایک قول کے مطابق یہ حضرت ''ابن وداعہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابوالید رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ہمیں حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''یعلیٰ بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت ''عمارہ بن حدید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''صخر غامدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ''اے اللہ میری امت کی صبح خیزی میں برکت عطا فرما'' اور جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی جنگی مہم روانہ فرماتے تو ان کو دن کے آغاز میں بھیجتے۔ حضرت صخر رحمۃ اللہ علیہ'' تاجر تھے، یہ اپنے لڑکوں کو دن کے اول میں بھیج دیا کرتے تھے ان کا مال بہت زیادہ ہو گیا تھا اور ان کو یہ سمجھ نہیں آتی تھی کہ اپنا مال کہاں استعمال کریں۔

---

(473)صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ الْمُرَادِیُّ لَهٗ صُحْبَةٌ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ اَیُّوْبَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَسْرُوْقٍ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ عَنْ صَفْوَانِ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِنَّ لِلّٰهِ بَاباً لِلتَّوْبَةِ مِنَ الْمَغْرِبِ عَرْضُهٗ مَسِیْرَةُ سَبْعِیْنَ عَاماً لَا یُغْلَقُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهٖ قَالَ الْبُخَارِیُّ لَا نَعْرِفُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَسْرُوْقٍ سِمَاعاً مِنْ زِرٍّ

حضرت ''صفوان بن عسال مرادی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عبیداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں خبر دی ہے حضرت ''سعید بن ابی ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' ہمیں خبر دی ہے حضرت ''عبدالرحمٰن بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''زر بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ حضرت ''صفوان بن عسال سے روایت کرتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا'' بے شک اللہ تعالیٰ کا مغرب کی جانب توبہ کا ایک دروازہ ہے جس کی چوڑائی ستر سال کی مسافت ہے یہ اس وقت تک بند نہیں کیا جائے گا جب تک سورج مغرب کی طرف سے طلوع نہ ہو۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ہمیں حضرت ''عبدالرحمٰن بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذر سے سماع معلوم نہیں ہے۔

.....

(474)صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ اَلسُّلَمِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ لَهٗ صُحْبَةٌ قَالَ وَيُقَالُ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَمْرٍو اَلذَّكْوَانِيُّ

صفوان بن معطل سلمی

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔ کہتے ہیں: ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوعمرو'' ہے آپ زکوانی ہیں۔

.....

(475)صَبِيٌّ بْنُ مَعْبَدٍ

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ لَهٗ ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''صبی بن معد رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں اور ان مسانید کے اندر ان کا ذکر موجود ہے۔

.....

(476)صَالِحُ بْنُ بَيَانٍ الثَّقَفِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَيُقَالُ الْعَبْدِيُّ قَالَ وَيُعْرَفُ بِالسَّاحِلِيِّ مِنَ الْاَنْبَارِ وَلِيَ قَضَاءَ شِيْرَازَ وَحَدَّثَ عَنْ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَفُرَاتِ بْنِ السَّائِبِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْعُوْدِيِّ رَوٰى عَنْهُ الْفَضْلُ بْنُ سُخَيْتٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ خَلْفٍ الْحَدَّادُ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُطَهَّرٍ الْعَبْدِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ سَمِيْنَةَ التَّمَّارُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''صالح بن بیان ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ عبدی ہیں۔ آپ نے کہا ہے' ان کو انبار کے ساحل کے حوالے سے پہچانا جاتا تھا۔ یہ شیراز کی مسند قضاء پر فائز رہے، انہوں نے حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''فرات بن سائب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ان سے حضرت ''فضل بن سخیت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن خلف حداد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مطہر عبدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن ابی سمینہ تمار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات نقل کی ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(477)صِلَةُ بْنُ زُفَرَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كُنِّيَتُهٗ اَبُو الْعَلَاءِ وَقِيْلَ اَبُوْ بَكْرٍ يَرْوِيْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ وَائِلٍ شَقِيْقُ بْنُ سَلْمَةَ وَعَامِرُ الشَّعْبِيُّ وَاَبُوْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيُّ وَرِبْعِيُّ بْنُ حِرَاشٍ وَاِبْرَاهِيْمُ النَّخْعِيُّ وَالْمُسْتَوْرَدُ بْنُ الْاَحْنَفِ مَاتَ فِيْ وِلَايَةِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ

حضرت ''صلہ بن زفر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابو علاء'' ہے اور ایک قول کے مطابق حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔

انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حذیفہ بن یمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابو وائل شقیق بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسحاق سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ربعی بن حراش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مستورد بن احنف رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال حضرت مصعب بن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے دور حکومت میں ہوا۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

ان محدثین کا ذکر جنہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے

(478)صَلْتُ بْنُ بَهْرَامٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ صَلْتُ بْنُ بَهْرَامٍ التَّيْمِيُّ الْكُوْفِيُّ قَالَ نَسَبَهُ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيِّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ وَکَانَ یَذْکُرُ بِالْاَرْجَاءِ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''صلت بن بہرام رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''صلت بن بہرام تیمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' اور کہا ہے' ان کا نسب حضرت ''مروان بن معاویہ الفزاری رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان پر'' ارجاء'' (فرقہ مرجئہ میں سے ہونے کا) کا الزام تھا اور یہ حضرت'' ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(479)صَلْتُ بْنُ الْحَجَّاجِ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عَنْ یَحْیَی الْکِنْدِیِّ یَرْوِیْ عَنْهُ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدِ الْقَطَّانُ یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''صلت بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''یحییٰ کندی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(480)صَلْتُ بْنُ الْعَلَاءِ

یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''صلت بن علاء رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(481)صَبَاحُ بْنُ مَحَارِبٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ صَبَاحُ بْنُ مَحَارِبِ التَّيْمِيّ
يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''صباح بن محارب رحمۃ اللہ علیہ''

امام بخاری نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''صباح بن محارب تیمی رحمۃ اللہ علیہ''۔
اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدِهِمْ مِنَ الْمَشَائِخِ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر

(482)صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْنُسَ اَبُوْ الْحُسَيْنِ الْبَزَّازُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ صَالِحُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْقَيْرَاطِيُّ هَرَوِيُّ الْاَصْلِ حَدَّثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَعْقُوْبَ الدَّوْرَقِيِّ وَيُوْسُفَ بْنِ مُوْسٰى الْقَطَّانِ وَمُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى الْقَطِيْعِيِّ وَجَمَاعَةٍ سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ الشَّافِعِيُّ وَاَبُوْ عَلِيِّ بْنِ الضِّرَابِ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ شَاذَانَ وَاَبُوْ حَفْصِ بْنُ شَاهِيْنَ وَجَمَاعَةٌ مَاتَ سَنَةَ سِتَّ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى
يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ اَصْحَابُ الْمَسَانِيْدِ كَثِيْرًا عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''صالح بن احمد بن یونس ابوالحسین بزاز رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''صالح بن مقاتل قیراطی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ اصل میں ہروی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''معاویہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن یعقوب دورقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یوسف بن موسیٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یحییٰ قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک پوری جماعت سے سماع کیا ہے، حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے نام بھی ذکر کئے ہیں۔ اور ان سے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن ضراب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص بن شاہین رحمۃ اللہ علیہ''، اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۱۶ ہجری میں ہوا۔
اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: تقریباً تمام مسانید کے اندر ان کی روایات موجود ہیں۔

---

(483)صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ نَصْرِ بْنِ مُحَمَّدِبْنِ عِيسٰى بْنِ مُوْسٰى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ مُحَمَّدِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجًّا وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ حَمْدَانَ بْنِ ذِى النُّوْنِ وَالْقَاسِمِ بْنِ عَبَادِ التِّرْمَذِيِّ رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْحَسَنِ الْخَلَّالِ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِى الْكَثِيْرَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''صالح بن محمد بن نصر بن محمد بن عیسیٰ بن موسیٰ بن عبداللہ ابومحمد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ یہ حج کرنے کے لئے آئے تو بغداد میں آئے تھے یہاں پر انہوں نے حضرت ''حمدان بن ذی النون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن عباد ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی اور ان سے حضرت ''ابوالحسن خلال رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں ان کی بھی روایات بکثرت موجود ہیں۔

---

(484)صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ عُمَرَ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ حَسَّانِ بْنِ مُنْذِر

يُكَنّٰى اَبَا عَلِيٍّ وَيُلَقَّبُ بِجَزْرَةَ قَالَ الْخَطِيْبُ وَكَانَ مِنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَمِمَّنْ يُرْجَعُ اِلَيْهِ فِيْ عِلْمِ الْآثَارِ وَمَعْرِفَةِ نَقَلَةِ الْاَخْبَارِ رَحِلَ الْكَثِيْرَ وَلَقِيَ الْمَشَايِخَ بِالشَّامِ وَمِصْرَ وَخُرَاسَانَ وَسَكَنَ بَغْدَادَ وَانْتَقَلَ اِلٰى بُخَارٰى فَظَهَرَ ثُمَّ حَدِيْثُهٗ حَدَّثَ دَهْرًا طَوِيْلًا مَنْ حَفِظَهٗ اِذْ لَمْ يَسْتَصْحِبْ كِتَابًا فَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِ غَلَطٌ وَكَانَ قَدْ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ سُلَيْمَانَ وَعَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَخَالِدَ بْنَ خِدَاشٍ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ مَاتَ بِبُخَارٰى سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''صالح بن محمد بن عمر بن حبیب بن حسان بن منذر رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعلی'' ہے اور لقب ''جزرہ'' ہے۔ حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ ائمہ حدیث میں سے ہیں اور علم الآثار اور نقلۃ الاخبار کی معرفت میں ان کی جانب رجوع کیا جاتا ہے انہوں نے بہت سفر کئے ہیں اور شام اور مصر اور خراسان میں بہت سارے مشائخ سے ملاقات کی ہے، بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے پھر بخارا منتقل ہو گئے اور وہاں پر یہ ظاہر ہوئے اور پھر انہوں نے ایک عرصہ دراز تک اپنے حافظے کی بنیاد پر درسِ حدیث دیا کیونکہ ان کے پاس کوئی کتاب موجود نہ تھی لیکن ان کی کوئی شخص غلطی نہ پکڑ سکا۔ انہوں نے حضرت سعید بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خالد بن خداش رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے ان کا نام خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیئے ہیں۔ ۲۹۴ ہجری کو بخارا میں انتقال ہوا۔

بَابُ الضَّادِ

(485)ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ صُهَيْبِ الزُّبَيْدِيُّ اَلشَّامِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ عُتْبَةَ رَوٰى عَنْهُ هَلَالُ بْنُ يَسَارٍ كَنَّاهُ اَحْمَدُ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ضمرہ بن حبیب بن صہیب زبیدی شامی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان کی کنیت ''ابوعتبہ'' ہے۔ان سے حضرت ''ہلال بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اوران کی کنیت حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(486)ضَحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ

وَهُوَ اَبُوْ عَاصِمِ النَّبِيْلُ الْبَصْرِيُّ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ مَوْلٰى بَنِيْ شَيْبَانَ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ سَمِعَ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَابْنَ جُرَيْجٍ وَشُعْبَةَ وَالثَّوْرِيِّ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ضحاک بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوعاصم'' ہے یہ نبیل بصری ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابوعاصم نبیل رحمۃ اللہ علیہ'' بنی شیبان کے آزاد کردہ ہیں، ان کا انتقال ۲۱۲ ہجری میں ہوا۔انہوں نے حضرت ''جعفر بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(487)ضَحَّاكُ بْنُ حَمْزَةَ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ضحاب بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(488)ضَحَّاكُ بْنُ مُسَافِرٍ

هُوَ مَوْلٰى سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ضحاک بن مسافر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''سلیمان بن عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(489)ضَرَّارٌ

يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ضرار رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور وہ روایت ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

بَابُ الطَّاءِ

(490)طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ

مِنَ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ قُتِلَ يَوْمَ الْجَمَلِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''طلحہ بن عبیداللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن تیم بن مرہ ابومحمد رضی اللہ عنہ''

یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ اور جنگِ جمل میں آپ کا انتقال ہوا۔

(491)طَاوُسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَمَانِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ طَاوُسُ بْنُ كَيْسَانَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسٍ الْهَمْدَانِيُّ الْيَمَانِيُّ الْخَوْلَانِيُّ قَالَ مَاتَ طَاوُسٌ قَبْلَ مُجَاهِدٍ بِسَنَتَيْنِ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ نَافِعٍ مَاتَ طَاوُسُ الْيَمَانِيُّ سَنَةَ سِتٍّ وَّمِائَةٍ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ عُلَمَاءِ التَّابِعِيْنَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طاؤس بن عبداللہ یمانی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''طاؤس بن کیسان رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، حضرت ''ابو عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' یہ فارس کی اولادوں میں سے ہیں، ہمدانی، یمانی، خولانی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے دو سال پہلے فوت ہوگئے تھے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''ابراہیم بن نافع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''طاؤس یمانی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۰۶ ہجری میں ہوا۔ یہ کبار علماء تابعین میں سے تھے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(492)طَرِيْفُ بْنُ شِهَابٍ اَبُوْ سُفْيَانَ الْبَصْرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ هُوَ السَّعْدِيُّ الْاَشَلُّ الْعُطَارِدِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ وَقَالَ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ هُوَ طَرِيْفُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ وَقَالَ جَعْفَرُ ابْنُ حَبَّانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ اَبُوْ سُفْيَانَ يَرْوِيْ عَنِ الْحَسَنِ وَاَبِيْ نَضْرَةَ وَقَالَ اِبْنُ فُضَيْلٍ عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامِ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طریف بن شہاب ابوسفیان بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، یہ سعدی ہیں، اشل عطاردی ہیں۔ حضرت ''امام بخار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابو معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: یہ حضرت ''طریف بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''جعفر بن ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ حضرت ''طریف بن شہاب ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو نضرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے اور حضرت ''ابن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابو نضرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابوسعید خدری سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں جو ہیں۔

---

(493)طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ الْيَامِيُّ الْهَمْدَانِيُّ

مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَمْرٍو اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَامِيُّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى وَهُذَيْلَ بْنَ شُرَحْبِيْلَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْسَجَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ وَقَالَ غَيْرُهٗ شَهِدْتُ جَنَازَةَ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ سَنَةَ عَشْرَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طلحہ بن مصرف یمامی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

کبار تابعین میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر انکا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''طلحہ بن مصرف بن کعب بن عمرو ابوعبداللہ یمامی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہذیل بن شرحبیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن عوسجہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۲ ہجری میں ہوا اور دیگر محدثین نے کہا ہے' میں نے حضرت ''طلحہ بن مصرف رحمۃ اللہ علیہ'' کے جنازے میں ۱۱۰ ہجری میں شرکت کی تھی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(494)طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ اَبُوْ سُفْيَانَ قَالَ جَاوَرْتُ جَابِرًا سِتَّةَ اَشْهُرٍ بِمَكَّةَ قَالَ كُنْتُ اَحْفَظُ وَسُلَيْمَانُ الْيَشْكُرِيُّ يَكْتُبُ قَالَ الْبُخَارِيُّ يَعْنِيْ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طلحہ بن نافع رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''طلحہ بن نافع ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ''۔فرماتے ہیں: میں مکہ مکرمہ میں چھ مہینے حضرت جابر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ رہا رہوں۔ آپ فرماتے ہیں: میں یاد کر لیا کرتا تھا اور حضرت'' سلیمان یشکری رحمۃ اللہ علیہ'' لکھا کرتے تھے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے:یعنی حضرت ''جابر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(495)طَلْحَةُ بْنُ سِنَانِ الْيَامِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ طَلْحَةُ بْنُ سِنَانِ بْنِ مُصَرِّفِ الْيَامِيُّ يَرْوِىْ عَنْ لَيْثٍ سَمِعَ مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبَانَ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طلحہ بن سنان یامی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت '' طلحہ بن سنان بن مصرف یامی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت'' لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اوران سے حضرت ''عبداللہ بن ابان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(496)طَلْقُ بْنُ حَبِيْبٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ طَلْقُ بْنُ حَبِيْبٍ الْعَنْزِيُّ سَمِعَ جَابِرًا وَابْنَ الزُّبَيْرِ رَوٰى عَنْهُ مُصْعَبُ بْنُ شَيْبَةَ وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَلَهٗ ذِكْرٌ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طلق بن حبیب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت '' طلق بن حبیب عنزی رحمۃ اللہ علیہ''۔انہوں نے حضرت ''جابر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن زبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''مصعب بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان مسانید میں ان کا تذکرہ موجود ہے۔

.....

(497)طَارِقُ بْنُ شِهَابٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ طَارِقُ بْنُ شِهَابِ الْاَحْمَسِيُّ الْكُوْفِيُّ قَالَ الْبُخَارِيُّ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابِ الْبَجَلِيِّ الْاَحْمَسِيِّ الْكُوْفِيِّ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَغَزَوْتُ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ اَوْ ثَلَاثًا وَاَرْبَعِيْنَ غَزْوَةً

حضرت ''طارق بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، حضرت ''طارق بن شہاب احمسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''عمرو بن دینار مرزوق رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ حضرت ''قیس بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''طارق بن شہاب بجلی احمسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں' وہ بیان کرتے ہیں' میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ حکومت میں ۳۳ یا ۴۳ غزوات میں شرکت کی ہے۔

.....

(498)طَاهِرُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ حَمْوَيْهِ

وَهُوَ مِنْ عُلَمَاءِ الْمُتَاَخِّرِيْنَ مِنْ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ لَهٗ ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''طاہر بن محمد بن حمویہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ متاخرین علماء میں سے ہیں ائمہ حدیث میں سے ہیں ان مسانید میں ان کا ذکر موجود ہے۔

.....

(499)طَرِيْفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو الْوَلِيْدِ الْمُوْصَلِيّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَانَ يَنْتَمِيْ اِلٰى وِلَاءِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ يَحْيٰى بْنِ بِشْرٍ وَعَلِيِّ بْنِ حَكِيْمٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ الشَّافِعِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْجِعَانِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ بْنِ الْمُعَلّٰى تُوُفِّيَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''طریف بن عبداللہ ابو ولید موصلی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے، یہ حضرت ابن ابی طالب کی ولاء کی جانب منسوب ہوتے تھے، بغداد میں آئے تھے اور یہاں پر آ کر انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے احادیث بیان

کی ہیں اوران سے حضرت ''ابوبکر شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمر جعانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن محمد بن معلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۳۰۴ ہجری میں ہوا۔

(500)طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدِبْنِ جَعْفَرَ الشَّاهِدِ الْعَدْلِ اَبُو الْقَاسِمِ

صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الثَّانِیْ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ الْخَمْسَةِ عَشَرَ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ غَیْلَانَ الثَّقَفِیِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ التِّرْمِذِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدَانَ وَمُحَمَّدِ اِبْنِ الْحُسَیْنِ وَاَبِی الْقَاسِمِ الْبَغَوِیِّ وَاَبِیْ بَکْرِ بْنِ دَاوٗدَ وَاَحْمَدِ بْنِ الْقَاسِمِ اَخِیْ اَبِی اللَّیْثِ الْفَرَائِضِیِّ وَاَبِیْ صَخْرَةِ الْبَانِیِّ وَحَرْمَیْ بْنِ اَبِیْ الْعَلَاءِ وَیَحْیٰی بْنِ صَاعِدٍ وَاَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُجَاهِدِ الْمُقْرِیِّ وَغَیْرِهِمْ قَالَ الْخَطِیْبُ حَدَّثَنَا عَنْهُ عُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْفَقِیْهُ وَالْاَزْهَرِیُّ وَاَبُوْ مُحَمَّدِ الْخَلَالُ وَعَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ عَلِیٍّ الْاَزَجِیُّ وَعَلِیُّ بْنُ الْمُحْسِنِ التَّنُوْخِیُّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَوْهَرِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی الْاَزْهَرِیُّ اَنَّ مَوْلِدَ طَلْحَةَ فِیْ اَوَّلِ سَنَةِ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَمَائَتَیْنِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ کَانَ مُقَدَّمَ الْعُدُوْلِ وَالثِّقَاتِ الْاَثْبَاتِ فِیْ زَمَانِهٖ وَصَنَّفَ الْمُسْنَدَ لِاَبِیْ حَنِیْفَةَ عَلٰی حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ وَهُوَ الْمُسْنَدُ الثَّانِیْ عَلٰی مَا ذَکَرْنَا فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ

حضرت ''طلحہ بن محمد جعفر شاہد عدل ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

ان ۱۵ مسانید میں سے دوسری مسند ان کی ہے۔حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے کہ انہوں نے حضرت ''عمرو بن اسماعیل بن غیلان ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عباس ترمذی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن زیدان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسین، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن داؤد احمد بن قاسم ابولیث فرایضی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی، حضرت ''ابوصخرہ بانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حرمی بن ابوعلاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن مجاہد مقری رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: ہمیں ان کے حوالے سے حضرت ''عمر بن ابراہیم فقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور، حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالعزیز بن علی ازجی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن محسن تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن علی جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''ازہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے یہ بتایا ہے، حضرت ''طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۲۹۱ ہجری کے اوائل میں ہوئی اور ان کا انتقال ۳۸۰ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ اپنے زمانے میں عادل اور ثقہ لوگوں میں سب سے آگے تھے اور انہوں نے حروف تہجی کے لحاظ سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک مسند تصنیف کی ہے یہ دوسری مسند ہے اور اول کتاب کے اندر ہم نے اس کا ذکر کیا ہے۔

بَابُ الْعَيْنِ

قَدْ ذَكَرْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُنَيْسٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءَ الزُّبَيْدِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فِيْمَنْ رَوٰی عَنْهُمُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ*

✧✧ ہم نے حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبداللہ بن حارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ'' کا ذکر اس باب میں کردیا ہے جس میں یہ تذکرہ ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے روایت کرتے ہیں۔

(501)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدِ بْنِ غَافِلِ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ شَمْخِ بْنِ مَخْزُوْمِ بْنِ صَاهِلَةَ بْنِ كَاهِلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ تَمِيْمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ هُذَيْلٍ*

شَهِدَ بَدْرًا وَغَيْرَهَا مِنَ الْمَشَاهِدِ* وَكُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ اَخُوْ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاُمُّهُمَا اُمُّ عَبْدٍ بِنْتِ عَبْدُوْدٍ وَهُوَ فَقِيْهُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَعْلَامُ التَّابِعِيْنَ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰی فِیْ جَامِعِهٖ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ اَتَيْنَا حُذَيْفَةَ فَقَالَ حَدِّثْنَا بِاَقْرَبِ النَّاسِ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ هَدْيًا وَدَلًا فَنَاْخُذُ عَنْهُ وَنَسْمَعُ مِنْهُ فَقَالَ كَانَ اَقْرَبُ النَّاسِ هَدْيًا وَدَلًا وَسَمْتًا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ حَتّٰی يَتَوَارٰی مِنَّا فِیْ بَيْتِهٖ وَلَقَدْ عَلِمَ الْمَحْفُوْظُوْنَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ اَنَّ ابْنَ اُمِّ عَبْدٍ هُوَ اَقْرَبُهُمْ اِلَی اللّٰهِ زُلْفٰی* وَرَوٰی بِاِسْنَادِهٖ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ خُذُوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَاُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَسَالِمٍ مَوْلٰی اَبِیْ حُذَيْفَةَ* تُوُفِّیَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ بِالْمَدِيْنَةِ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَلَاثِيْنَ وَصَلّٰی عَلَيْهِ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ وَدُفِنَ بِالْبَقِيْعِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمِنَ الْمَشْهُوْرِ الْمَعْلُوْمِ اَنَّ فِقْهَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ يَنْتَهِیْ اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ حَيْثُ اَخَذَهٗ مِنْ اَصْحَابِ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِیِّ عَنْهُ عَنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ رَضِيْتُ لِاُمَّتِیْ مَا رَضِیَ لَهَا ابْنُ اُمِّ عَبْدٍ* وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ*

حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' بن غافل بن حبیب بن شمخ بن مخزوم بن صاہلہ بن کاہل بن حارث بن تمیم بن سعد بن ہذیل۔

یہ غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے اور دیگر غزوات میں بھی شریک ہوئے تھے۔ ان کی کنیت ''ابوعبدالرحمٰن'' ہے، یہ

حضرت ''عتبہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بھائی ہیں، ان کی والدہ ''ام عبد بنت عبدود'' ہیں اور یہ فقیہ صحابہ میں سے ہیں۔ اور بڑے تابعین میں سے ہیں۔

حضرت ''امام ابوعیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی جامع ترمذی میں اپنی اسناد حضرت ''عبدالرحمٰن بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے، ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ہم نے کہا: آپ ہمیں بتایئے کہ ہدایت اور رہنمائی کے لحاظ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ قریب کون تھا؟ تاکہ ہم ان سے کسب فیض کریں اور ان سے احادیث سنیں۔ انہوں نے کہا: ہدایت، رہنمائی اور راہ راست پر چلنے کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ قریب حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' تھے، یہاں تک کہ ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے اندر تک جانے کی اجازت تھی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے محفوظ صحابہ کرام اس بات کو باخوبی جانتے ہیں کہ حضرت ''ابن ام عبد رضی اللہ عنہ'' اللہ کے سب سے زیادہ قریب ہیں۔

اپنی اسناد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا کر بیان کیا ہے کہ چار صحابہ سے قرآن لیا کرو۔ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے۔ حضرت ''ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ'' سے۔ حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ'' سے اور حضرت ''حذیفہ رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ حضرت ''سالم رضی اللہ عنہ'' سے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتقال ۳۲ ہجری کو مدینہ منورہ میں ہوا۔ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور ان کی تدفین بقیع پاک میں ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ بات مشہور و معروف ہے کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی فقہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے کیونکہ انہوں نے حضرت ''ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے کسب فیض کیا ہے اور انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب سے لیا ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے ''میں اپنی امت پر راضی رہوں گا جب تک ان پر ام عبد کا بیٹا راضی ہے''۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔

(502) عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِبْرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

قَالَ رَأَيْتُ جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَرَّتَيْنِ وَدَعَا لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ * مَاتَ بِالطَّائِفِ فِيْ أَيَّامِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ سَنَةَ ثَمَانٍ اَوْ تِسْعٍ وَّسِتِّيْنَ * قَالَ وُلِدْتُّ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِثَلَاثِ سِنِيْنَ وَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنَا اِبْنُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما۔

حضرت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اس امت کے دینی پیشوا ہیں۔ آپ فرماتے ہیں: میں نے جبرئیل امین علیہ السلام کو دو مرتبہ دیکھا ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے دو مرتبہ دعا فرمائی۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں ۶۸ یا ۶۹ ہجری میں طائف کے اندر آپ کا انتقال ہوا۔ آپ فرماتے ہیں: میں ہجرت سے تین سال پہلے پیدا ہوا، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جب

انتقال ہوا تو اس وقت میری عمر ۱۳ برس تھی۔

---

(503)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اَسْلَمَ مَعَ اَبِيْهِ بِمَكَّةَ وَهُوَ صَغِيْرٌ وَعُرِضَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ وَكَانَ اِبْنُ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً فَلَمْ يَقْبَلْهُ وَلَمْ يَرَهُ بَالِغاً وَعُرِضَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَكَانَ اِبْنُ خَمْسَ عَشَرَةَ سَنَةً فَقَبِلَهُ وُلِدَ قَبْلَ الْوَحْيِ بِسَنَةٍ مَاتَ بِمَكَّةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّيْنَ وَكَانَ عُمُرُهُ اَرْبَعاً وَّثَمَانِيْنَ سَنَةً وَذٰلِكَ بِمَكَّةَ

حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما۔

✧✧ اپنے والد کے ہمراہ بچپن میں مکہ میں اسلام لے آئے تھے، ان کو جنگ احد کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ اس وقت ان کی عمر چودہ برس تھی۔ رسول اکرم ﷺ نے ان کو قبول نہ کیا کیونکہ ان کو بالغ نہیں سمجھا گیا تھا۔ پھر جنگِ خندق کے موقع پر پیش کیا گیا تو اس وقت ان کی عمر پندرہ برس تھی تو رسول اکرم ﷺ نے قبول کر لیا تھا۔ یہ نزول وحی سے ایک سال پہلے پیدا ہوئے تھے اور ۶۴ ہجری کو مکہ میں فوت ہوئے ان کی عمر ۸۴ برس تھی اور یہ مکہ کی بات ہے۔

---

(504)اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

كَانَ الْوَاجِبُ تَقْدِيْمَ ذِكْرِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ لٰكِنْ تَقِلُّ الرِّوَايَةُ عَنْهُمْ وَتَكْثُرُ عَنِ الشَّبَابِ وَاِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلِهٰذَا وَقَعَ تَقْدِيْمُ ذِكْرِهِمْ * (اَمَّا الصِّدِّيْقُ) فَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ قُحَافَةَ عُثْمَانُ بْنُ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو اِبْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ ابْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ * اُمُّهُ اُمُّ الْخَيْرِ سَلْمٰى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ * بَايَعَهُ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ فِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ مِنْ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَارْتَدَّتِ الْعَرَبُ وَاضْطَرَبَتِ الدُّنْيَا وَاسْتَغْلَظَ اَمْرُ مُسَيْلَمَةَ وَطُلَيْحَةَ الْاَسَدِيِّ وَارْتَدَّ قَوْمٌ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ اِلَّا مِنْ قُرَيْشٍ وَثَقِيْفٍ وَعَقَدَ اِثْنَيْ عَشَرَ لِوَاءً وَبَعَثَ الْبُعُوْثَ وَجَاهَدَ حَقَّ الْجِهَادِ حَتّٰى اَعَزَّ اللّٰهُ الْاِسْلَامَ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ مِنَ الْهِجْرَةِ وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ سِنَتَيْنِ وَثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ وَخَمْسَةَ اَيَّامٍ * وَعُمْرُهُ ثَلَاثٌ وَّسِتُّوْنَ سَنَةً فَقَاضِيْهِ عُمَرُ وَكَاتِبُهُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَحَاجِبُهُ سَعْدٌ وَمُؤَذِّنُهُ الْقَرَظِيُّ وَعَهِدَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ * وَاَوْلَادُهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدٌ وَاَسْمَاءُ وَعَائِشَةُ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ *

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

✧✧ چاہئے تو یہ تھا کہ خلفاء راشدین کا ذکر پہلے کیا جاتا لیکن ان کی روایات بہت کم ہیں جبکہ حضرت ''شباب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کی مرویات زیادہ ہیں اس لئے ان کا ذکر پہلے آ گیا۔

حضرت ''صدیق رضی اللہ عنہ'' حضرت ''عبداللہ بن ابی قحافہ رضی اللہ عنہ'' ہیں۔ان کا نام ''عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ''۔

ان کی والدہ ''ام حارث سلمٰی بن صخر بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ'' ہیں۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے اگلے دن تمام مہاجرین اور انصار نے آپ کی بیت کی اور عرب کے کچھ لوگ مرتد ہوگئے اور دنیا پریشان ہوگئی اور مسیلمہ اور طلیحہ اسدی والا معاملہ بہت خطرناک ہوگیا،قریش اور ثقیف کو چھوڑ کر تقریباً ہر قبیلے میں سے کچھ نہ کچھ لوگ مرتد ہوگئے۔آپ نے بارہ جھنڈے تیار کیے اور لشکر بھیج دیئے اور حق کا جہاد کیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غلبہ عطا کر دیا۔آپ کا انتقال ۱۳ ہجری کو ہوا۔ان کی خلافت دو سال تین مہینے اور پانچ دن تھی،ان کی عمر ۶۳ برس تھی۔ان کے قاضی حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے اور ان کے کاتب حضرت ''عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ'' تھے اور ان کے دربان حضرت ''سعد رضی اللہ عنہ'' تھے اور ان کے مؤذن حضرت ''قرظی رضی اللہ عنہ'' تھے،انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نامزد کیا تھا۔آپ کی اولاد حضرت ''عبداللہ، حضرت ''عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''، حضرت ''محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ''، سیدہ ''اسماء رضی اللہ عنہا، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا۔

---

(505)عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِبْنُ نُفَيْلِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ رِبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَرْطِ بْنِ رَزَاحِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبٍ

وَاُمُّهُ حَنْتَمَةُ بِنْتُ هَاشِمِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ * بُوْيِعَ لَهُ يَوْمَ مَاتَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقُتِلَ فِيْ آخِرِ ذِي الْحِجَّةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ * وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ عَشَرَ سِنِيْنَ وَسِتَّةَ اَشْهُرٍ وَاَيَّاماً * وَعُمْرُهُ ثَلَاثٌ وَّسِتُّوْنَ سَنَةً وَجَعَلَ الْاَمْرَ شُوْرٰى بَيْنَ سِتَّةٍ وَهُمْ عَلِيٌّ وَعُثْمَانُ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّتَشَاوَرُوْا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَاَنْ يُّصَلِّيَ بِالنَّاسِ صُهَيْبٌ * وَاَوْلَادُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ وَعَاصِمٌ وَاَبُوْ شَحْمَةَ وَزَيْدٌ وَمُحَمَّدٌ وَحَفْصَةُ وَزَيْنَبُ * وَاَوَّلُ مَا تُكُلِّمَ بِهٖ عُمَرُ فِيْ خِلَافَتِهٖ عَزْلُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔

✧✧(آپ کا نسب یوں ہے)''عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بن لوی بن غالب''۔ان کی والدہ ''حنتمہ بنت ہاشم بن مغیرہ'' ہیں۔

جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا،تو اسی دن آپ کی بیعت کر لی گئی تھی اور آپ کی شہادت ۲۳ ہجری کو ذی الحجہ کے آخر میں ہوئی۔آپ کی خلافت دس سال اور چھ مہینے اور کچھ دن تھی اور آپ کی عمر ۶۳ برس تھی۔آپ نے ۶ صحابہ کرام پر مشتمل مجلس شوریٰ بنائی،ان میں حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم تھے۔اور ان کو حکم دیا تھا کہ تین دن (خلافت کی بابت) مشورہ کر لیں اور ان دنوں میں حضرت ''صہیب رضی اللہ عنہ'' لوگوں کو نماز پڑھاتے رہیں۔آپ کی اولاد میں حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' حضرت ''عبیداللہ رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عاصم رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابوشحمہ رضی اللہ عنہ''،

حضرت ''زید رضی اللہ عنہ''، حضرت ''محمد رضی اللہ عنہ''، سیدہ ''حفصہ رضی اللہ عنہا''، سیدہ ''زینب رضی اللہ عنہا'' ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے امور خلافت کے بارے میں سب سے پہلا اعتراض حضرت ''خالد بن ولید رضی اللہ عنہ'' کی معزولی تھا۔

---

(506)عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ بْنِ اُمَیَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ ابْنِ قُصَیْ بْنِ کِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ کَعْبِ بْنِ لُؤَیْ بْنِ غَالِبٍ

وَاُمُّهُ اَرْوٰی بِنْتِ کُرَیْزِ بِضَمِّ الْکَافِ وَفَتْحِ الرَّاءِ اِبْنِ رَبِیْعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مُنَافٍ وَاُمُّهَا اُمُّ حُکَیْمِ الْبَیْضَاءُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ * بُوْیِعَ لَهُ فِی الْیَوْمِ الثَّالِثِ مِنَ الشُّوْرٰی وَقُتِلَ بِالْمَدِیْنَةِ لِثَلَاثٍ عَشَرَةَ لَیْلَةً بَقِیَتْ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَکَانَتْ خِلَافَتُهُ اِثْنَتَیْ عَشَرَةَ سَنَةً اِلَّا اِثْنَیْ عَشَرَ یَوْماً وَعُمُرُهُ ثَلَاثٌ وَّثَمَانُوْنَ سَنَةً وَاَوْلَادُهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ وَاَبَانَ وَعَمْرٌو وَخَالِدٌ وَحَبِیْبٌ وَالْوَلِیْدُ وَعَبْدُ مَنَافٍ وَالْمُغِیْرَةُ وَعَبْدُ الْمَلِكِ وَاُمُّ عَمْرٍو وَعَائِشَةُ وَاُمُّ سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ*

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

✧✧ (آپ کا نسب یوں ہے) ''عثمان بن عفان بن ابوالعاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف ابن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غلاب''۔

آپ کی والدہ ''اروٰی بنت کریز بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف'' ہیں۔ اور ان کی والدہ ''ام حکیم بیضاء بنت عبد المطلب'' ہیں۔

شوریٰ کے تیسرے دن ان کی بیعت کر لی گئی اور آپ کو ۳۵ ہجری میں ذی الحج کی ۱۷ تاریخ کو مدینہ منورہ میں شہید کیا گیا۔ آپ کی خلافت ۱۲ برس سے ۱۲ دن کم تھی اور آپ کی عمر ۸۳ برس تھی۔ آپ کی اولاد امجاد میں حضرت ''عبداللہ''، حضرت ''عبیداللہ''، حضرت ''ابان''، حضرت ''عمرو''، حضرت ''خالد''، حضرت ''حبیب''، حضرت ''ولید''، حضرت ''عبد مناف''، حضرت ''مغیرہ''، حضرت ''عبدالملک''، ام عمرو، عائشہ اور ام سعد رضی اللہ عنہم ہیں۔

---

(507)عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِبْنُ عَبْدِ الْمُطَّلَبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ ابْنِ قُصَیِّ بْنِ کِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ کَعْبِ بْنِ لُؤَیْ بْنِ غَالِبٍ

وَاُمُّهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ ابْنِ هَاشِمٍ وَهِیَ اَوَّلُ هَاشِمِیَّةٍ وُلِدَتْ هَاشِمِیّاً فَسَمَّتْهُ حَیْدَرَةً فَسَمَّاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیّاً بُوْیِعَ لَهُ فِی الْمُحَرَّمِ * وَاَوَّلُ مَنْ بَایَعَهُ طَلْحَةُ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ وَقِیْلَ اَبُوْ بَکْرٍ * وَآخَیٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَقَالَ لَهُ اَنْتَ اَخِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ * وَضَرَبَهُ اِبْنُ مُلْجَمِ الْمُرَادِیُّ وَقْتَ صَلَاةِ الصُّبْحِ لِتِسْعَ عَشَرَةَ لَیْلَةً مَضَتْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ

اَرْبَعِيْنَ وَبَقِيَ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَمَاتَ عَنْ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ سَنَةً * وَاَوْلَادُهٗ سَبْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَالْمُحْسِنُ وَمُحَمَّدُ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ وَعَبْدُ اللّٰهِ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَيَحْيٰى وَجَعْفَرٌ وَالْعَبَّاسُ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ زَوْجَةُ عُمَرَ وَاُمُّ كُلْثُوْمِ الصُّغْرٰى وَزَيْنَبُ الْكُبْرٰى وَزَيْنَبُ الصُّغْرٰى وَرَمْلَةُ وَاُمُّ الْحَسَنِ وَحَمَّامَةٌ وَمَيْمُوْنَةُ وَخُدَيْجَةُ وَفَاطِمَةُ وَاُمُّ الْكِرَامِ وَنَفِيْسَةُ وَاُمُّ سَلْمَةَ وَاُمُّ اُمِّهَا وَاُمُّ اُمِّ اَبِيْهَا وَرُقَيَّةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔

✧✧ (آپ کا نسب یوں ہے) ''علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب''۔

آپ کی والدہ ''فاطمہ بنت اسد بن ہاشم'' ہیں، یہ سب سے پہلی ہاشمیہ ہیں جنہوں نے کسی ہاشمی کو جنم دیا تھا، انہوں نے ان کا نام ''حیدرہ'' رکھا تھا پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام ''علی'' رکھ دیا۔

محرم میں آپ کی بیعت کی گئی، سب سے پہلے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ کی بیعت کی تھی اور یہ سب سے پہلے اسلام لانے والے بھی ہیں اور ایک قول کے مطابق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے درمیان عہد مواخات قائم کیا تھا (یعنی سب کو ایک دوسرے کا بھائی بھائی بنایا تھا) لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہا تھا کہ تو دنیا اور آخرت میں میرا بھائی ہے۔ ابن ملجم مرادی نے آپ پر قاتلانہ حملہ کیا، صبح کی نماز کا وقت تھا اور ۴۰ ہجری ماہِ رمضان المبارک کی ۱۹ تاریخ تھی، تین دن آپ زندہ رہے اور ۶۳ برس کی عمر میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

آپ کی اولاد کی تعداد ۲۷ ہے، حضرت ''حسن''، حضرت ''حسین''، حضرت ''محسن''، حضرت ''محمد''، حضرت ''ابن حنفیہ''، حضرت ''عبداللہ''، حضرت ''ابوبکر''، حضرت ''عمر''، حضرت ''یحییٰ''، حضرت ''جعفر''، حضرت ''عباس''، حضرت ''عبیداللہ''، ام کلثوم، جو کہ حضرت عمر کی زوجہ ہیں، ام کلثوم صغریٰ، زینب کبریٰ، زینب صغریٰ، رملہ، ام حسن، حمامہ، میمونہ، خدیجہ، فاطمہ، ام کرام، نفیسہ، ام سلمہ (ان کی نانی اور دادی سیدہ رقیہ ہیں) رضی اللہ عنہم۔

---

(508) عَائِشَةُ بِنْتُ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَزَوَّجَهَا بِكْرًا وَهِيَ بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ وَبَنٰى بِهَا وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَقَالَتْ قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ وَحَاقِنَتِيْ وَذَاقِنَتِيْ وَقَدْ وَرَدَ فِي الصَّحَاحِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ هٰذَا جِبْرِيْلُ يُقْرِءُ عَلَيْكِ السَّلَامَ قَالَتْ فَقُلْتُ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ تَرٰى مَا لَا نَرٰى * ذَكَرَ التِّرْمِذِيُّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهٗ قَالَ مَا اَشْكَلَ عَلَيْنَا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَدِيْثٌ فَسَاَلْنَا عَائِشَةَ عَنْهُ اِلَّا وَجَدْنَا عِنْدَهَا عِلْمًا وَقَالَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَاءَ بِصُوْرَتِهَا فِيْ خِرْقَةِ حَرِيْرٍ خَضْرَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهٖ زَوْجَتُكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ سَنَةً* تُوُفِّيَتْ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ وَقِيْلَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّخَمْسِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا*

ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر صدیق۔

✧✧ رسول اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ ہیں۔ رسول اکرم ﷺ نے ان سے نکاح کیا، آپ کنواری تھیں، اس وقت آپ کی عمر چھ برس تھی اور جب رخصتی ہوئی تو ان کی عمر ۹ سال تھی۔ آپ فرماتی ہیں: رسول اکرم ﷺ کا انتقال میرے سینے اور میری ٹھوڑی اور گردن کے درمیان ہوا، صحاح کے اندر یہ موجود ہے، رسول اکرم ﷺ نے فرمایا تھا: اے عائشہ! یہ جبرئیل ہیں یہ تمہیں سلام کہہ رہے ہیں۔ آپ فرماتی ہیں: میں نے یوں جواب دیا ''وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ''۔ یارسول اللہ ﷺ آپ وہ کچھ دیکھ رہے ہیں جو ہمیں دکھائی نہیں دیتا۔

حضرت ''امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد حضرت ''ابوموسیٰ اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' رسول اکرم ﷺ کے صحابہ میں سے جس کسی کو حدیث میں مشکل پیش آتی تو ہم وہ مسئلہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ سے پوچھ لیتے تو اس کے حوالے سے سیدہ عائشہ کے پاس علم موجود ہوتا اور ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہر رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ جبرئیل امین علیہ السلام ان کی تصویر سبز رنگ کے ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں لائے اور عرض کی ''یہ دنیا اور آخرت میں آپ کی زوجہ ہیں''۔

رسول اکرم ﷺ کا جب انتقال ہوا تو آپ رضی اللہ عنہا کی عمر ۱۸ برس تھی اور آپ رضی اللہ عنہا کا انتقال ۵۸ برس کی عمر میں ہوا اور ایک قول کے مطابق وفات کے وقت آپ رضی اللہ عنہا کی عمر ۵۷ برس تھی۔

---

(509)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبْزَى

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ وَهُوَ خُزَاعِيٌّ لَهٗ صُحْبَةٌ* (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ اُمَرَاءِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَلَّاهُ خُرَاسَانَ بَعْدَمَا عَزَلَ عَنْهَا ابْنَ زَوْجِ اُخْتِهٖ اُمِّ هَانِءٍ جَعْدَةَ ابْنِ هُبَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ یہ ''خزاعی'' ہیں اور ان کو رسول اکرم ﷺ کی صحبت (کا شرف) حاصل ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے امراء میں سے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن ام ہانی کے شوہر کے بیٹے ''جعدہ بن ہبیرہ'' کو معزول کر کے ان کو خراسان کا گورنر بنایا تھا۔

---

(510)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِى اَبُوْ حَنِيْفَةَ حَدِيْثَ الْبَسْمَلَةِ عَنْ اَبِى سُفْيَانَ طَرِيْفِ بْنِ شِهَابٍ ثُمَّ اخْتَلَفَ اَصْحَابُ اَبِى حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ * (فَمِنْهُمْ) مَنْ يَّقُوْلُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الْمُغَفَّلِ * (وَمِنْهُمْ) مَنْ يَّقُوْلُ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ * (وَمِنْهُمْ) مَنْ يَّقُوْلُ عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ وَهٰكَذَا كَانَ بِخَطِّ الدَّارَقُطْنِيِّ وَهُوَ الصَّحِيْحُ وَقَدْ مَرَّ ذٰلِكَ فِى بَابِ الصَّلَاةِ* وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ مِنَ الصَّحَابَةِ مَشْهُوْرٌ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

(وَقَالَ الْبُخَارِيُّ) فِى تَارِيْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيُّ * نَزَلَ الْبَصْرَةَ لَهٗ صُحْبَةٌ* قَالَ اَحْمَدُ كُنِّيَتُهٗ اَبُو سَعِيْدٍ وَقِيْلَ اَبُو زِيَادٍ وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ لَّهٗ كُنِّيَتَانِ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبُو زِيَادٍ قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَقِيْلَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''عبداللہ بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ''۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے بسم اللہ والی حدیث حضرت ''ابوسفیان طریف بن شہاب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور پھر حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کا اختلاف ہوا، کچھ کہتے ہیں کہ حضرت ''عبداللہ ابن یزید بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ'' سے ہے اور کچھ کہتے ہیں کہ یہ حضرت ''یزید بن عبداللہ بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے ،اور کچھ کہتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے کے حوالے سے ہے اور حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' کے خط میں بھی یہی ہے اور وہ صحیح ہے اور باب الصلوۃ کے اندر اس کا ذکر گزر چکا ہے اور حضرت ''عبداللہ بن مغفل رحمۃ اللہ علیہ''، مشہور صحابہ میں ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''عبداللہ بن مغفل مزنی رحمۃ اللہ علیہ''، بصرہ میں رہتے رہے۔

حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت ''ابوسعید'' ہے اور ایک قول کے مطابق ''ابوزیاد'' ہے۔

حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی دو کنیتیں ہیں ''ابوعبدالرحمٰن'' اور ''ابوزیاد''۔ آپ بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۵۷ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۶۱ ہجری میں ہوا۔

---

(511)عَطِيَّةُ الْقُرَظِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِى تَارِيْخِهٖ (اَخْبَرَنَا) اَبُوْ غَسَّانَ (اَخْبَرَنَا) زُهَيْرٌ حَدَّثَنِى عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيُّ قَالَ كُنْتُ فِيْمَنْ حَكَمَ فِيْهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَنَظَرُوْا اِلٰى عَانَتِى فَوَجَدُوْهَا لَمْ تَطْلُعْ فَاَلْقَوْنِى فِى الذُّرِّيَةِ*

حضرت ''عطیہ قرظی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ہمیں حضرت ''ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں ہمیں حضرت ''زہیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''عبدالملک عطیہ قرظی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں' میں ان لوگوں میں موجود تھا جن کے بارے میں حضرت ''سعد بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فیصلہ کیا تھا، انہوں نے میری بغلوں کا جائزلیا، انہوں

نے دیکھا کہ بال نہیں اگے تھے تو انہوں نے مجھے بچوں میں ڈال دیا تھا۔

.....

(512)عَرْفَجَةُ بْنُ ضَرِيْحٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَيَكُوْنُ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاضْرِبُوْهُ كَائِناً مَنْ كَانَ* وَقِيْلَ عَرْفَجَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْاَشْجَعِيُّ وَقَالَ غَيْرُهٗ عَرْفَجَةُ بْنُ شَرَاحِيْلَ*

حضرت ''عرفجہ بن ضریح رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے' عنقریب بہت مصیبتیں آئیں گی۔ جو شخص مسلمانوں کے معاملات میں تفریق کرنا چاہے تو اس کو مار ڈالو، وہ جو بھی ہو۔

ایک قول کے مطابق حضرت ''عرفجہ ابن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' اشجعی ہیں اور دیگر محدثین نے کہا ہے کہ یہ حضرت ''عرفجہ بن شراحیل رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

.....

(513)عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ اَبُو سَعِيْدٍ الْمَخْزُوْمِيُّ الْقُرَشِيُّ

سَكَنَ الْكُوْفَةَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ يَقُوْلُ كُنْتُ فِي بَطْنِ الْمَرْاَةِ يَوْمَ بَدْرٍ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ صَحَابِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''عمرو بن حریث ابوسعید مخزومی قرشی رضی اللہ عنہ''

آپ کوفہ میں رہتے رہے، حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جنگِ بدر کے موقع پر میں اپنی ماں کے پیٹ میں تھا۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کا انتقال ۸۵ ہجری میں ہوا، یہ صحابی ہیں۔

.....

(514)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي قَتَادَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ وَاسْمُ اَبِي قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ السَّلَمِيُّ الْمَدِيْنِيُّ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ اَنَّهٗ سَمِعَ حَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ اَبُوْ قَتَادَةَ يُصْغِي الْاِنَاءَ لِلْهِرَّةِ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ وَقَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهٗ*

حضرت ''عبداللہ ابن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابوقتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''حارث بن ربعی'' ہے، یہ انصاری ہیں، سلمی ہیں، مدینی ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت ''قیس بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ہمیں حضرت ''عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی، انہوں نے حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے انہوں نے حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''عبداللہ ابن ابی قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، ان کے والد سے سنا ہے، وہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بلی کے لئے برتن جھکا دیا کرتے تھے (بلی اس میں سے پانی پی جاتی) پھر آپ اسی سے وضو کرلیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے ''میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے''

---

(515)اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیُّ

اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيْبٍ الْكُوْفِيُّ * هٰكَذا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيِّ قَالَ صُمْتُ ثَمَانِيْنَ رَمَضَانَ * سَمِعَ عَلِيًّا وَعُثْمَانَ وَابْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُم رَوَى عَنْهُ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَعَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ وَغَيْرُهُمَا *

حضرت ''ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ''۔

✧✧ ان کا نام ''عبداللہ بن حبیب کوفی'' ہے۔ اسی طرح حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''حفص بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' میں نے ساٹھ رمضانوں کے روزے رکھے ہیں۔ انہوں نے حضرت علی، حضرت عثمان اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''علقمہ بن مرثد رضی اللہ عنہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

---

(516)اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ اسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو * وَيُقَالُ عَامِرُ ابْنُ شَمْسٍ * وَيُقَالُ عَبْدُ غَنْمٍ * وَيُقَالُ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ غَنْمٍ * قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ عَامَ خَيْبَرَ وَاَسْلَمَ وَسَكَنَ الْمَدِيْنَةَ * مَاتَ اَبُو هُرَيْرَةَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّقِيْلَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّقِيْلَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ *

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان نام حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' ہے اور ایک قول کے مطابق حضرت ''عامر بن شمس'' ہے، ایک قول کے مطابق ''عبد غنم'' ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کا نام ''عمرو بن عبد غنم'' ہے۔ یہ جنگِ خیبر کے موقع پر یمن سے آئے تھے، آ کر اسلام قبول کیا پھر مدینہ منورہ میں رہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ۵۷، ۵۸ یا ۵۹ ہجری میں ہوا۔

---

(517)اَبُوْ سَلْمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ الْقُرَشِيُّ الزُّهْرِيُّ يُعْرَفُ بِكُنْيَتِهٖ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * قَالَ الزُّهْرِيُّ كَانَ اَبُوْ سَلْمَةَ يُمَارِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ فَحُرِمَ بِذٰلِكَ عِلْمًا كَثِيْرًا وَقَالَ الزُّهْرِيُّ اَدْرَكْتُ بَحُوْرًا اَرْبَعَةً سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعُمَرُ بْنُ الْمَدِيْنِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ وَاَبَا سَلْمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ*

حضرت ''ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''۔

ان کا نام حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن عوف قرشی زہری رضی اللہ عنہ'' ہے۔ یہ اپنی کنیت سے پہچانے جاتے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہما'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بحث کیا کرتے تھے، اس لئے یہ بہت زیادہ علم سے محروم ہو گئے۔

حضرت ''امام زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے چار لوگوں کو علم کا سمندر پایا۔ حضرت سعید بن مسیّب، حضرت عمر بن مدینی، حضرت عبداللہ اور حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم۔

---

(518)عَتَّابُ بْنُ أُسَيْدٍ الْقُرَشِيُّ الْمَكِّيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي تَارِيْخِهٖ قَالَ لِي الْحَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ الْقُرَشِيِّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَقْرَبَ قَالَ قَالَ سَمِعْتُ عَتَّابَ بْنَ أُسَيْدٍ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهٗ اِلَى الْبَيْتِ وَاللّٰهِ مَا اَصَانِيْ فِي عَمَلِي هٰذَا الَّذِي وَلَّانِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَّا فَرَسَيْنِ مِغْفَرَتِي كَسَوْتُهَا مَوْلَايَ كَيْسَانَ*

حضرت ''عتاب بن اسید قرشی مکی رضی اللہ عنہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' مجھے حضرت ''حرمی بن حفص رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے، وہ کہتے ہیں' مجھے

حضرت ''خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ حضرت ''ابوعثمان قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ حضرت ''عمرو بن ابی عقرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے بیان کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''عتاب بن اسید رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے، وہ اس وقت بیت اللہ کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے ''اللہ کی قسم! رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کام میرے ذمہ لگایا تھا اس میں مجھے صرف یہ گھوڑے ملے تھے، ایک خود بھی تھا، وہ میں نے اپنے آزاد کردہ'' کیسان'' کو پہنا دیا ہے۔

.....

(519)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِي تَارِيْخِهٖ اسْمُ الْهَادِ أُسَامَةُ بْنُ عَمْرِو ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرٍ كَانَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ وَثِقَاتِهِمْ * حَدَّثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَّمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَأُمِّ سَلْمَةَ وَمَيْمُوْنَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * رَوَى عَنْهُ طَاؤُسٌ وَالشَّعْبِيُّ وَسَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَجَمَاعَةٌ قُتِلَ بِدُجَيْلٍ سَنَةَ اِحْدَى وَثَمَانِيْنَ وَقِيْلَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''عبداللہ بن شداد بن ہاد رضی اللہ عنہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ ''ہاد'' کا نام ''اسامہ بن عمرو بن عبداللہ بن جابر'' ہے، یہ کبار تابعین میں سے ہیں اور ثقہ ہیں۔

انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے، حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' سے، حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ'' سے، حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ'' سے حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ'' سے، ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ، ام المؤمنین سیدہ ام سلمہ، اور سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہن سے حدیث روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ یہ ۸۱ ہجری میں دجیل کے اندر شہید ہو گئے اور ایک قول کے مطابق ۸۲ ہجری میں۔

.....

(520)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَابِطٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَابِطٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ* (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن سابط رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عبدالرحمٰن بن سابط رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یعلیٰ بن امیہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ کبار تابعین میں سے ہیں۔

---

(521)عِتْرِیْسُ بْنُ عَرْقُوْبَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''عتریس بن عرقوب رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔

---

(522)عَمَّارَةُ بْنُ ضَرِیْرٍ

* قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَمَّارَةُ بْنُ ضَرِیْرٍ سَمِعَ صَخْرَ الْغَامِدِیَّ*

حضرت ''عمارہ بن ضریر رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عمارہ بن ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''صخر غامدی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

---

(523)عَطَاءُ بْنُ اَبِیْ رَبَاحَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ كُنِّیَتُهٗ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰی آلِ بَنِیْ جُهَمٍ اَلْقُرَشِیُّ اَلْفِهْرِیُّ اَلْمَكِّیُ وَاِسْمُ اَبِیْ رَبَاحَ اَسْلَمُ قَالَ حَیْوَةُ بْنُ شُرَیْحٍ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ قَدِمَتْ مَكَّةَ سَنَةَ مَاتَ عَطَاءُ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ وَقَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ* سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا هُرَیْرَةَ وَاَبَا سَعِیْدٍ وَجَابِرًا وَابْنَ عُمَرَ* رَوٰی عَنْهُ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ وَقَیْسُ بْنُ سَعْدٍ وَحَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُعْفِیّ عَنْ اِبْنِ عُیَیْنَةَ عَنْ اِبْنِ جُرَیْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ رَاَیْتُ عُقَیْلَ ابْنَ اَبِیْ طَالِبٍ شَیْخًا كَبِیْرًا* كُنِّیَتُهٗ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے، ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے اور یہ آلِ بنی جہم کے آزاد کردہ ہیں، قرشی، فہری، مکی ہیں۔ حضرت ''ابورباح رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''اسلم'' ہے۔

حضرت ''حیوہ بن شریح رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن عباس بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''حماد بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت

کرتے ہیں' یہ فرماتے ہیں' جس سال حضرت ''عطا رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ہوا یہ (۱۱۴ ہجری کی بات ہے) اس سال میں مکہ میں آیا تھا۔

حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۱۵ ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابوسعید رضی اللہ عنہ''، حضرت ''جابر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قیس بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حبیب بن ابی ثابت رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابوعبداللہ جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے، وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''عقیل ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کی زیارت کی تھی، وہ بہت بوڑھے ہو چکے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(524) عِکْرَمَۃُ مَوْلٰی اِبْنِ عَبَّاس

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ کُنْیَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ وَسَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا سَعِیْدٍ وَعَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * سَمِعَ مِنْهُ جَابِرُ بْنُ یَزِیْدَ * قَالَ اَبُوْ نُعَیْمٍ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَةٍ وَقَالَ عَلِیٌّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ بِالْمَدِیْنَةِ * رَوٰی عَنْهُ الشَّعْبِیُّ وَرَوٰی مَالِكٌ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عِکْرِمَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' ابن عباس کے آزاد کردہ۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابوسعید رضی اللہ عنہ'' اور ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''جابر بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۰۷ ہجری میں ہوا اور حضرت علی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال مدینہ منورہ میں ۱۰۴ ہجری کو ہوا۔

ان سے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور مالک نے ایک آدمی کے واسطے سے حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(525) عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَثْرَمُ الْمَکِّیُّ مَوْلٰی بَاذَانَ * سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَابْنَ

الزُّبَيْرِ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ قَالَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ* سَمِعَ مِنْهُ اَيُّوْبُ وَشُعْبَةُ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَالثَّوْرِيُّ* قَالَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ مَا اَعْلَمُ اَحَداً اَعْلَمَ بِعِلْمِ اِبْنِ عَبَّاسٍ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ* سَمِعَ مِنْهُ وَمِنْ اَصْحَابِهٖ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَعِكْرِمَةُ وَعَطَاءُ وَكَيْسَانُ وَبَاذَانُ عَامِلُ كِسْرٰى عَلَى الْيَمَنِ وَقِيْلَ هُوَ مَوْلَى مُوْسٰى بْنِ بَاذَانَ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''عمرو بن دینار ابو محمد اثرم مکی رحمۃ اللہ علیہ'' باذان کے آزاد کردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن زبیر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے

حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۲۶ ہجری میں ہوا۔ان سے حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' کا علم حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ کسی کے پاس نہیں ہے، انہوں نے ان سے بھی سماع کیا ہے اور حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے اصحاب سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''کیسان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''باذان رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ کسریٰ کی طرف سے یمن پر عامل تھے ان) سے سماع کیا ہے اور ایک قول کے مطابق یہ حضرت ''موسیٰ بن باذان رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(526)عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلٰى مَيْمُوْنَةَ زَوْجَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ وَاَبَا هُرَيْرَةَ وَيُقَالُ سَمِعَ اِبْنَ مَسْعُوْدٍ وَابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ* رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ * قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ مَا رَاَيْتُ قَاضِياً خَيْرًا مِنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ* وَقَالَ هُوَ اَخُوْ سُلَيْمَانَ وَعَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدِ الْمَلِكِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے ذکر کیا ہے' یہ ام المؤمنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ایک قول کے مطابق انہوں نے حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے بھی سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''محمد بن عمرو بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ''عطاء بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' سے اچھا قاضی کوئی نہیں دیکھا، اورفرمایا: یہ حضرت ''سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(527)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هُرْمُزَ الْاَعْرَجُ اَبُوْ دَاوٗدَ الْمَدَنِیُّ مَوْلٰی بَنِیْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ*

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ* سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ الزِّنَادِ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج ابوداؤد مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بنی عبدالمطلب کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر بیان کیا ہے، انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابوزناد رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(528)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِیْنَارٍ

مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا الْمَدَنِیُّ* قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ* سَمِعَ مِنْهُ مَالِكٌ وَشُعْبَةُ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' کے آزاد کردہ ہیں، مدنی ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے' حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(529)عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَیْرٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ عُمَرَ الْقُرَشِیُّ كَنَّاهُ شَرِیْكٌ* قَالَ اِبْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَجَلِیِّ

مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ اَوْ نَحْوَهٗ قَالَ قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ شَدَّ اَبِیْ فَتْحَ جَلُوْلَاءَ وَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ اَنَا اَوَّلُ مَنْ عَبَّرَ نَهْرَ بَلْخٍ مَعَ اِبْنِ عُثْمَانَ وَقَالَ اِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِحَدِيْثِهٖ لَا اَنْقُصُ مِنْهُ حَرْفًا*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابوعمر قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔ حضرت ''ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ عجلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۱۳۶ ہجری یا اس کے قریب ہوا۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میرے والد فتح جلولا میں شریک ہوئے تھے۔ (جلولا، ایان کے ایک علاقے کا نام ہے) اور حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے حضرت ''ابن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' کے ہمراہ بلخ کی نہر کو عبور کیا اور کہا' جب میں تمہیں ان کی حدیث بیان کروں تو اس میں سے ایک حرف بھی کم نہیں کروں گا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(530) عَامِرُ الشَّعْبِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ عَامِرُ بْنُ شُرَاحْبِيْلَ اَبُوْ عَمْرٍو الشَّعْبِیُّ كُوْفِیٌّ وَقَالَ قَتَادَةُ عَنْ اَبِیْ مَخْلَدٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّعْبِیِّ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اَحْمَدُ ابْنُ اَبِی الطَّيِّبِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدٍ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ وَلَهٗ ثِنْتَانِ وَثَمَانُوْنَ سَنَةً وَقَالَ قَالَ لِیْ الشَّعْبِیُّ اَدْرَكْتُ خَمْسَ مِائَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ كَانَ النَّاسُ ثَلَاثَةً بَعْدَ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِبْنُ عَبَّاسٍ فِیْ زَمَانِهٖ وَالشَّعْبِیُّ فِیْ زَمَانِهٖ وَالثَّوْرِیُّ فِیْ زَمَانِهٖ * وَقَالَ قَالَ الشَّعْبِیُّ كُنْتُ بِمَرْوَ وَعَلْقَمَةُ يُصَلِّیْ رَكْعَتَيْنِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عامر بن شراحبیل ابوعمر شعبی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابومخلد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''عامر بن عبداللہ شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''امام احمد بن ابوطیب رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''اسماعیل بن مجالد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' ان کا انتقال ۱۰۴ ہجری میں ہوا اور اس وقت ان کی عمر ۸۲ برس تھی۔ اور انہوں نے کہا ہے' مجھے

حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' میں نے پانچ سو صحابہ کرام کی زیارت کی ہے اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے بعد تین طرح کے تھے۔ حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' اپنے زمانے میں، حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' اپنے زمانے میں، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنے زمانے میں۔

اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں ''مرو'' میں تھا اور حضرت ''علقمہ رضی اللہ عنہ'' وہاں پر دو رکعتیں پڑھاتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(531)عَلِیُّ بْنُ الْاَقْمَرِ الْوَادَعِیُّ الْکُوْفِیُّ*

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَا جُحَیْفَةَ وَاَبَا عَطِیَّةَ وَعِکْرِمَةَ* رَوٰی عَنْهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ* سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''علی بن اقمر وادعی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو عطیہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''منصور بن معتمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(532)عَطِیَّةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ کُنْیَتُهٗ اَبُو الْحَسَنِ الْکُوْفِیُّ وَقَالَ مُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ هُوَ الْجَدَلِیُّ کَنَّاهُ لِیْ اِبْنُ عُیَیْنَةَ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ وَابْنِ عُمَرَ وَجَمَاعَةٍ* رَوٰی عَنْهُ جَمَاعَةٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عطیہ بن سعد عوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے، آپ کوفی ہیں، اور حضرت ''مرہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' وہ ''جدلی'' ہیں ان کی کنیت حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔ انہوں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ

اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے حدیث بیان کی ہے۔ان سے محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(533)عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ اَبُوْ يَزِيْدَالثَّقَفِيُّ

قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَجَلِيِّ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ اَوْ نَحْوِهَا رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عطاء بن سائب بن یزید ابو یزید ثقفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابوعبداللہ بن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ عجلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کرتے ہیں ان کا انتقال ۱۳۶ ہجری یا اس کے قریب ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(534)عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الْكُوْفِىُّ الْحَضْرَمِىُّ* يَرْوِىْ عَنْ عَطَاءٍ وَسُلَيْمَانِ بْنِ بُرَيْدَةَ وَمُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ* سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِىُّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''علقمہ بن مرثد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ یہ ''کوفی'' ہیں، ''حضرمی'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان بن بریدہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مقاتل بن حیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(535)عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رَفِيْعٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ رَفِيْعٍ الْمَكِّيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ * سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ وَاَنَساً وَعَطَاءً * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ مُحَمَّدٌ عَنْ جَرِيْرٍ اَنَّهٗ اَتَتْ عَلَيْهِ نِيْفٌ وَتِسْعُوْنَ سَنَةً وَكَانَ يَتَزَوَّجُ فَلَمْ يَمْكُثْ حَتّٰى تَقُوْلَ فَارِقْنِيْ لِكَثْرَةِ الْجِمَاعِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبدالعزیز بن رفیع رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبدالعزیز بن رفیع مکی ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' اور حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ''عطاء رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' مجھے حضرت ''محمد بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کی عمر ۹۰ سال سے زیادہ تھی ، یہ شادی کرتے ، ان کی بیوی کچھ ہی دنوں میں طلاق کا مطالبہ کر دیتی تھی کیونکہ کہ جماع بہت زیادہ کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(536)عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ اَبِي الْمُخَارِقِ اَبُوْ اُمَيَّةَ الْمُعَلِّمُ الْبَصْرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ طَاوُساً وَمُجَاهِداً وَمَكْحُوْلاً وَحَسَّانَ بْنَ زَيْدٍ وَاِبْرَاهِيْمَ * سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِيُّ وَاِبْنُ جُرَيْجٍ وَمَالِكٌ وَشُعْبَةُ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اِبْنُ عُيَيْنَةَ هَلَكَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ * وَيُقَالُ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنِ قَيْسٍ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبدالکریم ابن ابی مخارق ابوامیہ معلم بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مکحول رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسان بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۷ ہجری میں ہوا۔ اور ان کو حضرت ''عبدالکریم بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' بھی کہا جاتا ہے۔

۞ اللہ تعالیٰ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید

میں موجود ہیں۔

(537)عَطَاءُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبِ الْمَدَنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ * رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُهٗ عَمْرٌو * يُعَدُّ فِيْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ * قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ هُوَ الطَّلْحِيُّ مَوْلٰى طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ وَاَصْلُهٗ مَدَنِيٌّ وَكَانَ يَسْكُنُ بِالْعِرَاقِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عطاء بن عبداللہ بن موہب مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اوران کے بیٹے حضرت ''عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا شمار اہل مدینہ میں ہوتا ہے۔ حضرت ''ابو اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ طلحی ہیں' طلحہ تیمی کے آزاد کردہ ہیں، یہ اصل کے لحاظ سے مدنی ہیں لیکن عراق کے اندر رہا کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(538)اَبُوْ اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيُّ عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الْكُوْفِيُّ الْهَمْدَانِيُّ رَاٰى عَلِيًّا وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَالْبَرَاءَ وَزَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * رَوٰى عَنْهُ الْاَعْمَشُ وَالزُّهْرِيُّ وَالثَّوْرِيُّ وَمَنْصُوْرٌ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى * قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ مَاتَ يَوْمَ قَدِمَ الضَّحَّاكُ الْكُوْفَةَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ * قَالَ شَرِيْكٌ سَمِعْتُ اَبَا اِسْحَاقَ يَقُوْلُ وُلِدْتُّ لِسَنَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ خِلَافَةِ عُثْمَانَ وَقَالَ كُنْتُ كَثِيْرَ الْمُجَالَسَةِ لِرَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ وَقَالَ كُنْتُ اُجَالِسُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ وَرَاَيْتُ نِسَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَجَجْنَ فِيْ هَوَادِجَ فِيْ زَمَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَقَالَ الشَّعْبِيُّ اَكْبَرُ مِنِّيْ بِسَنَةٍ اَوْ سَنَتَيْنِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَثِيْرًا فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''ابواسحاق سبیعی عمرو بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ کوفی ہیں، ہمدانی ہیں۔ انہوں نے ''حضرت علی، حضرت اسامہ بن زید اور حضرت ابن عباس، حضرت براء اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہم'' کی زیارت کی ہے۔ ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''یحییٰ بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال اس دن ہوا جب حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' کوفہ میں آئے تھے، یہ ۱۲۹ ہجری کا واقعہ ہے۔

حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے دو سال رہتے تھے، جب میں پیدا ہوا، اور وہ کہتے ہیں' میں حضرت ''رافع بن خدیج رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس بہت عرصہ بیٹھتا رہا، وہ فرماتے ہیں' میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھتا رہا اور میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواتین کو دیکھا، وہ حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں اپنے ہودج میں (یعنی اپنے کجاوے میں) بیٹھ کر حج کیا کرتی تھیں اور وہ بیان کرتے ہیں' حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' مجھ سے ایک یا دو سال بڑے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ بہت ساری احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(539)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَلِيْفَةَ

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ * يَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبداللہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا شمار بھی تابعین میں ہوتا ہے۔

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(540)عَلِىّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ

اِبْنُ اَخِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ * يَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''علی بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''۔

یہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے بھتیجے ہیں۔ یہ تابعین میں سے ہیں، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(541)عُثْمَانُ بْنُ عَاصِمٍ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ حُصَيْنٍ الْاَسَدِىُّ الْكُوْفِىُّ سَمِعَ اِبْنَ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَسَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَشُرَيْحاً وَالشَّعْبِىَّ * رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ وَشُعْبَةُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عثمان بن عاص رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابو حصین'' ہے، یہ اسدی، کوفی ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے، حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(542)عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتِ الْاَنْصَارِیُّ جَدُّهٗ اَبُوْ اُمَیَّةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ * سَمِعَ الْبَرَّاءَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ یَزِیْدَ* وَسَمِعَ مِنْهُ یَحْیٰی بْنُ سَعِیْدِ الْقَطَّانَ وَشُعْبَةُ وَمِسْعَرُ بْنُ کِدَامٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عدی بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے' حضرت ''عدی بن ثابت انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے دادا حضرت ''ابو امیہ عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''براء رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' کا سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(543)عَاصِمُ بْنُ کُلَیْبِ بْنِ شِهَابٍ الْجَرْمِیُّ الْکُوْفِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْاَسْوَدِ* سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ وَمِسْعَرُ بْنُ کُدَامٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عاصم بن کلیب بن شہاب جرمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

• حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔انہوں نے اپنے والد حضرت ''عبدالرحمٰن بن اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر بن کدام رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(544)اَبُو الْحَسَنِ الزَّرَّادُ

اِخْتَلَفُوْا فِیْ اِسْمِهٖ فَقِیْلَ هُوَ عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ وَقِیْلَ جَعْفَرُ ابْنُ الْحَسَنِ * وَاخْتَلَفُوْا فِیْ كُنْیَتِهٖ فَقِیْلَ اَبُوْ عَلِیٍّ وَقِیْلَ اَبُو الْحَسَنِ وَاتَّفَقُوْا عَلٰی اَنَّهٗ مَعْرُوْفٌ بِالصَّیْقَلِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ حَدِیْثًا فِی السِّوَاكِ وَقَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''ابوالحسن زراد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کے نام میں اختلاف ہے، ایک قول کے مطابق یہ حضرت ''علی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور ایک قول کے مطابق حضرت ''جعفر بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کی کنیت کے بارے بھی اختلاف ہے کچھ نے ''ابوعلی رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کی اور کچھ نے ''ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کی ہے لیکن اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ صیقل کے حوالے سے مشہور تھے۔

۞ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے مسواک کے حوالے سے ایک حدیث روایت کی ہے اور وہ حدیث ان مسانید میں موجود ہے۔

.....

(545)عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ زِیَادَةِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ زِیَادِ الْقَدَّاحِ الْمَكِّیُّ * سَمِعَ اَبَا الطُّفَیْلِ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ وَالْقَاسِمَ * یَرْوِیْ عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَوَكِیْعٌ * وَقَالَ یَحْیٰی الْقَطَّانُ كَانَ وَسَطًا لَمْ یَكُنْ بِذَاكَ لَیْسَ هُوَ مِثْلُ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ وَلَا سَیْفَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْهُ كُنْیَتُهٗ اَبُوْ الْحُصَیْنِ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبیداللہ بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبیداللہ بن ابی زیاد قداح مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو طفیل عامر بن واثلہ بن اسقع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''یحیٰی قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ معتدل آدمی تھے لیکن ایسا نہیں ہے، یہ حضرت ''عثمان بن اسود رحمۃ اللہ علیہ'' کی مثل نہیں تھے اور نہ ہی حضرت ''سیف رحمۃ اللہ علیہ'' کی مثل ہیں، بلکہ مجھے تو ان کی بہ نسبت حضرت ''محمد بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' زیادہ اچھے لگتے ہیں، ان کی کنیت ''ابوالحصین'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(546)عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اِيَاسٍ الشَّيْبَانِيُّ الْاَعْوَرُ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اِسْحَاقُ عَنْ جَرِيْرٍ اَنَّهٗ يُعَدُّ فِي الْكُوْفِيِّيْنَ * سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ وَكَانَ مِنْ قُدَمَاءِ اَصْحَابِهٖ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالملک بن ایاس شیبانی اعور رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے روایت کرتے ہیں' ان کو کوفیین میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ انکے پرانے اصحاب میں سے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(547)عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ مَعْقَلٍ

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدلکریم بن معقل رحمۃ اللہ علیہ''

✧✧ ان کا شمار بھی تابعین میں ہوتا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(548)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَزَمٍ*

مِنْ جُمْلَةِ التَّابِعِيْنَ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن حزم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا شمار بھی تابعین میں ہوتا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(549)عَبْدُ الْاَعْلٰی التَّیْمِیُّ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ فَقَالَ عَبْدُ الْاَعْلٰی التَّیْمِیُّ رَوٰی عَنْہُ مِسْعَرٌ رَحِمَھُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی*
یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنْہُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبدالاعلیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔اور کہا ہے' حضرت ''ابو الاعلیٰ تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(550)عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اَخُوْ اَبِیْ جَعْفَرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ لِاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ کَذَا ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنْہُ یَزِیْدُ بْنُ اَبِیْ زِیَادٍ* وَسَمِعَ مِنْہُ عِیْسٰی بْنُ زِیَادٍ*
(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنْہُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

یہ حضرت ''ابوجعفر محمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حقیقی بھائی ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان سے حضرت ''یزید بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔اور ان سے حضرت ''عیسیٰ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(551)عَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ عَمْرُو بْنُ شُعَیْبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ السَّھْمِیُّ الْقُرَشِیُّ* قَالَ کُنْیَتُہٗ اَبُوْ اِبْرَاھِیْمَ سَمِعَ اَبَاہُ وَسَعِیْدَ ابْنَ الْمُسَیَّبِ وَطَاوُساً* رَوٰی عَنْہُ اَیُّوْبُ وَابْنُ جُرَیْجٍ وَعَطَاءُ بْنُ اَبِیْ رَبَاحٍ وَالزُّھْرِیُّ وَالْحَکَمُ وَیَحْیٰی بْنُ سَعِیْدِ الْقَطَّانُ* قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ اَبُوْ عَمْرٍو بْنُ الْعَلَاءِ قَتَادَۃُ وَعَمْرُو بْنُ شُعَیْبٍ لَا یُعَابُ عَلَیْھِمَا شَیْءٌ اِلَّا اَنَّھُمَا کَانَا لَا یَسْمَعَانِ بِشَیْءٍ اِلَّا حَدَّثَاہُ* قَالَ قَالَ مُحَمَّدٌ رَاَیْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ وَعَلِیَّ بْنَ الْمَدِیْنِیِّ وَالْحُمَیْدِیَّ وَاِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاھِیْمَ یَحْتَجُّوْنَ بِحَدِیْثِ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ

اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر (ان کا نسب یوں) ذکر کیا ہے' حضرت ''عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاص سہمی قرشی رحمۃ اللہ علیہ''۔ آپ بیان کرتے ہیں' ان کی کنیت ''ابوابرہیم'' ہے۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء ابن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حکیم، رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابوعمرو بن علاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''قتادہ اور حضرت ''عمر بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' پر کسی قسم کا عیب نہیں لگایا جا سکتا، تاہم یہ دونوں جو حدیث لیتے تھے، اس کو بیان کرتے تھے۔ آپ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمیدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسحاق بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کو دیکھا ہے، وہ حضرت ''عمرو بن شعیب رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان کے والد کے واسطے سے، ان کے دادا سے روایت کردہ حدیث سے حجت پکڑتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(552) عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِیُّ الْکُوْفِیُّ* سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ اَوْفٰی وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِیْ لَیْلٰی وَسَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ* رَوٰی عَنْهُ مَنْصُوْرٌ وَالْاَعْمَشُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابوعبداللہ جہنی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(553)عَاصِمُ بْنُ اَبِی النَّجُوْدِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ هُوَ اِبْنُ اَبِی النَّجُوْدِ اَبُوْ بَكْرٍ الْاَسَدِیُّ كُوْفِیٌّ * سَمِعَ زَرَّ بْنَ حُبَیْشٍ وَاَبَا وَائِلٍ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ لِیْ اَبُوْ الطَّیِّبِ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ مُجَالِدٍ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِیْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ رَاَیْتُ شُرَیْحاً عَلَیْهِ بُرْنُسٌ خُشُنٌ*

حضرت ''عاصم بن ابونجود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''ابن ابی نجود ابوبکر اسدی کوفی'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''زر بن حبیش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''ابوطیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل بن مجالد رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۲۸ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ہمیں حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، انہوں نے حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''زید بن عاصم بن بہدلہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' کی زیارت کی ہے، انہوں نے موٹی ٹوپی پہنی ہوئی تھی۔

---

(554)عَطِیَّةُ بْنُ الْحَارِثِ الْهَمْدَانِیُّ الْكُوْفِیُّ اَبُوْ رَوْقٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ كَذٰلِكَ * قَالَ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَلِیْفَةَ وَالضَّحَّاكَ * سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِیُّ وَعَبْدُ الْوَاحِدِ وَاَبُوْ اُسَامَةَ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عطیہ بن حارث ہمدانی کوفی ابوروق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ضحاک سے سماع رحمۃ اللہ علیہ'' کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(556)عَامِر بْنُ السَّمَطِ الْحِرَانِیُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ ثُمَّ قَالَ قَالَهُ عَلِیُّ ابْنُ مِسْهَرٍ وَقَالَ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ هُوَ اِبْنُ السَّمَطِ الْحِرَانِیُّ التَّمِیْمِیُّ سَمِعَ اَبَا الْعَرِیْفِ* قَالَ یَحْیٰی الْقَطَّانُ عَامِرُ بْنُ السَّمَطِ ثِقَةٌ حَافِظٌ وَهُوَ اَبُوْ كَنَانَةَ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عامر بن سمط حرانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے اور حضرت '' مروان ابن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ یہ حضرت '' ابن سمط حرانی تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں ۔انہوں نے حضرت ''ابو العریف رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔حضرت ''یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عامر بن سمط ثقہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں حافظ ہیں، ان کی کنیت ''ابو کنانہ'' ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(557)عُبَیْدَةُ بْنُ مَعْتَبِ الضَّبِّیُّ

وَقِیْلَ عَبْدَةُ بِفَتْحِ الْعَیْنِ * وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ قَزْعَةَ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ یُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعَ رَكْعَاتٍ لَا یَفْصِلُ بَیْنَهُنَّ بِسَلَامٍ * وَقَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبیدہ بن معتب ضبی رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق یہ عبدہ بن معتب ضبی ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے واسطے سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''قزعہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابو ذر رضی اللہ عنہ'' کے ذریعے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے 'حضور صلی اللہ علیہ وسلم چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور ان کے درمیان سلام نہیں پھیرا کرتے تھے۔یہ حدیث ان مسانید میں گزر چکی ہے۔

---

(558)عَاصِمُ الْاَحْوَلُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَاصِمُ بْنُ سُلَیْمَانَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَحْوَلُ * سَمِعَ اَنَسًا وَصَفْوَانَ وَالْحَسَنَ الْبَصْرِیَّ * رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَشُعْبَةُ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عاصم احول رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عاصم بن سلیمان ابوعبدالرحمٰن احول رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت انس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صفوان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' کا سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(559)عَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ الْبَصْرِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ الْبَصْرِیُّ الْعَطَّارُ * قَالَ نَسَبَهُ عَبْدُ الْوَارِثِ ثُمَّ طَعَنَ فِیْهِ الْبُخَارِیُّ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عطاء بن عجلان بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عطاء بن عجلان بصری عطار رحمۃ اللہ علیہ'' کا نسب ''عبدالوارث'' سے ہے اور پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان پر طعن کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(560)عَلِیُّ بْنُ عَامِرٍ تَابِعِیٌّ

یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ ابْنِ عَتَّابِ بْنِ اُسَیْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لِعَتَّابِ بْنِ اُسَیْدٍ اِنْطَلِقْ اِلٰی اَهْلِ اللّٰهِ فَانْهَهُمْ عَنْ اَرْبَعِ خِصَالٍ الْحَدِیْثَ وَقَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت علی بن عامر تابعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے واسطے سے، حضرت ''عبیداللہ بن عبدالواحد بن عتاب بن اسید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں' آپ نے حضرت ''عتاب بن اسید رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا' اہل اللہ کی جانب جاؤ اور ان کو چار چیزوں سے روکو۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی اور وہ حدیث ان مسانید میں گزر چکی ہے۔

(561)عُبَايَةُ بْنُ رَفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عُبَايَةُ بْنُ رَفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ الْاَنْصَارِيُّ الْحَارِثِيُّ * سَمِعَ جَدَّهٗ رَافِعاً* رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَيَّانَ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ وَسَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبایہ بن رفاعہ بن رافع رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج انصاری حارثی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے دادا سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''ابوحیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ بن سعید القطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(562)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَفَدَ فِيْ جَمَاعَةٍ مِنَ الطَّالِبِيِّيْنَ عَلٰى اَبِي الْعَبَّاسِ السَّفَّاحِ وَهُوَ بِالْاَنْبَارِ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلَمَّا وَلِيَ الْمَنْصُوْرُ حَبَسَهٗ بِالْمَدِيْنَةِ لِاَجْلِ ابْنَيْهِ مُحَمَّدٍ وَاِبْرَاهِيْمَ عِدَّةَ سِنِيْنَ* ثُمَّ نَقَلَهٗ اِلَى الْكُوْفَةِ فَلَمْ يَزَلْ فِيْ حَبْسِهٖ حَتّٰى مَاتَ* قَالَ مُصْعَبُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَا رَاَيْتُ اَحَداً مِنْ عُلَمَائِنَا يُكْرِمُوْنَ اَحَداً كَمَا يُكْرِمُوْنَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ* وَعَنْهُ رَوٰى مَالِكٌ حَدِيْثَ السَّدَلِ* قَالَ يَحْيٰى اَنَّهٗ ثِقَةٌ مَاْمُوْنٌ* قَالَ مَاتَ فِيْ حَبْسِ الْمَنْصُوْرِ بِالْكُوْفَةِ يَوْمَ عِيْدِ الْاَضْحٰى مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ سَنَةً* رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' یہ طالبین کی ایک جماعت کے اندر حضرت ''ابوالعباس سفاح رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گئے، وہ اس وقت ''انبار'' میں تھے، پھر یہ مدینہ میں لوٹ کر آ گئے، جب منصور گورنر بنا تو اس کو ان کے دو بیٹوں حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ'' کی وجہ سے کئی سال مدینہ میں محصور رکھا، پھر ان کو کوفہ کی جانب منتقل کر دیا اور یہ ان کی قید میں ہی رہے حتیٰ کہ فوت ہو گئے۔ حضرت ''مصعب بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے علماء میں سے کسی کو ایسا نہیں دیکھا کہ کسی کی اتنی عزت کرتے ہوں جس طرح علماء کرام حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کی عزت کیا کرتے تھے اور ان سے

حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' نے سدل والی حدیث روایت کی ہے۔ حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' وہ ثقہ ہیں، مامون ہیں۔ انہوں نے کہا ہے' یہ کوفہ کے اندر منصور کی قید کے اندر فوت ہوئے۔ عید الاضحیٰ کا دن تھا اور ۱۴۵ ہجری کی بات ہے، اس وقت ان کی عمر ۴۶ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں

(563)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی الْحُسَیْنِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ الْحُسَیْنِ الْمَكِّیُّ الْقُرَشِیُّ النَّوْفَلِیُّ* سَمِعَ نَوْفَلَ بْنَ مُسَاحِقٍ وَنَافِعَ بْنَ جُبَیْرٍ * رَوٰی عَنْهُ شُعَیْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ وَابْنُ عُیَیْنَةَ وَمَالِكٌ وَالثَّوْرِیُّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ*

(قَالَ) الْمُصَنِّفُ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوالحسین رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر اپنی تاریخ میں کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوالحسین مکی قرشی نوفلی رحمۃ اللہ علیہ''۔

انہوں نے حضرت ''نوفل بن مساحق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''نافع بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''شعیب بن ابی حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

۞ مصنف کہتے ہیں: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(564)عَمَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَسَارٍ الْجُهَنِیُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ رَوٰی عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی وَالشَّعْبِیِّ * رَوٰی عَنْهُ ابْنُ عُیَیْنَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ* یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمار بن عبداللہ بن یسار جہنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔ اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مروان بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے، ان کو کوفیین میں شمار کیا جاتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

---

(565)عَامِرٌ اَبُوْ بُرْدَةَ الْاَشْعَرِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَامِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ هُوَ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیُّ* سَمِعَ اَبَاهُ وَعَلِیاً وَابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمَائَةٍ* قَالَ كَانَ اَبُوْ بُرْدَةَ عَلٰی قَضَاءِ الْكُوْفَةِ فَعَزَلَهُ الْحَجَّاجُ وَوَلّٰی اَخَاهُ وَقَالَ سُفْیَانُ قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ لِاَبِیْ بُرْدَةَ كَمْ اَتَتْ عَلَیْكَ قَالَ ثَمَانُوْنَ سَنَةً*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عامر ابو بردہ اشعری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں فرمایا ہے' حضرت ''عامر بن عبداللہ بن قیس رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''ابو بردہ بن ابو موسیٰ اشعری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی وفات ۱۰۴ ہجری میں ہوئی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' کوفہ کی مسند قضاء پر فائز تھے۔ حجاج نے ان کو معزول کر دیا اور ان کے بھائی کو وہاں کا منصب عطا کر دیا۔ حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو بردہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: آپ کی عمر کتنی ہے؟ انہوں نے کہا: ۸۰ برس۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(566)عَمْرُو بْنُ عُبَیْدِ بْنِ بَابٍ الْبَصْرِیُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ كُنْیَتُهٗ اَبُوْ عُثْمَانَ مَوْلٰی بَنِیْ تَمِیْمٍ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسِ الْمُتَكَلِّمِ تَرَكَهُ یَحْیَی الْقَطَّانُ* مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی اَوْ اِثْنَتَیْنِ وَاَرْبَعِیْنَ وَمِائَةٍ فِیْ طَرِیْقِ مَكَّةَ وَقَالَ ابْنُ حُمَیْدٍ هُوَ عَمْرُو بْنُ كَیْسَانَ ابْنِ بَابٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمرو بن عبید بن باب بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کی کنیت ''ابوعثمان'' ہے۔ یہ بنی تمیم کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ فارس المتکلم کی اولاد امجاد میں سے ہیں۔ حضرت ''یحییٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو چھوڑ دیا ہے اور ان کا انتقال ۱۴۱ یا ۱۴۲ ہجری میں ہوا۔ مکہ کے راستے میں انتقال ہوا تھا۔ حضرت ''حمید رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' یہ حضرت ''عمرو بن کیسان بن

باب رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(567)عِمْرَانُ بْنُ عُمَيْرٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ الْهُذَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخُو الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لِأُمِّهٖ قَالَهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ وَيَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ حَدِيْثَهٗ فِي الْكُوْفِيِّيْنَ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمران بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود ہذلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں اور یہ حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے ماں شریک بھائی ہیں۔ حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے کہا ہے' یہ اپنے والد کے حوالے سے کوفیین میں حدیث روایت کرتے ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(568)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمُقْبَرِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن سعید بن ابوسعید مقبری رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(569)عِيْسَى بْنُ مَاهَانَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ وَهُوَ ابْنُ اَبِيْ عِيْسَى التَّمِيْمِيُّ* سَمِعَ عَطَاءَ وَالرَّبِيْعَ بْنَ اَنَسٍ وَمَنْصُوْرًا وَعَمْرَو بْنَ دِيْنَارٍ* سَمِعَ مِنْهُ وَكِيْعٌ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ وَيُقَالُ اَصْلُهٗ مَرْوَزِيٌّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عیسیٰ بن ماہان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوجعفر رازی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ حضرت ''ابن ابی عیسیٰ

تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ربیع بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن دینار رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔اور کہا گیا ہے کہ یہ اصلاً مروزی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(570)عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ الْمَسْعُوْدِیُّ الْهُذَلِیُّ الْكُوْفِیُّ نَسَبَهُ الْمُقْرِیُّ * سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبَا حُصَیْنٍ * سَمِعَ مِنْهُ وَكِیْعٌ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ لِیْ صَدَقَةُ عَنْ مِسْعَرٍ مَا اُعْلَمُ اَحَداً اَعْلَمَ بِعِلْمِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مِنَ الْمَسْعُوْدِیِّ * مَاتَ سَنَةَ سِتِّیْنَ وَمِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَقَدْ مَاتَ قَبْلَهٗ بِعَشْرِ سِنِیْنَ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ ''مسعودی'' ہیں، ''ہذلی'' ہیں، اور ''کوفی'' ہیں حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے۔

انہوں نے حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' مجھے حضرت ''صدقہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے کہ حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے علم کو جاننے والا حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ میں کسی کو نہیں جانتا۔ان کا انتقال ۱۶۰ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔اور یہ ان سے دس سال پہلے انتقال کر گئے تھے۔

(571)عُثْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ رَاشِدِ السَّلَمِیُّ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عَجْرَدَ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عثمان بن راشد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عثمان بن راشد سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے عائشہ بنت عجر

دسے روایات کی ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(572)عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ*

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الْهُذَلِيُّ الْكُوْفِيُّ * سَمِعَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ سَمِعَ مِنْهُ الْمَسْعُوْدِيُّ وَمِسْعَرٌ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے، یہ ہذلی ہیں، کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(573)عَوْنُ بْنُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَاِسْمُ اَبِيْ جُحَيْفَةَ وَهْبٌ كُوْفِيٌّ * سَمِعَ اَبَاهُ وَعَمْرَو بْنَ مَيْمُوْنَ وَالْمُنْذَرَ بْنَ جَرِيْرٍ * سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَقِيْلَ الَّذِيْ يَرْوِيْ عَنْهُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ اَبُوْ عَوْنٍ وَقَدْ مَرَّ ذٰلِكَ فِيْ بَابِ الْحُدُوْدِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عون بن ابی جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''ابو جحیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''وہب'' ہے، یہ کوفی ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''عمرو بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منذر بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ اور ایک قول کے مطابق حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' جن سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور وہ روایات ان مسانید کے باب الحدود میں گزر چکی ہیں۔

(574)عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ اَخُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْعُوْدِيُّ الْهُذَلِيُّ الْكُوْفِيُّ اَبُو الْعَمِيْسِ * سَمِعَ اِيَاسَ بْنَ سَلْمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ وَالْحَسَنَ بْنَ سَعْدٍ * سَمِعَ مِنْهُ وَكِيْعٌ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ * قَالَ الْبُخَارِيُّ نَسَبَهُ اَبُوْ اُمَامَةَ * (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عتبہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ حضرت ''عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، مسعودی ہیں، ہذلی ہیں، کوفی ہیں، ان کی کنیت ''ابوالعمیس'' ہے۔انہوں نے حضرت ''ایاس بن سلمہ بن اکوع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''ابوامامہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(575)عِرَاكُ بْنُ مَالِكٍ الْغِفَّارِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُهٗ خُثَيْمٌ وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ وَالزُّهْرِيُّ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عراک بن مالک غفاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''خثیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عثمان بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان بن یسار رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اس فصل میں ان محدثین کا ذکر ہے جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(576)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَرْوَزِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ مَوْلٰی بَنِیْ حَنْظَلَةَ* سَمِعَ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ وَاِسْمَاعِیْلَ بْنَ اَبِیْ خَالِدٍ وَسُلَیْمَانَ الْاَعْمَشَ وَسُلَیْمَانَ التَّیْمِیَّ وَحُمَیْدَ الطَّوِیْلَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَوْنٍ وَیَحْیٰی بْنَ سَعِیْدٍ الْاَنْصَارِیَّ وَمَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ وَابْنَ جُرَیْجٍ وَابْنَ اَبِیْ ذِئْبٍ وَمَالِكَ بْنَ اَنَسٍ وَسُفْیَانَ الثَّوْرِیَّ وَشُعْبَةَ وَالْاَوْزَاعِیَّ وَاللَّیْثَ بْنَ سَعْدٍ وَیُوْنُسَ بْنَ یَزِیْدَ وَاِبْرَاهِیْمَ بْنَ سَعْدٍ وَزُهَیْرَ ابْنَ مُعَاوِیَةَ وَاَبَا عُوَانَةَ وَكَانَ مِنَ الرَّبَّانِیِّیْنَ فِی الْعِلْمِ الْمَوْصُوْفِیْنَ الْمَذْكُوْرِیْنَ بِالزُّهْدِ* وَحَدَّثَ عَنْهُ دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ وَسُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ وَاَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ وَمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ وَیَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ وَیَحْیٰی بْنُ آدَمَ وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ وَاَبُوْ اُسَامَةَ حَمَّادُ بْنُ اُسَامَةَ وَمَكِّیُّ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ وَمُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ وَعَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ وَیَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ وَالْحَسَنُ بْنُ الرَّبِیْعِ وَالْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ وَغَیْرُهُمْ * وَفَضَائِلُهٗ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ تُحْصٰی * وُلِدَ سَنَةَ ثَمَانَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ وَقِیْلَ تِسْعَ عَشْرَةَ* وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ وَدُفِنَ بِهِیْتَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَسُئِلَ قَبْلَ مَوْتِهٖ فَقَالَ اَنَا اِبْنُ ثَلَاثٍ وَّسِتِّیْنَ سَنَةً*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ مَعَ اَنَّهٗ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِیْثِ وَشَیْخُ شُیُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَاَمْثَالِهِمَا هُوَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْكَثِیْرَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ اَیْضاً شَیْخُ بَعْضِ شُیُوْخِ الشَّافِعِیِّ وَالْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

حضرت ''عبداللہ بن مبارک ابوعبدالرحمٰن مروزی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ بنوحنظلہ کے آزاد کردہ تھے۔ انہوں نے حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن ابو خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معتمر بن راشد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج، حضرت ''ابن ابی ذئب رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یونس بن یزید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زہیر بن معاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

یہ زہد کے حوالے سے ربانیین میں شمار ہوتے ہیں اور علمائے ربانیین میں ان کا ذکر ہوتا ہے۔ان سے حضرت ''داؤد بن عبدالرحمٰن عطار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معتمر بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن وہب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابواسامہ حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکی بن ابراہیم، رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''موسیٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدان بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن ربیع، رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے حدیث بیان کی ہے۔

ان کے فضائل شمار سے زیادہ ہیں۔ان کی پیدائش ۱۱۸ ہجری میں ہوئی اور ایک قول کے مطابق ۱۱۷ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۱۸۱ ہجری میں ہوا۔ان کو ''ہیت'' میں دفن کیا گیا، ان کی وفات سے پہلے (ان سے ان کی عمر کے بارے) پوچھا گیا تو آپ نے کہا' میری عمر اس وقت ۶۳ برس ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ائمہ حدیث کے بھی امام ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے بھی شیخ ہیں اور یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھی بعض شیوخ کے شیخ ہیں اور حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھی شیخ ہیں۔اوران جیسے محدثین کے شیوخ کے شیخ ہونے کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی روایت کردہ کثیر احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(577)عَلِیُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَیٍّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ کُوْفِیُّ الْاَصْلِ اَخُوْ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحِ بْنِ حَیٍّ* سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ نُعَیْمِ الْفَضْلُ بْنِ دُکَیْنٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ مِنْ شُیُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَهُوَ شَیْخُهٗ فَاِذَا هُوَ شَیْخُ شَیْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''علی بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ اصلاً کوفی ہیں۔اور حضرت ''حسن بن صالح بن حی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔ان سے حضرت ''ابونعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان کے شیخ ہیں اور اس طرح حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''بخاری اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ کے شیخ ہوئے اوران کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ

احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(578)عِیسٰی بْنُ یُوْنُسَ بْنِ اَبِیْ اِسْحَاقِ اَبُوْ بَکْرِ السَّبِیْعِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ اَصْلُهٗ کُوْفِیٌّ سَکَنَ نَاحِیَةَ الشَّامِ* سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَاِسْمَاعِیْلَ اِبْنَ اَبِیْ خَالِدٍ* قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَالَ الْوَلِیْدُ مَا اُبَالِیْ مَنْ خَالَفَنِیْ فِی الْاَوْزَاعِیِّ اِلَّا عِیْسَی ابْنُ یُوْنُسَ فَاِنِّیْ رَاَیْتُهٗ اَخَذَ الْاَوْزَاعِیَّ بِقَوْلِهٖ وَقَالَ قَالَ عِیْسٰی رَجَعْتُ عُمَّالاً* مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَقِیْلَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ مَحَلِّهٖ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عیسیٰ بن یونس بن ابی اسحاق ابوبکر سبیعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ اصلاً کوفی ہیں اور شام کے ایک نواحی علاقے میں رہائش پذیر رہے۔انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل بن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''ولید رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بارے میں میرے ساتھ جو بھی اختلاف کرے مجھے کسی کی پرواہ نہیں ہوتی سوائے حضرت ''عیسیٰ بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' کے میں نے ان کو دیکھا ہے کہ انہوں نے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا ان الفاظ وَقَالَ قَالَ عِیْسٰی رَجَعْتُ عُمَّالاً کے ساتھ بہت مضبوط مواخذہ کیا تھا۔ان کا انتقال ۱۹۱ یا ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: محدثین کے نزدیک جلالت مقام کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(579)عَلِیُّ بْنُ مِسْهَرٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُو الْحَسَنِ الْکُوْفِیُّ قُرَشِیٌّ* سَمِعَ اَبَا اِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیَّ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ وَهُوَ اَخُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ مَحَلِّهٖ فِی الْعِلْمِ عِنْدَهُمْ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت علی بن مسہر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''ابوالحسن کوفی قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابو

اسحاق شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور یہ حضرت ''عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: محدثین کے نزدیک علم کے اندر ایک بزرگی والا مقام رکھنے کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(580)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَوْدِيُّ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ * وَقَالَ سَمِعَ اَبَاهُ وَالشَّيْبَانِيَّ وَمَالِكَ بْنَ اَنَسٍ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ عَلِيٌّ رَوٰى مَعْنٌ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْسَ * مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ وَ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ مُحَمَّدٍ * وَقَالَ اَحْمَدُ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ اَنَّهٗ شَيْخُ مَالِكٍ وَمَالِكٌ شَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَالشَّافِعِيِّ وَاَحْمَدَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبداللہ بن یزید بن عبدالرحمٰن اودی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے اپنے والد، حضرت ''شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے کہ حضرت ''معن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مالک رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ادریس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے' ان کا انتقال ۱۹۲ ہجری میں ہوا ان کی کنیت ''ابومحمد'' تھی۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' احمد کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۱۱۵ ہجری میں ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام مالک رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیخ ہونے کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(581)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ *

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ هِشَامٍ الْكُوْفِيُّ الْهَمْذَانِيُّ * سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ الْعُمَرِيَّ وَهِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ رَجَاءَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ هٰذَا الْقَدْرِ الْجَلِيْلِ فِيْ عِلْمِ الْحَدِيْثِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبداللہ بن نمیر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''ابو ہشام کوفی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبداللہ عمری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''احمد بن ابی رجاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے کہ ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: علم حدیث کے اندر ان کی جلالت قدر کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(582)عَبْدُ الْحَمِيْدِ الْحُمَيْدِيّ الْحَمَّانِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ يَحْيٰى الْحِمَانِيُّ الْكُوْفِيُّ مَوْلَاهُمْ * سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَسُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ *قَالَ الْبُخَارِيُّ وَحَمَّانُ شِعْبٌ مِنْ تَمِيْمٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ مَحَلِّهٖ فِيْ عِلْمِ الْحَدِيْثِ هُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَشُعْبَةُ يَرْوِيْ كَثِيْرًا مِنْ مَنَاقِبِهٖ وَغَيْرَ ذٰلِكَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالحمید حمیدی حمانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبدالحمید بن عبدالرحمٰن ابو یحییٰ حمانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ اہل کوفہ کے آزاد کردہ تھے۔ انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حمان' تمیم کا ایک قبیلہ ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: علم حدیث میں بزرگی والا مقام ہونے کے باوجود یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے بہت زیادہ مناقب بیان کئے ہیں اور ان مسانید میں وہ مناقب موجود ہیں۔

.....

(583)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ هُوَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ * سَمِعَ لَيْثَ بْنَ اَبِيْ سُلَيْمٍ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ مَحْمُوْدٌ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن محمد محاربی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اورفرمایا ہے' یہ حضرت ''ابومحمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''لیث بن ابی سلیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''محمود رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' ان کا انتقال ۱۹۵ ہجری میں ہوا۔

---

(584)اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُثْمَانَ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ اَبُوْ بَكْرِ الْعَبَسِیُّ الْكُوْفِیُّ* مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ اَنَّهٗ مِنْ كِبَارِ شُيُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمِ الَّذِیْ خَرَّجَا عَنْهُ الْكَثِيْرَ فِی الصَّحِيْحَيْنِ هُوَ مِنْ صِغَارِ مَنْ يَّرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَيَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامِ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''ابوبکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اورفرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''عبداللہ بن ابی شیبہ ابوبکر عبسی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ان کا انتقال ۲۳۵ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے کبار شیوخ میں سے ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی کثیر احادیث اپنی صحیحین میں ذکر کی ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے چھوٹے درجے کے محدثین میں سے ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔اوران سے حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی روایت کی ہے۔

---

(585)عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُو الْحَسَنِ الْخَزَّازُ الْعَابِدِیُّ مَوْلٰی لَهُمْ يَرْوِیْ عَنْ اَبِيْهِ وَكَثِيْرِ النَّوَّاءِ وَشَقِيْقِ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ* رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ* قَالَ اَحْمَدُ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''علی بن ہاشم رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے، یہ خزاز عابدی ہیں، ان کے

آزادکردہ ہیں۔انہوں نے اپنے والد سے،حضرت ''کثیر النواء رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شقیق بن ابی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے ۔اوران سے حضرت ''محمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں:ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے:ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(586)عَمْرُو الْعَنْقَزِیُّ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ سَعِیْدِ الْقَرَشِیُّ مَوْلَاھُمُ الْعَنْقَزِیُّ کُوْفِیٌّ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ لِیْ اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ مَاتَ سَنَۃَ تِسْعٍ وَّتِسْعِیْنَ وَمِائَۃٍ * سَمِعَ الثَّوْرِیَّ وَاِسْرَائِیْلَ * رَوٰی عَنْہُ اِبْنُہُ الْقَاسِمُ قَالَ الْبُخَارِیُّ وَالْعَنْقَزِیُّ یُنْسَبُ اِلَیْہِ وَالْعَنْقَزُ یُقَالُ لَہُ الْمَرْزَنْجُوْشُ *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَھُوَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عمرو العنقزی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عمرو بن محمد ابو یوسف قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' عنقزی ہیں،کوفی ہیں،ان کے آزادکردہ ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' مجھے حضرت ''اسحاق بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا' ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں ہوا۔انہوں نے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''اسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔اوران سے ان کے بیٹے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ عنتز کی جانب منسوب ہونے کی وجہ سے ان کو عنقزی کہا جاتا ہے،اور عنقز کو ''مرزنجوش'' کہا جاتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے:ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(587)عَائِذُ بْنُ حَبِیْبٍ الْھِرَوِیُّ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ وَقَالَ اَبُوْ ھِشَامٍ الْاَحْوَلُ یُقَالُ مَوْلٰی بَنِیْ عَبْسٍ * ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِیُّ حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِیْبٍ الْھِرَوِیُّ حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَاَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نُخَامَۃً فِی الْمَسْجِدِ فَاحْمَرَّ وَجْھُہٗ فَحَکَّتْہُ اِمْرَاَتُہٗ وَصَبَّ عَلَیْہِ خُلُوْقًا فَقَالَ مَا اَحْسَنَ ھٰذَا * قَالَ الْبُخَارِیُّ رَوَاہُ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ وَحَفْصٌ عَنْ حُمَیْدٍ وَلَمْ یَقُوْلَا اَلْخُلُوْقُ وَقَالَا حَتَّھَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَعَلِمَ اَنَّهٗ شَيْخُ شُيُوخِ الْبُخَارِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عائذ بن حبیب ہروی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''ابو ہشام احول رحمۃ اللہ علیہ''۔ ایک قول کے مطابق یہ بنی عبس کے آزاد کردہ ہیں۔ پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا ہے' ہمیں حضرت ''یوسف بن راشد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''عائذ بن حبیب ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''حمید رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے اندر رینٹھ دیکھی تو غصے سے آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا، ایک خاتون نے اس کو صاف کیا اور اس کے اوپر خوشبو مل دی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تعریف کی۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''اسماعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حفص رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حمید رحمۃ اللہ علیہ'' سے یہی حدیث روایت کی ہے لیکن انہوں نے وہاں پر ''خلوق'' کا ذکر نہیں کیا اور انہوں نے کہا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو صاف کر دیا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ ثابت ہو گیا کہ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیخ ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(588)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادِ الْكُوْفِيُّ

* قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ اَخْبَرَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ اَبُوْ عَمَّارٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلزِّنَا سَبْعُوْنَ بَابًا اَصْغَرُهَا الَّذِيْ يَنْكِحُ اُمَّهٗ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَعَلِمَ اَنَّهٗ شَيْخُ الْبُخَارِيِّ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن زیاد کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر فرمایا ہے' مجھے حضرت ''عبداللہ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''عکرمہ بن عمار ابو عمار رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''زنا (ربا یعنی سود) کے ستر دروازے ہیں اور سب سے چھوٹا دروازہ یہ ہے کہ انسان اپنی ماں سے نکاح کرے''۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ معلوم ہو گیا کہ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم

ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(589)عَبْدُ رَبِّهٖ اَبُوْ شِهَابِ الْحَنَّاطُ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ رَبِّهٖ بْنُ نَافِعٍ اَبُوْ شِهَابِ الْحَنَّاطُ صَاحِبُ الطَّعَامِ الْمَدَائِنِيُّ * سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عَمْرٍو وَمُحَمَّدَ بْنَ سُوْقَةَ وَيُوْنُسَ بْنَ عُبَيْدٍ * سَمِعَ مِنْهُ اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ نَسَبَهُ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ * (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبدربہ ابوشہاب الحناط رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبدربہ بن نافع ابوشہاب الحناط رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ صاحب طعام تھے، مدائنی تھے۔ انہوں نے حضرت ''حسن بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یونس بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''احمد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''موسیٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(590)عَبْدُ الْمَلِكِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ وَاَبُوْ الْوَلِيْدِ اَبُوْ خَالِدٍ لَهٗ كُنْيَتَانِ الْمَكِّيُّ مَوْلٰى بَنِيْ اُمَيَّةَ الْقُرَشِيُّ * قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ اَحْمَدُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ مَاتَ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ سَمِعَ طَاوُسًا وَمُجَاهِدًا وَعَطَاءً * سَمِعَ مِنْهُ الثَّوْرِيُّ وَالْقَطَّانُ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ الْقَطَّانُ لَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَثْبَتَ فِيْ نَافِعٍ مِنْ اِبْنِ جُرَيْجٍ وَقَالَ عَلِيٌّ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ هُوَ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ اُسَيْدِ الْاُمَوِيِّ وَاَصْلُهٗ رُوْمِيٌّ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ اَنَّهٗ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ وَشَيْخُ اَكْبَرِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِ الْاِمَامِ الشَّافِعِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَدْ رَوَى الشَّافِعِيُّ فِيْ مُسْنَدِهٖ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ عَنْ اِبْنِ جُرَيْجٍ حَدِيْثَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ *

حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج

رحمۃ اللہ علیہ'' کی دو کنیتیں ہیں ''ابوالولید'' اور ''ابوخالد رحمۃ اللہ علیہ'' یہ مکی ہیں، اور بنی امیہ کے آزاد کردہ ہیں، قرشی ہیں۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''یحییٰ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا ہے 'ان کا انتقال ۱۵۰ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''طاؤس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''قطان رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کی روایت بیان کرنے میں' حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے زیادہ ثبت کوئی نہیں ہے اور حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۱۴۹ ہجری میں ہوا اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید اموی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ تھے اور یہ اصلاً رومی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اماموں کے امام ہونے کے باوجود، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سب سے بڑے شیخ ہونے کے باوجود حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے روایت کی ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے بھی شیخ ہیں اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر حضرت ''مسلم بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی موزوں پر مسح والی حدیث نقل کی ہے۔

---

(591)عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِىْ رَوَادٍ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الْمَكِّىُّ مَوْلًى لِلْاَزْدِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ * وَهُوَ شَيْخُ الْاِمَامِ الشَّافِعِىِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَرْوِىْ عَنْهُ فِىْ مُسْنَدِهٖ كَثِيْرًا*

حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کی کنیت ''ابوالحمید'' ہے۔ یہ مکی ہیں، ازد کے آزاد کردہ ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہیں اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں ان کی کثیر روایات درج کی ہیں۔

---

(592)اَلْمُقْرِئُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى لِاٰلِ عُمَرَ بْنِ

الْخَطَّابِ الْقَرَشِيِّ * اَصْلُهُ مِنْ نَاحِيَةِ الْبَصْرَةِ * سَكَنَ مَكَّةَ سَمِعَ حَيْوَةَ وَسَعِيْدَ بْنَ اَبِىْ اَيُّوْبَ وَشُعْبَةَ وَالثَّوْرِيَّ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشَرَةَ وَمِائَتَيْنِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''مقری عبداللہ بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن یزید مقری ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی آل کے آزاد کردہ ہیں۔ قرشی تھے۔ یہ بصرہ کے نواحی علاقے میں پیدا ہوئے تھے، مکہ مکرمہ میں رہے، انہوں نے حضرت ''حیوہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن ابی ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۱۳ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(593)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَبْنِ حَفْصِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ الْقَرَشِيُّ الْعَدَوِيُّ* سَمِعَ الْقَاسِمَ وَنَافِعاً وَسَالِماً* سَمِعَ مِنْهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَيَحْيَى الْقَطَّانُ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ جَلَالَةِ قَدْرِهٖ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن عمر عمری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب قرشی عدوی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سالم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن نمیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت قدر کے باوجود انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(594)عَبْدُ الرَّزَّاقِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامِ بْنِ نَافِعٍ اَبُوْ بَكْرٍ مَوْلٰى حَمْزَةَ الْيَمَانِيِّ سَمِعَ مَعْمَرًا

وَالثَّوْرِیَّ وَابْنَ جُرَیْجٍ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی عَشْرَةَ وِمِائَتَیْنِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ مَا حَدَّثَ عَنْ کِتَابِهٖ فَهُوَ اَصَحُّ *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ مِنْ مَشَاهِیْرِ الْمُحَدِّثِیْنَ وَشُیُوْخُ اَحْمَدَ وَاَمْثَالِهٖ نَحْوَ یَحْیٰی بْنِ مَعِیْنٍ وَغَیْرِهِمَا وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبدالرزاق بن ہمام بن نافع ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حمزہ یمانی کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''معمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۱۱ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی کتاب کے حوالے سے انہوں نے جو بھی حدیث بیان کی ہے، وہ اصح ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ مشہور محدثین میں سے ہیں، حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین مثلاً حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر سے روایت کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے انہوں نے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(595)عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنِ سَعِیْدِ الْبَصَرِیُّ

مِنْ کِبَارِ الْمُحَدِّثِیْنَ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عبدالرزاق بن سعید بصری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ کبار محدثین میں سے ہیں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(596)عُمَرُ بْنُ الْهَیْثَمِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عُمَرُ بْنُ الْهَیْثَمِ اَبُوْ قَطَنٍ الزُّبَیْدِیُّ سَمِعَ شُعْبَةَ قَالَهٗ لِیْ مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ وَقُتَیْبَةُ * قَالَ الْبُخَارِیُّ وَقَالَ مُحَمَّدٌ عُمَرُ بْنُ الْهَیْثَمِ اِبْنِ قَطَنٍ سَمِعَ الْمَسْعُوْدِیَّ وَاَبَا خَالِدٍ حَدِیْثَهٗ فِی الْبَصْرِیِّیْنَ * قَالَ الْبُخَارِیُّ وَالصَّحِیْحُ عَمْرُو بْنُ الْهَیْثَمِ *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ شَیْخُ الْاِمَامِ الشَّافِعِیِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ * رَوٰی عَنْهُ فِیْ مُسْنَدِهٖ * وَهُوَ شَیْخُ اَحْمَدَ اَیْضاً *

حضرت ''عمر بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عمر بن ہیثم ابوقطن زبیدی رحمۃ اللہ علیہ''۔ انہوں نے

حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ مجھے حضرت ''مخلد بن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قطیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے' حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''عمر بن ہیثم بن قطن رحمۃ اللہ علیہ'' انہوں نے حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے بصریین میں ایک حدیث کا سماع کیا ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے کہ ان کا صحیح نام ''عمر بن ہیثم'' ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہیں اور حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر کی روایات درج کی ہیں اور حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھی شیخ ہیں۔

---

(597)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوٗدَ الْخُرَيْبِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوٗدَ الْخُرَيْبِيُّ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَزَلَ الْبَصْرَةَ بِالْخُرَيْبَةِ اَصْلُهٗ كُوْفِيٌّ سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَعُثْمَانَ اِبْنَ الْاَسْوَدِ فَقَالَ عَنْ اَبِيْ قُدَامَةَ سَمِعْتُ اِبْنَ اَبِيْ دَاوٗدَ وَنَحْنُ بِالْكُوْفَةِ شَعْبِيُّوْنَ وَبِالشَّامِ شَعْبَانِيُّوْنَ وَبِمِصْرَ مَشْعُوْبُوْنَ وَبِالْيَمَنِ ذُوْ شَعْبَانَ وَمَسْجِدُ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ مَسْجِدُ جَدِّيْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن داؤد خریبی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبداللہ بن داؤد خریبی ابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بصرہ کے علاقہ خریبہ میں رہے، یہ کوفہ کے اندر پیدا ہوئے۔ انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان بن اسود رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابو قدامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' میں نے حضرت ''ابن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور کوفہ میں ''شعبیین'' نے اور شام میں ''شعبانیین'' اور مصر میں ''مشعوبین'' اور یمن میں ذوشعبان نے ان روایت کی ہے۔ اور حضرت ''حسن بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' کی جو مسجد ہے، وہ میرے دادا کی مسجد ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(598)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ اِبْنِ قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ ثُمَّ طَعَنَ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن واقد حرانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن ابی ابن قتادہ حرانی رحمۃ اللہ علیہ''۔ پھر اس میں طعن کیا ہے اور کہا ہے' ان کا انتقال ۸۷ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(599)عَفَّانُ بْنُ شَيْبَانَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَفَّانُ بْنُ شَيْبَانَ الْجُرْجَانِيُّ لَا يُعْرَفُ بِكَثْرَةِ الْحَدِيْثِ* (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عفان بن شیبان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عفان بن شیبان جرجانی رحمۃ اللہ علیہ''۔ کثرت حدیث میں ان کی پہچان نہیں ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(600)عَلِيُّ بْنُ عَاصِمِ بْنِ مَرْزُوْقٍ*

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ اَبُوْ الْحَسَنِ مَوْلٰى قُرَيْبَةَ بِنْتِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ الْقُرَشِيُّ الْوَاسِطِيُّ* رَوٰى عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ* مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَمِائَتَيْنِ* (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''علی بن عاصم بن مرزوق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''علی بن عاصم ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ'' یہ قریبہ بنت محمد بن ابی بکر صدیق کے آزاد کردہ ہیں، یہ قرشی، واسطی ہیں۔

حضرت ''حصین بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سوقہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۰۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

---

(601)عَلَاءُ بْنُ هَارُوْنَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَلَاءُ بْنُ هَارُوْنَ أَخُوْ یَزِیْدَبْنِ هَارُوْنَ الْوَاسِطِیُّ السَّلَمِیُّ * سَمِعَ مِنْهُ حَسَّانُ بْنُ حَسَّانٍ * (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''علاء بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''علاء بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''یزید بن ہارون واسطی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں' سلمی ہیں۔ان سے حضرت ''حسان بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(602)عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِیَادٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ اَبُوْ بِشْرِ الْبَصَرِیُّ الْعَبْدِیُّ سَمِعَ خُصَیْفاً وَاَبَا فَرْوَةَ * رَوٰی عَنْهُ عَارِمٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ * (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عبدالواحد بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابوبشر بصری عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''خصیف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوفروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''عارم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(603)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُمَیْرِیُّ

* یُعَدُّ فِی الْبَصْرِیِّیْنَ * سَمِعَ الشَّعْبِیَّ رَوٰی عَنْهُ الدَّسْتَوَائِیُّ * وَسَمِعَ مِنْهُ اَبَانُ بْنُ یَزِیْدَ * (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''عبداللہ بن حمید بن عبدالرحمٰن حمیری رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو بصریوں میں شمار کیا جاتا ہے۔انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''دستوائی رحمۃ اللہ علیہ''

نے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابان بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(604)عَوْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُعَلِّمُ*

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عون بن جعفر معلم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(605)عُمَرُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ حَبِيْبٍ التَّمَّارُ

*يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''عمر بن قاسم بن حبیب تمار رحمۃ اللہ علیہ''۔

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(606)عِبَادُ بْنُ صُهَيْبٍ الْبَصْرِىُّ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ بَعْدَ اِثْنَتَيْنِ وَمِائَتَيْنِ اَوْ قَرِيْبًا مِنْهَا

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''عباد بن صہیب بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے ان کی وفات ۲۰۲ ہجری کے بعد یا اس کے قریب ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(607)عُمَرُ بْنُ عَلِىِّ بْنِ مُقَدَّمٍ الْمُقَدَّمِىُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ

كَذَا نَسَبَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ قَالَ اَبُوْ نَصْرٍ سَمِعَ اِبْنَ اَبِىْ خَالِدٍ * قَالَ لِىْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرِ ابْنِ اَخِيْهِ مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمر بن علی بن مقدم المقدمی ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا نسب یونہی بیان کیا ہے۔اور فرمایا ہے' ان کی کنیت ''ابونصر'' ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ مجھے حضرت ''محمد بن ابی بکر ابن اخیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے کہ ان کا انتقال ۱۹۰ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(608)عُثْمَانُ بْنُ زَائِدَةَ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ سُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ اَثْنٰى عَلَيْهِ اَبُوْ الْوَلِيْدِ خَيْرًا وَيَرْوِيْ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ وَمِسْعَرٍ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''عثمان بن زائدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوولید رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی تعریف کی ہے اور انہوں نے حضرت ''زبیر بن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(609)عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ اَبُو الْحَسَنِ الْفَزَارِيُّ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حُكَيْمٍ وَثَابِتِ بْنِ عَمَّارَةَ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''علی بن غراب ابوالحسن فزاری کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ حضرت ''احوص بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثابت بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کرتے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(610)عُمَرُ بْنُ عِيسٰى بْنِ سُوَيْدٍ اَبُوْ نُعَامَةَ الْعَدَوِيُّ الْبَصَرِيُّ

كَذَا نَسَبَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ * وَقَالَ نَسَبَهُ اَبُوْ عَاصِمٍ يَرْوِيْ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَحُجَيْرٍ * سَمِعَ مِنْهُ مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ.*

حضرت ''عمر بن عیسیٰ بن سوید ابونعامہ عدوی بصری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ان کا نسب بیان کیا ہے۔ اور فرمایا ہے' حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''مطرف بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حجیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

﴿﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(611)عَبْدُ الْعَزِيْزِ التِّرْمِذِيُّ

يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالعزیز ی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(612)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ اَبُوْ بَكْرٍ الْحُمَيْدِيُّ الْقُرَشِيُّ الْمَكِّيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ مِنْ فُضَيْلِ بْنِ عَيَّاضٍ وَقَالَ جَالَسْتُ اِبْنَ عُيَيْنَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ سَنَةً اَوْ نَحْوَهَا*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ كَثِيْرًا فَيَقُوْلَانِ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ*

حضرت ''عبداللہ بن زبیر ابوبکر حمیدی قرشی مکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور فرمایا ہے' میں حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تقریباً ۱۹ سال بیٹھتا رہا۔

﴿﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔اور ان سے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کثیر روایات درج کی ہیں اور وہ حضرت ''حمیدی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔

---

(613)عَلِیّ بْنُ مُجَاهِدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ مُجَاهِدِ الْكَابِلِیُّ الرَّازِیُّ اَبُوْ مُجَاهِدِ الْعَبْدِیُّ * سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ وَعَنْبَسَةَ * سَمِعَ مِنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ مِنْ سَبِیِّ كَابِلٍ * (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ فَهُوَ شَیْخُ اَحْمَدَ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''علی بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے،اور فرمایا ہے'حضرت ''علی بن مجاہد کابلی رازی ابومہاجد عبدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''محمد بن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' ورحضرت ''عنبسہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ کابل کے قیدیوں میں سے تھے انہوں نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ ان کی احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(614)عُمَرُ بْنُ عُثْمَانَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ طَاوُساً وَیَرْوِیْ عَنْهُ یَحْیٰی الْقَطَّانُ * (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمر بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے'انہوں نے حضرت ''طاوس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(615)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِیْدِ الْعَدَنِیُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ

كَانَ یَقُوْلُ اَنَا مَكِّیٌّ لٰكِنَّ یَقُوْلُوْنَ عَدَنِیٌّ * سَمِعَ الثَّوْرِیَّ وَمُحَارِبَ بْنَ دِثَارٍ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''عبداللہ بن ولید عدنی ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ''

یہ کہا ہے کرتے تھے کہ میں مکی ہوں، لیکن محدثین کہتے ہیں' کہ یہ عدنی ہیں۔انہوں نے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' کا سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(616)عَلَاءُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَّانِ الطَّائِيُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مُخْتَصَرًا وَلَمْ يُبَيِّنْ حَالَهٗ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''علاء بن محمد بن حسان الطائی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا مختصر ذکر کیا ہے لیکن ان کے حالت بیان نہیں کئے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(617)عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ

كَذَا اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَقُوْلُ عَنْ اَبِيْهِ وَالْاَعْمَشِ * (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''عمر بن سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ اپنے والد اور حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کیا کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(618)عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ

مِمَّنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبثر بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ان محدثین میں سے جو حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ

رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(619)عُمَرُ بْنُ الرَّمَّاحِ الضَّرِيْرُ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ عُمَرُ بْنُ مَيْمُوْنَ بْنِ الرُّمَّاحِ اَبُوْ عَلِيٍّ قَاضِيْ بَلْخَ يُقَالُ اِنَّهٗ وَلِيَ الْقَضَاءَ اَكْثَرَ مِنْ عِشْرِيْنَ سَنَةً وَكَانَ مَحْمُوْدًا فِيْ وِلَايَتِهٖ مَذْكُوْرًا بِالْحُكْمِ وَالْعِلْمِ وَالصَّلَاحِ وَالْفَهْمِ * عَمِيَ فِيْ آخِرِ عُمُرِهٖ * وَحَدَّثَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ وَالضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ وَكَثِيْرِ بْنِ زِيَادٍ وَخَالِدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ وَغَيْرِهِمْ رَوٰى عَنْهُ جَمَاعَةٌ مِنْ اَهْلِ خُرَاسَانَ وَقَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰى عَنْهُ مِنَ الْعِرَاقِيِّيْنَ يَحْيٰى بْنُ آدَمَ وَاَبُوْ يَحْيٰى الْحِمَانِيُّ وَشَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ وَزَيْدُ بْنُ الْحَبَّابِ وَيَحْيٰى ابْنُ كَثِيْرٍ وَجَمَاعَةٌ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عمر بن رماح الضریر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے حضرت ''عمر بن میمون بن رماح ابوعلی قاضی بلخ رحمۃ اللہ علیہ''۔ کہا جاتا ہے کہ یہ بیس سال سے زیادہ عرصہ مسند قضاء پر فائز رہے، یہ اپنی ولایت میں اچھے لفظوں میں یاد کئے جاتے تھے اور حکمت اور علم اور صلاح اور فہم کے حوالے سے ان کا ذکر کیا جاتا تھا۔ آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے اور انہوں نے حضرت ''سہیل بن ابی صالح رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ضحاک بن مزاحم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''کثیر بن زیاد بن میمون رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے روایت کی ہے۔ اور ان سے خراسان کی ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے پھر یہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا۔ ان سے عراقیین میں سے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو یحییٰ الحمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شبابہ بن سوار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زید بن حباب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۱۷۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(620)عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْجُرْجَانِيُّ

يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عبدالکریم بن عبیداللہ جرجانی رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(621)عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ حَمَّادٍ الْخَجَنْدِیُّ

مِنْ جُمْلَةِ الْفُقَهَاءِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبدالواحد بن حماد خجندی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ان فقہاء میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(622)عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِیُّ

مِنْ جُمْلَةِ الْفُقَهَاءِ اَیْضاً وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عاصم بن عبداللہ اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا شمار بھی فقہاء میں ہوتا ہے اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(623)عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الْبَلَخِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ سَمِعَ الثَّوْرِیَّ*(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عبدالوہاب بن عبدربہ البلخی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں انہوں نے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(624)عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ الْهَمْدَانِیُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ وَعَطَاءٍ وَمُجَاهِدٍ * سَمِعَ مِنْهُ وَكِیْعٌ وَاَبُوْ نُعَیْمٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَاَنَّهٗ مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ* یَرْوِیْ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عمر بن ذر ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر انکا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ حضرت ''عمر بن ذر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ اپنے والد

اور حضرت ''عطا رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(625)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادِ الْاَعْرَجِ الْمَدِيْنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ عَذْرَةَ * رَوٰى عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ سَلْمَةَ * وَعَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ اَنَّهٗ شَيْخٌ مِنْ تُجَّارِ وَاسِطٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن شداد اعرج مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ''، یہ حضرت ''ابوعذرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کیا کرتے تھے۔ان سے حضرت ''حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ'' نے روایت کیا ہے اور حضرت ''حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ'' سے مروی ہے کہ یہ واسط کے تاجروں کے شیخ تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(626)عَبْدُ الْعَزِيْزِ النَّهَاوَنْدِيُّ

يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالعزیز نہاوندی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(627)عَلَاءُ بْنُ حُصَيْنٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الْعَلَاءُ بْنُ الْحُصَيْنِ اَبُو الْحُصَيْنِ يَرْوِيْ عَنْ سُفْيَانَ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''علاء بن حصین رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''علاء بن حصین ابوحصین رحمۃ اللہ علیہ'' نے

حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(628)عَبْدُ الْمَلِكِ الشَّامِيُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زَرٍّ الشَّامِيِّ يَرْوِيْ عَنْ حَجَّاجٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالملک شامی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبدالملک بن زر شامی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حجاج سے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید مین موجود ہیں۔

---

(629)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ مَوْلَى عُمَرَابْنِ الْخَطَّابِ* سَمِعَ اَبَاهُ* سَمِعَ مِنْهُ اِبْنُ الْمُبَارَكِ وَالْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رضی اللہ عنہ اور حضرت ''ولید بن مسلم رضی اللہ عنہم نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(630)عَتَابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَوْذَبٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَتَابُ بْنُ شَوْذَبٍ الْبَلَخِيُّ* يَرْوِيْ عَنْ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عتاب بن محمد شوذب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عتاب بن محمد شوذب بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''کعب بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

﴿۵﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(631)عِمْرَانُ بْنُ عُبَيْدِ الْمَكِّىُّ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ عِمْرَانُ بْنُ عُبَيْدِ الْمَكِّىُّ يَرْوِىْ عَنْ اَبِيْهِ* رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ عَاصِمٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمران بن عبید مکی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''عمران بن عبید مکی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنے والد کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ان سے حضرت ''ابوعاصم رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں۔

﴿۵﴾ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(632)عِمْرَانُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمران بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(633)عُمَرُ بْنُ اَيُّوْبَ الْمَوْصَلِىُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ يَرْوِىْ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ زِيَادٍ كُنِّيَتُهٗ اَبُوْ حَفْصٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمر بن ایوب موصلی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن زید

رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کی کنیت ''ابوحفص'' ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(634)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هَانِئٍ اَبُوْ نُعَيْمٍ الثَّقَفِيُّ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ صَالَحَ نَصَارٰى بَنِيْ تَغْلَبَ عَلٰى اَنْ لَا يَنْصُرُوْا اَوْلَادَهُمْ وَقَدْ نَصَرُوْا اَوْلَادَهُمْ فَلَيْسَ لَهُمْ عَهْدٌ* قَالَ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن ہانی ابونعیم ثقفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے شریک کے واسطے سے حضرت ''ابراہیم بن مہاجر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''زیاد بن جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی تغلب کے نصاریٰ کے ساتھ اس بات پر صلح کی تھی کہ وہ اپنی اولادوں کی مدد نہیں کریں گے۔ انہوں نے اپنی اولادوں کی مدد کی ہے تو ان کا معاہدہ کالعدم ہو چکا ہے۔ آپ فرماتے ہیں' ان کا انتقال ۱۲۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(635)عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ الْخَطَابِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ الْاَشَلُّ الْكِنَانِيُّ الرَّازِيُّ * يَرْوِيْ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ سَوَّارٍ * سَمِعَ مِنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ وَقَالَ قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ الْخَطَابِيُّ * حَدِيْثُهٗ فِي الْكُوْفِيِّيْنَ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالرحیم بن سلیمان رازی خطابی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ اشل ہیں، کنانی ہیں، رازی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''شعیب بن سوار رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حدیث روایت کی ہے۔ ان سے حضرت ''محمد بن سعید اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے اور حضرت ''قبیصہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''عبدالرحیم بن سلیمان رازی خطابی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے اور ان کی حدیث کوفیین میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(636)عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ عُبَيْدَةَ*

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالوارث بن سعید ابوعبیدہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' مجھے حضرت ''عبداللہ بن اسود رضی اللہ عنہ'' نے بیان کیا ہے' ان کا انتقال ۱۸۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(637)عُمَرُ بْنُ حَبِيْبٍ قَاضِي الْبَصْرَةِ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَتَكَلَّمُوْنَ فِيْهِ وَيَرْوِيْ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمر بن حبیب قاضی بصرہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کے بارے میں محدثین کلام کرتے ہیں اور انہوں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(638)عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ* سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ عَيَّاشٍ*

حضرت ''عبدالوہاب بن نجدہ رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

---

(639)عَمْرُو بْنُ مَجْمَعٍ اَبُوْ الْمُنْذِرِ السَّكُوْنِيُّ الْكُوْفِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ سَمِعَ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ وَسَمِعَ مِنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ وَاَحْمَدُ وَمُحَمَّدُ اِبْنَا عُقْبَةَ السَّدُوْسِيِّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عمرو بن مجمع ابومنذر سکونی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے، اور فرمایا ہے انہوں نے حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن سعید اشج رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زکریا بن عدی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' جو دونوں حضرت ''عقبہ سدوسی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں انہوں نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(640)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ اَبُوْ عُثْمَانَ الْمَكِّيُّ * سَمِعَ اَبَا الطُّفَيْلِ وَسَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ وَمُجَاهِدًا*

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن عثمان بن خثیم رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے حضرت ''عبداللہ بن خثیم رحمۃ اللہ علیہ''، ان کی کنیت ''ابوعثمان'' ہے یہ مکی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوطفیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''مجاہد رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(641)عَبْدُ الْحَكَمِ الْوَاسِطِيُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ الْحَكِيْمِ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَبُوْ سُفْيَانَ الْخُزَاعِيُّ الْوَاسِطِيُّ يَرْوِيْ عَنْ يُوْنُسَ قَالَ كَذَبَهٗ بَعْضُهُمْ فِيْهِ نَظَرٌ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ وَثَّقَهُ الْاَكْثَرُوْنَ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالحکیم واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا بھی ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عبدالحکیم بن منصور رحمۃ اللہ علیہ''، کی کنیت ''ابوسفیان'' ہے، یہ خزاعی ہیں، واسطی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''یونس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے اور بعض نے ان کو کاذب قرار دیا ہے لیکن یہ موقف نظر ثانی کے قابل ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اکثر محدثین نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے، ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(642)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ اَحْمَدُ حَدِيْثُهٗ لَيْسَ بِشَىْءٍ * ثُمَّ قَالَ الْبُخَارِىُّ هُوَ الْكُوْفِىُّ الْبَلَخِىُّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔ حضرت ''امام احمد رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان کی حدیث ''لیس بشیء'' ہے (قابل اعتبار نہیں)۔ پھر حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ کوفی ہیں، بلخی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(643)عِيْسٰى بْنُ مُوْسٰى الْبُخَارِىُّ اَبُوْ اَحْمَدَ التَّيْمِىُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ الثَّوْرِىَّ وَاَبَا حَمْزَةَ الْيَشْكُرِىَّ * مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ بخاری ابواحمد تیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحمزہ یشکری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۱۸۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں

موجود ہیں۔

.....

(644)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُوْنَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ وَقَالَ سَمِعَ اَبَا الْمَلِيْحِ الْحَسَنَ* سَمِعَ مِنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبداللہ بن میمون ابوعبدالرحمٰن کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوملیح حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(645)عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنِ زَيْدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زَيْدٍ بَصَرِيٌّ يَرْوِيْ عَنِ الْحَسَنِ وَعُبَادَةَ بْنِ اَنَسٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عبدالواحد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''عبدالواحد بن زید بصری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبادہ بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(646)عبدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنِ المعرُوْفُ بابنِ عَوْنٍ اَبُوْ عَوْنٍ الْبَصَرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ عبدُ اللّٰهِ بْنُ اَرْطَبَانَ مَوْلٰى قُرَيْبَةَ* سَمِعَ الْقَاسِمَ وَالْحَسَنَ وَابْنَ سِيْرِيْنَ قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ لِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهٗ مَاتَ اِبْنُ عَوْنٍ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ* قَالَ اِبْنُ الْمُبَارَكِ مَا رَاَيْتُ اَحَداً اَفْضَلَ مِنْ اِبْنِ عَوْنٍ* قَالَ مَاتَ اِبْنُ عَوْنٍ وَابْنُ جُرَيْجٍ سَنَةَ خَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ وَيُقَالُ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ شَيْخٌ

شُیُوْخِ الْبُخَارِیِّ وَمُسْلِمٍ وَالْاِمَامِ اَحْمَدَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ*

حضرت ''عبداللہ بن عون رحمۃ اللہ علیہ''

آپ ''ابن عون'' کے نام کے ساتھ مشہور ہیں، حضرت ''ابوعون بصری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، حضرت ''عبداللہ بن ارطبان رحمۃ اللہ علیہ'' یہ قریبہ کے آزاد کردہ ہیں۔ انہوں نے حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' مجھے حضرت ''عبداللہ بن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن عامر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا ہے' ان کا انتقال ۱۵۱ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے افضل کوئی شخص کبھی نہیں دیکھا۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' کا اور حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۵۰ ہجری میں ہوا اور ایک قول کے مطابق ۱۵۱ ہجری میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر ۸۱ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

اور یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیخ ہیں۔

****

(647)عِبَادُ بْنُ الْعَوَّامِ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ فَقَالَ اَبُوْ سَھْلٍ الْوَاسِطِیُّ الْکَلَابِیُّ * سَمِعَ الْحُمَیْدِیَّ وَابْنَ اَبِیْ عُرُوْبَۃَ* قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ لِیْ اِسْحَاقُ بْنُ کَعْبٍ مَاتَ سَنَۃَ خَمْسٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَۃٍ* سَمِعَ مِنْہُ سَعِیْدُ بْنُ سُلَیْمَانَ* (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰہِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''عباد بن عوام رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابوسہیل واسطی کلابی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''حمیدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی عروبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' مجھے حضرت ''اسحاق بن کعب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے کہ ان کا انتقال ۱۸۵ ہجری میں ہوا۔ ان سے حضرت ''سعید بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(648)عَفِیْفُ بْنُ سَالِمٍ

اَوْرَدَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ فَقَالَ عَفِیْفُ بْنُ سَالِمٍ الْمُوْصَلِیُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''عفیف بن سالم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''عفیف بن سالم رحمۃ اللہ علیہ''، آپ موصلی ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ بَعْضُ شُيُوْخِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ مِنَ التَّابِعِيْنَ

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بعض شیوخ نے روایت کی ہے

(649)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ اَبُوْ الْوَلِيْدِ اللَّيْثِىُّ الْمَدَنِىُّ

وَاِسْمُ الْهَادِ اُسَامَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جَابِرِ بْنِ بِشْرٍ وَقِيْلَ خَالِدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ عِيْزَارَةَ بْنِ عَامِرِ ابْنِ مَالِكٍ كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ * قَالَ كَانَ مِنْ كِبَارِ التَّابِعِيْنَ * حَدَّثَ عَنْ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ وَعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَمَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ وَاُمِّ سَلَمَةَ وَمَيْمُوْنَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * وَرَوٰى عَنْهُ طَاوُسٌ وَالشَّعْبِىُّ وَسَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَجَمَاعَةٌ * وَكَانَ مِمَّنْ سَكَنَ الْكُوْفَةَ وَوَرَدَ الْمَدَائِنَ صَحَبَةَ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ لَمَّا خَرَجَ اِلٰى حَرْبِ الْخَوَارِجِ بِالنَّهْرَوَانِ وَقُتِلَ بِدُجَيْلَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَقِيْلَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''عبداللہ بن شداد بن ہاد ابوولید لیثی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ہاد رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام حضرت ''اسامہ بن عمرو بن عبدالعزیز بن جابر بن بشر رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ اور ایک قول کے مطابق حضرت ''خالد بن بشر بن عیزارہ بن عامر بن مالک رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے یہ کبار تابعین میں سے تھے۔

انہوں نے حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ''، حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما''، حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما''، ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا، ام المومنین سیدہ ام سلمہ، ام المومنین سیدہ میمونہ، رضی اللہ عنہم'' سے روایات نقل کی ہیں اور ان سے حضرت ''طاوس رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعد بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ اور یہ کوفہ کے رہنے والوں میں سے تھے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نہراون میں خوارج کی سرکوبی کے لئے نکلے تھے تو یہ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' کی صحبت میں مدائن آئے۔ دجیل کے اندر ۸۱ ہجری میں شہید ہوئے اور ایک قول کے مطابق ۸۲ ہجری میں۔

(650)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی الْجَعْدِ الْاَشْجَعِیُّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اِسْمُ اَبِی الْجَعْدِ رَافِعٌ مَوْلٰی عَطَاءٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ هُوَ اَخُوْ سَالِمٍ وَزِیَادٌ یُعَدُّ فِی الْکُوْفِیِّیْنَ * سَمِعَ ثَوْبَانَ رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِیْسٰی وَعَمَّارَةُ بْنُ جَرِیْرٍ * اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ الْبَجَلِیُّ سَمِعَ صَخْرَ الْغَامِدِیَّ سَمِعَ مِنْهُ یَعْلٰی بْنُ عَطَاءٍ

حضرت ''عبداللہ بن جعد اشجعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''ابو جعد رحمۃ اللہ علیہ'' کا نام ''رافع'' ہے۔ یہ حضرت ''عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزد کردہ ہیں۔اور حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' یہ سالم اوحضرت ''زید رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں،ان کوکوفیین شمار کیا جاتا ہے اورانہوں نے حضرت ''ثوبان رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔اوران سے حضرت ''عبداللہ بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اورحضرت ''عمارہ بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہےاور حضرت ''بجلی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے'انہوں نے حضرت ''صخر غامدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہےاوران سے حضرت ''یعلی بن عطاء رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

---

(651)عَاصِمُ بْنُ حُمَیْدِ السَّکُوْنِیُّ الْحِمْصِیُّ تَابِعِیٌّ

شَهِدَ خُطْبَةَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْجَابِیَةِ * وَرَوٰی عَنْهُ وَسَمِعَ مَعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَعَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِیَّ

حضرت ''عاصم بن حمید سکونی حمصی تابعی رحمۃ اللہ علیہ''

جابیہ کے اندر حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' کے خطبہ میں یہ موجود تھےاوران سے انہوں نے روایت کی ہےاور حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ''اورحضرت ''عوف ابن مالک اشجعی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

---

(652)عَاصِمُ بْنُ ضَمْرَةَ السَّلُوْلِیُّ الْکُوْفِیُّ

مِنَ التَّابِعِیْنَ * وَقَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ مَا حَدَّثَنِیْ عَاصِمُ بْنُ ضَمْرَةَ بِحَدِیْثٍ قَطُّ اِلَّا عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ * وَقَالَ سُفْیَانُ کُنَّا نَعْرِفُ فَضْلَ حَدِیْثِ عَاصِمٍ عَنْ عَلِیٍّ عَلٰی حَدِیْثِ الْحَارِثِ عَنْهُ *

حضرت ''عاصم بن ضمرہ سلولی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

تابعین میں سے ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر' حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے کہا ہے' حضرت ''عاصم بن ضمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے مجھے جوبھی حدیث بیان کی ہے،وہ حضرت ''علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے حوالے سے بیان کی

ہے۔اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں: حضرت ''عاذم رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیث جو وہ حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں ہم ان کو حضرت ''حارث رحمۃ اللہ علیہ'' کی حضرت ''علی رضی اللہ عنہ'' سے روایت کردہ احادیث پر ترجیح دیا کرتے تھے۔

.....

(653)عَمْرُوبْنُ مَيْمُوْنَ الْاَوْدِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ مَعَاذَ بْنَ جَبَلٍ بِالْيَمَنِ وَالشَّامِ * وَسَمِعَ اِبْنَ مَسْعُوْدٍ وَعُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ * سَمِعَ مِنْهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ * قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسَبْعِيْنَ قَالَ وَ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ *

حضرت ''عمرو بن میمون اودی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ'' سے یمن اور شام میں سماع کیا ہے اور حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابواسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۷۴ ہجری میں ہوا اور ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' تھی۔

(654)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلِ الْهَاشِمِيُّ مِنَ التَّابِعِيْنَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ سَمِعَ مَيْمُوْنَةَ وَاَدْرَكَ زَمَانَ عُثْمَانَ * رَوٰى عَنْهُ اِبْنَاهُ اِسْحَاقُ وَعَبْدُ اللّٰهِ وَيَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ زِيَادٍ *

حضرت ''عبداللہ بن حارث بن نوفل ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے سماع کیا ہے اور انہوں نے حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' کا زمانہ بھی پایا ہے۔

ان سے ان کے دو بیٹوں حضرت ''اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''یزید بن ابی زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

.....

(655)عِمْرَانُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجُعْفِيُّ كُوْفِيٌّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ * سَمِعَ سُوَيْدَ بْنَ غَفْلَةَ * سَمِعَ مِنْهُ شَرِيْكٌ وَالثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَمَالِكُ ابْنُ مِغْوَلٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ *

حضرت ''عمران بن مسلم جعفی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے' ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے، یہ قرشی ہیں۔انہوں نے حضرت ''سوید بن غفلہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''

اور حضرت ''مالک بن مغول رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

---

(656)عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَامِ

مِنْ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ * قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَعَائِشَةَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * قَالَ رَوٰى اَبُوْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَقَالَ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِيْنَ اَوْ اِحْدٰى وَمِائَةٍ*

حضرت ''عروہ بن زبیر بن عوام رحمۃ اللہ علیہ''

فقہاء تابعین میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا'' اور حضرت ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما'' سے سماع کیا ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمیر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۹۴ ہجری یا ۱۰۱ ہجری میں ہوا۔

---

(657)عَلْقَمَةُ بْنُ وَقَاصٍ اللَّيْثِيُّ الْمَدَنِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا * سَمِعَ مِنْهُ الزُّهْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ وَاَبْنَاءُ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَمْرٌو*

حضرت ''علقمہ بن وقاص لیثی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' اور ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن ابراہیم بن حارث رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے دونوں بیٹوں حضرت ''عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔

---

(658)عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ رَوَّادَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى الْاَزْدِ

وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اِسْمُ اَبِيْ رَوَّادَ مَيْمُوْنُ بْنُ عَمَّارَةَ بْنِ اَبِيْ حَفْصَةَ * وَاَبُوْ حَفْصَةَ وَاِبْنُ اَبِيْ رَوَّادٍ أَخَوَانِ اَحَدُهُمَا اَبُوْ حَفْصَةَ وَهٰذَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ الْعَتَكِيُّ سَمِعَ نَافِعاً وَالضَّحَّاكَ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ * قَالَ

الْبُخَارِیُّ وَکَانَ یَذْهَبُ اِلَی الْاَرْجَاءِ مَاتَ قَرِیْباً مِنْ سَنَةِ خَمْسِیْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ سَنَةِ نِیْفٍ وَخَمْسِیْنَ وَمِائَةٍ*

حضرت ''عبدالعزیز بن ابوروادابوعبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ازد کے آزاد کردہ ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''ابوروادرحمۃ اللہ علیہ'' کا نام حضرت ''میمون بن عمارہ بن ابی حفص رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ اور حضرت ''ابوحفصہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن ابی روادرحمۃ اللہ علیہ'' یہ دونوں بھائی ہیں، ان میں سے ایک حضرت ''ابوحفصہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں اور یہ حضرت ''عبدالعزیز عتکی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ضحاک رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ ارجاء کی جانب جایا کرتے تھے اور ان کا انتقال تقریباً ۱۵۰ ہجری میں ہوا بعض کے قول کے مطابق ۱۵۰ ہجری سے کچھ زائد میں ہوا۔

.....

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ اَصْحَابِ بَعْضِ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اس فصل کے اندران مسانید کے بعض اصحاب کا ذکر ہے

(659)بُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِیُّ الْحَارِثِیُّ

صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْاَوَّلِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ * قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَعْقُوْبَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَلِیْلِ الْکَلَابَاذِیُّ الْفَقِیْهُ الْبُخَارِیُّ وَیُعْرَفُ بِعَبْدِ اللّٰهِ الْاُسْتَاذِ صَاحِبِ عَجَائِبَ وَغَرَائِبَ حَدَّثَ عَنْ اَبِی الْمُوْجِهِ وَیَحْیٰی بْنِ سَاسَوَیْهِ الْمَرْوَزِیَّیْنِ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الْبَلْخِیِّ وَالْفَضْلِ ابْنِ مُحَمَّدِ الشَّعْرَانِیِّ وَالْحُسَیْنِ بْنِ الْفَضْلِ الْعَجَلِیِّ النَّیْسَابُوْرِیَّیْنَ وَمُحَمَّدِ بْنِ یَزِیْدِ الْکَلَابَاذِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَاصِلٍ وَسَهْلِ بْنِ الْمُتَوَکِّلِ وَحَمْدَوَیْهِ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ بْنِ الْجُنَیْدِ الرَّازِیِّ وَمُوْسٰی بْنِ هَارُوْنَ الْحَافِظِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ زَیْدِ الصَّائِغِ وَغَیْرِهِمْ * وَوَرَدَ بَغْدَادَ غَیْرَ مَرَّةٍ وَحَدَّثَ بِهَا * رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ ابْنُ عُقْدَةَ وَاَبُوْ بَکْرِ بْنِ آدَمَ الْکُوْفِیَّانِ وَاَبُوْ بَکْرِ بْنِ الْجَعَابِیُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَعْقُوْبَ الْکَاغَدِیُّ الْبَغْدَادِیُّ وَعَامَّةُ اَهْلِ بُخَارٰی * قَالَ وُلِدَ لَیْلَةَ الْاَرْبَعَاءِ بِغُرَّةِ شَهْرِ رَبِیْعٍ الْاَوَّلِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ * وَتُوُفِّیَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ لِخَمْسٍ بَقِیَتْ مِنْ شَوَّالَ سَنَةَ اَرْبَعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَنْ طَالَعَ مُسْنَدَهُ الَّذِیْ جَمَعَهٗ لِلْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ عَلِمَ تَبَحُّرَهٗ فِیْ عِلْمِ الْحَدِیْثِ وَاِحَاطَتِهٖ بِمَعْرِفَةِ الطُّرُقِ وَالْمَتُوْنِ*

حضرت ''ابومحمد بخاری حارثی رحمۃ اللہ علیہ''

جو کہ ان مسانید میں سے پہلی مسند کو جمع کرنے والے ہیں۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت'' عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث بن خلیل کلاباذی الفقیہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کو حضرت ''عبداللہ الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے پہچانا جاتا تھا، یہ عجائب وغرائب کے مالک تھے، انہوں نے حضرت ''ابوالموجہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن ساسویہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن فضل بلخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن محمد شعرانی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن فضل عجلی نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یزید الکلاباذی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن واصل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سہل بن متوکل حمدویہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن حسین بن جنید رازی، رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''موسیٰ بن ہارون حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''محمد بن علی بن زید صائغ رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے حدیث روایت کی ہے، یہ کئی مرتبہ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حدیث کا درس دیا۔ ان سے حضرت ''ابوالعباس احمد بن عقدہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن آدم کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن جعابی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن یعقوب کاغدی بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' اور بخاریٰ کے دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۲۵۸ ہجری میں ماہِ ربیع الاول کی ۴ تاریخ کو ہوئی اور ان کا انتقال ۳۴۰ ہجری ماہِ شوال کی ۲۵ تاریخ کو جمعہ کے دن ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: جس نے ان کی اس مسند کا مطالعہ کیا ہے جو انہوں نے حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے جمع کی ہے وہ علم حدیث کے اندر ان کے تبحر علمی کا اندازہ لگا سکتا ہے اور طرق اور متون کی معرفت کے حوالے سے ان کے احاطے کا اندازہ لگا سکتا ہے۔

---

(660) بُوْ اَحْمَدِ بْنِ عَدِيٍّ

صَاحِبُ الْمُسْنَدِ السَّادِسِ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ صَاحِبُ (كِتَابِ الْكَامِلِ فِيْ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ)

حضرت ''ابواحمد بن عدی رحمۃ اللہ علیہ''

ان مسانید میں سے چھٹی مسند ان کی تالیف کی ہے۔ یہ ائمہ حدیث کے امام ہیں اور کامل فی الجرح والتعدیل کے مصنف ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(661)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْخَلَالُ اَبُوْ الْقَاسِمِ

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ اَبَا طَاهِرٍ الْمُخْلِصِ وَاَحْمَدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ الصَّیْدَلَانِیَّ * قَالَ الْخَطِیْبُ کَتَبْتُ عَنْهُ وَکَانَ صَدُوْقاً وَسَاَلْتُهُ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ وُلِدْتُ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَیْخُ شَیْخِ ابْنِ خُسْرَو فِیْ مُسْنَدِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادٍ*

حضرت ''عبداللہ بن محمد بن حسن خلال ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوطاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن عمران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوقاسم صیدلانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے اور یہ صدوق تھے ،اور میں نے ان کی پیدائش کے بارے میں ان سے پوچھا: توانہوں نے کہا: میری پیدائش ۳۵۰ ہجری کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیخ کے شیخ ہیں ،ان کی مسند میں ان کا ذکر موجود ہے۔

---

(662)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُمَرَبْنِ اَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُو الْحَسَنِ الْعَدْلُ

الْمَعْرُوْفِ بِابْنِ خَمْسَةَ قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَسَمِعَ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ الْحُسَیْنِ الْمُحَامِلِیَّ وَالْحُسَیْنَ بْنَ یَحْیٰی الْقَطَّانَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ الْمِصْرِیَّ وَعَبْدَ الْغَافِرِ بْنَ سَلَامَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ یَعْقُوْبَ وَاَبَا الْعَبَّاسِ بْنَ عُقْدَةَ* مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

وَقِیْلَ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْخَلَالُ الْمَذْکُوْرِ مُسْنَدِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادٍ*

حضرت ''عبدالرحمٰن بن عمر بن احمد بن محمد ابوالحسن العدل رحمۃ اللہ علیہ''

آپ ''ابن خمسہ'' کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن حسین محاملی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن یحییٰ القطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن احمد بن اسحاق مصری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالغافر بن سلامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۹۷ ہجری میں ہوا۔ اور ایک قول کے مطابق ۳۹۶ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: خلّال مذکور نے ان سے حضرت ''حسن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' والی مسند کے اندر روایت ذکر

کی ہے۔

.....

(663)عِیْسٰی بْنُ اَبَانَ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عِیْسَی بْنُ اَبَانَ بْنِ صَدَقَةَ اَبُوْ مُوْسٰی صَحِبَ مُحَمَّدَ بْنَ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیَّ وَتَفَقَّهَ وَاسْتَخْلَفَهُ یَحْیَی بْنُ اَکْثَمٍ عَلَی الْقَضَاءِ بِعَسْکَرِ الْمَهْدِیِّ وَقْتَ خُرُوْجِهٖ مَعَ الْمَاْمُوْنِ اِلٰی فَمِ الصُّلْحِ فَلَمْ یَزَلْ عَلٰی عَمَلِهٖ اِلٰی اَنْ رَجَعَ یَحْیٰی ثُمَّ وَلِیَ عِیْسٰی قَضَاءَ الْبَصْرَةِ وَعَزَلَ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ سَنَةَ اِثْنَتَیْ عَشْرَةَ وَمِائَتَیْنِ فَلَمْ یَزَلْ بِهَا حَتّٰی مَاتَ وَقَدْ اَسْنَدَ الْحَدِیْثَ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ جَعْفَرٍ وَهَیْثَمٍ وَیَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّیْبَانِیِّ رَوٰی عَنْهُ الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ السَّوَّاقُ وَغَیْرُهٗ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَعِشْرِیْنَ وَمِائَتَیْنِ

حضرت ''عیسیٰ بن ابان رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''عیسیٰ بن ابان بن صدقہ ابوموسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب تھے۔ان سے فقہ حاصل کی اور حضرت ''یحییٰ بن اکثم رحمۃ اللہ علیہ'' کو مہدی کے لشکر میں قضاء پر اپنا خلیفہ بنایا ،جس وقت یہ ''فم الصلح ''(واسط کے بالائی علاقہ میں ایک بڑی نہر کا نام ہے) کی جانب مامون کے ہمراہ نکلے تھے، یہ ان کے عمل میں مسلسل گامزن رہے یہاں تک کہ حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' لوٹ کر آ گئے، پھر بصرہ کی قضاء پر حضرت ''عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کو قائم کیا اور حضرت '' اسماعیل بن حماد ابن ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کو ۲۱۲ ہجری میں معزول کر دیا، یہ اپنی وفات تک مسلسل وہاں پر رہے، حضرت ''اسماعیل بن جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے مسند احادیث روایت کی ہیں۔حضرت ''حسن بن سلام سواق رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے ان سے روایت کی ہے، ان کا انتقال ۲۲۱ ہجری میں ہوا۔

.....

(664)عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ حَیَّانَ بْنِ عَمَّارٍ

کَذَا ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ کُنْیَتُهٗ اَبُوْ الْحُسَیْنِ مَرْوَزِیُّ الْاَصْلِ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ بَکَّارٍ وَمَحْمُوْدَ بْنَ غَیْلَانَ وَیَحْیٰی بْنَ عُثْمَانَ الْجَرِیْرِیَّ وَهَارُوْنَ بْنَ اَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ صَالِحٍ التِّرْمِذِیَّ رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَمُکْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِیُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ حُمَیْدٍ وَعَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عَائِذٍ وَمُحَمَّدُ ابْنُ الْحَسَنِ الْقَطِیْعِیُّ مَاتَ سَنَةَ خَمْسِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''علی بن حسن بن حیان بن عمارہ رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے، اور کہا ہے' ان کی کنیت ''ابوالحسین'' ہے، یہ اصلاً مروزی ہیں

۔ انہوں نے حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمود بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن عثمان جریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہارون رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن ابی ہارون عبدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن صالح ترمذی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالملک بن عائذ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حسن قطیعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۵۰ ہجری میں ہوا۔

---

(665)اَبُو الْقَاسِمِ ابْنِ الثَّلاَجِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ مِهْرَانَ الْبَحْتَرِيُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ الشَّاهِدُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الثَّلاَجِ هُوَ حَلْوَانِيُّ الْاَصْلِ * حَدَّثَ عَنْ اَبِي الْقَاسِمِ الْبَغَوِيِّ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ وَاَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبَهْلُوْلِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَغْلَسِ وَيَحْيٰى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَمَنْ فِيْ طَبْقَتِهِمْ * وَتُوُفِّيَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلاَثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبداللہ ابن ابراہیم بن عبید بن زیاد بن مہران بحتری ابوالقاسم شاہد رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں جو کہ ''ابن ثلاج'' کے نام سے مشہور تھے، یہ اصل میں حلوانی ہیں۔

انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور اس طبقے کے دیگر محدثین سے حدیث روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۸۷ ہجری میں ہوا۔

---

(666)اِبْنُ اَبِي الدُّنْيَا

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ قَيْسٍ اَبُوْ بَكْرِ الْقُرَشِيُّ مَوْلٰى بَنِيْ اُمَيَّةَ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَبِي الدُّنْيَا صَاحِبُ الْكُتُبِ الْمُصَنَّفَةِ فِي الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ * سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيَّ وَسُلَيْمَانَ بْنَ الْمُنْذِرِ وَخَالِدَ ابْنَ خِدَاشٍ وَعَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَخَلْفَ بْنَ هِشَامٍ الْبَزَّارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ جَعْفَرَ الْاَرْكَانِيَّ وَجَمَاعَةً فِيْ طَبْقَتِهِمْ وَدُوْنَهُمْ * رَوٰى عَنْهُ الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ وَجَمَاعَةٌ كَثِيْرَةٌ * وَكَانَ اِبْنُ اَبِي الدُّنْيَا مُؤَدِّبَ عِدَّةٍ مِنْ اَوْلاَدِ الْخُلَفَاءِ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَمَانِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَبَلَغَنِيْ اَنَّ مَوْلِدَهٗ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّمِائَتَيْنِ *

حضرت ''ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن محمد بن سفیان بن قیس ابوبکر قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ بنی امیہ کے آزاد کردہ ہیں اور حضرت ''ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور تھے۔ زہد اور رقائق کے بارے میں بہت ساری تصانیف ہیں۔ انہوں نے حضرت ''سعید بن سلیمان واسطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان بن منذر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خالد ابن خداش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ہشام بزار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن جعفر ارکانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ ان طبقے کے اور بعد کے طبقے کے کثیر محدثین سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''حارث بن ابی اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن خلف محدثین رحمۃ اللہ علیہ'' کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ'' مودب ہوا کرتے تھے اور خلفاء کی اولاد میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کا انتقال ۲۸۱ ہجری میں ہوا۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے' ان کی پیدائش ۲۰۸ ہجری کی ہے

---

(667)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدِ الْقَاضِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی ابْنِ زِیَادٍ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْجَوَالِیْقِیُّ الْقَاضِیُ الْمَعْرُوْفُ بِعَبْدَانَ مِنْ اَهْلِ الْاَهْوَازِ كَانَ اَحَدُ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ حَدَّثَ عَنْ هُرَیْرَةَ بْنِ خَالِدٍ وَكَامِلِ بْنِ طَلْحَةَ وَاَبِی الرَّبِیْعِ الزَّهْرَانِیِّ وَسُلَیْمَانِ بْنِ اَیُّوْبَ * مَاتَ بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ سِتَّ عَشْرَةَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''عبداللہ بن احمد القاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''عبداللہ بن احمد بن موسیٰ ابن زیاد ابومحمد جوالیقی رحمۃ اللہ علیہ'' قاضی ہیں، یہ ''عبدان'' کے نام سے مشہور تھے۔ ان کا تعلق اہل اہواز سے ہے۔ یہ حفاظ اور ثبت لوگوں میں سے ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ہریرہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''کامل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوربیع زہرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ یہ مکرم کے لشکر کے اندر ۳۰۶ ہجری میں فوت ہوئے اور ان کی پیدائش ۲۱۶ ہجری کی ہے

---

(668)عَلِیُّ بْنُ شُعَیْبِ الْبَزَّازُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَلِیُّ بْنُ شُعَیْبِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ هَمَّامٍ اَبُو الْحُسَیْنِ السِّمْسَارُ طُوْسِیُّ الْاَصْلِ * سَمِعَ هُشَیْمَ بْنَ بَشِیْرٍ وَسُفْیَانَ بْنَ عُیَیْنَةَ وَعَبْدَ الْمَجِیْدِ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ اَبِیْ رَوَّادٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نُمَیْرٍ وَمَكِّیَّ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ وَجَمَاعَةً * رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَغَوِیُّ وَیَحْیٰی بْنُ صَاعِدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِیُّ وَجَمَاعَةٌ * مَاتَ بِبَغْدَادَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''علی بن شعیب البز از رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت '' علی بن شعیب بن عدی بن ہمام سمسار رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوالحسن''، یہ اصل میں طوسی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ہشیم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابی رواد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن نمیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مکی بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔

ان سے حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال بغداد کے اندر ۲۵۳ ہجری میں ہوا۔

---

(669)اَبُو الْبَخْتَرِیِّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرِ الْعَنْبَرِیُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ يَحْيٰى بْنَ آدَمَ وَمُحَمَّدَ بْنَ بِشْرٍ وَاَبَا اُسَامَةَ حَمَّادَ بْنَ اُسَامَةَ وَحَسَّانَ الْجُعْفِیَّ* مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''ابوالبختری عبداللہ بن محمد بن شاکر عنبری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسامہ حماد بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسان جعفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۹۰ ہجری میں ہوا۔

(670)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاطُ يُعْرَفُ بِالظَّبِيِّ* سَمِعَ اَبَا عَنْبَسَةَ اَحْمَدَ بْنَ الْفَرَجِ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ وَالْحَسَنَ بْنَ عَرَفَةَ* مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ* وَوُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''عبداللہ بن ہیثم رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن ہیثم بن خالد خیاط رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ ظبی'' کے نام سے پہچانے جاتے تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابوعنبسہ احمد بن فرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ بن جنید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ ان کا انتقال ۳۲۶ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۲۳۴ ہجری کی ہے۔

---

(671)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُوْنَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ اَبُوْ مُحَمَّدِ الضَّرَّابُ * حَدَّثَ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ مُوْسٰى وَعَلِيِّ بْنِ سَالِمِ الطُّوْسِيِّ * مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ*

حضرت ''عبداللہ بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''ابومحمد ضراب رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

انہوں نے حضرت ''مجاہد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''علی بن طوسی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کا انتقال ۳۰۵ ہجری میں ہوا۔

(672)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلِ بْنِ هَلَالِ بْنِ رَاشِدٍ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّيْبَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اَبَاهُ وَعَبْدَ الْاَعْلٰى بْنِ حَمَّادٍ وَكَامِلَ بْنَ طَلْحَةَ وَيَحْيٰى ابْنَ مَعِيْنٍ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُثْمَانَ اِبْنَيْ اَبِيْ شَيْبَةَ وَشَيْبَانَ بْنَ فَرُوْخٍ وَاَبَا خَيْثَمَةَ زُهَيْرَ بْنَ حَرْبٍ وَخَلْقاً كَثِيْراً * رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَدَائِنِيُّ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ وَيَحْيٰى بْنُ صَاعِدٍ وَاَبُوْ مَالِكٍ الْقَطِيْعِيُّ وَجَمَاعَةٌ ذَكَرَهُمُ الْخَطِيْبُ * مَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ*

حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل بن بلال بن راشد ابوعبدالرحمٰن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہوئے کہا ہے انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''عبدالاعلیٰ بن حماد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''کامل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عثمان ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شیبان بن فرج رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فروح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوخیثمہ زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت زیادہ مخلوق سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عبداللہ بن اسحاق مدائنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مالک قطیعی رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے روایت کیا ہے جن کے نام خطیب بغدادی نے ذکر کئے ہیں۔

ان کا انتقال ۲۹۰ ہجری میں ہوا۔اور ان کی پیدائش ۲۱۳ ہجری کی ہے۔

---

(673)عَلِيُّ بْنُ الْمُثَنّٰى

هُوَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ الْحَسَنِ اَلْمَعْرُوْفُ اَلْمَدَائِنِيُّ * قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ الْقُرَشِيُّ وَهُوَ بَصْرِيٌّ سَكَنَ الْمَدَائِنَ ثُمَّ اِنْتَقَلَ مِنْهَا اِلٰى بَغْدَادَ فَلَمْ يَزَلْ بِهَا اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَصَنَّفَ بِهَا التَّصَانِيْفَ الْكَثِيْرَةَ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَقِيْلَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ * وَلَهٗ ثَلَاثٌ وَّتِسْعُوْنَ سَنَةً*

حضرت ''علی بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''علی بن محمد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے، یہ ''مدائنی'' کے نام سے مشہور ہیں۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبدالرحمٰن بن سمرہ قرشی رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ یہ بصری ہیں اور مداین میں رہائش پذیر رہے، پھر یہ بغداد چلے گئے اور اپنی وفات تک وہیں پر رہے۔ انہوں نے بہت ساری کتابیں تصنیف کی ہیں۔

ان کا انتقال ۲۲۴ ہجری میں ہوا۔ اور ایک قول کے مطابق ۲۲۵ ہجری میں ہوا ان کی عمر ۶۳ برس تھی۔

---

(674)عَلِیُّ التُّسْتَرِیُّ اَبُوْ الْقَاسِمِ

ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ اَبُو الْقَاسِمِ الْبَزَّازُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ التُّسْتَرِیِّ سَمِعَ اَبَا طَاهِرِ الْمُخْلَصِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَشْنَامٍ کَتَبْتُ عَنْهُ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِیْ صَفَرٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسَبْعِیْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ

حضرت ''علی تستری ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''علی بن احمد بن محمد بزاز رحمۃ اللہ علیہ''، ان کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے۔ یہ ''ابن تستر'' کے نام سے مشہور ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوطاہر مخلص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن خشنام رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ میں نے ان سے حدیثیں لکھی ہیں اور ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا 'میری پیدائش ۳۸۶ ہجری ماہِ صفر المظفر میں ہوئی۔ اور ان کا انتقال ۴۷۴ ہجری ماہِ رمضان المبارک میں ہوا۔

---

(675)عَلِیُّ بْنُ الْکَاسِ اَلْقَاضِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَهُوَ عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ یَحْیٰی بْنِ عَمْرِو ابْنِ یَحْیٰی بْنِ الْحَارِثِ اَبُوْ الْقَاسِمِ النَّخَعِیُّ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ کَاسٍ نَسَبَهٗ اَلدَّارُقُطْنِیُّ کُوْفِیٌّ سَکَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَحْمَدَ بْنِ یَحْیٰی بْنِ زَکَرِیَّا وَیَعْقُوْبَ بْنِ یُوْسُفَ ابْنِ زِیَادٍ وَالْحَسَنِ وَمُحَمَّدٍ ابْنَیْ عَفَّانَ وَالْحَارِثِ بْنِ اُسَامَةَ وَکَانَ ثِقَةً فَاضِلاً عَارِفاً بِفِقْهِ مَذْهَبِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحَلَ مِنَ الْکُوْفَةِ قَبْلَ الثَّلَاثِ مِائَةٍ وَلِیَ وِلَایَاتٍ بِالشَّامِ وَالرَّمْلَةِ ثُمَّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَغَرِقَ فِی الْمَاءِ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''علی بن کاس القاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''علی بن محمد بن حسن بن محمد بن محمد بن حسن بن محمد بن عمر بن سعد

بن مالک بن یحییٰ بن عمرو ابن یحییٰ بن حارث نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، ان کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے۔ یہ حضرت ''ابن کاس رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب بیان کیا ہے، یہ کوفی ہیں، بغداد میں رہائش پذیر رہے۔ وہاں پر حضرت ''احمد بن یحییٰ بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ عفان دونوں بیٹے ہیں، حضرت ''حارث بن اسامہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ ثقہ تھے، فاضل تھے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی فقہ کو خوب جاننے والے تھے، ۳۳۰ ہجری سے پہلے کوفہ سے چلے گئے تھے اور شام اور رملہ کی ولایت کے گورنر رہے پھر بغداد آ گئے اور عاشورہ کے دن ۳۲۴ ہجری کو پانی میں ڈوبنے سے جاں بحق ہوئے تھے۔

.....

(676)عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُكَرَّمِ بْنِ حَسَّانَ اَبُو الْحُسَيْنِ الْوَكِيْلُ اَلْمَعْرُوْفُ بِالطَّبَسِيِّ سَمِعَ اِبْنَ سَلَامٍ الْفَاضَلِيَّ وَسَلَّامَ بْنَ عِيْسٰى وَالْحَارِثَ بْنَ اَبِيْ أُسَامَةَ وَاِبْرَاهِيْمَ الْحَرَبِيَّ وَعَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ بَيَانَ وَاَبَا بَكْرِ بْنَ اَبِي الدُّنْيَا وَجَمَاعَةً * قَالَ الْخَطِيْبُ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ الْقَطَّانُ اَنَّهٗ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ *

حضرت ''عبدالصمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، حضرت ''عبدالصمد بن علی بن محمد بن مکرم بن حسان الوکیل رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو الحسین'' ہے، یہ ''طبسی'' کے نام سے مشہور تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابن سلام فاضلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلام بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حارث بن ابواسامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن حسن بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابی دنیا رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدثین کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''ابوالحسن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، ان کا انتقال ۲۶۶ ہجری میں ہوا۔

.....

(677)اَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ ابْنِ شَابُوْرِ بْنِ شَاهَنْشَاهِ اَبُوْ الْقَاسِمِ ابْنُ بِنْتِ اَحْمَدَ بْنِ مُنِيْعٍ الْبَغَوِيُّ * وُلِدَ بِبَغْدَادَ وَسَمِعَ عَلِيَّ بْنَ الْجَعْدِ وَخَلَفَ بْنَ هِشَامٍ الْبَزَّارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَارِثِيَّ وَاَبَا الْاَحْوَصِ وَمحمدَ بنَ حيَّانَ وَاَبَا نَصْرِ التَّمَّارَ وَيَحْيٰى بنَ عبدِ الحميدِ الْحِمَانِيَّ وَاَحمدَ بنَ حنبلٍ وَعَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ وَجَمَاعَةً سَمَّاهُمُ الْخَطِيْبُ * ثُمَّ قَالَ فِيْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَقَدْ اِسْتَكْمَلَ مِائَةَ سَنَةٍ وَثَلَاثَ سِنِيْنَ وَشَهْرًا *

حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے کہا ہے' حضرت ''عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز بن مرزبان ابن شابور بن شاہنشاہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابو القاسم'' ہے یہ حضرت ''احمد بن منیع بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' کے نواسے ہیں ۔ یہ بغداد میں پیدا ہوئے اور انہوں نے حضرت ''علی بن جعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خلف بن ہشام بزاز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالوہاب حارثی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوحفص رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن حیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونصر تمار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ''، اور محدیث کی پوری ایک جماعت سے سماع کیا ہے، ان کا نام خطیب بغدادی نے ذکر کیا ہے۔ پھر ان کے حالات زندگی کے آخر میں لکھا ہے' ان کا انتقال ۳۱۷ ہجری میں ہوا۔ ان کی عمر ۱۰۳ سال اور ایک ماہ تھی۔

---

(678)عَلِیّ بْنُ مَعْبَدٍ

ذَکَرَہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِہٖ مُجْمَلاً وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ رَحِمَھُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی کَثِیْرًا فِیْ ھٰذِہِ الْمَسَانِیْدِ*

حضرت ''علی بن معبد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اختصار کے ساتھ ان کا ذکر کیا ہے۔ ان مسانید میں ان کی حضرت ''امام محمد بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے کثیر روایات موجود ہیں۔

---

(679)اَلدَّارُقُطْنِیُّ عَلِیُّ بْنُ عُمَرَبْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَھْدِیِّ بْنِ مَسْعُوْدِ بْنِ الْعَمَّانِ بْنِ الْخَیَّارِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ اَبُوْ الْحَسَنِ الدَّارُقُطْنِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ الْبَغَوِیَّ وَاَبَا بَکْرِ بْنِ اَبِیْ دَاوٗدَ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَبَدْرَ بْنَ الْھَیْثَمِ الْقَاضِیْ وَاَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بَھْلُوْلٍ وَعَبْدَ الْوَھَّابِ ابْنَ اَخِیْہِ وَالْفَضْلَ بْنَ اَحْمَدَ وَخَلْقًا کَثِیْرًا رَوٰی عَنْہُ اَبُوْ نُعَیْمٍ الْحَافِظُ الْاَصْفَھَانِیُّ وَاَبُوْ بَکْرِ الْبُرْقَانِیُّ الْخَوَارَزْمِیُّ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ بْنِ بِشْرَانَ وَالْعُتَیْقِیُّ وَاَبُوْ طَاھِرِ الْقَاضِیُ الطِّبْرِیُّ وَجَمَاعَۃٌ* قَالَ الْخَطِیْبُ ھُوَ وَحِیْدُ دَھْرِہٖ وَفَرِیْدُ عَصْرِہٖ وَاِمَامُ وَقْتِہٖ اِنْتَھٰی اِلَیْہِ مَعْرِفَۃُ الْحَدِیْثِ وَعِلَلُہٗ وَاَسْمَاءُ الرِّجَالِ وَاَحْوَالُ الرُّوَاۃِ وَالْاِطِّلَاعُ بِعِلْمٍ سِوٰی عِلْمِ الْحَدِیْثِ * مَاتَ سَنَۃَ خَمْسٍ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَۃٍ وَمَوْلِدُہٗ سَنَۃَ خَمْسٍ وَّثَلَاثِ مِائَۃٍ*

حضرت ''دارقطنی علی بن عمر ابوالحسن دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا پورا نام یوں ہے دارقطنی علی بن عمر بن احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان بن خیار بن عبداللہ ابو الحسن دارقطنی

رحمۃ اللہ علیہ''۔خطیب بغدادی نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بدر بن ہیثم قاضی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب ابن اخیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت ساری مخلوق سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابونعیم الحافظ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر برقانی خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بن بشران رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطاہر قاضی طبری رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے' یہ یکتائے روزگار تھے اور اپنے وقت کے امام تھے' علم حدیث کے ساتھ ساتھ معرفت حدیث' معرفت علل حدیث' معرفت رجال' احوالِ روات' کے حوالے سے علم ان تک ختم تھا۔ان کا انتقال ۳۸۵ ہجری میں ہوا۔ان کی پیدائش ۳۰۵ ہجری کی ہے۔

.....

(680)اَبُوْ حَفْصِ ابْنُ شَاهِيْنَ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوْبَ اَبُوْ حَفْصِ الْوَاعِظُ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ شَاهِيْنَ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ شُعَيْبَ ابْنَ مُحَمَّدِ الذَّارِعَ وَاَبَا جُنْدُبِ التَّزَلِّيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَغْلَسِ * وَرَوٰى عَنْهُ الْعُتَيْقِيُّ وَالتَّنُوْخِيُّ وَالْجَوْهَرِيُّ وَخَلْقٌ كَثِيْرٌ * قَالَ اِبْنُ شَاهِيْنَ وُلِدْتُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ * اَوَّلُ مَا كَتَبْتُ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَصَنَّفَ ثَلَاثِيْنَ مُصَنَّفًا اَحَدُهَا التَّفْسِيْرُ الْكَبِيْرُ اَلْفَ جُزْءٍ -وَالْمُسْنَدُ اَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةِ جُزْءٍ - قَالَ سَمِعْتُ مِنَ السَّاجِيِّ الْقَاضِيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مِنْ اِبْنِ شَاهِيْنَ شَيْئًا كَثِيْرًا اَوْ كَانَ يَقُوْلُ يَوْماً حَسِبْتُ مَا اِشْتَرَيْتُ بِهِ الْخُبْزَ اِلٰى هٰذَا الْوَقْتِ فَكَانَ سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ * قَالَ الدَّرَاوَرْدِيُّ كُنْتُ اَشْتَرِي الْخُبْزَ اَرْبَعَةَ اَرْطَالٍ بِدِرْهَمٍ * قَالَ وَمَكَثَ اِبْنُ شَاهِيْنَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا حَدَّثَنَا بِشَيْءٍ تُوُفِّيَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''ابوحفص بن شاہین عمر بن احمد بن عثمان بن احمد بن محمد بن ایوب ابوحفص واعظ رحمۃ اللہ علیہ''

آپ ''ابن شاہین'' کے نام سے مشہور تھے۔خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''شعیب بن محمد زراع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوجندب تزلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد بن مغلس رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اور ان سے حضرت ''عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور خلق کثیر نے روایت کیا ہے۔

حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میری پیدائش ۲۹۷ ہجری کی ہے' سب سے پہلے میں نے جو حدیث لکھی ہے وہ ۳۰۸ ہجری میں لکھی اور انہوں نے ۳۰ مصنف تصنیف کئے ہیں اور ان میں سے ایک تفسیر کبیر ہے جس کی ایک ہزار جلدیں ہیں۔اور ایک مسند ہے جس کی ۱۵۰۰ جلدیں ہیں' آپ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ساجی رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے' وہ کہتے ہیں' میں نے حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت سماع کیا ہے۔وہ فرماتے ہیں' میں نے آج تک کبھی روٹی نہیں خریدی تو ان کے پاس سات سو

درہم تھے۔ دراوردی کہتے ہیں میں چار رطل کی روٹی ایک درہم میں خریدتا۔ آپ فرماتے ہیں' حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' اس کے بعد ٹھہرے رہے لیکن ہمیں کوئی حدیث بیان نہ کی۔ ان کا انتقال ۳۸۵ ہجری میں ہوا۔

(681)قَاضِیُ الْقُضَاۃِ عَبْدُ الْجَبَّارِ

قَالَ الْخَطِیْبُ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ اَبُوْ الْحَسَنِ الْاُسْتُرَابَادِیُّ * سَمِعَ عَلِیَّ بْنَ اِبْرَاھِیْمَ بْنِ سَلْمَۃَ الْقَزْوِیْنِیَّ وَعُبَیْدَ اللّٰہِ ابْنَ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ الْاَصْفَھَانِیَّ وَالْقَاسِمَ بْنَ صَالِحِ الْھَمْدَانِیَّ وَکَانَ یَتَّخِذُ مَذْھَبَ الشَّافِعِیِّ فِی الْفُرُوْعِ وَمَذْھَبَ الْمُعْتَزِلَۃِ فِی الْاُصُوْلِ * وَلَہٗ فِیْ ذٰلِکَ مُصَنَّفَاتٌ کَثِیْرَۃٌ * وَلِیَ قَضَاءَ الْقُضَاۃِ بِالرَّیِّ وَوَرَدَ بَغْدَادَ حَاجاً وَحَدَّثَ بِہٖ حَدَّثَنَا عَنْہُ الْقَاضِیَانِ الصِّیْمَرِیُّ وَالتَّنُوْخِیُّ * مَاتَ سَنَۃَ خَمْسَ عَشْرَۃَ وَاَرْبَعِ مِائَۃٍ *

حضرت ''قاضی القضاۃ عبدالجبار رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''عبدالجبار بن احمد بن عبدالجبار ابوالحسن استرابادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''علی بن ابراہیم بن سلمہ قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن جعفر بن احمد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' ہمدانی سے سماع کیا ہے۔ انہوں نے فروع میں حضرت ''امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' کا مذہب اختیار کیا تھا اور اصول میں معتزلہ کا۔ اس حوالے سے ان کی بہت ساری تصانیف موجود ہیں، یہ ''رے'' کے اندر مسند قضاء پر فائز رہے، جب حج کرنے کے لئے آئے تو بغداد میں بھی آئے اور وہاں پر انہوں نے حدیث کا درس دیا۔ ہمیں ان کے حوالے سے حضرت ''صیمری قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''تنوخی قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے۔ ان کا انتقال ۴۱۵ ہجری میں ہوا۔

(682)اَبُوْ خَازِمِ الْقَاضِیْ عَبْدُ الْحَمِیْدِ بْنِ عَبْدُ اللّٰہِ اَبُوْ خَازِمِ الْقَاضِیْ

اِسْتَقْضَاہُ الْمُعْتَضِدُ بِاللّٰہِ عَلَی الشَّرْقِیَّۃِ سَنَۃَ ثَلَاثٍ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَلِیَ الْقَضَاءَ قَبْلَ ذٰلِکَ بِالشَّامِ وَالْجَزِیْرَۃِ وَالْکَرْخِ مِنْ مَدِیْنَۃِ السَّلَامِ * قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِہٖ کَانَ رَجُلاً دَیِّناً وَرِعاً عَالِماً بِمَذَاھِبِ اَھْلِ الْعِرَاقِ وَالْفَرَائِضِ وَالْحِسَابِ وَاَحْدَقَ بِالْمُحَاضِرِ وَالسِّجِلَّاتِ * سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ بَشَّارِ بُنْدَارَ وَمُحَمَّدَ بْنَ الْمُثَنّٰی وَشُعَیْبَ بْنَ اَیُّوْبَ الصَّیْرَفِیِّ رَوٰی عَنْہُ مُکْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِیُّ وَغَیْرُہٗ وَکَانَ ثِقَۃً * مَاتَ سَنَۃَ اِثْنَتَیْنِ وَتِسْعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی *

حضرت ''ابوخازم قاضی عبدالحمید بن عبداللہ ابوخازم قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

معتضد باللہ نے ۲۸۳ ہجری کو شرقی علاقے میں ان کو مسند قضاء پر فائز کرنا چاہا تھا اور اس سے پہلے ملک شام اور جزیرہ اور کرخ میں مدینۃ السلام کی جانب سے مسند قضاء پر فائز رہے۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ دیندار اور پرہیز گار شخص تھے، اہل عراق کے مذاہب کو خوب جانتے تھے ،فرائض اور حساب کو جانتے تھے، وہ دستاویزات اور جوڈیشل ریکارڈ کے بہت ماہر تھے۔انہوں نے حضرت ''محمد بن بشار بندار رحمۃ اللہ علیہ'' ،حضرت ''محمد بن مثنیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعیب بن ایوب صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اور ان سے حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایات کی ہیں اور یہ ثقہ تھے۔ان کا انتقال ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

.....

(683)عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْجَوْهَرِیُّ اَبُوْ مُحَمَّدٍ

حَدَّثَ عَنْ اَبِی الْقَاسِمِ الْبَغَوِیِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِیِّ وَاَحْمَدِ بْنِ سَعِيْدِ الدِّمَشْقِیِّ وَعَلِیِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الظَّاهِرِیِّ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ * وَقَالَ حَدَّثَنِیْ عَنْهُ جَمَاعَةٌ سَمَّاهُمْ ثُمَّ قَالَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ *

حضرت ''علی بن عبداللہ بن عباس بن مغیرہ جوہری ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن سعید دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' ظاہر سے حدیث بیان کی ہے۔خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' ان کے حوالے سے ایک جماعت نے مجھے حدیث بیان کی ہے اور خطیب بغدادی نے ان کا نام بھی ذکر کیا ہے۔

پھر کہا' ان کا انتقال ۳۶۵ ہجری میں ہوا۔

.....

(684)عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ

هُوَ عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُثْمَانَ اَبُو الْحَسَنِ الْعَبَسِیُّ الْكُوْفِیُّ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ اَخُوْ اَبِیْ بَكْرٍ وَالْقَاسِمِ * قَالَ الْخَطِيْبُ فِیْ تَارِيْخِهٖ كَانَ عُثْمَانُ الْاَكْبَرُ رَحَلَ اِلٰی مَكَّةَ وَاِلَی الرَّیِّ وَكَتَبَ وَصَنَّفَ الْمُسْنَدَ وَالتَّفْسِيْرَ وَنَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَسُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ الْاَشْجَعِیِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ اِدْرِيْسَ وَجَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ وَهُشَيْمٍ * رَوٰی عَنْهُ اِبْنُهٗ مُحَمَّدٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ كَاتِبُ الْوَاقِدِیِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَاغَنْدِیُّ وَاَبُو الْقَاسِمِ الْبَغَوِیُّ وَغَيْرُهُمْ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''عثمان بن محمد بن ابراہیم بن عثمان عبسی ،کوفی ہیں ،ان کی کنیت ''ابوالحسن'' ہے، یہ حضرت ''ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں، یہ حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاسم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے حضرت ''عثمان رحمۃ اللہ علیہ'' ان میں بڑے تھے، انہوں نے ''مکہ'' اور ''رے'' کا بھی سفر کیا ہے، انہوں نے احادیث لکھی ہیں اور مسند اور تفسیر کی کتابیں لکھی ہیں۔ بغداد میں آئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ اشجعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عبید بن ادریس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ واقدی کے کاتب تھے اور حضرت ''محمد بن محمد باغندی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(685)عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ اَبُو الْحَسَنِ الطَّائِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْوَلِیْدِ وَرَوٰی عَنْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنِ الْجَعَانِیِّ وَاَبُوْ طَالِبِ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ الْحَافِظُ

حضرت ''علی بن عبدالملک بن عبدربہ ابوالحسن طائی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے، حضرت ''بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حدیث روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابوبکر جعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطالب احمد بن نصر رحمۃ اللہ علیہ'' حافظ نے روایت کی ہے۔

---

(686)عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی الْوَزِیْرُ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی بْنِ دَاوٗدَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَزِیْرُ الْمُقْتَدِرُ بِاللّٰهِ وَالْقَاهِرُ بِاللّٰهِ * سَمِعَ اَحْمَدَ بْنَ یَزِیْدِ الْكُوْفِیَّ وَالْحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدِ الزَّعْفَرَانِیَّ وَحُمَیْدَ بْنَ الرَّبِیْعِ وَعُمَرَ بْنَ شَبَّةَ * رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُبَیْرِ الذُّهْلِیُّ وَكَانَ صَدُوْقًا اَدِیْبًا فَاضِلاً عَفِیْفًا مُحِبًّا لِاَهْلِ الْعِلْمِ مُكْثِرًا لِلصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ * مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَكَانَ مَوْلِدُهٗ فِیْ جُمَادِی الْاٰخِرَةِ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِیْنَ وَمِائَتَیْنِ *

حضرت ''علی بن عیسیٰ وزیر رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے حضرت ''علی بن عیسیٰ بن داؤد بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' مقتدر باللہ اور قاہر باللہ کے وزیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''احمد بن یزید کوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن محمد زعفرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حمید بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن شبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن احمد بن احمد بن عبداللہ بن جبیر زہلی رحمۃ اللہ علیہ''، نے روایت

کی ہے، یہ صادق تھے، ادیب تھے، فاضل تھے، عفیف تھے، اہل علم سے محبت کرنے والے تھے، نماز وروزہ کی کثرت کرنے والے تھے۔ ان کا انتقال ۳۸۴ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۲۴۵ ہجری ماہ جمادی الثانی کی ہے۔

(687)عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی بْنِ عَلِیِّ بْنِ عِیْسٰی بْنِ اَبَانَ بْنِ الْوَزِیْرُ الْمَذْکُوْرُ اَبُوْ الْحُسَیْنِ

یَرْوِیْ عَنِ الْمُثَنّٰی * مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ

حضرت ''علی بن عیسیٰ بن علی بن عیسیٰ بن ابان بن وزیر رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو حضرت ''ابوالحسین رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے حضرت ''مثنی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۳۸۷ ہجری میں ہوا۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے۔

(688)عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ الْجَوْزِیّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ ذَکَرَ لِیْ وَلَدُهٗ اَبُو الْقَاسِمِ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَکْرِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْحَافِظُ کَانَ وَالِدُهٗ یَعْمَلُ الصَّفْرَ بِنَهْرِ الْقَلَابِیْنَ فَرُزِقَ وَهُوَ صَغِیْرٌ فَلَمَّا تَرْعْرَعَ حَمَلَهٗ عَمُّهٗ اَبُو الْبَرَکَاتِ اِلَی الْحَافِظِ اَبِی الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَکَانَ صَدِیْقاً لَهٗ وَسَاَلَهٗ اَنْ یُّسْمِعَهُ الْحَدِیْثَ فَاَسْمَعَهُ مِنْ اَبِی الْحَسَنِ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الدَّیْنُوْرِیْ وَاَبِی الْقَاسِمِ هِبَةُ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حُصَیْنٍ وَاَبِیْ غَالِبٍ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْبَنَا وَاَبِی السَّعَادَاتِ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدِ الْمُتَوَکِّلِیْ وَاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْمَعْرُوْفِ بِالْبَارِعِ * ثُمَّ اِنَّهٗ طَلَبَ بِنَفْسِهٖ وَقَرَاَ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیْ وَاَبِی الْقَاسِمِ ابْنِ السَّمَرْقَنْدِیْ وَلَازَمَ اَبَا الْفَضْلِ بْنَ نَاصِرٍ وَقَرَاَ عَلَیْهِ الْکَثِیْرَ وَتَلَمَّذَ عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنَّهٗ لَازَمَ اَبَا الْحَسَنِ ابْنِ الزَّاغُوْنِیْ وَقَرَاَ عَلَیْهِ الْحَدِیْثَ وَالْوَعْظَ وَکَانَ یَجْلِسُ فِیْ اَیَّامِهٖ وَهُوَ صَبِیٌّ ثُمَّ بَعْدَ وَفَاتِهٖ قَرَاَ الْفِقْهَ وَالْخِلَافَ وَالْجَدَلَ وَالْاُصُوْلَ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الدَّیْنُوْرِیْ وَعَلَی الْقَاضِیْ اَبِیْ یَعْلٰی مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ حَازِمِ الْفَرَّاءِ وَصَارَ مُعِیْدُ الْمَدْرَسَةِ ثُمَّ قَرَاَ الْاَدَبَ عَلٰی اَبِیْ مَنْصُوْرِ ابْنِ الْجَوَالِیْقِیْ وَاشْتَغَلَ بِعِلْمِ الْوَعْظِ حَتّٰی صَارَ اَوْحَدَ زَمَانِهٖ فِیْ تَرْصِیْعِ الْکَلَامِ وَرَاٰی مِنْ قَبُوْلِ النَّاسِ وَالْجَاهِ مَا لَمْ یَرَ اَحَدٌ قَبْلَهٗ وَصَنَّفَ کُتُباً کَثِیْرَةً فِیْ اَنْوَاعِ الْعُلُوْمِ * (وَعَدَّ) الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مِنْ تَصَانِیْفِهِ الْمَشْهُوْرَةِ سَبْعِیْنَ کِتَاباً فَمِنْهَا مَا یَکُوْنُ عَشَرَ مُجَلَّدَاتٍ ثُمَّ قَالَ الْحَافِظُ وَهٰذِهٖ عُیُوْنُ تَصَانِیْفِهٖ وَکَانَ اِذَا صَنَّفَ کِتَاباً کَبِیْرًا اِخْتَصَرَ مِنْهُ کِتَاباً اَوْسَطَ ثُمَّ اِخْتَصَرَ مِنَ الْاَوْسَطِ کِتَاباً صَغِیْراً * وَلَهٗ مُصَنَّفَاتٌ صِغَارٌ کَثِیْرَةٌ وَقَالَ لَا اُحَقِّقُ مَوْلِدِیْ غَیْرَ اَنَّهٗ قَالَ مَاتَ اَبِیْ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعَ عَشَرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَقَالَتِ الْوَالِدَةُ کَانَ لَکَ مِنَ الْعُمُرِ نَحْوٌ مِنْ ثَلَاثِ سِنِیْنَ * وَمَاتَ فِی الثَّانِیْ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ سَنَةِ سَبْعٍ وَّتِسْعِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِبَابِ حَرْبٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

حضرت ''عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابوالقاسم علی بن عبدالرحمٰن بن علی بن محمد بن ابوبکر صدیق رحمۃ اللہ علیہ''۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کے والد نہر قلابین پیتل (کے زیورات بنانے) کا کام کرتے تھے، ان کے والد کا انتقال ہوگیا، اس وقت حضرت ''حافظ عبدالرحمٰن ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' بچے تھے، جب یہ گھبرا گئے تو ان کے چچا حضرت ''ابوالبرکات رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کو حضرت ''حافظ ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے سپرد کردیا، یہ ان کے دوست تھے، اور ان سے اس بات کا مطالبہ کیا کہ ان کو حدیث کا سماع کروائیں۔ انہوں نے حضرت ''ابوالحسن علی بن عبدالواحد دینوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن محمد بن حصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو غالب احمد بن حسن البنا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعادات احمد بن احمد متوکلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے، اور حضرت ''ابوعبداللہ حسن بن محمد بن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ'' المعروف بالبارع سے حدیث کا سماع کروایا۔ پھر انہوں نے خود اس چیز کا مطالبہ کیا اور انہوں نے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم ابن سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، سے حدیث پڑھی۔ اور پھر وہ حضرت ''ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے ساتھ رہے اور ان سے شرف تلمذ پایا اور تمام احادیث ان کے پاس پڑھیں۔ پھر یہ حضرت ''ابوالحسن بن زاغونی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس رہے اور ان کے پاس حدیث اور وعظ پڑھی، اور ان کے ایام میں وہ بیٹھا کرتے تھے، یہ بچے تھے، پھر ان کی وفات کے بعد انہوں نے حضرت ''ابوبکر احمد بن محمد دینوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قاضی ابو یعلیٰ محمد بن ابی حازم فراء رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس فقہ پڑھی، اختلاف پڑھا جدال اور اصول پڑھے۔ وریہ مدرسہ کے ناظم ہوگئے۔ پھر انہوں نے حضرت ''ابومنصور ابن جوالیقی رحمۃ اللہ علیہ''، سے ادب پڑھا اور علم وعظ میں مشغول ہوگئے، یہاں تک کہ مرصع کلام کہنے میں یکتائے روزگار ہوگئے اور لوگوں کی طرف سے قبول عام ہوا اور انہوں نے وہ مقام پایا جو آپ سے پہلے کسی نے نہ پایا۔ انہوں نے مختلف علوم میں بہت ساری کتابیں لکھیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی مشہور تصانیف میں ۷۰ کتابوں کا ذکر کیا ہے، ان میں ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں ایک ایک کی دس دس جلدیں ہیں

پھر حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا' یہ ان کی مستقل تصانیف ہیں اور یہ تصانیف کا چشمہ تھے، جب یہ کوئی کتاب لکھتے تو اس کو مختصر کرکے اس کی درمیانی کردیتے اور پھر اس کو اور بھی مختصر کرکے صغیر کردیتے، ان کی بہت ساری صغیر مصنفات ہیں اور انہوں نے کہا ہے' میری پیدائش کی تحقیق نہیں ہے سوائے اس کے کہ انہوں نے کہا ہے' میرے والد کا انتقال ۵۱۴ ہجری میں ہوگیا تھا اور والدہ نے کہا تھا' تیری عمر اس وقت ۳ برس تھی۔ اور ان کا انتقال ۵۷۷ ہجری ۱۲ رمضان المبارک کو ہوا اور حرب کے دروازے کے قریب ان کو دفن کیا گیا۔

(689)عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ طَالِبِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ خَلَفِ الْعَكْبَرِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْحَنْبَلِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَرَاَ الْفِقْهَ عَلٰى اَبِي الْوَفَاءِ عَلِيِّ بْنِ عَقِيْلٍ وَاَبِيْ سَعْدِ الْبَرْدَانِيِّ * وَسَمِعَ الْحَدِيْثَ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِيْ نَصْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيِّ وَاَبِي الْغَنَائِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ عُثْمَانَ

وَجَمَاعَةٍ مِنْهُمُ الْمُبَارَكُ بْنُ كَامِلٍ الْخَفَّافُ وَأَبُو الْقَاسِمِ عَلِيُّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الدِّمَشْقِيُّ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ اِبْنُ خِسْرُو الْبَلْخِيُّ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَخَمْسَ مِائَةٍ

حضرت ''عبداللہ بن مبارک بن طالب بن حسن بن خلف عکبر ابومحمد حنبلی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوالوفاء علی بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوسعد البردانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے فقہ سیکھی۔ انہوں نے حدیث شریف کا سماع حضرت ''ابونصر محمد بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم محمد بن علی بن ابوعثمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ ان میں حضرت ''مبارک بن کامل خفاف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم علی بن حسن بن ہبۃ اللہ دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابن خسرو بلخی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے احادیث روایت کی ہیں اور وہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کا انتقال ۵۲۸ ہجری میں ہوا۔

.....

(690)عَبْدُ الْبَاقِيْ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ

وُلِدَ اَبِيْ بَكْرِ الْقَاضِيْ مَارِسْتَانَ * قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ شَهِدَ عِنْدَ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الدَّامِغَانِيِّ فَقَبِلَ شَهَادَتَهُ سَنَةَ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ * وَسَمِعَ جَمَاعَةً* سَمِعَ اَبَا الْحَسَنِ اَحْمَدَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّلْتِ وَاَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ * مَاتَ فِيْ صَفَرٍ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''عبدالباقی بن محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''ابوبکر کے والد تھے، وہ مارستان کے قاضی تھے۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''قاضی القضاۃ ابوعبداللہ محمد بن علی دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے قریب حاضر ہوئے، انہوں نے ۴۵۹ ہجری میں ان کی شہادت قبول کی، اور ایک جماعت سے انہوں نے سماع کیا ہے مثلاً حضرت ''ابوالحسن احمد بن محمد بن صلت رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن دوست العلاف رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کا انتقال ۴۶۱ ہجری میں ہوا۔

(691)عَبْدُ السَّلَامِ الْقَزْوِيْنِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ السَّلَامِ اِبْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ اَبِيْ يُوْسُفَ الْقَاضِيْ الْقُزْوِيْنِيُّ * سَمِعَ اَبَاهُ اَبَا بَكْرٍ وَعَمَّهُ اَبَا اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمَ وَبِالرَّيِّ الْقَاضِيْ اَبَا الْحَسَنِ بْنَ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ الْاُسْتَرَابَادِيَّ وَدَرَسَ عَلَيْهِ الْكَلَامَ عَلٰى مَذْهَبِ الْاِعْتِزَالِ وَبِاَصْبَهَانَ اَبَا نُعَيْمٍ وَبِهَمْدَانَ اَبَا طَاهِرِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ وَالْقَاضِيْ يُوْسُفَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ بَخٍ وَتَوَجَّهَ اِلَى الشَّامِ وَسَمِعَ بِحَرَّانَ وَغَيْرِهَا وَاسْتَوْطَنَ

اِطْرَابُلُسَ مِنْ بَلَادِ الشَّامِ وَدَخَلَ دِيَارَ مِصْرَ وَاَقَامَ بِهَا زَمَاناً وَحَصَّلَ كُتُباً نَفِيْسَةً وَعَادَ اِلٰى بَغْدَادَ وَاسْتَوْطَنَهَا اِلٰى حَالِ وَفَاتِهٖ * وَصَنَّفَ تَفْسِيْرًا خَمْسَ مِائَةِ مُجَلَّدَةٍ * وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰى عَنْهُ مِنْ اَهْلِهَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْبَاقِيْ وَاَبُوْ الْقَاسِمِ السَّمَرْقَنْدِيّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ الْاَنْمَاطِيْ وَاَبُوْ السَّعَادَاتِ الْعُطَارِدِيُّ * وَكَانَ مِنْ اَعْيَانِ الْفُضَلَاءِ فَصِيْحاً لِسْناً دَاعِياً اِلَى الْاِعْتِزَالِ * مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِقُرْبِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَبَلَغَ مِنَ الْعُمُرِ سِتاً وَّتِسْعِيْنَ سَنَةً وَذَكَرَ اَنَّ مَوْلِدَهٗ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ *

حضرت ''عبدالسلام قزوینی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' یہ حضرت ''عبدالسلام بن محمد بن یوسف بن ابو یوسف قاضی قزوینی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد حضرت ''ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ'' اور اپنے چچا حضرت ''ابواسحاق ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور ''رے'' کے اندر حضرت ''قاضی ابوالحسن بن عبدالجبار بن احمد استرابادی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور معتزلہ کے مذہب پر کلام کے حوالے سے ان سے بحث کی اور اصبہان کے اندر حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے، ہمدان کے اندر حضرت ''ابوطاہر حسین بن علی بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی یوسف بن احمد بن بخ رحمۃ اللہ علیہ'' سے۔ پھر یہ شام چلے گئے اور وہاں انہوں نے حران اور دیگر مقامات پر محدثین سے سماع کیا ہے پھر شام کے علاقوں میں طرابلس نامی علاقے میں جا کر رہائش پذیر ہو گئے اور پھر مصر کے علاقوں میں بھی گئے اور ایک عرصے تک وہاں پر رہے۔

انہوں نے بہت نفیس کتابیں حاصل کیں اور پھر بغداد میں آ گئے اور وفات تک وہیں پر قیام پذیر رہے۔ انہوں نے ایک تفسیر لکھی ہے جس کی ۵۰۰ جلدیں ہیں اور انہوں نے حدیث بھی بیان کی ہے اور وہاں کے رہنے والوں میں سے حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعادات عطاردی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے حدیث روایت کی ہے اور یہ فضلاء میں سے تھے، فصیح اللسان تھے اور معتزلہ کے مذہب کے داعی تھے۔

ان کا انتقال ۴۸۸ ہجری میں ہوا اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے قرب میں ان کو دفن کیا گیا، ان کی عمر تقریباً ۹۶ برس تھی اور یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ان کی پیدائش ۳۹۳ ہجری میں ہے۔

.....

(692)عُبَيْدُ اللّٰهِ

قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَلِيْلِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ السَّاوِيُّ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الْفَتْحِ بْنِ اَبِيْ سَعْدٍ الْقَاضِيْ شُهُوْدٌ هُوَ وَاَبُوْهُ وَجَدُّهٗ شَهِدَ عِنْدَ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبِي الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الزَّيْنَبِيِّ سَنَةَ اِحْدٰى وَاَرْبَعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَاسْتَنَابَهٗ قَاضِي الْقُضَاةِ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الدَّامَغَانِيُّ فِيْ سَنَةِ ثَمَانِيْنَ وَاَذِنَ لَهٗ فِي الشَّهَادَةِ عِنْدَهٗ وَعَلَيْهِ فِيْمَا يُسَجِّلُهٗ وَكَانَ عَلَى الْقَضَاءِ اِلٰى اَنْ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * فَلَمَّا وَلِيَ اِبْنُ اَخِيْهِ اَبُوْ الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ

الدَّامِغَانِیُ فِی الْقَضَاءِ بِبَغْدَادَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَمَانِیْنَ اِسْتِنَابَ الْقَاضِیُ اَبَا عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّاوِیُ ثُمَّ لَزِمَ مَنْزِلَهٗ وَعَجِزَ عَنِ الْحَرْكَةِ وَالنُّهُوْضِ وَصَارَ حَلِیْفَ الْفِرَاشِ اِلٰی حِیْنِ وَفَاتِهٖ وَكَانَ شَیْخُ الْقُضَاةِ وَالشُّهُوْدِ فِیْ وَقْتِهٖ وَهُوَ آخِرُ مَنْ بَقِیَ مِنْ شُهُوْدِ الزَّیْنَبِیِّ وَكَانَ فَقِیْهاً فَاضِلاً عَلٰی مَذْهَبِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ عَارِفاً بِالْاَحْكَامِ وَالْقَضَایَا وَرِعاً مُتَدَیِّناً عَفِیْفاً نَزِهاً عَلَیْهِ مَهَابَةٌ وَوَقَارٌ وَلَهٗ جَلَالَةٌ فِی النُّفُوْسِ وَمَكَانٍ وَعَلٰی وَجْهِهٖ اَنْوَارُ الطَّاعَةِ وَهَیْبَةُ الدِّیْنِ وَكَانَ یُقِیْمُ جَاهَ الشَّرْعِ وَیَسْوِیْ عِنْدَهُ الْقَوِیُّ وَالضَّعِیْفُ وَالشَّرِیْفُ وَالدَّنِیُّ فِیْ مَجْلِسِ الْحُكْمِ وَاِذَا وَجَبَ حَقٌّ عَلٰی فَقِیْرٍ وَسَاَلَ صَاحِبُ الْحَقِّ حَبْسِهٖ اُدِّیَ عَنْهُ مِنْ مَالِهٖ مَعَ قِلَّةِ ذَاتِ یَدِهٖ*

(قَالَ) الْحَافِظُ رَحِمَهُ اللّٰهُ بَقِیَ نِیْفاً وَخَمْسِیْنَ سَنَةً یَشْهَدُ وَیَقْضِیْ بَیْنَ النَّاسِ عَلٰی اَحْسَنِ طَرِیْقَةٍ وَاَجْمَلِ سِیْرَةٍ وَیَشْكُرُهُ الْعَامُ وَالْخَاصُ سَمِعَ الْحَدِیْثَ مِنْ اَبِی الْقَاسِمِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عُمْرَةَ الْجَرِیْرِیِّ وَاَبِیْ نَصْرٍ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَاَبِی الْبَرَكَاتِ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِیِّ وَغَیْرِهِمْ * حَدَّثَ بِكِتَابِ السُّنَنِ لِاَبِیْ دَاوٗدَ السِّجِسْتَانِیُ وَكِتَابِ النَّسَبِ لِلزُّبَیْرِ بْنِ بَكَّارٍ عَنْ اَبِی الْحُسَیْنِ بْنِ الْفَرَّاءِ وَبِغَیْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْاَجْزَاءِ - (قَالَ) الْحَافِظُ كَتَبْتُ عَنْهُ وَكَانَ ثِقَةً نَبِیْلاً لَمْ اَرَ مِثْلَهٗ فِیْ مَعْنَاهُ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِیْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ اِثْنَتَیْ عَشْرَةَ وَخَمْسَ مِائَةٍ* تُوُفِّیَ فِیْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَدُفِنَ بِالشَّوْنِیْزِیَةِ عِنْدَ اَهْلِهٖ وَكَانَ آخِرَ مَنْ بَقِیَ مِنْ بَیْتِهٖ وَلَمْ یَعْقُبْ اَحَداً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَیْخُ شُیُوْخِی الْاَرْبَعَةِ فِیْ مُسْنَدِ الْحَافِظِ ابْنِ الْمُظَفَّرِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مَا مَرَّ فِیْ اَوَّلِ الْكِتَابِ*

حضرت ''عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے یہ حضرت ''عبیداللہ بن محمد بن عبدالجلیل بن محمد بن حسن بن علی ساوی ابومحمد بن ابوالفتح بن ابی سعد قاضی شہود رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ یہ اوران کے والد اوران کے دادا حضرت ''قاضی القضاۃ ابو القاسم علی بن حسن زینبی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس ۵۴۱ ہجری میں آئے تھے۔ قاضی القضاۃ حضرت ابوالحسن علی بن احمد دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے ۵۸۰ ہجری میں ان کو اپنا نائب مقرر کیا۔ اوران کو جتنی ذمہ داریاں دیں، ان میں ان کو گواہی کی اجازت دی اور یہ اپنے وصال تک مسند قضاء پر فائز تھے

جب ان کے بھتیجے حضرت ''ابوالقاسم عبداللہ بن احمد بن حسین دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' ۵۸۶ ہجری میں بغداد کی مسند قضاء پر فائز ہوئے تو قاضی نے حضرت ''ابوعبداللہ ابن ساوی رحمۃ اللہ علیہ'' کو اپنا نائب مقرر کرلیا۔ پھر وہ گھر میں ہی رہنے لگ گئے، چلنے پھرنے سے بھی عاجز ہوگئے اور یہ وفات تک صاحب فراش رہے۔

یہ اپنے زمانے میں قاضیوں کے اور گواہوں کے شیخ تھے اور یہ ان لوگوں میں سب سے آخری ہیں جو زینبی کے گواہوں میں سے باقی بچے تھے، یہ فقیہ تھے، اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے مذہب کے فاضل تھے، احکام اور قضایا کو جاننے والے تھے،

پرہیز گار اور دیندار تھے، عفت والے تھے اور صاف ستھرے رہنے والے تھے، ان کا رعب اور دبدبہ اور وقار تھا اور نفوس میں ان کی بزرگی تھی اور ایک مقام تھا، ان کے چہرے پر اطاعت کا نور تھا اور دین کی ہیبت تھی، یہ شریعت کے رعب کے ساتھ اقامت کیا کرتے تھے، ان کے پاس طاقت ور اور ضعیف اور شریف اور رذیل فیصلے کی مجلس کے اندر برابر ہوا کرتے تھے، اور جب کسی فقیر کے اوپر حق واجب ہو جاتا اور صاحب حق اس کی گرفتاری کا مطالبہ کرتا تو اس کی طرف سے خود ادائیگی کر دیا کرتے تھے، حالانکہ وہ خود زیادہ مالدار نہیں تھے۔

حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ۵۰ سال سے کچھ زیادہ عرصہ یہ گواہی دیتے رہے اور یہ احسن طریقے سے لوگوں کے درمیان فیصلے کیا کرتے تھے اور اجمل سیرت کے ساتھ اور خواص وعوام ان کے شکر گزار تھے۔

انہوں نے حدیث شریف حضرت ''ابو القاسم ہبۃ اللہ بن احمد بن عمرۃ الجریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو نصر احمد بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو البرکات عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سنی ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابوداؤد سجستانی رحمۃ اللہ علیہ'' کی کتاب ''سنن'' اور حضرت ''زبیر بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' کی ''کتاب النسب'' حضرت ''ابو الحسن بن فراء رحمۃ اللہ علیہ'' سے پڑھی، اس کے علاوہ بھی کئی اجزاء پڑھے۔

حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے ان سے حدیث لکھی ہے، یہ ثقہ تھے، نبیل تھے، میں نے ان جیسا عالم نہیں دیکھا، میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے کہا' ۵۱۲ ہجری محرم الحرام میں پیدائش ہوئی۔ ان کا انتقال ۵۹۶ ہجری ماہِ محرم میں ہوا۔ ان کو شونیزیہ کے اندر ان کے گھر والوں کے قریب دفن کیا گیا اور یہ اپنے گھر والوں میں سے زندہ رہنے والے سب سے آخری تھے اور ان کی کوئی اولاد نہ تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''حافظ ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند میں میرے چار شیوخ میں سے یہ ایک شیخ ہیں اول کتاب کے اندر ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

(693)عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارِكِ الْاَنْمَاطِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الْمُبَارَكِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ بُنْدَارٍ اَبُو الْبَرَكَاتِ الْاَنْمَاطِيُّ مِنْ اَهْلِ نَهْرِ الْقَلَابِيْنَ * سَمِعَ وَقَرَاَ الْكَثِيْرَ وَحَصَّلَ الْعَالِيَ وَالنَّازِلَ وَلَمْ يَزَلْ يُسْمِعُ وَيُفِيْدُ النَّاسَ اِلٰى آخِرِ عُمُرِهٖ * سَمِعَ اَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الزَّيْنَبِيَّ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الْعَزِيْزِ بْنَ عَلِيٍّ الْاَنْمَاطِيَّ وَعَلِيَّ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ التُّسْتَرِيَّ وَاَبَا الْخِطَابِ نَصْرَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ النَّصْرِ وَخَلْقاً كَثِيْرًا سِوَاهُمْ * رَوٰى عَنْهُ اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِيُّ وَاَبُوْ اَحْمَدَ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَكِيْنَةَ وَاَبُوْ مُحَمَّدٍ بْنُ الْاَخْضَرِ وَجَمَاعَةٌ * تُوُفِّيَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَسِتِّيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا' حضرت ''عبدالوہاب بن مبارک بن احمد بن حسن بن بندار ابوالبرکات انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ نہر القلابین والے لوگوں میں سے ہیں۔

انہوں نے بہت سارے لوگوں سے سماع بھی کیا ہے اور قرأت بھی کی ہے اور عالی اور نازل سندیں حاصل کی ہیں اور یہ مسلسل سنتے رہے اور اپنی عمر کے آخر تک لوگوں کو فائدہ پہنچاتے رہے۔

انہوں نے حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالعزیز بن علی انماطی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن احمد بن محمد تستری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالخطاب نضر بن احمد بن نضر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ محدثین کی بہت بڑی تعداد سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ابواحمد عبدالوہاب بن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد بن اخضر رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۵۳۸ ہجری میں ہوا اور ان کی پیدائش ۴۶۲ ہجری کی ہے۔

---

(694)عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَكِيْنَةَ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عُبَيْدَةَ اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ سَكِيْنَةَ* شَيْخُ وَقْتِهٖ عَلَا فِي الْاِسْنَادِ وَالْمَعْرِفَةِ وَالْآثَارِ وَالزَّهَادَةِ وَالْعِبَادَةِ بَكَّرَ بِهٖ وَالِدُهٗ فَاَسْمَعَهٗ فِيْ صِبَاهُ بِاِفَادَةِ الشَّيْخِ اَبِي الْفَضْلِ بْنِ نَاصِرٍ وَقِرَاءَتَهٗ مِنْ اَبِي الْقَاسِمِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُصَيْنِ وَزَاهِرِ بْنِ طَاهِرِ الشَّحَامِيِّ وَاَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ حَمُوَيْهِ الْجُوَيْنِيِّ وَاَخِيْهِ عَبْدِ الصَّمَدِ وَاَبِيْ غَالِبٍ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمَاوَرْدِيِّ ثُمَّ صَحِبَ اَبَا سَعْدِ ابْنِ السَّمْعَانِيِّ وَاَبَا الْقَاسِمِ بْنَ عَسَاكِرِ الدِّمَشْقِيَّ* وَسَمِعَ مَعَهُمَا الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِيْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيْ وَمِنْ وَالِدِهٖ اَبِيْ مَنْصُوْرٍ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ وَمِنْ جَدِّهٖ لِاُمِّهٖ اَبِي الْبَرَكَاتِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَحْمَدَ السَّمَرْقَنْدِيِّ وَاَبِي الْبَرَكَاتِ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ مُبَارَكٍ الْاَنْمَاطِيِّ وَجَمَاعَةٍ ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ وَذَكَرَ مِنْ اَحْوَالِهٖ وَحَسَنَ طَرِيْقَتَهٗ جُمْلَةً ثُمَّ قَالَ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ رَابِعَ شَعْبَانَ سَنَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ تُوُفِّيَ ضَحْوَةَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ التَّاسِعِ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعٍ الْآخِرِ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِيْ فِيْ تَارِيْخِ ابْنِ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ*

حضرت ''عبدالوہاب بن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے حضرت ''عبدالوہاب بن علی بن عبیدہ ابواحمد بن ابومنصور رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابن سکینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ اپنے وقت کے شیخ تھے، اسناد، معرفت، آثار، زہد، عبادت میں سب سے آگے تھے۔ ان کے والد نے ان کو بچپن میں حدیث کا سماع کروایا، حضرت ''شیخ ابوالفضل بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات میں سے اور حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن محمد بن حصین رحمۃ اللہ علیہ'' کی قراءت میں سے اور حضرت ''زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''

ابوعبداللہ محمد بن حمویہ جوینی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بھائی حضرت ''عبدالصمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابو غالب محمد بن حسن الماوردی رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات سے۔

پھر یہ حضرت ''ابوسعد ابن سمعانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوالقاسم بن عساکر دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب بنے اور ان سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا، نیز حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے والد حضرت ''ابومنصور علی بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے دادا حضرت ''ابوالبرکان اسماعیل بن احمد سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات عبدالوہاب بن مبارک انماطی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا ہے، حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے۔

ان کے احوال ذکر کئے ہیں اور ان کا تمام حسن طریقہ لکھا ہے پھر کہا ہے' میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا' ۵۱۹ ہجری ماہِ شعبان المعظم کی ۴ تاریخ جمعہ کی رات کو پیدا ہوا اور ان کا انتقال ۷۰۷ ہجری ماہِ ربیع الآخر کی ۱۳ تاریخ کو پیر کے دن دوپہر کے وقت ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: تاریخ حضرت ''ابن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے اندر یہ میرے شیوخ کے شیخ ہیں۔

---

(695)عَبْدُ الْمُغِيْثِ بْنُ زُهَيْرِ بْنِ عَلَوِىٍّ اَبُو الْعَزِيْزِ اَبِىْ حَرْبٍ

مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِيَّةِ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ الْحَدِيْثَ الْكَثِيْرَ وَطَلَبَ بِنَفْسِهٖ وَقَرَأَ عَلَى الْمَشَائِخِ وَحَصَّلَ الْاُصُوْلَ وَكَتَبَ بِخَطِّهٖ وَلَمْ يَزَلْ يُفِيْدُ النَّاسَ حَتّٰى تُوُفِّىَ * سَمِعَ اَبَا الْقَاسِمِ هِبَةَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ وَابْنَ اَبِى الْعَزِّ اَحْمَدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَادِشٍ وَاَبَا غَالِبٍ اَحْمَدَ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَحْيٰى اِبْنَىْ اَبِىْ عَلِىِّ بْنِ الْبَنَا وَاَبَا الْحُسَيْنِ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَرَّاءِ وَاَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ الْحُسَيْنِ الْمَرْزُوْقِىَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىَّ وَجَمَاعَةً كَثِيْرًا ذَكَرَهُمُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ * ثُمَّ قَالَ سَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِىْ سَنَةِ خَمْسِ مِائَةٍ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى * وَتُوُفِّىَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِىْ فِىْ مُسْنَدِ طَلْحَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ *

حضرت ''عبدالمغیث بن زہیر بن علوی ابوالعزیز ابوحرب رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اہل حربیہ میں سے ہیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' انہوں نے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے اور بذات خود بھی ان کی طلب کی ہے اور مشائخ پر قراءت کی ہے، اصول حاصل کئے ہیں، اپنے ہاتھ سے لکھا ہے اور اپنی وفات تک لوگوں کو مسلسل فائدہ دیتے رہے، انہوں نے حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی العز احمد بن عبیداللہ بن کادش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو غالب احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ دونوں حضرت ''ابوعلی البناء رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں) اور حضرت ''ابوالحسین محمد بن محمد بن فراء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن حسین مرزوقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت ہے جن سے انہوں نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''حافظ

ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے سب کے نام ذکر کیے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں' پھر میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا' ۵۰۰ ہجری میں ان شاء اللہ تعالیٰ اور ۵۸۳ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کی مسند میں یہ میرے شیوخ کے شیخ ہیں۔

---

(696)عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ كُلَيْبٍ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ سَعْدِ بْنِ صَدَقَةَ بْنِ الْخِضْرِ بْنِ كُلَيْبٍ اَبُوْ الْفَرَجِ بْنِ اَبِي الْفَتْحِ التَّاجِرِ مِنْ سَاكِنِيْ دَرْبِ الْاَجْرَدِ* وُلِدَ فِيْ بَغْدَادَ وَبَكَّرَ بِهٖ فِيْ سِمَاعِ الْحَدِيْثِ وَعُمُرُهٗ سِتُّ سِنِيْنَ فَبَكَّرَ بِهٖ عَمُّهٗ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ فَاَسْمَعَهٗ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِيْ طَالِبِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الزَّيْنَبِيِّ وَاَبِي الْقَاسِمِ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدِ بْنِ بَيَانٍ وَاَبِيْ عَلِيِّ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ نَبْهَانَ وَاَبِيْ عُثْمَانَ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَكَّةَ الْاَصْبَهَانِيِّ وَجَمَاعَةٍ * قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَكَانَتْ لَهٗ اِجَازَةٌ مِنَ الشَّرِيْفِ اَبِي الْعَزِّ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُخْتَارِ بْنِ الْمُؤَيَّدِ وَاَبِي الْغَنَائِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَيْمُوْنَ الْبَرَسِيِّ وَاَبِي الْخَطَّابِ مَحْفُوْظِ ابْنِ اَحْمَدِ الْاَوْدَانِيِّ وَاَبِي الْبَرَكَاتِ طَلْحَةَ بْنِ اَحْمَدَ الْعَاقُوْلِيِّ وَاَبِيْ طَاهِرٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَحْمَدِ بْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ يُوْسُفَ وَاَبِي الْعَبَّاسِ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ قُرَيْشٍ وَاَبِي الْحُسَيْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيْ الدَّوْرِيِّ وَعَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الضَّحَّاكِ وَعَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ ابْنِ النَّحْوِيِّ وَاَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِيْ بْنِ بِشْرِ الْعُطَارِدِيِّ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَيْثَمَةَ الْآجُرِيِّ وَاَبِي الْفَتْحِ اَحْمَدَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ الْعِرَاقِيِّ وَسَعْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ اَيُّوْبَ الْبَزَّارِ وَاَبِيْ بَكْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ مَكِّيِّ بْنِ دَوْسَتِ الْعَلَّافِ وَاَبِي الْمُعَالِيْ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَيَحْيٰى بْنِ عُثْمَانَ وَابْنِ الشَّوَّاءِ وَاَبِيْ طَاهِرٍ حَمْزَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ وَجَمَاعَةٍ وَغَيْرِهِمْ* وَتَفَرَّدَ بِالرِّوَايَةِ عَنْ هٰؤُلَاءِ بِبَغْدَادَ* قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ سَمِعَ مِنْهُ شُيُوْخُنَا اَبُو الْفَرَجِ ابْنُ الْجَوْزِيِّ وَاَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَخْضَرُ * وَعُمَرُ وَاَلْحَقَ الصِّغَارَ بِالْكِبَارِ وَصَارَتِ الرِّحْلَةُ اِلَيْهِ مِنَ الْاَقْطَارِ * كَتَبَ اَحَادِيْثَ الْحَسَنِ بْنِ عَرَفَةَ بِخَطِّهٖ وَلَهٗ سَبْعٌ وَتِسْعُوْنَ سَنَةً خَطًّا مَلِيْحًا وَحَدَّثَ بِهٖ مِنْ لَفْظِهٖ فِيْ مَجْلِسٍ عَامٍ حَضَرَهٗ خَلْقٌ كَثِيْرٌ وَحَضَرْتُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ فِيْ آخِرِ الْمَجْلِسِ وَسَمِعْتُ بَعْضَهٗ مِنْ لَفْظِهٖ وَقَدْ كُنْتُ سَمِعْتُهٗ مِنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ * ثُمَّ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ رَحِمَهُ اللّٰهُ كَانَ مِنْ اَعْيَانِ التُّجَّارِ وَاَرْبَابِ الثَّرْوَةِ الْوَاسِعَةِ وَقَدْ سَافَرَ كَثِيْرًا فِيْ طَلَبِ الْكَسْبِ بَرًّا وَبَحْرًا وَرَاَى الْعَجَائِبَ ثُمَّ عَادَ فِيْ آخِرِ عُمُرِهٖ وَافْتَقَرَ وَتَضَعْضَعَتْ اَحْوَالُهٗ وَلَزِمَ مَنْزِلَهٗ اِلٰى حِيْنِ وَفَاتِهٖ وَاحْتَاجَ اِلٰى اَنْ يَّاْخُذَ مِنْ طُلَّابِ الْحَدِيْثِ وَالْاَغْنِيَاءِ مَا يَرْتَفِقُ بِهٖ وَكَانَ لَا يَرْوِيْ اَحَادِيْثَ ابْنِ عَرَفَةَ اِلَّا بِدِيْنَارٍ وَذٰلِكَ مِنْ تَحْسِيْنِ وَلَدِهٖ لَهٗ * قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَدْ سَمِعْتُ مِنْهُ الْكَثِيْرَ وَلَازَمْتُهٗ وَسَاَلْتُهٗ عَنْ مَوْلِدِهٖ فَقَالَ فِيْ صَفَرٍ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ* وَتُوُفِّيَ صَبِيْحَةَ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ

شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ سِتٍّ وَّتِسْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ شَيْخُ شُيُوْخِيْ الْاَرْبَعِيْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ فِيْ جُزْءِ ابْنِ عَرْفَةَ* قَالَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا ابْنُ كُلَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ بْنُ نَبْهَانَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ يَعْنِيْ الْبُرْجُلَانِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ عُمَيْرٍ قَالَ وَجَدْتُ فِيْ حِكْمَةِ اَبِيْ فَارِسٍ رَاَيْتُ الْكُرَمَاءَ وَالْعُقَلَاءَ يَبْتَغُوْنَ اِلَى الْمَعْرُوْفِ وَصِلَةِ سَبِيْلٍ* وَرَاَيْتُ الْمُؤَدَّةَ بَيْنَ الصَّالِحِيْنَ سَرِيْعاً اِتِّصَالُهَا بَطِيْئاً اِنْقِطَاعُهَا* كَكَوْنِ الذَّهَبِ سَرِيْعِ الْاِعَادَةِ اِنْ اَصَابَهُ ثَلَمٌ اَوْ كَسْرٌ* وَرَاَيْتُ الْمُؤَدَّةَ بَيْنَ الْاَشْرَارِ بَطِيْئاً اِتِّصَالُهَا سَرِيْعاً اِنْقِطَاعُهَا كَكَوْنِ الْفَخَّارِ مَمْنُوْعُ الْاِعَادَةِ اِنْ اَصَابَهُ ثَلَمٌ اَوْ كَسْرٌ فَلَا اِعَادَةَ لَهُ* وَرَاَيْتُ الْكَرِيْمَ يَحْفَظُ الْكَرِيْمَ عَلٰى اِبْتِغَاءِ الْوَاجِدِ وَمَصْرَفِهِ اِلَيْهِ* وَرَاَيْتُ اللَّئِيْمَ لَا تَنْفَعُ عِنْدَهُ مَعْرِفَةٌ اِلَّا عَنْ رَهْبَةٍ اَوْ رَغْبَةٍ* وَقَالَ الْاَوَّلُ*

شعر

اَصْلُ الْكَرَمِ اِذَا اَرَادَ وِصَالَنَا ... وَاَصُدُّ عَنْهُ صُدُوْدُهُ اَحْيَانَا

فَاِذَا اسْتَمَرَّ عَلَى الْجَفَاءِ تَرَكْتُهُ ... وَوَجَدْتُ عَنْهُ مَذْهَباً وَمَكَانَا

لَا فِي الْقَطِيْعَةِ مُغْشِياً اَسْرَارُهُ ... بَلْ حَافِظٌ مِنْ ذٰلِكَ مَا اسْتَرْعَانَا

اِنَّ اللَّئِيْمَ اِذَا انْقَطَعَ وَصْلُهُ ... مِنْ ذِي الْمُوَدَّةِ قَالَ كَانَ وَكَانَا

حضرت ''عبدالمنعم بن کلیب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے یہ حضرت ''عبدالمنعم بن عبدالوہاب بن سعد بن صدقہ بن خضر بن کلیب ابوالفرج بن ابوالفتح تاجر رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں یہ درب الاجرد کے رہنے والے تھے۔

یہ بغداد میں پیدا ہوئے اور ابتدائی عمر میں حدیث کا سماع شروع کر دیا، اس وقت ان کی عمر ۶ برس تھی، ان کے چچا حضرت ''ابو عبداللہ محمد بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' نے بھی ان کو حدیث کا سماع شروع کروایا اور ان کو حضرت ''ابوطالب حسین بن محمد بن علی زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم علی بن احمد بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی محمد بن سعید بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعثمان اسماعیل بن محمد بن احمد بن مکہ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت سے حدیث کا سماع کروایا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ان کو حضرت ''ابوالعز محمد بن مختار بن موید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم محمد بن علی بن میمون برسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالخطاب محفوظ بن احمد اودانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات طلحہ بن احمد عاقولی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطاہر عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالقادر بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعباس احمد بن حسین بن قریش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین عبداللہ بن عبدالباقی الدوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالوہاب بن احمد بن ضحاک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالکریم بن ہبۃ اللہ ابن نحوی رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''احمد بن عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بن بشر عطاردی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بن خیثمہ آجردی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الفتح احمد بن احمد بن ہبۃ اللہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعد اللہ بن علی بن حسین بن ایوب بزار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن مکی بن دوست علاف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمعالی ہبۃ اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن شواء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطاہر حمزہ بن محمد دراوردی رحمۃ اللہ علیہ''، اوران کے علاوہ ایک جماعت سے حدیث شریف کی روایت کی اجازت ہے۔ بغداد کے اندران سب سے روایت کرنے میں یہ متفرد ہیں۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان سے ہمارے شیوخ حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابومحمد اخضر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو رحمۃ اللہ علیہ''۔ نے روایت لی ہیں، بڑے چھوٹے سب آپ سے روایت لیتے تھے اور لوگ دور دراز سے سفر کر کے ان کی طرف آتے تھے۔

انہوں نے حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیثیں اپنے ہاتھ کے ساتھ لکھیں، ان کی ۹۷ برس عمر تھی اور بڑا اچھا خط تھا اور وہاں پر انہوں نے ایک مجلس میں جس میں ایک خلق کثیر جمع تھی ان کے الفاظ کے ساتھ حدیث بیان کی، میں اس دن مجلس کے آخر میں موجود تھا، میں نے ان کے کچھ الفاظ سنے تھے اور میں اس سے پہلے بھی دومرتبہ سن چکا تھا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ تاجروں میں سے تھے اور وسیع دولت رکھنے والے تھے۔ انہوں نے طلب معاش میں سمندروں کے اور خشکی کے بہت سفر کئے اور بڑے عجائبات دیکھے۔ پھر یہ اپنی آخری عمر میں لوٹ آئے تھے اور فقیر ہو گئے تھے اور ان کے حالات بہت ناگفتہ بہ ہو گئے، یہ اپنی وفات تک اپنے گھر میں ہی رہے اور اس حد تک محتاج ہو گئے تھے کہ حدیث کے طالبعلموں اور اغنیاء سے وہ چیز لیتے تھے، جس سے ان کا گزارا ہو سکتا اور یہ حضرت ''ابن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی حدیث ایک دینار لے کر روایت کرتے تھے اور یہ اپنے بیٹے کی تحسین کے لئے کرتے تھے۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے بہت ساری احادیث سنی ہیں اور میں ان کے ساتھ بھی رہا ہوں، میں نے ان سے ان کی پیدائش کے بارے میں پوچھا: تو انہوں نے کہا: ۵۰۰ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۵۹۶ ہجری ماہِ ربیع الاول کی ۲۷ تاریخ کو پیر کے دن صبح کے وقت ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''ابن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ'' والے جزء کے اندر میرے چالیس شیوخ میں سے یہ ایک شیخ ہیں۔

حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہمیں حضرت ''ابن کلیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوعلی بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ'' نے قراءت کرتے ہوئے بتایا ہے' وہ کہتے ہیں' حضرت ''بشر بن عبداللہ قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا' وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالہ بن احمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''ابوالعباس احمد بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''محمد بن حسین یعنی برجلانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''عبداللہ بن صالح رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''مبارک بن سعید بن مرزوق ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں' حضرت ''عبدالملک بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ'' نے، وہ کہتے ہیں' میں نے ان کو حضرت ''ابو

فارس رحمۃ اللہ علیہ'' کی حکمت میں پایا ہے، میں نے کرامت والوں کو اور عقل مندوں کو دیکھا کہ وہ بھلائی کی طرف راستہ ڈھونڈتے ہوئے آتے ہیں اور میں نے صالحین کے درمیان محبت دیکھی ہے کہ بہت جلدی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور ان کی ایک دوسرے سے جدائی بہت دیر کے بعد ہوتی ہے، جس طرح سونا بہت جلدی اپنی اصلی حالت پر لوٹ جاتا ہے اگر اس کو کوئی رخنہ پہنچے یا اس کو توڑ دیا جائے۔ اور میں نے برے لوگوں میں دیکھا ہے، ان میں محبت بڑی دیر بعد قائم ہوتی ہے اور جلدی ختم ہو جاتی ہے جیسا کہ ٹھیکری میں رخنہ پڑ جائے یا وہ ٹوٹ جائے تو دوبارہ اصلی حالت پر واپس نہیں آتی اور میں نے کریم شخص کو دیکھا ہے کہ وہ کریم کی حفاظت کرتا ہے، پانے والے کی طلب میں اور اس کی طرف جانے میں اور میں نے کمینے کو دیکھا کہ وہ معرفت کے وقت بھی کوئی نفع نہیں دیتا جب تک کہ اس کو کوئی لالچ یا ڈر نہ ہو اور پہلے نے کہا ہے کہ

اَصْلُ الْکَرِیمِ اِذَا اَرَادَ وِصَالَنَا . . . وَاَصَدَّ عَنْهُ صُدُوْدَهُ اَحْیَانا

فَاِذَا اسْتَمَرَّ عَلَی الْجَفَاءِ تَرَکْتُهُ ... وَوَجَدْتُّ عَنْهُ مَذْهَباً وَمَکَانا

لَا فِی الْقَطِیْعَةِ مَغْشِیّاً اَسْرَارُهُ ... بَلْ حَافَظَ مِنْ ذٰلِکَ مَا اسْتَرْعَانَا

ان اللئیم اذاتقطع وصله من ذی المودة قال کان و کانا

○ کریم کی اصل یہ ہے کہ جب وہ ہم سے ملاقات کا ارادہ کرتا ہے تو بسا اوقات میں اس سے اعراض کرتا ہوں۔

○ جب وہ مسلسل جفاء ہی کرتا رہتا ہے تو میں اس کو چھوڑ دیتا ہوں اور میں اسے ہٹ جانے کا راستہ اور جگہ پاتا ہوں۔

○ قطع تعلقی میں اس کے راز پوشیدہ نہیں ہیں، بلکہ اس نے ہم سے جس چیز کی حفاظت کا کہا تھا، اس نے بھی اس کی حفاظت کر کے دکھائی ہے۔

○ کمینے شخص کی کیفیت یہ ہے کہ جب دوستوں سے اس کی دوستی ختم ہوتی ہے تو نہ جانے کیا کیا بکتا ہے۔

---

(697)عَلِیُّ بْنُ عَسَاکِرِ الدِّمَشْقِیُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ ابْنِ هِبَةِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَیْنِ اَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ الْحُسَیْنِ الشَّافِعِیُّ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عَسَاکِرِ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقٍ اِمَامُ الْمُحَدِّثِیْنَ فِیْ وَقْتِهٖ * سَمِعَ بِاِفَادَةِ اَخِیْهِ الْاَکْبَرِ وَهُوَ صَغِیْرٌ فِیْ سَنَةِ خَمْسِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ مِنْ اَبِی الْحَسَنِ الْمُوَازِیْنِیِّ وَاَبِی الْقَاسِمِ وَابْنِ النَّسِیْبِ وَاَبِیْ الْوَحْشِ سَبِیْعِ بْنِ قِیْرَاطٍ وَاَبِیْ طَاهِرِ الْحِبَالِ وَسَمِعَ بِنَفْسِهٖ مِنْ وَالِدِهٖ وَاَبِیْ مُحَمَّدِ الْاَکْفَانِیْ وَاَبِیْ الْحَسَنِ بْنِ قُبَیْسٍ وَاَبِی الْحَسَنِ السَّلَمِیِّ وَعَبْدِ الْکَرِیْمِ بْنِ حَمْزَةَ * ثُمَّ اِنَّهٗ رَحَلَ اِلَی الْعِرَاقِ فِیْ سَنَةِ عِشْرِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَسَمِعَ الْکَثِیْرَ بِبَغْدَادَ مِنْ اَبِی الْقَاسِمِ الْحُصَیْنِ وَاَبِی الْحَسَنِ الدَّیْنُوْرِیِّ وَقِرَاتِکِیْنِ بْنِ الْاَسْعَدِ بْنِ الْمَذْکُوْرِ وَاَبِیْ غَالِبِ بْنِ الْبَنَا وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیْ وَمِنْ خَلْقٍ کَثِیْرٍ سِوَاهُمْ * وَسَمِعَ بِمَکَّةَ مُحَمَّدَ بْنَ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ الْغَزَالِ وَرَزِیْنَ بْنَ مُعَاوِیَةَ الْعُبْدَرِیَّ * وَبِالْمَدِیْنَةِ اَبَا

الْفَتُوحِ عَبْدَ الْخَلَّاقِ ابْنَ عَبْدِ الْوَاسِعِ بْنِ عَبْدِ الْهَادِيِّ الْاَنْصَارِیُّ الْهِرَوِیُّ * وَبِالْكُوْفَةِ الشَّرِيْفِ اَبَا الْبَرَكَاتِ عُمَرَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ الزَّيْنَبِیَّ وَعَادَ اِلَى بَغْدَادَ وَاَقَامَ بِهَا يُسْمِعُ الْحَدِيْثَ وَيُقْرِأُ الْخِلَافَ وَالْفِقْهَ * وَعَادَ اِلَى دِمَشْقٍ وَرَحَلَ اِلَى خُرَاسَانَ عَلَى طَرِيْقِ آذَرْبَيْجَانَ وَدَخَلَ نَيْسَابُوْرَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَسَمِعَ بِهَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْفَزَارِیَّ وَاَبَا مُحَمَّدٍ السِّنْدِیَّ وَزَاهِرَ بْنَ طَاهِرِ الشَّحَامِیَّ وَاَخَاهُ وَجِيْهاً وَاَبَا الْمُظَفَّرِ الْعَنَزِیَّ * وَسَمِعَ بِبُوْشَنْجَ- وَسَرْخَسَ- وَطُوْسَ- وَمَرْوَ- وَاَصْبَهَانَ- وَهَمْدَانَ- وَبِسْطَامَ وَدَامَغَانَ- وَسِمْنَانَ- وَالرَّیِّ- وَزَنْجَانَ- وَغَيْرِهَا مِنَ الْبِلَادِ- وَعَادَ اِلَى بِغْدَادَ فِیْ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَكَتَبَ عَنْهُ جَمَاعَةٌ وَعَادَ اِلَى دِمَشْقٍ يُحَدِّثُ وَيُمْلِیْ وَيُصَنِّفُ عَلَى اَجْمَلِ سِيَرٍ وَاَحْسَنِ طَرِيْقَةٍ اِلَى آخِرِ عُمُرِهٖ * جَمَعَ (تَارِيْخَ دِمَشْقٍ) فِیْ خَمْسِ مِائَةٍ وَسَبْعِيْنَ جُزْاً (اَلْمُوَافَقَاتُ عَنْ شُيُوْخِ الْاَئِمَةِ الثِّقَاتِ) اِثْنَيْنِ وَتِسْعِيْنَ جُزْاً وَ (اَلْاَشْرَافُ عَلَى مَعْرِفَةِ الْاَطْرَافِ) ثَمَانِيَةٌ وَاَرْبَعُوْنَ جُزْاً وَ (اَلْمُعْجَمُ) لِاَسْمَاءِ شُيُوْخِهِ الَّذِيْنَ سَمِعَ مِنْهُمْ وَاَجَازُوْا لَهٗ وَعِدَّتُهُمْ اَلْفٌ وَثَلَاثُ مِائَةِ شَيْخٍ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ التَّصَانِيْفِ * وُلِدَ فِیْ مُحَرَّمٍ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ * وَتُوُفِّیَ فِیْ رَجَبَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَدُفِنَ بِمَقَابِرَ بَابِ الصَّغِيْرِ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ حَدَّثَنِیْ عَنْهُ الشَّيْخُ الْمُعَمَّرُ رَشِيْدُ الدِّيْنِ اَحْمَدُ ابْنُ الْفَرَجِ بْنِ مَسْلِمَةَ الدِّمَشْقِیُّ بِدِمَشْقَ قَالَ اَخْبَرَنَا الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ الْقَاسِمِ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ هِبَةِ اللّٰهِ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عَسَاكِرَ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ * وَمَوْلِدُ هٰذَا الشَّيْخِ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ *

حضرت ''علی بن عساکر دمشقی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''علی بن حسن بن ہبۃ اللہ بن عبداللہ بن حسین ابوالقاسم بن محمد بن ابوالحسین شافعی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ اہل دمشق سے تعلق رکھتے ہیں، اپنے زمانے کے امام المحدثین ہیں، انہوں نے اپنے افادات کے ساتھ ۵۵۰ ہجری کو اپنے بڑے بھائی سے سماع کیا ہے۔ یہ اس وقت چھوٹے تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابوالحسن موازینی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن نسیب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالوحش سبیع بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوطاہر حبال رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور بذات خود اپنے والد سے اور حضرت ''ابومحمد اکفانی رحمۃ اللہ علیہ'' سے اور حضرت ''ابوالحسین بن قیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن سلمی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبدالکریم بن حمزہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

پھر یہ ۵۲۰ ہجری میں عراق چلے گئے اور بغداد کے اندر حضرت ''ابوالقاسم الحصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسن دینوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قراتکین بن اسعد بن مذکور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوغالب بن البنا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے علاوہ خلق کثیر سے کثیر سماع کیا ہے۔ انہوں نے مکہ مکرمہ کے اندر حضرت ''محمد بن عبیداللہ بن محمد بن اسماعیل بن غزال رحمۃ اللہ علیہ'' اور

حضرت ''رزین بن معاویہ غندری رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور مدینہ کے اندر حضرت ''ابوالفتوح عبدالخلاق رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''ابن عبدالواسع بن عبدالہادی انصاری ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' اور کوفہ شریف کے اندر حضرت ''ابوالبرکات عمر بن ابراہیم زینبی رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے۔ پھر یہ بغداد کے اندر لوٹ کر آ گئے اور وہاں پر قیام پذیر رہے اور وہاں پر حدیث کا سماع کرواتے رہے اور اختلافات اور فقہ پڑھاتے رہے، پھر یہ دمشق کی جانب لوٹ کر آئے اور خراسان کی جانب آذربائجان کے راستے سے روانہ ہوئے۔ ۵۲۹ ہجری میں یہ نیشاپور میں داخل ہوئے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''ابوعبداللہ فزاری ابومحمد سندی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ'' ،اور ان کے بھائی حضرت ''وجیح رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو مظفر عنزی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث کا سماع کیا۔ انہوں نے بوشنج ،سرخس، طوس، مرو، اصبہان، ہمدان، بسطام، دامغا، سمنان، رے، زنجان، اور دیگر بلاد کے اندر بھی سماع کیا۔ پھر ۵۳۳ ہجری کو بغداد واپس آ گئے اور ان سے محدثین کی ایک جماعت نے احادیث لکھیں۔ پھر یہ دمشق لوٹ کر آئے اور وہاں حدیث بیان بھی کیا کرتے تھے، لکھوایا بھی کرتے تھے اور آخری عمر تک احسن انداز میں حدیث تصنیف بھی کی ہیں۔

انہوں نے تاریخ دمشق جمع کی ہے جس کی ۵۷۰ جلدیں ہیں اور موافقات عن شیوخ الائمہ الثقات لکھی ہے اس کی ۷۲ جلدیں ہیں، الاشراف علی معرفۃ الاطراف اس کی ۴۸ جلدوں پر ہے، معجم جس میں ان کے ان شیوخ کے اسماء ہیں جن سے انہوں نے سماعت کی ہے اور جنہوں نے ان کو اجازت دی ہے ان کی تعداد ۱۳۰۰ ہے، اس کے علاوہ بھی بہت ساری تصانیف ہیں۔

ان کی پیدائش ۴۹۹ ہجری ماہِ محرم الحرام میں ہوئی اور ان کا انتقال ۵۷۱ ہجری کو ماہِ رجب میں ہوا اور باب الصغیر کے قبرستان میں ان کو دفن کیا گیا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ہمیں ان کے حوالے سے الشیخ المعمر حضرت ''رشیدالدین احمد بن فرج بن مسلمہ دمشقی رحمۃ اللہ علیہ'' نے دمشق کے اندر حدیث بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''امام الحافظ ابوالقاسم علی بن حسین بن ہبۃ اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ ''ابن عساکر'' کے نام سے مشہور ہیں، انہوں نے ہمیں حدیث کی قراءت کی اور ہم اسے سن رہے تھے، یہ ۵۶۶ ہجری کی بات ہے اور اس شیخ کی پیدائش ۵۵۵ ہجری کی ہے۔

بَابُ الْغَيْنِ

(698)غَالِبُ بْنُ الْهُذَيْلِ اَبُوْ الْهُذَيْلِ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ غَالِبُ بْنُ الْهُذَيْلِ الْكُوْفِيُّ الْاَزْدِيُّ * يَرْوِيْ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ يَرْوِيْ عَنْهُ الثَّوْرِيُّ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ حَدِيْثَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ اَرَادَ اَنْ يَّضْرِبَ نِسَاءً كُنَّ مَعَ جَنَازَةٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دَعْهُنَّ فَاِنَّ الْعَهْدَ قَرِيْبٌ * (اَخْرَجَهُ) الْحَافِظُ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ فِيْ مُسْنَدِهٖ عَنِ الْحَافِظِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ عُقْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ*

حضرت ''غالب بن ہذیل ابوالہذیل رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت '' غالب بن ہذیل کوفی ازدی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان مسانید میں حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' والی حدیث (انہوں نے جنازہ کے ساتھ چلنے والی عورتوں کو مارنے کا ارادہ کیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' ان کو چھوڑ دو کیونکہ یہ نئی نئی مسلمان ہوئی ہیں) نقل کی ہے۔

حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر اس کا ذکر کیا ہے اور اس کو حضرت '' حافظ احمد بن محمد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ ابن عقدہ کے نام سے مشہور ہیں انہوں) نے حضرت ''محمد بن احمد بن نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت '' بشر بن ولید رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

---

(699)غَيْلَانُ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ غَيْرُ مَنْسُوْبٍ وَالظَّاهِرُ اَنَّهٗ غَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ الْمُحَارِبِيُّ قَاضِيْ الْكُوْفَةِ فَقَدْ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ كَذٰلِكَ مَنْسُوْباً وَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ وَالْحَكَمِ * رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ کَعْبِ الْقُرَظِیِّ قَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''غیلان رحمۃ اللہ علیہ''

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں اور یہ منسوب نہیں ہیں اور ظاہر یہ ہے کہ یہ حضرت ''غیلان بن جامع المحاربی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں جو کہ کوفہ کے قاضی تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ان کو منسوب کر کے ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن میسرہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حکم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان سے حضرت ''حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت '' محمد بن کعب قرظی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

••••••••••••••••••••••••

بَابُ الْفَاءِ

(700)(فَاطِمَةُ) بِنْتُ قَيْسٍ

* أُخْتُ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسِ الْكِنْدِيِّ اَلْمَعْرُوْفُ وَقَدْذَكَرْنَا نَسَبَهُ فِيْ بَابِ الْاَلِفِ لَهَا صُحْبَةٌ وَلَهَا ذِكْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا

یہ حضرت ''اشعث بن قیس کندی معروف رحمۃ اللہ علیہ'' کی بہن ہیں۔ہم نے الف کے باب میں ان کا نسب ذکر کر دیا ہے ان کو صحبت حاصل ہے اور ان مسانید میں ان کا ذکر موجود ہے۔

.....

(701)فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِيْ حُبَيْشٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

مِنَ الصَّحَابِيَاتِ حَدِيْثُهَا فِي الْاِسْتِحَاضَةِ مَعْرُوْفَةٌ وَقَدْ مَرَّ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

فاطمہ بنت حبیش رضی اللہ عنہا

یہ صحابیات میں سے ہیں۔اور استحاضہ کے حوالے سے ان کی احادیث مشہور ہیں،ان مسانید میں ان کی احادیث گزر چکی ہیں۔

.....

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ مِنَ التَّابِعِيْنَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایات لی ہیں

(702)فُرَاتُ بْنُ اَبِيْ فُرَاتٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ فُرَاتُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَلْحَةَ * رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ وَهِلَالُ بْنُ غِنَامٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فرات ابن ابی فرات رحمۃ اللہ علیہ''

امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''فرات بن فضل بن طلحہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے حضرت ''ابو معاویہ الضریر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہلال بن غنام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(703)فُرَاتُ بْنُ يَحْيٰى الْهَمْدَانِيُّ الْمُكْتِبُ الْكُوْفِيُّ

سَمِعَ الشَّعْبِيَّ وَرَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فرات بن یحییٰ ہمدانی مکتب کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(704)اَلْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ اَبُوْ نُعَيْمٍ

هُوَ الْاِمَامُ اَبُوْ نُعَيْمٍ اَلْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ * اَلَّذِيْ يَرْوِيْ عَنْهُ الْبُخَارِيُّ التَّوَارِيْخَ وَقَدْ ذَكَرَهُ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ اَبُوْ نُعَيْمٍ الْمَلَائِيُّ مَوْلٰى آلِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ الْكُوْفِيُّ * مَاتَ سَنَةَ تِسْعَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ وَكَانَ اَصْغَرَ مِنْ وَكِيْعٍ بِسَنَةٍ* وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ * وَسَمِعَ الْاَعْمَشَ وَمِسْعَرًا وَالثَّوْرِيَّ وَشُعْبَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ كَثِيْرًا عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ كِبَارِ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''فضل بن دکین ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''امام ابو نعیم فضل بن دکین رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ جن سے حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے تاریخ سے متعلق حدیث ذکر کی ہیں اور ان کو اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''فضل بن دکین ابو نعیم ملائی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ آل طلحہ بن عبید اللہ قرشی کوفی کے

آزادکردہ ہیں۔

ان کا انتقال ۲۱۹ ہجری میں ہوا۔ اور آپ حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک سال چھوٹے تھے، ان کی پیدائش ۱۰۳ ہجری میں ہوی اورانہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے کثیر روایات نقل کی ہیں جو کہ ان مسانید میں موجود ہیں۔ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے کبار شیوخ میں سے ہیں۔

---

(705)اَلْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی السِّیْنَانِیُّ اَلْمَرْوَزِیُّ

سَمِعَ اللَّیْثَ وَالْاَعْمَشَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ * سَمِعَ مِنْهُ صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ الْحُسَیْنُ بْنُ الْحَارِثِ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی وَتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ مَوْلٰی بَنِیْ وَظِیْفَةَ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ*

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ کَثِیْرًا فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِهٖ*

حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی مروزی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ابی سعید بن ابی ہند رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''صدقہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''حسین بن زید حارث رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی وفات سن ۱۹۱ ہجری میں ہوئی۔ یہ بنی وظیفہ کے آزادکردہ تھے، ان کی پیدائش ۱۱۵ ہجری میں ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ان کی بہت ساری روایات ہیں جو ان مسانید میں موجود ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے تھے۔

---

(706)فُضَیْلُ بْنُ عَیَّاضِ الزَّاهِدُ

قَالَ وَکِیْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ جَالَسَهٗ وَاَخَذَ عَنْهُ یَعْنِیْ جَالَسَ اَبَا حَنِیْفَةَ وَاَخَذَ عَنْهُ الْعِلْمَ وَقَدْ ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ فُضَیْلُ بْنُ عَیَّاضِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَبُوْ عَلِیٍّ التَّیْمِیُّ سَمِعَ مَنْصُوْرًا وَعَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ مَاتَ بِمَکَّةَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ قَدَّسَ اللّٰهُ سِرَّهٗ

حضرت ''فضیل بن عیاض الزاہد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' وہ ان کے پاس بیٹھتے بھی رہے اوران سے احادیث لی ہیں یعنی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس بیٹھتے رہے اوران سے علم بھی حاصل کیا اور امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے' حضرت ''فضیل بن عیاض بن مسعود ابوعلی تیمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ یہ مکہ

مکرمہ میں ۱۸۷ ہجری میں فوت ہوئے۔

---

(707)فَرُوْخُ بْنُ عُبَادَةَ

هُوَ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''فروخ بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ان محدثین میں سے جن کی امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(708)فَرْجُ بْنُ بَيَانٍ

هُوَ اَيْضًا مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''فرج بن بیان رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بھی ان محدثین میں سے جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(709)فَضْلُ بْنُ غَانِمٍ اَبُوْ عَلِىٍّ الْخُزَاعِىُّ

مَرْوَزِىُّ الْاَصْلِ* كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَسُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ وَسَوَّارِ بْنِ مُصْعَبٍ وَسَلْمَةَ بْنِ الْفَضْلِ* رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ خَيْثَمَةَ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِىُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْبَغَوِىُّ وَغَيْرُهُمْ كَانَ يَتَوَلَّى الْقَضَاءَ بِالرَّىِّ وَمِصْرَ وَبَغْدَادَ* مَاتَ الْفَضْلُ بْنُ غَانِمٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشِيْرٍ فِىْ يَوْمٍ وَاحِدٍ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ لِلَّيْلَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ جُمَادَى الْاٰخِرَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ* رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا

حضرت ''فضل بن غانم ابوعلی خزاعی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ اصل میں مروزی ہیں۔ خطیب بغدادی نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے' وہاں پر انہوں نے حضرت ''مالک بن انس سلیمان بن بلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سوار بن مصعب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلمہ بن فضل رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔

ان سے حضرت ''احمد بن ابی خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عبداللہ مخزومی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بغوی رحمۃ اللہ علیہ'' اور

ان کے علاوہ دیگر محدثین نے روایت کیا ہے، یہ ''رے'' کے اندر مسند قضاء پر فائز رہے اور مصر اور بغداد میں بھی مسند قضاء پر فائز رہے۔ حضرت ''فضل بن غانم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ'' ایک ہی دن فوت ہوئے ان کی تاریخ وفات ۲۳۶ ہجری ۲۸، جمادی الآخر، بروز منگل ہے۔

(710)اَلْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ اَلْمَرْوَزِیُّ اَبُوْ بَکْرٍ

اَلْمَعْرُوْفُ بِفَضْلِكَ الرَّازِیُّ * كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ سَمِعَ هُدْبَةَ بْنَ خَالِدٍ وَقُتَيْبَةَ بْنَ سَعِيْدٍ وَاَبَا الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِیَّ وَاَحْمَدَ ابْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاِسْحَاقَ بْنَ رَاهَوَيْهِ وَخَلْقًا كَثِيْرًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ قَالُوْا هُوَ اِمَامُ عَصْرِهٖ فِیْ عِلْمِ الْحَدِيْثِ مَاتَ سَنَةَ سَبْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ يَرْوِیْ عَنِ الْبُخَارِیِّ فِیْ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ

حضرت ''فضل بن عباس مروزی ابوبکر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ ''فضلک رازی'' کے نام سے مشہور تھے۔ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح ذکر کیا ہے، اور فرمایا ہے انہوں نے حضرت ''ہدبہ بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قتیبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوربیع زہرانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحاق بن راھویہ رحمۃ اللہ علیہ''، اور وہاں کے کے عظیم محدثین میں سے خلق عظیم سے سماع کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ علم حدیث میں اپنے زمانے کے امام تھے۔ ان کا انتقال ۲۷۰ ہجری میں ہوا۔ اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے ان کی احادیث موجود ہیں۔

بَابُ الْقَافِ

(711)قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ

صَحَابِيٌّ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ يَرْوِيْ عَنْهُ زِيَادُ بْنُ عَلَاقَةَ * لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ''

یہ صحابی ہیں، اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ'' ان سے حضرت ''زیاد بن علاقہ رضی اللہ عنہ''، نے روایت کی ہے اور ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔

.....

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ رَوٰى عَنْهُ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ مِنَ التَّابِعِيْنَ

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے

(712)اَلْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَلْهُذَلِيُّ اَلْكُوْفِيُّ * يَرْوِيْ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَاَبِيْهِ* رَوٰى عَنْهُ الْاَعْمَشُ وَالْمَسْعُوْدِيُّ وَمِسْعَرٌ* قَالَ اِبْرَاهِيْمُ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ مَحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ صَحِبْنَا الْقَاسِمَ ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَطَالَبْنَا بِثَلَاثٍ بِطُوْلِ الصَّمْتِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ وَسَخَاءِ النَّفْسِ* وَقَالَ وَكِيْعٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ كَانَ الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَاضِياً عَلَيْنَا فِيْ زَمَنِ عُمَرَابْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْإِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی کوفی رضی اللہ عنہ''۔

وہ حضرت ''جابر بن سمروہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے والد سے رویت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعودی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''ابراہیم رمادی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''محارب بن دثار رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے بیان کیا ہے' وہ کہتے ہیں' میں حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ'' کے ساتھ تھا انہوں نے ہم سے تین چیزوں کا مطالبہ کیا۔ زیادہ دیر لمبی خاموشی' حسن اخلاق اور نفس کی سخاوت۔

حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عمر بن ذر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے بیان کیا ہے' حضرت ''قاسم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ''، حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے زمانے میں ہمارے قاضی تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(713)قَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ نُهَيْكٍ الْاَسَدِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٌ اَبُوْ نُهَيْكٍ الْاَسَدِيُّ* رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَمَنْصُوْرٌ وَجَرِيْرٌ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن محمد ابونہیک اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قاسم بن محمد ابونہیک اسدی رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''منصور رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''جریر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(714)قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْهُذَلِيُّ مِنْ قَيْسِ عَيْلَانَ * سَمِعَ مِنْهُ اِبْنُ جُرَيْجٍ* قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قیس بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قیس بن مسلم ہذلی رحمۃ اللہ علیہ'' ان کا ''قیس عیلان'' سے تعلق تھا۔ ان سے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' نے سماع کیا ہے۔ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(715)قَتَادَةُ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قَتَادَةُ بْنُ دِعَامَةَ بْنِ قَتَادَةَ بْنِ عُزَیْرِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ رَبِیْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ سَدُوْسٍ * وَذَکَرَ نَسَبَهٗ اِلٰی عَدْنَانَ ثُمَّ قَالَ السَّدُوْسِیُّ الْاَعْمٰی الْبَصَرِیُّ * سَمِعَ اَنَساً وَاَبَا الطُّفَیْلِ وَسَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ * رَوٰی عَنْهُ هِشَامٌ وَشُعْبَةُ وَسَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ عُرُوْبَةَ کُنْیَتُهٗ اَبُو الْخِطَابِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ آخِرِ تَرْجَمَتِهٖ قَالَ عَلِیٌّ مَاتَ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ وِمِائَةٍ * وَهُوَ اِبْنُ سِتٍّ وَّخَمْسِیْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَقَدْ رَوٰی قَتَادَةُ اَیْضاً حَدِیْثاً عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَقَدْ مَرَّ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''قتادہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قتادہ بن دعامہ بن قتادہ بن عزیز بن عمرو بن ربیعہ بن عمرو بن حارث بن سدوس رحمۃ اللہ علیہ''۔ اوران کا نسب عدنان تک ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے' یہ سدوسی ہیں اور یہ نابینا تھے اور بصری ہیں۔ انہوں نے حضرت ''انس رضی اللہ عنہ''، حضرت ''ابوطفیل رضی اللہ عنہ''، حضرت ''سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔ اوران سے حضرت ''ہشام رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن ابی عروبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کی کنیت ''ابوالخطاب'' ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے حالات کے آخر میں ذکر کیا ہے' حضرت ''علی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۱۷ ہجری کو ہوا تھا اوران کی عمر ۵۶ برس تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ اور قتادہ نے ایک حدیث امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی ہے اور وہ ان مسانید میں گزر چکی ہے۔

---

(716)قُزْعَةُ بْنُ یَحْیٰی

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ قُزْعَةُ بْنُ یَحْیٰی مَوْلٰی زِیَادٍ قَالَهٗ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ * وَقَالَ اِبْنُ جُرَیْجٍ مَوْلٰی عَبْدِ الْمَلِكِ وَقَالَ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُزْعَةَ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ الْبُخَارِیُّ قَزْعَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ * قَالَ الْبُخَارِیُّ وَاَهْلُهٗ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ حَارِثِیُّوْنَ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا *

حضرت ''قزعہ بن بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قزعہ بن یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''عبدالملک رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے کہا ہے' حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ عبدالملک کے آزاد کردہ ہیں اور حضرت ''علی بن عبداللہ بن قزعہ بن اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں یہ قزعہ بن اسود ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان کے گھر والے کہا کرتے تھے' ہم حارثی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابن

عمر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

اس فصل میں ان مسانید میں ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرنے والے راویوں کا تذکرہ ہے

(717)قَاسِمُ بْنُ الْحَکَمِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ الْحَکَمِ الْعُرَنِیُّ قَاضِیْ هَمْدَانَ کُوْفِیٌّ * رَوٰی عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عُبَیْدٍ وَعُبَیْدِ اللّٰهِ الْمُوْصَلِیِّ * وَرَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ *

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَالْقَاسِمُ بْنُ الْحَکَمِ یَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''قاسم بن حکم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قاسم بن حکم عرنی رحمۃ اللہ علیہ'' ہمدان کے قاضی تھے، یہ کوفی ہیں ۔انہوں نے حضرت ''سعید بن عبید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبید اللہ موصلی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن سلام رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: قاسم بن حکم نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(718)قَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ سَمِعَ جَمِیْلاً * رَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ الرَّمْلِیُّ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ *

حضرت ''قاسم بن غصن رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''جمیل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن عبدالعزیز رملی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(719)قَاسِمُ بْنُ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

وَکَذَا ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَلْهُذَلِیُّ

اَلْكُوْفِيُّ قَاضِي الْكُوْفَةِ* سَمِعَ اِبْنَ جُرَيْجٍ رَوٰى عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ*
(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن معن بن عبداللہ بن مسعود رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ج ہذلی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ کوفہ کے قاضی تھے۔ انہوں نے حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مالک بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(720)قَاسِمُ بْنُ غِنَامٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْقَاسِمُ بْنُ غِنَامٍ الْاَنْصَارِيُّ * عَنْ وَاحِدَةٍ مِنَ الْمُبَايِعَاتِ قَالَتْ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ الْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى وَالصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا*
(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن غنام رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قاسم بن غنام انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے بیعت کرنے والی خواتین میں سے ایک سے روایت کیا ہے، وہ کہتی ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: کونسا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا اور وقت کے اندر نماز پڑھنا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(721)قَاسِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُرَمِيُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ قَاسِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْجُرَمِيُّ* يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْجُرَمِيِّ*
(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''قاسم بن یزید جرمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا بھی ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''قاسم بن یزید جرمی رحمۃ اللہ علیہ'' نے

حضرت ''ابوسعید جرمی رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(722)قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَسَدِيُّ الْكُوْفِيُّ * رَوٰى عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ وَعَمْرِو بْنِ مُرَّةَ * رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ الْمُبَارِكِ وَشُعْبَةُ وَوَكِيْعٌ * مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ *

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ *

حضرت ''قیس بن ربیع رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''قیس بن ربیع ابومحمد اسدی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو حصین رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمرو بن مرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۱۶۸ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَايِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(723)قَاسِمُ بْنُ الْمُسَاوِرِ الْجَوْهَرِيُّ

* قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ حَدَّثَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ * يَرْوِيْ عَنْهُ اِبْنُهٗ اَحْمَدُ *

حضرت ''قاسم بن مساور جوہری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''سوید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث روایت کی ہے۔ اور ان سے ان کے بیٹے حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(724)قَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِبَادِ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ الْمُهَلَّبِ بْنِ اَبِيْ صَفْرَةَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ الْبَصْرِيُّ *

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوٗدَ وَاَبِيْ عَاصِمِ النَّبِيْلِ وَبِشْرِ بْنِ عُمَرَ وَالزُّهْرَانِيِّ * رَوٰى عَنْهُ عَيَّاشُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْقَرَاطِيْسِيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَرْوَزِيُّ وَيَحْيٰى ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَاِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ وَالْقَاضِيُّ الْمُحَامِلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَكَانَ ثِقَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''قاسم بن محمد بن عباد بن حبیب بن مہلب بن ابی صفرہ ابو محمد الازدی بصری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور وہاں پر انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''عبداللہ بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عاصم نبیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن عمر وزہرانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے اور ان سے حضرت ''عیاش بن ابراہیم قراطیسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بن اسحاق مروزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحٰق بن محمد بن فضل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی محاملی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مخلد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ ثقہ تھے۔

.....

(725)قَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

سَمِعَ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُكَيْرٍ السَّهْمِيَّ وَاَبَا سَلْمَةَ وَقُبَيْصَةَ بْنَ عُقْبَةَ وَمُحَمَّدَ بْنَ بَكَّارٍ * رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَتْحِ الْقَلَانِسِيُّ وَاَبُو الْحُسَيْنِ بْنِ الْمُنَادِيْ وَعَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ الْمَارْدَانِيُّ وَكَانَ ثِقَةً * مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى *

حضرت ''قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن بکیر سہمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو سلمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قبیصہ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''احمد بن محمد بن فتح قلانسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو الحسین بن منادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن اسحاق ماردانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ ثقہ تھے۔ ان کا انتقال ۲۷۲ ہجری میں ہوا۔

.....

(726)قَاسِمُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ جَمْهُوْرِ بْنِ مَنْصُوْرٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَصْفَهَانِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَزَلَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْاَصْفَهَانِيِّ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْهَمْدَانِيِّ * رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الدَّوْرَيُّ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الثَّلَّاجِ * ذَكَرَ ابْنُ الثَّلَّاجِ اَنَّهٗ سَمِعَ مِنْهُ فِيْ سَنَةِ تِسْعَ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ *

حضرت ''قاسم بن ہارون بن جمہور بن منصور ابو محمد اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ بغداد کے اندر ٹھہرے رہے اور وہاں پر انہوں نے

حضرت ''عمران بن عبدالرحیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن مغیرہ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ان سے حضرت ''محمد بن مخلد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اور حضرت ''عبداللہ بن محمد بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔اور حضرت ''ابن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے ذکر کیا ہے،انہوں نے ان سے ۳۱۹ ہجری میں سماع کیا۔

.....

(727)قَاسِمُ بْنُ خَالِدٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ رَوٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''قاسم بن خالد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

.....

(728)قُطْنُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُوْ سَعِيْدِ الْقُشَيْرِيُّ النَّيْسَابُوْرِيُّ

حَدَّثَ عَنْ حَفْصِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَحَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيِّ وَحَمَّادِ بْنِ قَيْرَاطٍ وَعَبْدَانِ بْنِ عُثْمَانَ وَالْجَارُوْدِ بْنِ يَزِيْدَ وَالْحُسَيْنِ بْنِ الْوَلِيْدِ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰى وَقَبِيْصَةِ بْنِ عُقْبَةَ* وَرَوٰى عَنْهُ عَبَّاسُ الدَّوْرِيُّ وَمُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ وَالْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَّرِزُ وَاَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الصُّوْفِيُّ وَصَالِحُ بْنُ اَبِيْ مُقَاتِلٍ وَيَحْيٰى ابْنُ صَاعِدٍ* مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّمِائَةٍ*

حضرت ''قطن بن ابراہیم ابوسعید قشیری نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''حفص بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حفص بن عبداللہ سلمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن قیراط رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدان بن عثمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جارود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسین بن ولید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قبیصہ بن عقبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔اور ان سے حضرت ''عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن محمد بن ناجیہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن زکریا مطرز رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن حسن صوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''صالح بن ابی مقاتل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۶۱ ہجری میں ہوا اور ان کی پیدائش ۱۸۰ ہجری کی ہے۔

.....

بَابُ الْكَافِ

(729) كَعْبُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اَبِیْ كَعْبِ بْنِ الْقَيْسِ الْاَنْصَارِیُّ السُّلَمِیُّ الْمَدَنِیُّ

مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانَ اَشْعَرُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَكَعْبُ بْنُ مَالِكٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ * قَالَ الْبُخَارِیُّ قَالَ يَحْيٰى بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ اِدْرِيْسَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ حِيْنَ قُتِلَ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَاتاً*

حضرت ''کعب بن مالک بن ابی کعب بن قیس انصاری سلمی مدنی رضی اللہ عنہ''

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' نے، حضرت ''حماد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، وہ فرماتے ہیں' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سب سے اچھے اشعار کہنے والے حضرت ''حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ''، حضرت ''کعب بن مالک رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ'' تھے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''یحییٰ بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابن ادریس رحمۃ اللہ علیہ'' سے، انہوں نے حضرت ''ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، وہ فرماتے ہیں' حضرت ''کعب بن مالک رضی اللہ عنہ'' نے اس وقت کچھ اشعار کہے تھے جب حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' کو شہید کیا گیا۔

---

(730) كَعْبُ الْاَحْبَارِ

قَالَ الْبُخَارِیُّ كَعْبُ بْنُ مَاتِعٍ الْحَبْرُ وَيُقَالُ كَعْبُ الْاَحْبَارِ وَقَالَ الْحَسَنُ عَنْ ضَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَيَّاشٍ مَاتَ لِسَنَةٍ بَقِيَتْ مِنْ خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كُنِيَتُهٗ اَبُوْ اِسْحَاقَ*

حضرت ''کعب الاحبار رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' یہ ''کعب بن ماتع الحبر رضی اللہ عنہ''۔ اور ایک قول کے مطابق ان کو ''کعب الاحبار'' کہا جاتا ہے۔ حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ضمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، انہوں نے حضرت ''ابن عیاش رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے، ان کا اس وقت انتقال ہوا جب حضرت ''عثمان رضی اللہ عنہ'' کی خلافت کا ایک سال ابھی باقی تھا، ان کی کنیت ''ابواسحاق''

ہے۔

(731) كَثِيْرُ بْنُ جَمْهَانَ مِنَ التَّابِعِيْنَ*

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ اِبْنَ عَمْرٍو وَاَبَا هُرَيْرَةَ رَوَى عَنْهُ عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ*

حضرت ''کثیر بن جمہان رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں، حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''ابن عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

(732) كَثِيْرُ بْنُ هِشَامٍ اَبُوْ سَهْلٍ الْكَلَابِيُّ الرَّقِّيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ جَعْفَرَ بْنَ بُرْقَانَ* مَاتَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّمِائَتَيْنِ اَوْ بَعْدَهٗ بِقَرِيْبٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''کثیر بن ہشام ابوسہل کلابی رقی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''جعفر بن برقان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی وفات ۲۰۷ کو یا اس کے تقریباً بعد ہوا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(733) كَنَانَةُ بْنُ جَبْلَةَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ كَنَانَةُ بْنُ جَبْلَةَ الْهِرَوِيُّ* سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ طَهْمَانَ* رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''کنانہ بن جبلہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''کنانہ بن جبلہ ہروی رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن حمید رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(734) كَادِحُ الزَّاهِدِ

قَالُوْا يَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَشُعْبَةَ وَمِسْعَرٍ وَسُفْيَانَ وَالثَّوْرِيِّ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى*

حضرت ''کادح الزاہد رحمۃ اللہ علیہ''

کہتے ہیں' انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے، حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سفیان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

بَابُ اللَّامِ

(735)لَيْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَيْمٍ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ لَيْثُ بْنُ اَبِیْ سُلَيْمِ بْنِ زَنِيْمٍ اَبُوْ بَكْرٍ وَيُقَالُ اَبُوْ بَكْرِ الْكُوْفِیُّ * سَمِعَ مُجَاهِداً وَطَاؤُساً وَالشَّعْبِیَّ * قَالَ اِبْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَجَلِیِّ * مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰی اَوْ اِثْنَتَيْنِ وَاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''لیث بن ابی سلیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''لیث بن ابی سلیم بن زنیم رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوبکر'' ہے ۔اور ایک قول کے مطابق ان کو ''ابوبکر کوفی'' کہا گیا ہے ۔انہوں نے حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طاوس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے ۔حضرت ''ابن اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابوعبداللہ عجلی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۴۱یا۱۴۲ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(736)لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ اَبُوْ الْحَارِثِ مَوْلٰی فَهْمٍ مَصْرِیٌّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ قَالَ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی*

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ اَيْضاً فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ*

حضرت ''لیث بن سعد ابوالحارث رحمۃ اللہ علیہ''

یہ فہم کے آزاد کردہ مصری ہیں ،حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''عمرو بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی وفات ۱۷۵ ہجری میں ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(737)لَيْثُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ لَيْثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ نَصْرٍ الْكَاتِبُ الْمَرْوَزِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجّاً فِيْ سَنَةِ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ بْنِ نَصْرِ بْنِ مِرْدَاسٍ وَمُحَمَّدِ الْعَبَّاسِ الْمُدَاوَرَةِ * رَوٰى عَنْهُ الْمُعَافٰى بْنُ زَكَرِيَّا وَاَبُوْ الْقَاسِمِ بْنُ الثَّلَاجِ*

حضرت ''لیث بن محمد بن لیث بن عبدالرحمٰن ابونصر کاتب مروزی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ۳۲۳ ہجری کو حج کرنے کے لئے گئے تو بغداد گئے، وہاں پر انہوں نے حضرت ''جعفر بن احمد بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن نصر بن مرداس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن عباس مداورہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اوران سے حضرت ''معافی بن زکریا رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم بن ثلاج رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

بَابُ الْمِيْمِ

(738)مَعَاذُ بْنُ جَبَلٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيّ الْخَزْرَجِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

قَالَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ * مَاتَ بِالشَّامِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً* قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي الْاِخْتِلَافِ الَّذِيْ وَقَعَ فِيْ سِنِّهٖ فَقَالَ اَحَدٌ وَّثَلَاثُوْنَ اَوْ ثِنْتَانِ وَثَلَاثُوْنَ*

حضرت ''معاذ بن جبل ابوعبداللہ انصاری خزرجی رضی اللہ عنہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ بدر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے۔ان کی وفات شام میں ہوئی اس وقت ان کی عمر ۲۸ برس تھی۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے وہ اختلاف ذکر کیا ہے جو آپ کی عمر کے بارے میں واقع ہے۔ایک قول کے مطابق ۳۱ برس ہے اور ایک کے مطابق ۳۲ برس۔

---

(739)اَلْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

وَيُقَالُ اَبُوْ عِيْسٰى الثَّقَفِيُّ * قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ الشَّعْبِيُّ اِنْكَسَفَتِ الشَّمْسُ فِيْ اِمَارَةِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ يَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ فِيْ رَجَبٍ فِيْ سَنَةِ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ فَصَلّٰى الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ*

حضرت ''مغیرہ بن شعبہ ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوعیسیٰ'' ہے، یہ ثقفی ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے دورِ حکومت میں ۵۹ ہجری کو ماہِ رجب میں بدھ کے دن سورج گرہن ہوگیا تو حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے سورج گرہن کی نماز پڑھائی۔

---

(740)مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ عَائِشَةَ الْكُوْفِيُّ * قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَسِتِّيْنَ* رَاٰى اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ وَعَلِيًّا وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ* رَوٰى عَنْهُ اِبْرَاهِيْمُ وَالشَّعْبِيُّ* قَالَ الْبُخَارِيُّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ كَانَ اَصْحَابُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ الَّذِيْنَ يُؤْخَذُ عَنْهُمْ خَمْسَةً اَدْرَكْتُ مِنْهُمْ اَرْبَعَةً وَفَاتَنِي الْحَارِثُ قَالَ الْبُخَارِيُّ وَاَرَاهُ قَالَ وَهُوَ اَفْضَلُهُمْ وَاَحْلَمُهُمْ شُرَيْحٌ وَيَخْتَلِفُ فِيْ هٰذِهِ الثَّلَاثَةِ اَيُّهُمْ اَفْضَلُ عَلْقَمَةُ

وَمَسْرُوْقٌ وَعُبَيْدَةُ

حضرت ''مسروق بن اجدع رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''ابن عبدالرحمٰن ابو عائشہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۶۲ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ''، حضرت ''علی رضی اللہ عنہ''، حضرت ''زید بن ثابت رضی اللہ عنہ'' کی زیارت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' کے ان پانچ اصحاب میں سے ہیں جن سے احادیث لی جاتی ہیں، میں نے ان میں سے چار سے احادیث حاصل کر لی ہیں اور ''حارث'' رہ گئے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' بیان کرتے ہیں' میرا یہ خیال ہے کہ انہوں نے کہا ہے' ان میں سب سے افضل اور سب سے زیادہ علم والے حضرت ''شریح رحمۃ اللہ علیہ'' تھے اور باقی تینوں کے بارے میں اختلاف ہے کہ ان میں سے افضل کون تھا یعنی حضرت ''علقمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبیدہ رحمۃ اللہ علیہ''۔

---

(741)مَسْرُوْقُ بْنُ مَخْرَمَةَ بْنِ نَوْفَلٍ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِيُّ

لَهٗ صُحْبَةٌ عِدَادُهٗ فِي الْمَكِّيِّيْنَ

حضرت ''مسروق بن مخرمہ بن نوفل ابوعبدالرحمٰن قرشی رضی اللہ عنہ''

ان کو صحبت حاصل ہے اور ان کو مکیین میں شمار کیا جاتا ہے۔

---

(742)مُنْذَرُ الثَّوْرِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مُنْذَرُ بْنُ يَعْلَى اَبُوْ يَعْلَى الثَّوْرِيُّ* يَرْوِيْ عَنْ رَبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ وَابْنِ الْحَنَفِيَّةِ* رَوٰى عَنْهُ سَعِيْدُ بْنُ مَسْرُوْقٍ

حضرت ''منذر ثوری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''منذر بن یعلیٰ ابو یعلی ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ربیع بن خثیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''سعید بن مسروق رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

اس فصل میں ان محدثین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت لی ہے

(743)مُسْلِمُ بْنُ عِمْرَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَطِیْنُ الْکُوْفِیُّ

سَمِعَ سَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ رَوٰی عَنْهُ سَلْمَةُ بْنُ کُهَیْلٍ وَالْاَعْمَشُ

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ یَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مسلم بن عمران ابوعبداللہ بطین کوفی رحمۃ اللہ علیہ''۔

انہوں نے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سلمہ بن کہیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(744)مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ اَبُوْ فَرْوَةَ النَّهْدِیُّ

هٰکَذَا نَسَبَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ مَوْلٰی جُهَیْنَةَ وَیُعْرَفُ بِالْجُهَنِیِّ کُوْفِیٌّ سَمِعَ اِبْنَ اَبِیْ لَیْلٰی وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُکَیْمٍ رَوٰی عَنْهُ الثَّوْرِیُّ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی

یَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مسلم بن سالم ابوفروہ نہدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ''جہینہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے آزاد کردہ ہیں اور ''جہنی رحمۃ اللہ علیہ'' کے نام سے پہچانے جاتے ہیں اور یہ کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عکیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(745)مُسْلِمُ بْنُ کَیْسَانَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الضَّرِیْرُ الْاَعْوَرُ

وَیُقَالُ اَبُوْ حَمْزَةَ هٰکَذَا ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ یَرْوِیْ عَنْ مُجَاهِدٍ وَاَنَسٍ یَتَکَلَّمُوْنَ فِیْهِ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مسلم بن کیسان ابوعبداللہ الضریر اعور رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی کنیت ''ابوحمزہ'' ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے' انہوں نے

حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''انس رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کے بارے میں محدثین کا کلام ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(746)مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ اَبُوْ عَتَابِ السُّلَمِيُّ الْكُوْفِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ وَاَبَا وَائِلٍ رَوٰى عَنْهُ سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ وَالثَّوْرِيُّ قَالَ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدِ الْقَطَّانِ مَاتَ بَعْدَ السَّوْدَانَ بِقَلِيْلٍ وَجَاءَ السَّوْدَانُ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ وَكَانَ مِنْ اَثْبَتِ النَّاسِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''منصور بن معتمر ابوعتاب سلمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''زید بن وہب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو وائل رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''یحییٰ بن سعیب القطان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' سودان کے کچھ ہی عرصہ بعد ان کا انتقال ہو گیا تھا اور سودان ۱۳۱ ہجری میں آیا تھا اور یہ سب لوگوں سے زیادہ ثبت ہیں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے روایت کرتے ہیں۔

(747)مِخْوَلُ بْنُ رَاشِدٍ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَالَ الْفَزَارِيُّ رَوٰى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ مِخْوَلِ بْنِ اَبِي الْمُجَالِدِ النَّهْدِيِّ الْكُوْفِيِّ سَمِعَ مُسْلِمَ الْبَطِيْنِ وَاَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ قَالَ عِيْسٰى بْنُ مُوْسٰى كَانَ حِجَازِيًّا كَانَ مَوْلًى

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مخول بن راشد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''مخول بن ابی مجالد نہدی رحمۃ اللہ علیہ'' کوفی سے روایت کیا ہے۔ انہوں نے حضرت ''مسلم بن بطین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو جعفر محمد بن علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''عیسیٰ بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' یہ حجازی تھے اور یہ آزاد کردہ تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(748)مُعَاوِيَةُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ

سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''معاویہ بن اسحاق بن طلحہ بن عبید اللہ قرشی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(749)مَسْرُوْقٌ اَبُوْ بَكْرٍ التَّيْمِيُّ مُؤَدِّبُ التَّيْمِ

يُعَدُّ فِي الْكُوْفِيِّيْنَ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكَانَ يَرْوِيْ عَنْ مُجَاهِدٍ وَعِكْرِمَةَ قَالَهُ وَكِيْعٌ عَنْ شَرِيْكٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''مسروق ابوبکر تیمی مودب التیم رحمۃ اللہ علیہ''

ان کو کوفیین میں شمار کیا جاتا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور یہ حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کیا کرتے تھے اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں انہوں نے شریک سے روایت کیا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' ان سے روایت کرتے ہیں۔

(750)مَزَاحِمُ بْنُ زُفَرَ التَّيْمِيُّ الْكُوْفِيُّ

يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مزاحم بن زفر تیمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(751)مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ الْوَاسِطِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِيْ عَنِ الْحَسَنِ وَابْنِ سِيْرِيْنَ مَاتَ فِي الْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''منصور بن زازان واسطی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان کا انتقال ۱۳۱ ہجری میں طاعون کی وباء میں ہوا تھا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(752)مُوْسٰى بْنُ اَبِيْ عَائِشَةَ مَوْلٰى آلِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ كُوْفِيٌّ

رَوٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ هٰكَذَا ذَكَرَ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَسَبَهُ اِبْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ قَالَ يَحْيٰى الْقَطَّانُ كَانَ سُفْيَانُ يُثْنِيْ عَلٰى مُوْسٰى بْنِ اَبِيْ عَائِشَةَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''موسیٰ بن ابی عائشہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ آل جعدہ بن ہبیرہ کے آزاد کردہ ہیں کوفی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''عمرو بن حریث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ''، حضرت ''عبداللہ بن شداد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح اپنی تاریخ کے اندر ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابن ابی اسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا نسب حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

حضرت ''یحییٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''سفیان موسیٰ بن عائشہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی تعریف کیا کرتے تھے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(753)مُوسَى بْنُ سَالِمٍ اَبُوْ الْجَهْضَمِ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ وَقَالَ هُوَ مَوْلَى الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ رَوٰى عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَالثَّوْرِيُّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''موسیٰ بن سالم ابوالجہضم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں ۔انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(754)مُبَارَكُ بْنُ فُضَالَةَ بْنِ اَبِيْ اُمَيَّةَ مَوْلَى عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْعَدَوِيُّ الْبَصَرِيُّ

سَمِعَ الْحَسَنَ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَسَنِ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ الْمُبَارِكِ وَوَكِيْعٌ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مبارک بن فضالہ بن ابی امیہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں، عدوی، بصری ہیں۔انہوں نے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن حسن رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(755)مُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَامِ الْقُرَشِيُّ الْاَسَدِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ يَرْوِيْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ رَوٰى عَنْهُ قُتَيْبَةُ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''منذر بن عبداللہ بن منذر بن زبیر بن عوام قرشی اسدی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(756)مَيْمُوْنُ بْنُ مِهْرَانَ اَبُوْ اَيُّوْبَ الْجَرِيْرِيّ

مَوْلٰى بَنِيْ اَسَدٍ يُعَدُّ فِيْ اَهْلِ الْجَزِيْرَةِ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَاُمَّ الدَّرْدَاءِ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُهٗ عَمْرٌو وَجَعْفَرُ بْنُ هَانِيْ وَالْاَعْمَشُ قَالَ وُلِدَ مَيْمُوْنُ سَنَةَ اَرْبَعِيْنَ وَمَاتَ سَنَةَ ثَمَانَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ وَقِيْلَ سَنَةَ سَبْعَ عَشْرَةَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''میمون بن مہران ابوایوب جریری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بنی اسد کے آزاد کردہ ہیں، ان کا شمار اہل جزیرہ میں ہوتا ہے۔ انہوں نے حضرت ''ابن عمر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ''، سیدہ ''ام درداء رضی اللہ عنہا'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' ان سے ان کے بیٹے حضرت ''عمرو رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جعفر بن ہانی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''میمون رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۴۰ ہجری میں ہوئی، ان کی وفات ۱۱۸ ہجری میں ہوئی۔ اور ایک قول کے مطابق ۱۱۷ ہجری میں۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(757)مَجَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مَجَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ عُمَيْرِ بْنِ مَرْوَانَ اَبُوْ عِمْرَانَ الْهَمْدَانِيُّ الْكُوْفِيُّ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكَانَ يَحْيٰى الْقَطَّانُ يُضَعِّفُهٗ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مجالد بن سعید رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''مجالد بن سعید بن عمیر بن مروان ابو

عمران ہمدانی کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور حضرت ''یحییٰ قطان رحمۃ اللہ علیہ'' ان کو ضعیف قرار دیا کرتے تھے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(758)مِنْهَالُ بْنُ خَلِيْفَةَ

يَرْوِىْ عَنْ سَلْمَةَ بْنِ هِشَامٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''منہال بن خلیفہ رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''سلمہ بن ہشام رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(759)مُوْسٰى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِىُّ الْقُرَشِىُّ الْمَدَنِىُّ

مِنَ التَّابِعِيْنَ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ عِيْسٰى مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی قرشی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ تابعین میں سے ہیں۔حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے ان کنیت ''ابوعیسیٰ'' ہے اور ان کا انتقال ۱۰۴ ہجری میں ہوا۔

---

(760)مُوْسَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِىُّ اَبُوْ الصَّبَاحِ

قَالَ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِىُّ وَمِسْعَرٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''موسیٰ بن ابوکثیر انصاری ابوالصباح رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے، انہوں نے حضرت ''سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مسعر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(761)مَنْصُوْرُ بْنُ دِيْنَارٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مَنْصُوْرُ بْنُ دِيْنَارٍ الضَّبِيُّ التَّيْمِيُّ الْكُوْفِيُّ سَمِعَ نَافِعاً رَوٰى عَنْهُ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ وَوَكِيْعٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''منصور بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''منصور بن دینار ضبی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ تیمی ہیں، کوفی ہیں۔انہوں نے حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''مروان بن معاویہ فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

ان محدثین کا ذکر جنہوں نے امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت لی ہے

(762)مُغِيْرَةُ بْنُ مِقْسَمٍ الضَّبِيُّ اَبُوْ هَاشِمٍ الْكُوْفِيُّ

هٰكَذَا نَسَبَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اَبَا وَائِلٍ وَاِبْرَاهِيْمَ مَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ تَقَدُّمِهٖ وَمَوْتِهٖ قَبْلَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ بِسَبْعَ عَشْرَةَ سَنَةً يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مغیرہ بن مقسم ضبی ابوہاشم کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ان کا نسب بیان کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کی وفات ۱۳۳ ہجری میں ہوئی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کا انتقال امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے ۱۷ برس پہلے ہوا، ایہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے پہلے

کے بزرگ ہیں (یعنی ان کا انتقال امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے پہلے ہوا) لیکن حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے ان کی روایات موجود ہیں جو کہ ان مسانید میں درج ہیں۔

(763)مِسْعَرُ بْنُ كِدَامِ بْنِ ظَهِيرٍ اَبُوْ سَلْمَةِ الْهِلَالِيُّ الْعَامِرِيُّ الْكُوْفِيُّ

هٰكَذَا نَسَبَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ سَعِيْدٍ وَعَوْنَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَمَعَ تَقَدُّمِهٖ وَجَلَالَةِ مَحَلِّهٖ وَهُوَ شَيْخُ اَكْبَرُ شُيُوْخِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ وَالْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مسعر بن کدام بن ظہیر ابوسلمہ ہلالی العامری کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ان کا نسب بیان کیا ہے۔ اور کہا ہے انہوں نے حضرت ''عتبہ بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عون بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۱۵۵ ہجری میں ہوا۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: اپنی جلالت مقام اور مقدم ہونے کے ساتھ ساتھ یہ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے بڑے شیوخ کے شیخ ہیں اور یہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت ان مسانید میں موجود ہیں۔

(764)مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَثْعَمِيُّ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ كَنَّاهُ الْحُسَيْنُ الْبِسْطَامِيُّ

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ خَوَاصِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْكَثِيْرَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مصعب بن مقدام ابوعبداللہ خثعمی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کی کنیت حضرت ''حسین بسطامی رحمۃ اللہ علیہ'' نے رکھی تھی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے خاص اصحاب میں سے ہیں اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کثیر روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

(765)مَشْمَعَلُ بْنُ مِلْحَانِ الطَّائِيُّ الْكُوْفِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ رَوٰى عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ بْنِ يَزِيْدَ رَوٰى عَنْهُ اِسْحَاقُ بْنُ اَبِيْ اِسْرَائِيْلَ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مشمعل بن ملحان طائی کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابوالمہلب بن یزید رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''اسحاق بن ابواسرائیل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(766)مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوْفِيُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ يَرْوِيْ عَنْ لَيْثٍ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ يَرْوِيْ عَنْ شَرِيْكٍ يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَهُوَ اَخُوْ حَبَّانَ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ الْاَصْغَرُ مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''مندل بن علی عنزی ابوعبداللہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''لیث رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''عبداللہ بن ابواسود رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' انہوں نے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ یہ حضرت ''حبان بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں اور یہ چھوٹے تھے اور ان کا انتقال ۱۶۸ ہجری میں ہوا۔

---

(767)مُنِيْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

رَوٰى عَنْ اَبِيْهِ رَوٰى عَنْهُ حُرَيْثُ بْنُ اَبِيْ ذَبَابٍ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''منیب بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''حریث بن ابوذباب رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام

بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(768)مَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ اَبُوْ عُرْوَةَ الْبَصَرِیُّ

سَكَنَ الْيَمَنَ كَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ هُوَ مَعْمَرُ بْنُ اَبِیْ عَمْرٍو قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ خَالِدٍ مَاتَ مَعْمَرٌ فِیْ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّخَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ مَاتَ وَهُوَ اِبْنُ ثَمَانٍ وَّخَمْسِيْنَ سَنَةً سَمِعَ الزُّهْرِیَّ وَيَحْيٰى بْنُ اَبِیْ كَثِيْرٍ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِیُّ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَابْنُ الْمُبَارِكِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''معمر بن راشد ابوعروۃ بصری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ یمن میں رہائش پذیر رہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''معمر بن ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ حضرت ''ابراہیم بن خالد رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''معمر رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۵۳ ہجری کو ماہِ رمضان المبارک میں ہوا۔

حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' فرماتے ہیں' ان کی عمر ۵۸ برس تھی، انہوں نے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(769)مُعَاذُ بْنُ عِمْرَانَ الْمُوْصَلِیّ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِيْخِهٖ كَنَّاهُ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَبَا مَسْعُوْدٍ سَمِعَ مُغِيْرَةَ بْنَ زِيَادٍ رَوٰى عَنْهُ وَكِيْعٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ قَالَ الْخَطِيْبُ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ

حضرت ''معاذ بن عمران موصلی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' حضرت ''احمد سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کی کنیت ''ابومسعود'' رکھی۔ انہوں نے حضرت ''مغیرہ بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا اور ان سے حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں' ان کا انتقال ۱۸۵ ہجری میں ہوا۔

---

(770)مُوْسَى بْنُ طَارِقٍ التَّمِيْمِيّ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْد

حضرت ''موسیٰ بن طارق تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(771)مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فَقَالَ مَكِّىُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ بَشِيْرِ بْنِ فَرْقَدٍ اَبُوْ السَّكَنِ الْبُرْجَمِىُّ الْحَنْظَلِىُّ التَّمِيْمِىُّ الْبَلْخِىُّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ سَمِعَ بَهْزَ بْنَ حَكِيْمٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ وَهِشَامَ بْنَ حَسَّانٍ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَرْوِىْ عَنْهُ الْكَثِيْرَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَقَالَ الْخَطِيْبُ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَاَمْثَالُهُ

حضرت ''مکی بن براہیم رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''مکی بن ابراہیم بن بشیر بن فرقد ابوالسکن برجمی حنظلی تمیمی بلخی رحمۃ اللہ علیہ''۔ ان کا انتقال ۲۱۴ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''بہز بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبداللہ بن سعید بن ابو ہند رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشام بن حسان رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب میں سے ہیں اور ان مسانید میں ان کی کثیر روایات موجود ہیں۔ خطیب بغدادی نے کہا ہے' حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے ان سے روایات لی ہیں۔

---

(772)(مُوْسَى) بْنُ سُلَيْمَانَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ يَرْوِىْ عَنِ الْقَاسِمِ ابْنِ الْمُخَيْمَرَةِ يَرْوِىْ عَنْهُ الْاَوْزَاعِىُّ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''موسیٰ بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرتؒ ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''قاسم بن مخیمرہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے

روایت کی ہے اوران سے حضرت ''اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(773)مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ اَبُوْ يَعْلٰى الْحَافِظُ الْفَقِيْهُ الرَّازِيُّ سَمِعَ الْهَيْثَمَ بْنَ حُمَيْدٍ وَيَحْيٰى بْنَ اَبِيْ زَائِدَةٍ وَمُوْسَى بْنَ اَعْيُنٍ مَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''معلیٰ بن منصور رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''معلیٰ بن منصور ابویعلی حافظ فقیہ رازی رحمۃ اللہ علیہ''۔انہوں نے حضرت ''ہیثم بن حمید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''موسیٰ بن اعین رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کا انتقال ۲۱۱ ہجری میں ہوا۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(774)مُسَيَّبُ بْنُ شَرِيْكٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ هُوَ اَبُوْ سَعِيْدٍ التَّمِيْمِيُّ مَاتَ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِيْنَ وَمِائَةٍ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''مسیّب بن شریک رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''ابوسعید تمیمی رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ان کا انتقال ۱۳۶ ہجری میں ہوا۔

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(775)مَيْمُوْنُ بْنُ سَيَّاهٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَجُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَوٰى عَنْهُ اِبْنُ عَجْلَانَ وَحُمَيْدُ الطَّوِيْلُ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنْهُ اَيْضاً فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''میمون بن سیاہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ابن عجلان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''حمید الطّویل رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث بھی ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(776)مَسْرُوْحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ شِهَابٍ

يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مسروح بن عبدالرحمٰن ابوشہاب رحمۃ اللہ علیہ''

ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(777)مُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ هُوَ الثَّقَفِىُّ الْكُوْفِىُّ رَوٰى عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى وَاَبِىْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِىِّ وَابْنِ عِلَاقَةَ وَلَيْثِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمٍ رَوٰى عَنْهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِىْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مطلب بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ''

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ثقفی کوفی ہیں۔انہوں نے حضرت ''ابن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابواسحاق ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن علاقہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''لیث بن ابوسلیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(778)مَرْوَانُ الْجَزَرِىُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِىُّ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مَرْوَانُ بْنُ سَالِمٍ رَوٰى عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ وَاَبِىْ بَكْرِ بْنِ

اَبِیْ مَرْیَمَ وَصَفْوَانِ بْنِ عَمْرٍو رَوٰی عَنْهُ عَبْدُ الْمَجِیْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ وَیُقَالُ اِنَّهُ الْجَزَرِیُّ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مروان الجزری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''مروان بن سالم رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے حضرت ''عبدالملک بن ابی سلیمان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوبکر بن ابی مریم رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''صفوان بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''عبدالمجید بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ یہ منکر الحدیث ہیں، کہا گیا ہے کہ یہ ''جزری'' ہیں۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(779)مُصْعَبُ بْنُ سَلَامٍ التَّمِیْمِیُّ

ذَکَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ یُعَدُّ فِی الْکُوْفِیِّیْنَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مصعب بن سلام تمیمی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(780)مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ الْفَزَارِیُّ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ سَکَنَ مَکَّةَ سَمِعَ الْاَعْمَشَ وَابْنَ اَبِیْ خَالِدٍ وَعَاصِمَ الْاَحْوَلَ قَالَ قَالَ عَلِیُّ بْنُ سَلْمَةَ مَاتَ قَبْلَ التَّرْوِیَةِ بِیَوْمٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِیْنَ وَمِائَةٍ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''مروان بن معاویہ الفزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے، حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' یہ مکہ میں رہائش پذیر رہے۔ انہوں نے حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن ابی خالد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عاصم احول رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''علی بن سلمہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۹۳ ہجری ترویہ سے ایک دن پہلے فوت ہوئے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(781)مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ عَقِيْلٍ الْيَشْكُرِيُّ سَمِعَ اَبَاهُ وَالْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ رَوٰى عَنْهُ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ وَمِسْعَرٌ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مغیرہ بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ حضرت ''مغیرہ بن عبداللہ بن عقیل یشکری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور حضرت ''مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''جامع بن شداد رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ

اس فصل میں ان کے بعد کے محدثین کا ذکر ہے

(782)مَالِكُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ اَبِيْ عَامِرٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَحِيّ

اِمَامُ دَارِ الْهِجْرَةِ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ وَكَانَ عُمُرُهٗ خَمْساً وَثَمَانِيْنَ سَنَةً

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''مالک بن انس بن ابوعامر ابوعبداللہ اصبحی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ دارالہجرت کے امام ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔ ان کا انتقال ۱۷۹ ہجری میں ہوا۔ ان کی پیدائش ۹۴ ہجری کی ہے۔ ان کی عمر ۸۵ برس تھی۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(783)مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ مُكَرَّمُ بْنُ اَحْمَدَ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُكَرَّمٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْقَاضِيّ الْبَزَّارُ سَمِعَ يَحْيٰى بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَاَحْمَدَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّرْسِيَّ وَجَمَاعَةً مِنْ هٰذِهِ الطَّبْقَةِ قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَنَا عَنْهُ اَبُوْ الْحَسَنِ بْنِ زَرْقَوَيْهِ وَاَبُوْ الْحَسَنِ الْقَطَّانِ وَاَبُوْ عَلِيِّ بْنِ شَاذَانَ وَقَالَ اِبْنُ شَاذَانَ مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت ''مکرم بن احمد قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''مکرم بن احمد بن محمد بن مکرم ابوبکر قاضی بزار رحمۃ اللہ علیہ''۔انہوں نے حضرت ''یحییٰ بن ابوطالب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن عبیداللہ نرسی رحمۃ اللہ علیہ'' اوراس طبقے کے محدثین کی ایک جماعت سے سماع کیا ہے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہمیں ان کے واسطے سے حضرت ''ابوحسن بن زرقویہ اورابوالحسن قطان رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابوعلی بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حدیث بیان کی ہے اور حضرت ''ابن شاذان رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۳۴۵ ہجری میں ہوا۔

---

(784)مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْعِمِ الْفَزَارِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ مَنْصُوْرُ ابْنُ عَبْدِ الْمُنْعِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ اَحْمَدَ اَبُو الْقَاسِمِ بْنِ اَبِيْ الْمَعَالِيْ بْنِ اَبِيْ الْبَرَكَاتِ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الصَّاعَدِيّ الْفَزَارِيّ مِنْ اَهْلِ نَيْسَابُوْرَ مِنْ اَوْلَادِ الْاَئِمَّةِ حَدَّثَ هُوَ وَاَبُوْهُ وَجَدُّهٗ وَجَدُّ اَبِيْهِ وَجَدُّ جَدِّهٖ سَمِعَ اَبَاهُ وَجَدَّهٗ وَجَدَّ اَبِيْهِ وَاَبَا الْقَاسِمِ زَاهِرَ بْنَ طَاهِرِ الشَّحَامِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ الْجَبَّارِ ابْنَ مُحَمَّدِ الْحَوَارِيَّ وَاَبَا الْمَعَالِيِّ مُحَمَّدَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَارِسِيَّ وَغَيْرَهُمْ قَدِمَ بَغْدَادَ حَاجًّا مَعَ اَبِيْهِ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَعُمِّرَ حَتّٰى جَاوَزَ الثَّمَانِيْنَ وَحَدَّثَ بِالْكَثِيْرِ وَرَحَلَ اِلَيْهِ الطَّلَبَةُ مِنَ الْبُلْدَانِ وُلِدَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَتُوُفِّيَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''منصور بن عبدالمنعم فزاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''منصور بن عبدالمنعم بن عبداللہ بن محمد بن فضل بن احمد ابوالقاسم بن ابوالمعالی بن ابوالبرکات بن ابوعبداللہ بن ابومسعود صاعدی فزاری رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ اہل نشاپور میں سے ائمہ کی اولاد میں سے ہیں۔

انہوں نے اوران کے والد نے اوران کے دادا نے اور دادا کے دادا نے بیان کیا ہے' انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے، اپنے دادا سے سماع کیا ہے، اوراپنے باپ کے دادا سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوالقاسم زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد عبدالجبار ابن محمد حواری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالمعالی محمد بن محمد بن عبداللہ فارسی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین سے سماع کیا ہے۔ یہ اپنے والد

کے ہمراہ حج کرنے گئے تو بغداد میں بھی آئے یہ ۵۹۷ ہجری کی بات ہے، انہوں نے عمرہ کیا اور انہوں نے ۸۰ سے زیادہ عمرے کئے ہیں اور بہت زیادہ احادیث بیان کی ہیں اور مختلف شہروں سے طالبان حدیث ان کی جانب سفر کر کے آیا کرتے تھے۔ ان کی پیدائش ۵۲۲ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۶۱۸ ہجری میں ہوا۔

---

(785)مُبَارَكُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِيُّ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَلْمُبَارَكُ ابْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّيْرَفِيُّ اَبُوْ الْحُسَيْنِ اَلْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الطُّيُوْرِيِّ مُحَدِّثٌ بَغْدَادَ سَمِعَ مَا لَا يَدْخُلُ تَحْتَ الْحَصْرِ سَمِعَ اَبَا عَلِيٍّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَحْمَدِ بْنِ شَاذَانَ وَاَبَا الْقَاسِمِ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَرَمِيَّ وَالْقَاضِيَ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيَّ وَالطَّنَاجَبَزِيَّ وَالْعَتِيْقِيَّ وَالْحَسَنَ الْخَلَالَ وَاَبَا الْقَاسِمِ التَّنُوْخِيَّ وَاِبْرَاهِيْمَ بْنَ عُمَرَ الْبَرْمَكِيَّ وَاَبَا مُحَمَّدِ الْجَوْهَرِيَّ وَخَلْقاً وُلِدَ سَنَةَ اِحْدٰى عَشَرَةَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ خَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''مبارک ابن عبدالجبار بن احمد بن قاسم بن احمد بن عبداللہ صیرفی ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''ابن طیوری'' کے نام سے مشہور تھے، یہ بغداد کے محدث تھے۔ انہوں نے اس قدر احادیث کا سماع کیا ہے کہ جن کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے حضرت ''ابوعلی حسن بن علی بن احمد بن شاذان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ جرمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی ابوعبداللہ حسین بن علی صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''طناجزی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عتیقی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن خلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم تنوخی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن عمر برمکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ'' اور بہت سارے محدثین سے سماع کیا ہے۔ ان کی پیدائش ۴۱۱ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۵۰۰ ہجری میں ہوا۔

---

(786)مُوْسَى بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الْجَوْزَجَانِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ وَعُمَرَ بْنَ جَمِيْعٍ وَاَبَا يُوْسُفَ وَمُحَمَّداً صَاحِبَيْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَكَانَ فَقِيْهاً بَصِيْراً بِالرَّاْيِ يَذْهَبُ مَذْهَبَ اَهْلِ السُّنَّةِ فِي الْقُرْاٰنِ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا فَرَوٰى عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْهَاشِمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى وَبِشْرُ بْنُ الْاَسَدِيُّ عَرَضَ عَلَيْهِ الْمَاْمُوْنُ الْقَضَاءَ فَلَمْ يَقْبَلْهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت ''موسیٰ بن سلیمان ابوسلیمان جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عمر بن جمیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے صاحب ہیں ان) سے سماع کیا ہے،

یہ فقیہ تھے، رائے کی بصارت رکھنے والے تھے۔ قرآن میں اہل سنت کے مذہب کو اپنایا، بغداد کے اندر رہائش پذیر رہے اور وہیں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا۔ ان سے حضرت ''عبداللہ بن حسن ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن عیسیٰ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''بشر بن اسدی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور مامون نے ان کو مسند قضاء کی پیشکش کی تھی لیکن انہوں نے ٹھکرا دی۔

(787)مُعَافَى بْنُ زَكَرِيَّا اَبُو الْفَرَجِ الْقَاضِىْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِىْ تَارِيْخِهٖ كَانَ يَذْهَبُ مَذْهَبَ مُحَمَّدِ بْنِ جَرِيْرِ الطَّبَرِىِّ وَكَانَ مِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ فِىْ وَقْتِهٖ بِالْفِقْهِ وَالنَّحْوِ وَاللُّغَةِ وَاَصْنَافِ الْاَدَبِ وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ تِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''معافی بن زکریا ابوالفرج قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ''محمد بن جریر طبری'' کے مذہب پر تھے اور یہ اپنے زمانے میں فقہ، نحو، لغت اور ادب کے مختلف علوم کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔ ان کی پیدائش ۳۰۳ ہجری میں ہوئی اور ان کا انتقال ۳۹۰ ہجری میں ہوا۔

(788)مَعْمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ جَامِعٍ مِنَ الْمُتَاَخِّرِيْنَ

ذَكَرَهُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ وَقَالَ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ الْاَنْمَاطِىِّ كَانَ يُؤَدِّبُ الصِّبْيَانَ سَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اَبِىْ مُحَمَّدٍ الْجَوْهَرِىِّ وَاَبِى الْحُسَيْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهْتَدِىْ وَمُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْبَرَسِىِّ وَمُحَمَّدِ ابْنِ اَحْمَدَ الْاُمَوِىِّ وَاَحْمَدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ النَّقُوْرِ وَالْقَاضِىْ اَبِىْ عَلِىٍّ الْفَرَاءِ وَاَبِىْ بَكْرٍ اَحْمَدَ بْنِ عَلِىِّ بْنِ ثَابِتٍ الْخَطِيْبِ قَالَ وُلِدَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسِ مِائَةٍ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ فِيْهِ اَجْمَعُ الْمُحَدِّثُوْنَ اَنَّ الثِّقَةَ اِذَا قَالَ هٰذَا الْكِتَابُ سَمَاعِىْ جَازَ سِمَاعُهٗ سَوَاءٌ كَتَبَ سَمَاعَهٗ عَلَيْهِ اَوْ لَمْ يَكْتُبْ قَالَهُ اِبْنُ النَّجَّارِ جَوَاباً عَمَّا قِيْلَ فِيْهِ اَنَّهُ اَلْحَقَ سَمَاعَهٗ بِجُزْءٍ مِنْ تَارِيْخِ الْخَطِيْبِ قَالَ اِبْنُ نَاصِرٍ فَقُلْتُ لَهٗ لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَالَ الْكِتَابُ كُلُّهٗ سَمَاعِىْ قَالَ اِبْنُ النَّجَّارِ اَلْعَجَبُ مِنْ اِبْنِ نَاصِرٍ كَيْفَ ضَعَّفَهٗ بِهٰذَا وَقَدْ اَجْمَعَ الْمُحَدِّثُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ

حضرت ''معمر بن محمد بن حسین بن جامع رحمۃ اللہ علیہ''

یہ متاخرین میں سے ہیں۔ حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' یہ ''ابن انماطی'' کے نام سے مشہور ہیں، یہ بچوں کو ادب سکھایا کرتے تھے، انہوں نے بہت ساری احادیث حضرت ''ابومحمد جوہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین محمد بن مہتدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد برسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن احمد اموی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن محمد بن نقور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاضی ابوعلی فراء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر احمد بن علی بن ثابت خطیب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سنی ہیں۔ حضرت ''حافظ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی

پیدائش ۴۴۵ ہجری کی ہے اور ان کا انتقال ۵۱۴ ہجری میں ہوا۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے بارے میں کہا ہے' محدثین کا اس بات پر اجماع کے کہ ثقہ جب کہے کہ یہ کتاب میری سماع کردہ ہے تو اس کا سماع جائز ہے چاہے اس پر اپنے سماع کو لکھا ہو یا نہ لکھا ہو، یہ بات حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اس چیز کے جواب میں کہی تھی، جب کہا گیا' انہوں نے اپنے سماع کو خطیب کی تاریخ کے ایک جزء سے ملا دیا ہے۔

حضرت ''بن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے ان سے کہا' آپ نے ایسا کیوں کیا؟ تو انہوں نے کہا: یہ کتاب ساری کی ساری میں نے سماع کی ہے۔

حضرت ''ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابن ناصر رحمۃ اللہ علیہ'' پر بہت تعجب کی بات ہے، ان کو ضعیف کیسے قرار دے دیا جب کہ محدثین کا ان پر اجماع ہے۔

---

(789)مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى الْخَوَارَزِمِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَهُشَيْمِ بْنِ بَشِيْرٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِدْرِيْسَ وَالْقَاسِمِ بْنِ مَالِكٍ الْمَدَنِيِّ وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ وَاَبِيْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرِ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى الذُّهْلِيُّ وَاَبُوْ زُرْعَةَ وَاَبُوْ حَاتِمٍ وَاِبْرَاهِيْمُ الْحَرْبِيُّ وَاَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النِّسَائِيُّ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''مجاہد بن موسیٰ خوارزمی رحمۃ اللہ علیہ''۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' یہ بغداد کے اندر رہے ہیں، وہاں پر انہوں نے حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشیم بن بشیر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' عبداللہ بن ادریس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''قاسم بن مالک مدنی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' ابو بکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو معاویہ ضریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن یحییٰ زہلی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم حربی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو عبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ''، نے روایت کی ہے۔ ان کا انتقال ۲۴۴ ہجری میں ہوا۔

---

(790)مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَزْدِيُّ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْمُهَلَّبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُبَيْبٍ اَبُوْ عَمْرٍو كُوْفِيُّ الْاَصْلِ سَمِعَ زَائِدَةَ بْنَ قُدَامَةَ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْمَسْعُوْدِيَّ وَجَرِيْرَ بْنِ حَازِمٍ وَاَبَا اِسْحَاقَ الْفَزَارِيَّ رَوٰى عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَبُوْ خَيْثَمَةَ وَعَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ النَّاقِدِ وَزِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَدِيُّ وَغَيْرُهُمْ مَاتَ سَنَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت ''معاویہ بن عمر ازدی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں کہا ہے' حضرت ''معاویہ بن عمرو بن مہلب بن عمرو بن شبیب ابوعمرو رحمۃ اللہ علیہ'' یہ کوفی الاصل ہیں ۔انہوں نے حضرت ''زائدہ بن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدالرحمٰن مسعودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن حازم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو اسحاق فزاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو خیثمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عمرو بن محمد ناقد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زیاد بن ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صاعدی رحمۃ اللہ علیہ''، اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۱۴ ہجری میں ہوا۔اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

بَابُ النُّوْنِ

(791)نُعْمَانُ بْنُ بَشِيْرِ بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيُّ

قَالَ الْبُخَارِيُّ كُنِّيَتُهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بَعَثَهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ اَمِيْرًا عَلَى الْكُوْفَةِ فَكَانَ عَلَيْهَا سَبْعَةَ اَشْهُرٍ

حضرت ''نعمان بن بشیر بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے، حضرت ''معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ'' نے ان کو کوفہ کا امیر بنا کر بھیجا تھا اور یہ ۷ برس وہاں پر رہے۔

---

(792)نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمِ الْمَدَنِيُّ

يُقَالُ لَهُ صُحْبَةٌ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْقُرَشِيُّ الْحِجَازِيُّ يَرْوِيْ عَنْ اَبِيْهِ وَعُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ يَرْوِيْ عَنْهُ الزُّهْرِيُّ

حضرت ''نافع بن جبیر بن مطعم مدنی رضی اللہ عنہ''

کہا جاتا ہے کہ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ابومحمد قرشی حجازی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ اپنے والد سے، حضرت ''عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ'' سے اور حضرت ''ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

---

(793)نَصْرُ بْنُ طَرِيْفِ بْنِ جُزْءٍ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ طَرِيْفٍ اَبُوْ جُزْءٍ وَسَكَتُوْا عَنْهُ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''نصر بن طریف بن جزء رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن طریف ابوجزء رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بارے میں مؤرخین کی خاموشی ہے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ رَوٰی عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ مِنَ التَّابِعِیْنَ

اس فصل میں ان تابعین کا ذکر ہے جن سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' روایت کرتے ہیں

(794)نَافِعُ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

قَالَ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ هُوَ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ الْعَدَوِیُّ مَدَنِیٌّ سَمِعَ اِبْنَ عُمَرَ وَاَبَا سَعِیْدِ الْخُدْرِیَّ رَوٰی عَنْهُ الزُّهْرِیُّ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَاَیُّوْبُ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَقَالَ حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ مَاتَ نَافِعٌ سَنَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ وَمِائَةٍ وَقَالَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ نَافِعٍ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ لَا اُبَالِیْ اَنْ لَا اَسْمَعَهٗ مِنْ غَیْرِهٖ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ''

جو کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''عبداللہ بن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' کے آزاد کردہ ہیں، یہ عدوی ہیں، مدنی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''ابوسعید رضی اللہ عنہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ایوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن عمر رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۱۱۷ ہجری میں ہوا اور حضرت ''مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' جب میں حضرت ''نافع رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہما'' سے کوئی حدیث سن لیتا ہوں تو پھر مجھے اس چیز کی کوئی پرواہ نہیں رہتی کہ میں نے یہ کسی اور سے کیوں نہیں سنا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(795)نَاصِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَجْلَانَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ فَقَالَ نَاصِحُ اِبْنُ عَجْلَانٍ كَانَ فِیْ بَنِیْ سَلَمٍ رَوٰی عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْخَطَّابِ یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ (یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ناصح بن عبداللہ بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''ناصح بن عجلان رحمۃ اللہ علیہ''، یہ حضرت ''

بنی سلم رحمۃ اللہ علیہ'' میں ہوتے تھے۔انہوں نے حضرت ''سماک بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے اور حضرت ''عبدالعزیز بن خطاب رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے ان کا کوفیین میں شمار ہوتا ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(796)اَلنَّزَالُ بْنُ سَبُرَةَ الْهَلَالِيُّ الْعَامِرِيّ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ رَوٰى عَنْهُ الشَّعْبِيُّ وَكَانَ صَاحِبُ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''نزال بن سبرہ ہلالی العامری رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے ان سے حضرت ''شعبی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے اور یہ حضرت ''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ'' کے صاحب تھے۔

.....

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

اس فصل میں ان محدثین کا ذکر ہے جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے

(797)نَافِعُ الْمُقْرِئُ

هُوَ نَافِعُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ نُعَيْمٍ الْمَدَنِيُّ الْمُقْرِئُ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نافع المقری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''نافع بن عبدالرحمٰن بن ابونعیم مدنی مقری رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں۔ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(798)نُعَيْمُ بْنُ عُمَرَ الْمَدَنِيُّ

وَقِيْلَ الْمَرْوَزِيُّ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نعیم بن عمر مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق یہ ''مروزی'' ہیں۔ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

(799)نُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ نُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْكُوْفِيُّ مَوْلَى النَّخْعِيِّ حَدَّثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى وَسُلَيْمَانِ الْاَعْمَشِ وَمُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شِبْرِمَةَ وَمُسْلِمِ بْنِ كَيْسَانَ الْمَلَائِيِّ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ قَاضِي الْجَانِبِ الشَّرْقِيِّ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ قَاضِي الْكُوْفَةِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نوح بن دراج رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''نوح بن دراج ابومحمد کوفی رحمۃ اللہ علیہ'' یہ نخعی کے آزاد کردہ ہیں۔انہوں نے حضرت ''محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مسلم بن کیسان ملائی رحمۃ اللہ علیہ'' سے حدیث بیان کی ہے۔ان کا انتقال ۱۸۲ ہجری میں ہوا اور یہ شرقی جانب کے قاضی تھے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' یہ کوفہ کے قاضی تھے۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(800)نُوْحُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمٍ

وَيُقَالُ لَهُ الْجَامِعُ ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ قَاضِيْ مَرْوَ اَبُوْ عِصْمَةَ وَاهِي الْحَدِيْثِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ يَرْوِيْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نوح بن ابومریم رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کو ''جامع'' کہا جاتا ہے۔حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ ''مرو'' کے قاضی ابوعصمہ ہیں اور یہ واہی الحدیث ہیں۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

(801)نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ اَبُوْ سَهْلٍ الْبَلَخِيُّ

اَلْمَعْرُوْفُ الصَّيْقَلُ صَاحِبُ مَجْلِسِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَكَانَ فَقِيْهاً رَوٰى عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مَاتَ بِبَغْدَادَ عِنْدَ اَبِيْ يُوْسُفَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''نصر بن عبدالکریم ابوسہل بلخی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ صیقل کے حوالے سے مشہور ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی مجلس میں بیٹھنے والے ہیں، یہ فقیہ تھے، ان کی امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔ ان کا انتقال ۱۹۹ ہجری میں حضرت ''امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے قریب بغداد میں ہوا۔

.....

(802)نُعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ اَبُوْ الْمُنْذِرِ

يَرْوِىْ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِىْ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''نعمان بن عبدالسلام ابومنذر رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''ابن جریج رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

.....

فَصْلٌ فِىْ ذِكْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(803)نَصْرُ اللّٰهِ الْقَزَّازُ

ذَكَرَهُ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِىْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُبَارِكٍ الشَّيْبَانِىُّ اَبُوْ السَّعَادَاتِ ابْنِ اَبِىْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِىْ غَالِبٍ الْقَزَّازِ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ زُرَيْقٍ مِنْ اَهْلِ الْحَرِيْمِ الطَّاهِرِىِّ مِنْ اَوْلَادِ الْمُحَدِّثِيْنَ بَكَّرَ بِهٖ فِىْ سِمَاعِ الْحَدِيْثِ فَسَمِعَ مِنْ جَدِّهٖ اَبِىْ غَالِبٍ وَاَبِىْ سَعْدٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ خُنَيْسٍ وَاَبِى الْحُسَيْنِ الْمُبَارِكِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصَّيْرَفِىِّ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ وَاَرْبَعِ مِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَمَانِيْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''نصر اللہ قزاز رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' حضرت ''نصر اللہ بن عبد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالواحد بن حسن بن مبارک شیبانی ابوسعادات بن ابومنصور بن ابوغالب قزاز رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''ابن زریق'' کے نام سے مشہور تھے۔ یہ اہل حریم ہیں، ظاہری ہیں اور محدثین کی اولاد میں سے ہیں۔ بہت چھوٹی عمر میں حدیث کے سماع کا آغاز کر دیا تھا، اپنے دادا حضرت ''ابوغالب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور حضرت ''ابوسعد محمد بن عبدالکریم بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالحسین مبارک بن عبدالجبار صیرفی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ ان کی ولادت ۴۹۱ ہجری میں ہے ان کا انتقال ۵۸۳ ہجری میں ہے۔

(804)نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هَمَّامِ بْنِ سَلْمَةَ بْنِ مَالِكٍ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ

كَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ طَهْمَانَ حَدِيْثًا وَاحِدًا وَسَمِعَ الْكَثِيْرَ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ وَسُفْيَانِ بْنِ عُيَيْنَةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَالْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى رَوٰى عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ وَاَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ الرَّمَادِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقِ الصِّغَانِيُّ وَمَاتَ فِيْ سِجْنِ السَّامِرَا سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''نعیم بن حماد بن معاویہ بن حارث بن ہمام بن سلمہ بن مالک ابوعبداللہ خزاعی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے' انہوں نے حضرت ''ابراہیم بن طہمان رحمۃ اللہ علیہ'' سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے۔ اور حضرت ''ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ'' سے بہت ساری احادیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منصور رمادی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صغانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۲۸ ہجری کو سامرا کی قید میں ہوا۔

---

(805)نَصْرُ بْنُ مُغِيْرَةَ الْبُخَارِيُّ

ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ اَبُو الْفَتْحِ الْبُخَارِيُّ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ وَخَاتَمِ بْنِ وَرْدَانَ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارِكِ وَعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ وَسُئِلَ عَنْهُ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ فَقَالَ هُوَ ثِقَةٌ كَتَبْتُ عَنْهُ

حضرت ''نصر بن مغیرہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن مغیرہ ابوالفتح بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور انہوں نے وہاں پر حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''خاتم بن وردان رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی۔ اور ان سے حضرت ''محمد بن عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عباس بن محمد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ ان کے بارے میں حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا: وہ ثقہ ہیں، میں نے ان کے حوالے سے احادیث لکھی ہیں۔

---

(806)نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ سَوْرَةَ اَبُو اللَّيْثِ الْمَرْوَزِيُّ سَكَنَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِيِّ وَرَوٰى عَنْهُ الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّوْرِيُّ رَوَى الْخَطِيْبُ بِاِسْنَادِهٖ عَنْهُ عَنِ الْمُقْرِيِّ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ

وَسَلَّمَ وَضَعَ لِاَمَتَهُ وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَا بِثَوْبٍ فَصَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحاً بِهٖ

حضرت ''نصر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن احمد بن ابوسورہ ابواللیث مروزی رحمۃ اللہ علیہ''۔ یہ بغداد میں رہائش پذیر رہے اور انہوں نے وہاں پر حضرت ''ابوعبدالرحمٰن مقری رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے۔ اور ان سے حضرت ''عباس بن محمد دوری رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ خطیب بغدادی نے اپنی اسناد کے ہمراہ، حضرت ''مقری رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے، حضرت ''حارث بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابوصالح رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ام ہانی رضی اللہ عنہا'' سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا خود اتارا، پانی منگوایا، وضو کیا، پھر کپڑا منگوایا اور ایک کپڑے کو لپیٹ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔

---

(807)نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ نَصْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ نَصْرِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْكِنْدِيّ الْمَعْرُوْفُ بِنَصْرِكَ كَانَ اَحَدُ اَمَاثِلِ اَهْلِ الْحَدِيْثِ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ بَكَّارٍ وَخَلْقاً كَثِيْرًا وَقَالَ كَانَ خَالِدُ بْنُ اَحْمَدَ الذُّهْلِيُّ اَمِيْرَ بُخَارٰى قَدْ حَمَلَهُ اِلَيْهِ فَاَقَامَ عِنْدَهُ وَوَضَعَ لَهُ الْمُسْنَدَ وَحَدَّثَ هُنَاكَ فَوَقَعَ حَدِيْثُهُ عِنْدَ الْبُخَارِيِّيْنَ وَرَوٰى عَنْهُ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ قَالَ اَبُوْ الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ ابْنُ عُقْدَةَ مَوْلِدُهٗ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَمَاتَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ (يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاُسْتَاذُ عَبْدُ اللّٰهِ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِيّ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

حضرت ''نصر بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' حضرت ''نصر بن احمد بن نصر بن عبدالعزیز ابو محمد کندی رحمۃ اللہ علیہ''، یہ ''نصرک'' کے نام سے مشہور تھے۔ یہ اہل فضل محدثین میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عمر قواریری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن بکار رحمۃ اللہ علیہ'' اور خلق کثیر سے سماع کیا ہے۔ حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''خالد بن احمد زہلی رحمۃ اللہ علیہ'' جو کہ بخاریٰ کے امیر تھے، ان کو ان کے پاس پہنچایا گیا اور انہوں نے ان کو اپنے پاس رکھا اور ان کے لئے مسند رکھی اور وہاں پر انہوں نے درسِ حدیث دیا تو ان کی حدیث بخاریین میں بھی پہنچ گئی اور اہل عراق نے ان سے روایت کی ہے۔ حضرت ''ابوالعباس احمد بن عقدہ رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' ان کی پیدائش ۲۲۳ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۲۹۳ ہجری میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''استاذ ابوعبداللہ ابومحمد بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے حدیث روایت کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ اعلم

بَابُ الْوَاوِ

(808)وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ

ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ فَقَالَ اِبْنُ حُجْرٍ الْحَضَرِمِيُّ الْكِنْدِيُّ لَهٗ صُحْبَةٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ''وائل بن حجر رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''وائل بن حجر حضرمی کندی رضی اللہ عنہ''۔ان کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل ہے۔

---

(809)وَقِيَانُ بْنُ يَعْقُوْبَ

اَوْرَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ وِقْيَانُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْكِنْدِيُّ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى وَمُصْعَبَ بْنَ سَعِيْدٍ رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''وقیان بن یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے حضرت ''وقیان بن یعقوب ابو یعقوب کندی رحمۃ اللہ علیہ''۔انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن ابی اوفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مصعب بن سعید رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(810)وَاصِلُ بْنُ حَيَّانَ

قَالَ الْبُخَارِيُّ وَاصِلُ بْنُ حَيَّانَ الْاَسَدِيُّ الْكُوْفِيُّ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ مَاتَ سَنَةَ عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ سَمِعَ اَبَا وَائِلٍ وَمُجَاهِداً رَوٰى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ وَشُعْبَةُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

(يَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَيَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''واصل بن حیان رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''واصل بن حیان رحمۃ اللہ علیہ''، یہ اسدی ہیں، کوفی ہیں۔ حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ان کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ہوا۔ انہوں نے حضرت ''ابووائل رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''مجاہد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ اور ان سے حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''شعبہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(811)وَلَّادُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ اَلْمَدَنِيّ

يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ولاد بن داؤد بن علی مدنی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(812)وَلِيْدُ بْنُ سَرِيْعٍ

مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ولید بن سریع رحمۃ اللہ علیہ''

عمرو بن حریث کے آزاد کردہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی ان سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

فَصْلٌ فِيْ ذِكْرِ اَصْحَابِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِيْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

اس فصل میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب کا ذکر ہے

(813)وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ

قَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ بْنِ مَلِيْحِ بْنِ قَيْسِ بْنِ غَيْلَانَ سَمِعَ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ اَبِيْ خَالِدٍ وَالثَّوْرِيَّ وَالْاَعْمَشَ وَابْنَ عَوْنٍ رَوٰى عَنْهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَيَحْيٰى بْنُ آدَمَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وُلِدَ وَكِيْعٌ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ وَقَالَ الْخَطِيْبُ رَوٰى عَنْهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ نُعَيْمٍ وُلِدَ سَنَةَ ثَلَاثِيْنَ وَمَاتَ وَكِيْعٌ سَنَةَ سَبْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

يَقُوْلُ اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ مِنْ شُيُوْخِ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلَ وَشَيْخُ شُيُوْخِ الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ وَيَرْوِيْ عَنِ

اَلْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''وکیع بن جراح بن ملیح بن قیس بن غیلان رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''اسماعیل بن ابو خالد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ثوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اعمش رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابن عون رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔اور ان سے حضرت ''ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن آدم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۱۲۹ ہجری میں ہوئی۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے' ان سے حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے،ان کی پیدائش ۱۳۰ ہجری میں ہے اور ان کا انتقال ۱۹۷ ہجری میں ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: یہ حضرت ''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ میں سے ہیں اور حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ'' کے شیوخ کے شیوخ میں سے ہیں اور یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں درج ہیں۔

.....

(814)وَلِیْدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِیْدِ الْهَمْدَانِیُّ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ وَقَالَ یَرْوِیْ عَنْ اَبِیْهِ یُعَدُّ فِی الْكُوْفِیِّیْنَ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''ولید بن قاسم بن ولید ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے' یہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور ان کا شمار کوفیین میں ہوتا ہے۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: ان کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں

.....

(815)وُهَیْبُ بْنُ الْوَرْدِ

وَ كُنْیَتُهٗ اَبُوْ عُثْمَانَ وَهُوَ اَخُوْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ الْوَرْدِ وَیُقَالُ اَبُوْ اُمَیَّةَ الْمَكِّیُّ اَوْرَدَهُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ یُقَالُ عَبْدُ الْوَهَّابِ الْمَكِّیُّ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَیَرْوِیْ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

(قَالَ) الْخَطِيْبُ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ بِاِسْنَادِهٖ اِلٰى اَبِىْ يُوْسُفَ الْقَاضِىْ قَالَ تُوُفِّىَ اَبِىْ اِبْرَاهِيْمَ وَتَرَكَنِىْ يَتِيْمًا فِىْ حِجْرِ اُمِّىْ فَاَسْلَمَتْنِىْ اِلٰى قِصَارٍ اَخْدِمُهٗ وَكُنْتُ اَتْرُكُهٗ وَاَمَرَ اِلٰى حَلْقَةِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَاَجْلِسُ فِيْهَا وَاَسْتَمِعُ وَكَانَتْ اُمِّىْ تُجِىْءُ خَلْفِىْ اِلَى الْحَلْقَةِ وَتَاْخُذُ بِيَدِىْ وَتُسَلِّمُنِىْ اِلَى الْقَصَّارِ فَلَمَّا طَالَ عَلَيْهَا ذٰلِكَ قَالَتْ لِاَبِىْ حَنِيْفَةَ مَا لِهٰذَا الصَّبِىِّ فَسَادَ غَيْرُكَ هٰذَا صَبِىٌّ يَتِيْمٌ لَا شَىْءَ لَهٗ وَاَنَا اُطْعِمُهٗ مِنْ مَغْزَلِىْ وَاُوَمِّلُ اَنْ يَكْتَسِبَ دَانِقًا يُنْفِقُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ فَقَالَ لَهَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ اِذْهَبِىْ يَا رَعْنَاءُ هٰذَا يَتَعَلَّمُ اَكْلَ الْفَالُوْذَجِ بِدُهْنِ الْفُسْتُقِ فَانْصَرَفَتْ عَنْهُ وَهِىَ تَقُوْلُ اَنْتَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ وَذَهَبَ عَقْلُكَ ثُمَّ لَزِمْتُهٗ فَنَفَعَنِىَ اللّٰهُ بِالْعِلْمِ وَرَزَقَنِىْ حَتّٰى تُقُلِّدْتُ الْقَضَاءَ وَكُنْتُ اُجَالِسُ الرَّشِيْدَ وَآكُلُ مَعَهٗ عَلٰى مَائِدَتِهٖ فَلَمَّا كَانَ فِىْ بَعْضِ الْاَيَّامِ قَدِمَ اِلَى الرَّشِيْدِ فَالُوْذَجَةٌ فَقَالَ يَا يَعْقُوْبُ كُلْ فَمَا كُلُّ يَوْمٍ يَعْمَلُ لَنَا مِثْلَهَا فَقُلْتُ وَمَا هٰذِهٖ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَالَ هٰذِهٖ فَالُوْذَجَةٌ بِدُهْنِ الْفُسْتُقِ فَضَحِكْتُ فَقَالَ مِمَّ تَضْحَكُ فَقُلْتُ خَيْرًا اَبْقَى اللّٰهُ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ لَتُخْبِرُنِّىْ فَاَلَحَّ عَلَىَّ فَاَخْبَرْتُهٗ بِالْقِصَّةِ مِنْ اَوَّلِهَا اِلٰى آخِرِهَا فَعَجِبَ مِنْ ذٰلِكَ وَقَالَ لَعُمْرِىْ اِنَّ الْعِلْمَ لَيَرْفَعُ وَيَنْفَعُ دِيْنًا وَدُنْيَا وَتَرَحَّمَ

عَلٰی اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَقَالَ کَانَ یَنْظُرُ بِعَیْنِ عَقْلِهٖ مَا لَا یَرَاهُ بِعَیْنِ رَاْسِهٖ

(قَالَ) الْخَطِیْبُ اَخْبَرَنَا الْخِلَالُ اَخْبَرَنَا الْجَرِیْرِیُّ عَلِیُّ بْنُ عَمْرٍو اَنَّ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدِ النَّخْعِیَّ حَدَّثَهُمْ قَالَ حَدَّثَنَا نُجَیْحُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ کُنَّا یَوْمًا عِنْدَ وَکِیْعِ بْنِ الْجَرَّاحِ فَقَالَ رَجُلٌ اَخْطَاَ اَبُوْ حَنِیْفَةَ فَقَالَ وَکِیْعٌ وَکَیْفَ یَقْدِرُ اَبُوْ حَنِیْفَةَ اَنْ یَّخْطَاءَ وَمَعَهٗ مِثْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ وَزُفَرَ فِیْ قِیَاسِهِمَا وَمِثْلُ یَحْیٰی بْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ وَحَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ وَحَبَّانُ وَمِنْدَلُ اِبْنَا عَلِیٍّ فِیْ حِفْظِهِمْ لِلْحَدِیْثِ وَالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ فِیْ مَعْرِفَتِهٖ بِاللُّغَةِ وَدَاوٗدُ الطَّائِیُّ وَفُضَیْلُ بْنُ عَیَّاضٍ فِیْ زُهْدِهِمَا وَوَرْعِهِمَا وَکَانَ مَعَهٗ مِنْ هٰؤُلَاءِ سِتَّةٌ وَّثَلَاثُوْنَ رَجُلًا مِنْهُمْ ثَمَانِیَةٌ وَعِشْرُوْنَ یَصْلُحُوْنَ لِلْقَضَاءِ وَاَصْحَابُ الْفَتْوٰی وَاَشَارَ اِلٰی اَبِیْ یُوْسُفَ وَزُفَرَ قَالَ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَیْنِ وَثَمَانِیْنَ وَمِائَةٍ وَهُوَ اِبْنُ تِسْعٍ وَّتِسْعِیْنَ سَنَةً وَوُلِدَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّمِائَةٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ هُوَ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ الْحَادِیْ عَشَرَ مِنْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ عَلٰی مَا ذَکَرْنَا فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ

حضرت امام ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ''

مسلمانوں کے قاضی القضاۃ ہیں۔ان کا نام ''یعقوب بن حبیب بن خنیس بن سعد بن حبتہ بن معونہ رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔اور سعد کی والدہ حبتہ بنت مالک ہیں، ان کا تعلق بنی عمر بن عوف انصاری سے ہے۔خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' یہ کوفی الاصل ہیں، انہوں نے حضرت ''شیبانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان اعمش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ہشام بن عروہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبیداللہ بن عمر عمری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حنظلہ بن ابی سفیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عطاء بن سائب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق بن یسار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حجاج بن ارطاۃ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن دینار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''لیث بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ایوب بن عتبہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد ناقد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن مسلم طوسی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبدوس بن بشر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن شبیب رحمۃ اللہ علیہ'' نے آخرین میں روایت کیا ہے۔

آپ بغداد میں رہتے تھے، موسیٰ ہادی نے آپ کو وہاں کی مسند قضاء پر فائز کر دیا، پھر ان کے بعد ہارون الرشید نے اس مسند پر قائم رکھا، یہ وہ پہلے شخص ہیں جن کو اسلام کے اندر ''قاضی القضاۃ'' کے نام سے پکارا گیا۔

حضرت ''امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہتے ہیں' حضرت سعد رضی اللہ عنہ ان کے باپ کے دادا ہیں، یہ وہی شخص ہیں جن کو جنگ احد کے دن حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ اور حضرت ''ابن عمر رضی اللہ عنہ'' کے ہمراہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پیش کیا گیا تھا لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کمسنی کے باعث ان کو واپس بھیج دیا تھا۔

حضرت ''حبیب بن سعد رحمۃ اللہ علیہ'' یہ حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کے دادا ہیں اور یہ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

حضرت ''ابو کامل القاضی رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' حضرت ''ابو سف رحمۃ اللہ علیہ'' یہ موسیٰ الہادی اور ہارون الرشید کی جانب سے بغداد کے قاضی رہے، حضرت ''یحییٰ بن معین احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ'' کے اندران کے ثقہ ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، انہوں نے حضرت امام ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کو جانب غربی میں اپنا خلیفہ بنایا تھا اور ہارون رشید نے ان کو ان کے عہدے پر برقرار رکھا اور ان کے والد کے انتقال کے بعد قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز کیا۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں: حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' ہم نے ان سے بہت احادیث لکھی ہیں، حضرت ''ابوالفضل رحمۃ اللہ علیہ''، یعنی حضرت ''عباس رحمۃ اللہ علیہ'' کہتے ہیں' میں نے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: سب سے پہلے جب مجھے طلب حدیث تھی تو میں حضرت ''ابو یوسف القاضی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس گیا اور پھر اس کے بعد مجھے مزید طلب ہوئی اور میں نے اور لوگوں سے بھی لکھا ہے۔

خطیب بغدادی کہتے ہیں' ہمیں حضرت ''حسن بن ابو بکر رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی اسناد حضرت ''ابو یوسف قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' تک پہنچا کر بیان کیا ہے' وہ فرماتے ہیں' میرے والد حضرت ''ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' فوت ہو گئے اور مجھے یتیم چھوڑ گئے' میں اپنی ماں کی پرورش میں تھا ،میری والد ہ نے مجھے ایک دھوبی کے سپرد کر دیا، میں اس کی خدمت کیا کرتا تھا اور میں اس کو چھوڑ کر حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حلقہ میں جا بیٹھتا تھا اور وہاں سے فائدہ حاصل کیا کرتا تھا، میری والدہ میرے پیچھے حلقے میں آتی، میرا ہاتھ تھام لیتی اور مجھے پکڑ کر پھر دھوبی کے پاس لے جاتی۔ ایک عرصے تک سلسلہ چلتا رہا۔ ایک دن میری والدہ نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے کہا: اس بچے کو آپ کے علاوہ اور کسی نے نہیں بگاڑا ہے، یہ یتیم بچہ ہے اس کے پاس کچھ نہیں ہے، میں چرخہ کات کر اس کا گزارا کراتی ہوں، اور میں امید رکھتی ہوں کہ یہ اپنے خرچے کے لئے تو تھوڑی بہت کمائی کر لے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے فرمایا: اے رعناء (ناسمجھ خاتون) آپ چلی جاؤ! یہ علم حاصل کرتا رہے یہ (ایک دن) پستے والا فالودہ کھائے گا۔

وہ خاتون چلی گئی اور وہ یہ کہہ رہی تھی'' تو پاگل بوڑھا ہے، تیری تو عقل ہی ختم ہوگئی ہے'' پھر میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے حلقے میں رہنے لگ گیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے علم سے نوازا اور مجھے رزق بھی عطا کیا یہاں تک کہ میں مسند قضاء تک پہنچا

میں ہارون رشید کے پاس بیٹھا کرتا تھا، میں اس کے ساتھ دستر خوان پر کھایا کرتا تھا، ایک دن ہارون الرشید کے پاس پستے والا فالودہ آیا، انہوں نے کہا: اے یعقوب! تم بھی اس کو کھالو اور روزانہ جو ہمارے لئے کام کرے گا اس کو یہی ملے گا۔ میں نے کہا: اے امیر المومنین! یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: پستے والا فالودہ ہے، میں ہنس پڑا۔ انہوں نے میرے ہنسنے کی وجہ پوچھی، میں نے کہا: ایک بھلائی ہے، اللہ نے امیر المومنین پر ڈالی ہے۔ پھر انہوں نے کہا: تم مجھے بتاؤ۔ انہوں نے بہت اصرار کیا تو میں نے ان کو اول سے لے کر آخر تک پورا قصہ سنایا تو ان کو اس بات پر بہت تعجب ہوا اور فرمایا: میری عمر کی قسم! بے شک علم بلند ہوتا ہے اور دین اور دنیا دونوں کا نفع دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' پر رحم کرے اور فرمایا: وہ اپنی عقل کی آنکھ سے وہ کچھ دیکھ لیا کرتے تھے جو سر کی آنکھ سے نہیں دیکھا جا سکتا تھا۔

خطیب بغدادی نے کہا ہے، ہمیں خلال نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں، ہمیں حضرت ''جریری رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں، ہمیں خبر دی ہے حضرت ''علی بن عمرو رحمۃ اللہ علیہ'' نے، ان کو حضرت ''علی بن محمد نخعی رحمۃ اللہ علیہ'' نے خبر دی ہے، وہ کہتے ہیں، مجھے حضرت ''نجیح بن ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ'' نے بتایا ہے، وہ کہتے ہیں: ایک دن ہم حضرت ''وکیع بن جراح رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس تھے، ایک شخص نے کہا: ابوحنیفہ نے خطا کر لی ہے۔ حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا: ابوحنیفہ خطا کر کیسے سکتے ہیں؟ ان کے پاس حضرت ''ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' جیسے قیاس کے ماہر لوگ موجود ہیں، اور حضرت ''یحییٰ بن ابی زائدہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حفص بن غیاث رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حبان بن علی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مندل بن علی رحمۃ اللہ علیہ'' جیسے حافظ الحدیث لوگ موجود ہیں۔ حضرت ''قاسم بن معن رحمۃ اللہ علیہ'' لغت کے ماہر ان کے پاس موجود ہیں۔ حضرت ''داؤد الطائی رحمۃ اللہ علیہ'' حضرت ''فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ'' جیسے زاہد اور متقی لوگ ان کے پاس موجود ہیں، اور ان کے پاس اس طرح کے ۳۶ آدمی ہیں، ان میں سے ۲۸ آدمی مسند قضا کے قابل ہیں اور اصحاب فتویٰ ہیں اور انہوں نے حضرت ''ابو سف رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''زفر رحمۃ اللہ علیہ'' کی جانب اشارہ کیا تھا۔ آپ فرماتے ہیں: ان کا انتقال ۱۸۲ ہجری میں ہوا اس وقت ان کی عمر ۹۹ برس تھی اور ان کی پیدائش ۱۰۴ ہجری میں ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: گیارہویں مسند انہیں کی مرتب کردہ ہے اس کا ذکر کتاب کے آغاز میں کر دیا گیا ہے۔

فَصْلٌ فِیْ ذِکْرِ مَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ الْمَشَائِخِ

اس فصل میں ان کے بعد کے مشائخ کا ذکر ہے

(867) یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنِ بْنِ عَوْنِ بْنِ زِیَادِ بْنِ بِسْطَامِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

وَقِیْلَ یَحْیٰی ابْنُ مَعِیْنِ بْنِ غِیَاثِ بْنِ زِیَادِ بْنِ عَوْنِ بْنِ بِسْطَامٍ اَبُوْ زَکَرِیَّا الْمُرِّیُّ مُرَّةَ غَطْفَانَ هٰکَذَا ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارَكِ وَهُشَیْماً وَعِیْسَی بْنَ یُوْنُسَ وَسُفْیَانَ بْنَ عُیَیْنَةَ وَغُنْدَرًا وَمَعَاذَ بْنَ مَعَاذٍ وَیَحْیٰی بْنَ سَعِیْدِ الْقَطَّانِ وَوَکِیْعاً وَاَبَا مُعَاوِیَةَ فِیْ اَمْثَالِهِمْ رَوٰی عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَاَبُوْ خَیْثَمَةَ زُهَیْرِ بْنِ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ ابْنُ سَعْدِ الْکَاتِبِ وَجَمَاعَةٌ قَالَ وُلِدتُّ فِیْ خِلَافَةِ اَبِیْ جَعْفَرَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِیْنَ وَمِائَةٍ فَقَالَ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْاَنْبَارِ مِنْ قَرْیَةٍ یُقَالُ لَهَا نَفِسْتَا یُقَالُ اِنَّ فَرْعَوْنَ مِنْهَا کَانَ اَبُوْهُ عَلِیٌّ خِرَاجُ الرَّیِّ فَتَرَكَ لِاِبْنِهٖ یَحْیٰی اَلْفَ اَلْفٍ وَخَمْسِیْنَ اَلْفِ دِرْهَمٍ فَاَنْفَقَ کُلَّ ذٰلِكَ فِی الْحَدِیْثِ حَتّٰی لَمْ یَبْقَ لَهٗ نَعْلٌ یَلْبَسُهٗ قَالَ الْخَطِیْبُ قَالَ عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَلْفِ النَّسَفِیِّ سَاَلْتُ اَبَا عَلِیٍّ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدٍ مَنْ اَعْلَمُ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ اَمْ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ فَقَالَ اَمَّا اَحْمَدُ فَاَعْلَمُ بِالْفِقْهِ وَاِخْتِلَافِ النَّاسِ وَاَمَّا یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ فَاَعْلَمُ بِالرِّجَالِ وَاِخْتِلَافِ الْکُنٰی مَاتَ بِمَدِیْنَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ وَسِنُّهٗ سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ سَنَةً رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''یحییٰ بن معین بن عون بن زیاد بن بسطام بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق یہ ''یحییٰ بن معین بن غیاث بن زیاد بن عون بن بسطام ابوزکریا مری'' ہیں یہ مروہ غطفان کے رہنے والے تھے۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''ہشیم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عیسیٰ بن یونس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''غندر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''معاذ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''وکیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومعاویہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین سے سماع کیا ہے۔ان سے حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوخیثمہ زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن سعد الکاتب رحمۃ اللہ علیہ'' اور ایک جماعت نے روایت کی ہے۔

آپ فرماتے ہیں' میں حضرت ''ابوجعفر رحمۃ اللہ علیہ'' کے دورِ حکومت میں ۱۵۸ ہجری میں پیدا ہوا، اور آپ فرماتے ہیں' یہ ''نفستا'' نامی بستی کے اہل انبار میں سے تھے اور کہا جاتا ہے کہ فرعون کا تعلق اسی بستی سے تھا۔ان کے والد ''رے'' کے ٹیکس کے اہلکار تھے، انہوں نے اپنے بیٹے حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے لئے دس لاکھ اور پچاس ہزار درہم چھوڑے، انہوں نے سب کے سب حدیث کی خدمت میں خرچ کر دیئے حتیٰ کہ ان کے پاس پہننے کے لئے ایک جوتا بھی نہیں بچا تھا۔

خطیب بغدادی بیان کرتے ہیں' حضرت ''عبدالمومن بن خلف نسفی رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے' میں نے حضرت ''ابوعلی صالح بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' سے پوچھا: ان دونوں میں زیادہ علم والا کون ہے؟ حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' یا حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ''؟ انہوں نے کہا: بہرحال حضرت ''احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' یہ فقہ اور لوگوں کے اختلاف کو زیادہ جانتے ہیں اور حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' یہ اسماء الرجال اور کنیتوں کے اختلاف کو بہتر جانتے ہیں۔مدینہ منورہ کے اندر ۲۳۳ ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔ان کی عمر ۷۷ برس تھی۔

---

(868)يَحْيىٰ بْنُ اَكْثَمِ الْقَاضِيْ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ هُوَ يَحْيىٰ بْنُ اَكْثَمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ قُطْنِ بْنِ سَمْعَانِ مِنْ وَلَدِ اَكْثَمِ بْنِ صَيْفِيِّ التَّمِيْمِيِّ يُكَنّٰى اَبَا مُحَمَّدٍ هُوَ مَرْوَزِيُّ الْاَصْلِ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُبَارِكِ وَالْفَضْلَ بْنَ مُوْسَى السِّيْنَانِيَّ وَيَحْيَى بْنَ الضَّرِيْسِ وَمِهْرَانَ ابْنَ اَبِيْ عُمَرَ الرَّازِيِّيْنَ وَجَرِيْرَ بْنَ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الضَّبِّيَّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اِدْرِيْسَ الْاَوْدِيَّ وَسُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ وَعَبْدَ الْعَزِيْزِ الدَّرَاوَرْدِيَّ رَوٰى عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْبُخَارِيُّ وَاَبُوْ حَاتِمِ الرَّازِيُّ وَاِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ وَغَيْرُهُمْ وَكَانَ عَالِماً بِالْفِقْهِ وَعَارِفاً بِالْاَحْكَامِ وَلَاهُ الْمَامُوْنَ قَضَاءَ بَغْدَادَ وَاسْتَوْلٰى عَلٰى اُمُوْرِ الْمَمْلَكَةِ ثُمَّ مَاتَ فِيْ اَيَّامِ الْمُتَوَكِّلِ بَعْدَمَا عَزَلَ مُنْصَرِفاً مِنَ الْحَجِّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِخَمْسَ عَشَرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ ذِي الْحَجَّةِ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ وَلَهٗ مِنَ الْعُمُرِ ثَلَاثٌ وَّثَمَانُوْنَ سَنَةً وَدُفِنَ بِالرَّبْذَةِ وَقَبْرُ فِيْهَا رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''یحییٰ بن اکثم قاضی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''یحییٰ بن اکثم بن محمد بن قطن بن سمعان رحمۃ اللہ علیہ'' ہیں، یہ'' اکثم بن صیفی تمیمی'' کی اولاد میں سے ہیں، ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ مروزی الاصل ہیں۔انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن رکعب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''فضل بن موسیٰ سینانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن ضریس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''مہران بن ابوعمر رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''جریر بن عبدالحمید ضبی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عبداللہ بن ادریس اودی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''عبد العزیز دراوردی رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسحٰق بن اسماعیل بن اسحاق قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' اور دیگر محدثین نے روایت کی ہے۔یہ فقہ کے عالم تھے،احکام کو پہچاننے والے تھے، مامون نے بغداد کی مسند قضاء پر فائز کیا تھا اور امور مملکت بھی ان کے سپرد کئے تھے، پھر متوکل کے دورِ حکومت میں ان کو جب معزول کر دیا گیا تو یہ جب حج سے واپس آرہے تو جمعہ کا دن تھا اور ذی الحج کی ۱۵ تاریخ تھی ۲۴۲ ہجری میں ان کا انتقال ہو گیا اور ان کی عمر ۸۳ برس تھی ''ربذہ'' کے اندران کو دفن کیا گیا،ان کی مزار مبارک وہیں پر ہے۔

---

(869)یَحْیٰی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحِمَانِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَحْیٰی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ یُکَنّٰی بِاَبِیْ زَکَرِیَّا الْحِمَانِیُّ الْکُوْفِیُّ قَدِمَ بَغْدَادَ وَحَدَّثَ بِهَا عَنْ سُلَیْمَانِ بْنِ بِلَالٍ وَاِبْرَاهِیْمِ بْنِ سَعْدٍ وَشُرَیْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِیْ عَوَانَةَ وَحَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ وَخَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَجَمَاعَةٍ وَثَّقَهٗ یَحْیٰی بْنُ مَعِیْنٍ وَجَمَاعَةٌ قَالَ الْخَطِیْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیِّ مَاتَ یَحْیٰی بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ الْحِمَانِیُّ فِیْ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّعِشْرِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''یحییٰ بن عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے' حضرت ''یحییٰ بن عبدالحمید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابوزکریا'' ہے۔یہ حمانی ہیں،کوفی ہیں۔یہ بغداد میں آئے تھے اور وہاں پر انہوں نے حضرت ''سلیمان بن بلال رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابراہیم بن سعد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''شریک بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعوانہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حماد بن زید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''خالد بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی پوری ایک جماعت کے حوالے سے حدیث بیان کی۔حضرت ''یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ'' اور محدثین کی ایک جماعت نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے۔

خطیب بغدادی نے حضرت '' محمد بن عبداللہ حضرمی رحمۃ اللہ علیہ'' کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ حضرت '' یحییٰ بن عبدالحمید حمانی رحمۃ اللہ علیہ'' کا انتقال ۲۲۸ ہجری کو ماہِ رمضان المبارک میں ہوا۔

---

(870)یَحْیٰی بْنُ اَسْعَدَ بْنِ یُوْنُسَ

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَحْیٰی بْنُ اَسْعَدَ ابْنِ یَحْیٰی بْنِ یُوْنُسِ التَّاجِرِ اَبُوْ الْقَاسِمِ الْخَبَّازُ مِنْ اَهْلِ بَابِ الْاَزَجِ سَمِعَ بِاِفَادَةِ خَالِهٖ عَلٰی اَبِیْ سَعِیْدِ الْخَبَّازِ الْکَبِیْرِ وَلَمْ یَکُنْ فِیْ اَقْرَانِهٖ اَکْثَرَ سِمَاعاً مِنْهُ وَعُمِّرَ حَتّٰی رَوٰی اَکْثَرَ مَسْمُوْعَاتِهٖ سَمِعَ اَبَا طَالِبٍ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ بْنِ یُوْسُفَ وَاَبَا سَعِیْدٍ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ اَحْمَدَ الصَّیْرَفِیَّ وَاَبَا الْبَرَکَاتِ هِبَةُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ ابْنِ الْبُخَارِیِّ وَاَبَا عَلِیٍّ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقِ الْبَاقَرْحِیِّ وَاَبَا مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیِّ بْنِ الْفَرَّاءِ وَاَبَا الْقَاسِمِ هِبَةَ اللّٰهِ بْنَ الْحُصَیْنِ وَاَبَا الْعَزِّ اَحْمَدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ کَادِشٍ وَاَبَا الْبُقَاءِ هِبَةَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ الْبَیْضَاوِیَّ وَاَبَا مُحَمَّدٍ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ السَّمَرْقَنْدِیَّ وَاَخَاهُ اَبَا الْقَاسِمِ اِسْمَاعِیْلَ وَاَبَا الْبَرَکَاتِ اَحْمَدَ وَاَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَیْنَ بْنَ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْوَهَّابِ الدَّبَّاسَ وَقَرَاتَکِیْنَ بْنَ الْاَسْعَدِ بْنِ الْمَذْکُوْرِ وَاَبَا بَکْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ الْبَاقِیْ الْاَنْصَارِیَّ وَاَبَا الْقَاسِمِ زَاهِرَ بْنَ طَاهِرٍ الشَّحَامِیَّ وَخَلْقاً کَثِیْرًا غَیْرَهُمْ

وَتُوُفِّیَ اِبْنُ یُوْنُسَ فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِیْنَ وَخَمْسِ مِائَةٍ وَمَوْلِدُهٗ سَنَةَ عَشَرٍ وَخَمْسِ مِائَةٍ

حضرت ''یحییٰ بن اسعد بن یونس رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے کہ حضرت ''یحییٰ بن اسعد بن یحییٰ بن یونس تاجر رحمۃ اللہ علیہ خباز'' کی کنیت ''ابوالقاسم'' ہے۔ یہ باب الاذج والوں میں سے ہیں۔ انہوں نے اپنے ماموں حضرت ''علی بن سعید خباز الکبیر رحمۃ اللہ علیہ'' کے افادات کا سماع کیا ہے اور ان کے معاصرین میں ان سے زیادہ سماع کرنے والا کوئی نہیں تھا اور انہوں نے لمبی عمر پائی ہے، اسی لئے انہوں نے اکثر مسموعات روایت کی ہیں۔ انہوں نے حضرت ''ابو طالب عبدالقادر بن محمد بن عبدالقادر بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید احمد بن عبدالجبار بن احمد صیرفی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات ہبۃ اللہ بن محمد بن علی بن بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی حسن بن محمد بن اسحاق باقرحی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومنصور محمد بن علی بن فراء رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن حصین رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالعز احمد بن عبداللہ کادش رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبقاء ہبۃ اللہ بن محمد بن علی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابومحمد عبداللہ بن احمد بن عمر سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ''، اور ان کے بھائی حضرت ''ابوالقاسم اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالبرکات احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعبداللہ حسین بن ابومحمد عبدالوہاب الدباس رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''قراتکین بن اسعد بن مذکور رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالقاسم زاہر بن طاہر شحامی رحمۃ اللہ علیہ''، اور ان کے علاوہ بہت سارے محدثین سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

ابن یونس کا انتقال ۵۹۳ ہجری ماہِ ذی القعدہ میں ہوا ان کی پیدائش ۵۱۰ ہجری کی ہے۔

(871)یُوْسُفُ ابْنُ الْجَوْزِی

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ فِیْ تَارِیْخِهٖ یُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ الْجَوْزِیِّ اَبُوْ مُحَمَّدِ ابْنِ شَیْخِنَا اَبِی الْفَرْجِ الْوَاعِظِ حَفِظَ الْقُرْآنَ فِیْ صِبَاهُ وَقَرَاَهُ بِالرِّوَایَاتِ الْعَشَرَةِ هُوَ وَوَالِدُهٗ عَلٰی اَبِیْ بَکْرِ الْبَاقَلَانِیِّ بِوَاسِطَ وَقَدْ جَاوَزَ الْعَشَرَ سِنِیْنَ مِنْ عُمُرِهٖ سَمِعَ الْحَدِیْثَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِی الْقَاسِمِ بْنِ بَیَانَ وَاَبِیْ عَلِیِّ بْنِ نَبْهَانَ وَاَبِیْ سَعْدِ ابْنِ الطُّیُوْرِیِّ وَاَبِیْ طَالِبِ بْنِ یُوْسُفَ وَاَبِیْ عَلِیِّ بْنِ الْمَهْدِیِّ وَاَبِی الْغَنَائِمِ بْنِ الْمَهْدِیِّ وَاَبِی الْقَاسِمِ بْنِ الْحُصَیْنِ وَتَفَقَّهَ عَلٰی اَبِیْهِ وَاَجْلَسَهُ لِلْوَعْظِ غَیْرَ مَرَّةٍ فِیْ مَنْزِلِهٖ

وَتُوُفِّیَ وَالِدُهٗ وَهُوَ فِی السَّنَةِ السَّابِعَةِ عَشَرَ مِنْ عُمُرِهٖ وَاَذِنَ لَهٗ فِی الْجُلُوْسِ فِی الْوَعْظِ عَلٰی قَاعِدَةِ اَبِیْهِ فِیْ تُرْبَةِ اُمِّ الْاِمَامِ النَّاصِرِ لِدِیْنِ اللّٰهِ فِی الْجَانِبِ الْغَرْبِیِّ وَخَلَعَ عَلَیْهِ الْقَمِیْصَ وَالْعِمَامَةَ وَجَعَلَ عَلٰی رَاْسِهٖ طَرْحَةً وَحَضَرَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فِیْ حَلْقَةِ اَبِیْهِ بِجَامِعِ الْقَصْرِ وَحَضَرَ الْفُقَهَاءُ لِلْمُنَاظَرَةِ وَنُوْدِیَ فِی الْجَامِعِ بِالْجُلُوْسِ فِیْ غَدٍ فَحَضَرَ الْخَلَائِقُ وَتَکَلَّمَ فَاَجَادَ وَسَاعَدَهُ الْجَدُّ وَالْاِقْبَالُ فَقَالَ مَا اَرَادَ وَلَازَمَ الْاِشْتِغَالَ بِالْمَذْهَبِ وَالْخِلَافِ وَالتَّفْسِیْرِ وَکَتَبَ الْوَعْظَ وَحَفِظَ الْعَرَبِیَّةَ حَتّٰی صَارَ مُبَرِّزًا عَالِمًا ثُمَّ اَذِنَ لَهٗ بِالْجُلُوْسِ بِبَابِ بَدْرِ الشَّرِیْفِ فِیْ بُکْرَةِ کُلِّ یَوْمِ الثُّلَاثَاءِ فَبَقِیَ عَلٰی ذٰلِكَ مُدَّةً یُنْشِدُ کُلَّ مَجْلِسٍ قَصِیْدَةً یَمْدَحُ بِهَا الْاِمَامَ وَیَطْرُبُ بِهَا الْعَوَامُّ ثُمَّ شَهِدَ عِنْدَ قَاضِی الْقُضَاةِ اَبِی الْقَاسِمِ ابْنِ الدَّامِغَانِیِّ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ فَقُبِلَ شَهَادَتُهٗ وَوَلَّاهُ الْحِسْبَةَ وَالنَّظْرَ فِی الْاَوْقَافِ فَلَمْ یَزَلْ عَلٰی ذٰلِكَ اِلٰی اَنْ عَزَلَ مِنَ الْحِسْبَةِ عَشِیَّةَ یَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ سَادِسَ عَشَرَ رَجَبَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّسِتِّ مِائَةٍ ثُمَّ عَزَلَ عَنِ النَّظَرِ فِی الْاَوْقَافِ وَمَنَعَ مِنَ الْجُلُوْسِ وَلَزِمَ بَیْتَهٗ اِلٰی اَنْ اُعِیْدَ اِلَی الْحِسْبَةِ سَنَةَ خَمْسَ عَشَرَةَ وَسِتَّ مِائَةٍ وَاَذِنَ لَهٗ فِی الدُّخُوْلِ عَلَی الْاَمِیْنِ اَبِیْ نَصْرٍ وَلَدِ الْاِمَامِ النَّاصِرِ فَحَصَلَ لَهٗ اُنْسٌ بِهٖ وَسَمِعَ مِنْهُ مُسْنَدَ اَحْمَدَ فَلَمَّا تُوُفِّیَ الْاِمَامُ النَّاصِرُ اَمَرَ ابْنَ الْجَوْزِیِّ بِغُسْلِهٖ ثُمَّ اَرْسَلَهُ الْاِمَامُ الظَّاهِرُ لِیُفِیْضَ الْخِلَعَ اِلَی الْکَافَّةِ ثُمَّ عَادَ اِلٰی بَغْدَادَ وَقَدْ تُوُفِّیَ الْاِمَامُ الظَّاهِرُ وَتَوَلَّی الْاِمَامُ الْمُسْتَنْصِرُ فَاَرْسَلَهٗ مَرَّاتٍ اِلَی الشَّامِ وَالرُّوْمِ وَمِصْرَ وَشِیْرَازَ وَحَصَلَتْ لَهٗ نِعْمَةٌ طَائِلَةٌ فَلَمَّا فَرَغَتِ الْمَدْرَسَةُ الْمُسْتَنْصِرِیَّةُ جَعَلَ مُدَرِّسًا لِلطَّائِفَةِ الْحَنْبَلِیَّةِ وَتَرَكَ الْوَعْظَ فَلَمْ یَقْعُدْ مَجْلِسًا بَعْدَ ذٰلِكَ وَاسْتَنَابَ اِبْنَهٗ قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ النَّجَّارِ قَرَاْتُ بِخَطِّ شَیْخِنَا اَبِی الْفَرْجِ ابْنِ الْجَوْزِیِّ وُلِدَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ یُوْسُفَ فِیْ لَیْلَةِ ثَالِثِ عَشَرَ ذِی الْقَعْدَةِ الْحَرَامِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَّخَمْسِ مِائَةٍ وَقْتَ السَّحَرِ

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَقَدْ سَمِعْتُ عَلَیْهِ بَعْضَ مَسَانِیْدِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ عَلٰی مَا مَرَّ ذِکْرُهٗ لَكَ فِیْ اَوَّلِ الْکِتَابِ

حضرت ''یوسف ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ''۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی تاریخ کے اندر ذکر کرتے ہوئے کہا ہے' حضرت ''یوسف بن عبدالرحمٰن بن علی بن محمد بن علی بن جوزی ابومحمد بن شیخنا ابوالفرج واعظ رحمۃ اللہ علیہ''۔

انہوں نے بچپن میں قرآن حفظ کرلیا تھا اور روایات عشرہ کے ساتھ اس کو پڑھا، انہوں نے اور ان کے والد نے حضرت ''ابوبکر باقلانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے واپس واسط میں قرات عشرہ کے ساتھ قرآن پڑھا اور اس وقت ان کی عمر دس سال سے کچھ زائد تھی۔ انہوں نے حدیث پاک کا سماع حضرت ''ابوالقاسم بن بیان رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے اور حضرت ''ابوعلی بن نبہان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوسعید بن طیوری رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوطالب بن یوسف رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوعلی بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوالغنائم بن مہدی ابوالقاسم بن حصین رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے کیا ہے اور اپنے والد سے فقہ حاصل کی ہے اور ان کے والد نے اپنے مقام پر کئی مرتبہ ان کو وعظ کے لئے بٹھایا۔ ان کے والد کا جب انتقال ہوا تو ان کی عمر ۱۷ برس تھی اور حضرت ''امام ناصر لدین اللہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی والدہ کی قبر پر جانب غربی میں ان کو اپنے والد کے انداز میں وعظ کرنے کی اجازت مل گئی تھی، ۔ اور انہوں نے قمیص اور عمامہ اتار کر ان کے سر کے اوپر ڈالا۔

یہ جمعہ کے دن اپنے والد کے حلقہ میں جامع قصر کے اندر آئے اور فقہاء مناظرے کے لئے آگئے، جامع مسجد کے اندر اگلے دن بیٹھنے کا اعلان ہوگیا، بہت ساری مخلوق آگئی، انہوں نے کلام کیا اور بہت اچھا کلام کیا، ان کے نصیب نے ان کی مدد کی اور انہوں نے وہ مقام پالیا جو ان کا ارادہ تھا اور یہ مذہب میں، اختلاف میں، تفسیر میں، وعظ کی کتابوں میں، عربی کے حفظ میں، مشغول ہوگئے یہاں تک کہ بہت بڑے عالم دین بن گئے، پھر ان کو ہر منگل کے دن صبح کے وقت بدر الشریف کے دروازے پر بیٹھنے کی اجازت دی گئی اور ایک عرصے تک یہ اس منصب پر رہے اور ہر مجلس کے اندر یہ ایک قصیدہ پڑھتے جس میں وہ امام کی مدح کرتے اور لوگوں کو اس کے ساتھ خوش کرتے۔

پھر قاضی القضاۃ حضرت ''ابوالقاسم بن دامغانی رحمۃ اللہ علیہ'' کے پاس انہوں نے ۶۰۴ ہجری میں گواہی دی اور انہوں نے ان کی گواہی کو قبول کیا اور انہوں نے حسبہ کا ان کو گورنر بنا دیا اور اوقاف کا وزیر بنا دیا یہ اس مرتبے پر فائز رہے یہاں تک کہ ۶۰۹ ہجری ۱۶ رجب بدھ کے دن شام کے وقت حسبہ سے ان کو معزول کر دیا گیا۔ پھر ان کو اوقاف کی نگرانی سے بھی معزول کر دیا گیا اور وہاں پر بیٹھنے سے بھی روک دیا گیا، یہ اپنے گھر آگئے یہاں تک کہ ان کو دوبارہ حسبہ میں لوٹایا گیا، یہ ۶۱۵ ہجری کی بات ہے، ان کو امین ابونصر امام ناصر کی اولاد کے پاس جانے کی اجازت ملی ان کو وہاں پر انس ملا اور وہاں سے انہوں نے مسند احمد کا سماع کیا۔ جب امام الناصر کا انتقال ہوا تو ابن جوزی کو ان کے غسل کا حکم دیا گیا، پھر امام ظاہر نے ان چھوڑ دیا تا کہ وہ تمام مخلوق کو فائدہ پہنچائیں پھر یہ بغداد آگئے اور امام ظاہر کا انتقال ہوگیا اور امام مستنصر متولی بنے اور ان کو شام کی جانب کئی مرتبہ بھیجا، روم مصر اور شیراز کی جانب بھیجا اور ان کے لئے بہت نعمتیں ان کو حاصل ہوئیں، جب مدرسہ مستنصریہ تعمیر ہوگیا تو ان کو طائفہ حنبلیہ کا مدرس بنا دیا گیا، انہوں نے وعظ چھوڑ دیا، اس کے بعد وہ مجلس میں نہیں بیٹھے اور اپنے بیٹے کو اپنا نائب مقرر کر دیا۔

حضرت ''حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ'' نے کہا ہے میں نے اپنے شیخ حضرت ''ابوالفرج ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ'' کی تحریر میں یہ پڑھا ہے کہ حضرت ''ابومحمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ'' کی پیدائش ۵۰۸ ہجری ۱۳ ذی القعدہ کو ہفتے کی رات سحری کے وقت ہوئی۔

۞ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: میں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کی بعض مسانید ان سے سنی ہیں۔ جیسا کہ

آغاز میں ان کا ذکر گزر چکا ہے۔

---

(872)یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ الْمُقَابَرِیُّ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ اَبُوْ زَکَرِیَّا الْعَابِدُ الْمَعْرُوْفُ بِالْمَقَابَرِیِّ سَمِعَ شَرِیْکاً وَاِسْمَاعِیْلَ بْنَ جَعْفَرٍ وَسَعِیْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَحَسَّانَ بْنَ اِبْرَاهِیْمَ الْکِرْمَانِیِّ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ وَهْبٍ رَوٰی عَنْهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلَ وَابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ وَاَبُوْ زُرْعَةَ وَاَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیَانِ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِیُّ مَاتَ فِیْ سَنَةِ اَرْبَعٍ وَثَلَاثِیْنَ وَمِائَتَیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

(یَقُوْلُ) اَضْعَفُ عِبَادِ اللّٰهِ وَهُوَ یَرْوِیْ عَنْ اَصْحَابِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ

حضرت ''یحییٰ بن ایوب مقابری رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''ابوزکریا عابد رحمۃ اللہ علیہ'' یہ ''مقابری'' کے نام سے مشہور ہیں۔انہوں نے حضرت ''شریک رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''اسماعیل جعفر رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سعید بن عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' حسان بن ابراہیم کرمانی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت '' عبداللہ بن وہب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت '' احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان کے بیٹے حضرت '' عبداللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابو حاتم رازی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن اسحاق صاغانی رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۲۳۴ ہجری میں ہوا۔

❁ اللہ کا سب سے کمزور بندہ کہتا ہے: انہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے اصحاب سے روایت کی ہے اور ان کی روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں۔

---

(873)یَحْیٰی بْنُ صَاعِدٍ

قَالَ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدِ بْنِ کَاتِبٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَوْلٰی اَبِیْ جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرُ وَاَخِیْهِ حَافِظُ الْحَدِیْثِ سَمِعَ الْحَسَنَ بْنَ عِیْسٰی ابْنِ مَاسَرْجَسٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ سُلَیْمَانَ وَیَحْیٰی بْنَ سُلَیْمَانَ الْخُزَاعِیَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ یَزِیْدَ وَاَحْمَدَ بْنَ مُنِیْعٍ وَیَعْقُوْبَ وَاَحْمَدَ اِبْنَیْ اِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیِّ وَمُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِیْلَ الْبُخَارِیَّ وَاَمْثَالَهٗ رَوٰی عَنْهُ اِبْنُ الْمُظَفَّرِ وَالدَّارُقُطْنِیُّ وَاَمْثَالُهُمَا مَاتَ سَنَةَ ثَمَانَ عَشَرَةَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''یحییٰ بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر کہا ہے' حضرت ''یحییٰ بن محمد بن صاعد بن کاتب رحمۃ اللہ علیہ'' کی کنیت ''ابومحمد'' ہے، یہ ابو جعفر منصور اور ان کے بھائی کے آزاد کردہ ہیں۔حافظ الحدیث ہیں، انہوں نے حضرت ''حسن بن عیسیٰ بن ماسرجس رحمۃ اللہ علیہ''،

حضرت ''محمد بن سلیمان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یحییٰ بن سلیمان خزاعی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''محمد بن یزید رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد بن منیع رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یعقوب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' (جو کہ حضرت ''ابراہیم دورقی رحمۃ اللہ علیہ'' کے بیٹے ہیں) اور حضرت ''محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ''، اوران جیسے جلیل القدر محدثین سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابن مظفر رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ'' اور ان جیسے محدثین نے روایت کیا ہے۔ان کا انتقال ۳۱۸ ہجری میں ہوا۔

(874)یَحْیَی بْنُ اِسْمَاعِیْلِ

ذَکَرَ یَحْیَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِیْدِ وَالظَّاهِرُ اَنَّهٗ یَحْیَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ اَبُوْ زَکَرِیَّا الْبَغْدَادِیُّ ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ اَبِیْ اُوَیْسٍ وَاَبَا بَکْرِ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ وَاَبَا خَیْثَمَةَ زُهَیْرَ بْنَ حَرْبٍ رَوٰی عَنْهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ الطَّحَاوِیُّ الْفَقِیْهُ ذَکَرَ اَنَّهٗ سَمِعَ مِنْهُ بِطَبَرِیَّةَ

حضرت ''یحییٰ بن اسماعی رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''یحییٰ بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ'' کا ذکران مسانید میں موجود ہے،اور ظاہر یہ ہے کہ یہ ''یحییٰ بن اسماعیل ابوزکریا بغدادی'' ہیں۔

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندران کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے'انہوں نے حضرت ''اسماعیل بن ابواویس رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوبکر بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابوخیثمہ زہیر بن حرب رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے اوران سے حضرت ''ابوجعفر طحاوی فقیہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کیا ہے اور یہ ذکر کیا ہے'انہوں نے ان سے طبریقہ میں سماع کیا تھا۔

(875)یُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بَهْلُوْلِ بْنِ حَسَّانِ بْنِ سِنَانٍ اَبُوْ بَکْرِ الْاَزْرَقُ التَّنُّوْخِیُّ الْکَاتِبُ

هٰکَذَا ذَکَرَهُ الْخَطِیْبُ فِیْ تَارِیْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ جَدَّهٗ اِسْحَاقَ بْنَ بَهْلُوْلٍ وَمُحَمَّدَ بْنَ عُمَرَ بْنِ حَیَّانٍ وَالزَّیْنَ بْنَ بَکَّارٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَرْفَةَ وَرَوٰی عَنْهُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ وَالدَّارُقُطْنِیُّ وَابْنُ شَاهِیْنَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّعِشْرِیْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی

حضرت ''یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن بہلول بن حسان بن سنان ابوبکرازرق تنوخی کاتب رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندراسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے'انہوں نے اپنے دادا حضرت ''اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد بن عمر بن حیان رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''زین بن بکار رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''حسن بن عرفہ رحمۃ اللہ علیہ''، سے سماع کیا ہے اور ان سے حضرت ''محمد بن مظفر حافظ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ''، اور حضرت ''ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ'' نے روایت کی ہے۔ان کا انتقال ۳۲۹ ہجری میں ہوا۔

(876)یُوْسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ اَخُوْ اَحْمَدَ وَيَحْيٰى وَكَانَ الْاَكْبَرُ سَمِعَ خَالِدَ بْنَ يَحْيٰى الْمَكِّيَّ وَسُلَيْمَانَ بْنَ حَرْبٍ وَاللَّيْثَ بْنَ دَاوُدَ مَاتَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''یوسف بن محمد بن صاعد رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر ان کا ذکر کیا ہے' یہ حضرت ''احمد رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں اور یہ بڑے ہیں۔انہوں نے حضرت ''خالد بن یحییٰ مکی رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''سلیمان بن حرب رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''لیث بن داؤد رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔ان کا انتقال ۲۹۹ ہجری میں ہوا۔

.....

(877)یُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى الطَّبَّاعُ

اَخُ اِسْحَاقَ وَمُحَمَّدٍ وَكَانَ الْاَصْغَرَ رَوٰى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ

حضرت ''یوسف بن عیسیٰ طباع رحمۃ اللہ علیہ''

یہ حضرت ''اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ'' اور حضرت ''محمد رحمۃ اللہ علیہ'' کے بھائی ہیں، یہ چھوٹے تھے۔انہوں نے حضرت ''محمد بن عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہے۔خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے۔

.....

(878)يَعْقُوْبُ بْنُ شَيْبَةَ بْنِ الصَّلْتِ بْنِ عَصْفُوْرَ اَبُوْ يُوْسُفَ السَّدُوْسِيُّ

مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ فِيْ تَارِيْخِهٖ وَقَالَ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ عَاصِمٍ وَيَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ وَرَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ وَعَفَّانَ بْنَ مُسْلِمٍ وَاَبَا نُعَيْمٍ صَنَّفَ مُسْنَداً مُعَلَّلاً وَلٰكِنْ لَمْ يُتِمَّهُ مَاتَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

حضرت ''یعقوب بن شیبہ بن صلت بن عصفور ابو یوسف سدوسی رحمۃ اللہ علیہ''

، یہ اہل بصرہ میں سے ہیں۔خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور کہا ہے' انہوں نے حضرت ''علی بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''روح بن عبادہ رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''عفان بن مسلم رحمۃ اللہ علیہ''، حضرت ''ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ'' سے سماع کیا ہے۔انہوں نے ایک مسند اور معلل لکھی ہے لیکن اس کو مکمل نہیں کر پائے۔ان کا انتقال ۲۶۲ ہجری میں ہوا۔

(879)يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحَاقِ بْنِ بَهْلُوْلٍ

قَالَ الْخَطِيْبُ حَدَّثَ كَثِيْرًا عَنْ جَمَاعَةٍ مِنَ الْمَشَائِخِ وُلِدَ سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَمَانِيْنَ وَمِائَةٍ وَمَاتَ سَنَةَ اِحْدٰى وَخَمْسِيْنَ وَمِائَتَيْنِ فِيْ حَيَاةِ اَبِيْهِ اِسْحَاقِ بْنِ بَهْلُوْلِ الْقَاضِيْ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ

حضرت ''یعقوب بن اسحاق بن بہلول رحمۃ اللہ علیہ''

خطیب بغدادی نے کہا ہے انہوں نے مشائخ کی ایک جماعت سے بہت ساری احادیث روایت کی ہیں۔

ان کی پیدائش ۱۸۷ ہجری میں ہے اور ۲۵۷ ہجری کو اپنے باپ حضرت ''اسحٰق بن بہلول قاضی رحمۃ اللہ علیہ'' کی حیات میں ہی ان کا انتقال ہو گیا تھا۔

فَصْلٌ فِيْ اَصْحَابِ الْكُنٰى مِنْ مَشَائِخِ الْاِمَامِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

اس فصل میں حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان مشائخ کا ذکر ہے جن کی پہچان ان کی کنیت ہے

(880)مِنْهُمْ اَبُوْ السَّوَارِ

هٰكَذَا ذَكَرَهُ الْحَافِظُ طَلْحَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ فِيْ مُسْنَدِهٖ وَالْاُسْتَاذُ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْ مُسْنَدِهٖ اَيْضًا ثُمَّ قَالَ الْاُسْتَاذُ اَبُوْ مُحَمَّدِ الْبُخَارِيُّ الصَّوَابُ اَبُوْ السَّوْدَاء يَرْوِيْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ اَبِيْ حَاضِرٍ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اِحْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ مُحْرِمٌ

حضرت ''ابوسوار رحمۃ اللہ علیہ''

حضرت ''حافظ طلحہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند کے اندر اسی طرح ذکر کیا ہے اور اس استاذ حضرت ''ابومحمد بخاری عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے اپنی مسند میں اسی طرح ذکر کیا ہے اور پھر کہا ہے درست ''ابوسوداء'' ہے۔

ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''ابو حاضر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے، حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حجامہ کروایا جس وقت کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم روزے سے تھے اور احرام کی حالت میں تھے۔

(881)وَمِنْهُمْ اَبُوْ غَسَّانَ

لَمْ يُعْرَفْ لَهٗ اِسْمٌ يَرْوِيْ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ رَوٰى عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اَلْاِمَارَةُ اَمَانَةٌ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَفِي الْاٰخِرَةِ حَسْرَةٌ وَنَدَامَةٌ اِلَّا مَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا وَاَدّٰى الَّذِيْ عَلَيْهِ فِيْهَا وَمَنْ يُّقْدِرْ لِيْ ذٰلِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ

حضرت ''ابوغسان رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا نام پتا نہیں چل سکا، یہ حضرت ''حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے حضرت ''حسن رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابوذر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے' رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امارت دنیا میں امانت ہے اور آخرت میں ذلت ہے، حسرت ہے اور ندامت ہے، سوائے اس شخص کے جو حق کے ساتھ اس کو لے اور جو اس کی ذمہ داریاں ہیں وہ پوری کرے۔ اور اے ابوذر! اس پر قادر کون ہے؟

---

(882)وَمِنْهُمْ اَبُو عَوْن

يَرْوِىْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ لِعَيْنِهَا قَلِيْلُهَا وَكَثِيْرُهَا وَالسُّكْرُ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ

حضرت ''ابوعون رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن شداد بن الہاد رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے اور کہا ہے' شراب ذاتی طور پر حرام ہے چاہے تھوڑی ہو یا زیادہ اور باقی تمام مشروبات میں سے نشہ آور حرام ہے۔

---

(883)وَمِنْهُمْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

غَيْرُ مُسَمًّى بِاِسْمٍ يَرْوِىْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ كُنَّا نُصَلِّىَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِىْ مِقْدَارِ لَيْلَتَيْنِ مِنَ الْهِلَالِ

حضرت ''ابوعبداللہ رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا بھی نام معلوم نہیں ہے۔ انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے ان کے واسطے سے، حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے' انہوں نے کہا: ہم عصر کی نماز اس وقت پڑھ لیا کرتے تھے جس وقت سورج نئے چاند کے طلوع ہونے کے مقام سے دو راتوں کی دوری کے فاصلے پر ہوتا تھا۔

---

(884)وَمِنْهُمْ اَبُوْ خَالِد

غَيْرُ مُسَمًّى بِاِسْمٍ يَرْوِىْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ سَوْدَاءُ شَوْهَاءُ وُلُوْدٌ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ حَسْنَاءَ عَاقِرٍ

حضرت ''ابوخالد رحمۃ اللہ علیہ''

ان کا بھی نام ذکر نہیں کیا گیا۔انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے،امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے ان مسانید میں ان کے واسطے سے ابن عباس سے روایت کی ہے'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کالے رنگ کی بدشکل عورت جو بچے پیدا کرنے والی ہو وہ میری نگاہ میں خوبصورت بانجھ عورت سے بہتر ہے۔

(885)وَمِنْهُمْ اَبُوْ يَحْيٰى

وَقِيْلَ اَبُوْ جَبْلَةَ وَقِيْلَ اَبُوْ عُمَرَ يَرْوِىْ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَخَذَ بَعْضَ رَاْسِ مَالِهٖ وَبَعْضَ سَلَمِهٖ فَلَا بَاْسَ بِهٖ

حضرت ''ابویحییٰ رحمۃ اللہ علیہ''

ایک قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوجبلہ'' ہے اور ایک قول کے مطابق ''ابوعمر'' ہے۔انہوں نے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کی ہے اور ان سے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے حضرت ''سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ'' کے واسطے سے حضرت ''ابن عباس رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے'رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ جب اپنے راس المال کا کچھ حصہ لے لیتا ہے اور بعض کچھ حصہ بیع سلم کا لے لیتا ہے تو کچھ حرج نہیں ہے۔

.....

(886)وَمِنْهُمْ اَبُوْ بَكْرِ بْنِ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الزُّهْرِىُّ الْكُوْفِىُّ غَيْرُ مُسَمًّى

يَرْوِىْ عَنِ الزُّهْرِىِّ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَا دِيَةُ اَهْلِ الذِّمَّةِ مِثْلُ دِيَةِ الْحُرِّ الْمُسْلِمِ

حضرت ''ابوبکر بن حفص بن عمر زہری رحمۃ اللہ علیہ''

یہ کوفی ہیں،ان کا بھی نام ذکر نہیں کیا گیا۔یہ حضرت ''امام زہری رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کرتے ہیں،حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے واسطے سے حضرت ''زہری رحمۃ اللہ علیہ'' کے ذریعے حضرت ''ابوبکر رضی اللہ عنہ'' اور حضرت ''عمر رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے ان دونوں نے فرمایا ہے'ذمیوں کی دیت آزاد مسلمان کی دیت کی طرح ہے۔

.....

(887)وَمِنْهُمْ اَبُوْ مُحَمَّدٍ

يَرْوِىْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَيَرْوِىْ عَنْهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فِىْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ اَلْحَدِيْثَ

حضرت ''ابو محمد رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے۔ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان کے واسطے سے حضرت ''ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے' انہوں نے فرمایا: جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

(888)وَمِنْهُمْ اَبُوْ صَخْرَةِ المحارَبی

يـرْوِی عنْ زِيادِ بنِ جرِيرٍ عنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عنه رَوَىَ عنهُ الْاِمَامُ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ

حضرت ''ابوصخرہ المحاربی رحمۃ اللہ علیہ''

انہوں نے حضرت ''زیاد بن جریر رحمۃ اللہ علیہ'' کے واسطے سے حضرت ''عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ'' سے روایت کیا ہے اور حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' نے ان سے روایات لی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں۔

اَصْحَابُ الْكُنٰى مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے وہ اصحاب جن کو کنیت سے ذکر کیا گیا ہے۔

(889)مِنْهُمْ اَبُوْ زُهَيْرٍ

مِنْ اَصْحَابِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ الَّذِيْنَ يَرْوُوْنَ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ مِمَّنْ لَا يُعْرَفُ لَهٗ اِسْمٌ

ابوزہیر

یہ حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان اصحاب میں سے ہیں جنہوں نے حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کی ہیں اور وہ روایات ان مسانید میں موجود ہیں اور ان کا نام معلوم نہیں۔

---

(890)اَبُوْ حَمْزَةَ السَّابُوْنِىُّ

هُوَ مِنْ اَصْحَابِ الْاِمَامِ اَبِىْ حَنِيْفَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مِمَّنْ يَرْوِىْ عَنْهُ فِىْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَلَا يُعْرَفُ لَهٗ اِسْمٌ وَكَذٰلِكَ

حضرت ''ابوحمزہ سابونی رحمۃ اللہ علیہ''

یہ بھی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' کے ان اصحاب میں سے ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں لیکن ان کے نام کا پتا نہیں ہے۔

---

(891)اَبُوْ مَعَاذٍ

حضرت ''ابومعاذ رحمۃ اللہ علیہ''

(892)اَبُوْ جُنَادَةَ

حضرت ''ابوجنادہ رحمۃ اللہ علیہ''

---

(893)اَبُوْ حُذَيْفَةَ الرَّائِىُّ

حضرت ''ابوحذیفہ الرائی رحمۃ اللہ علیہ''

(894)وَاَبُوْ حَاتِمٍ

حضرت ''ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ''

---

(895)وَاَبُوْ خُزَيْمَةَ

حضرت ''ابوخزیمہ رحمۃ اللہ علیہ''

فَهٰؤُلَاءِ يَرْوُوْنَ عَنِ الْاِمَامِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمَسَانِيْدِ وَلَا يُعْرَفُ لَهُمْ اِسْمٌ۔

یہ سب وہ لوگ ہیں جن کی حضرت ''امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ'' سے روایت کردہ احادیث ان مسانید میں موجود ہیں لیکن ان کا نام معلوم نہیں ہے۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ وَاِلَيْهِ الْمَرْجِعُ وَالْمَآبُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ

(اِنْتَهٰى) اَلْجُزْءُ الثَّانِیْ مِنْ مَسَانِيْدِ الْاِمَامِ الْاَعْظَمِ وَالْمُجْتَهِدِ الْاَقْدَمِ اَبِیْ حَنِيْفَةَ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتِ الْكُوْفِیِّ تَغَمَّدَهُ اللّٰهُ بِالرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ وَبِتَمَامِهٖ اِنْتَهَى الْكِتَابُ فَقَطْ

امام اعظم مجتہد اقدم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی رحمۃ اللہ علیہ، اللہ تعالیٰ رحمت ورضوان سے ان کو ڈھانپ دے ان کی مسانید میں دوسی جز مکمل ہوئی اور اس دوسرے جز کے تکمیل کے ساتھ ہی کتاب پایہ تکمیل کو پہنچی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کے حبیب کریم ﷺ کی رحمت کے صدقے امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی مسانید کا ترجمہ مکمل ہوا، اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے، میرے لئے کفارہ سیئات کا ذریعہ بنائے، آخرت میں نجات کا سبب بنائے۔ رب ذوالجلال حقیر کی اولادوں میں بھی دین کی خدمت کا عظیم جذبہ پیدا کرے۔ آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

والسلام: محمد شفیق الرحمٰن قادری رضوی

مہتمم: جامعہ کنز الایمان، میاں چنوں، ضلع خانیوال، پاکستان













Shabbir 0322-7202212

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006
shabbirbrother786@gmail.com

شبیر برادرز®